ان فی خلق السموات والارض لآیات لاولی الالباب

آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں سمجھ والوں کے لئے نشانیاں ہیں

سلسلۂ دار المصنفین

(۴۶)

افکارِ عصریہ

مصنفہ

چارلس آگبن، ایف، آر، ایس، ای

ترجمہ از

محمد نصیر احمد عثمانی نیوتنوی (علیگ) ایم اے بی ایس سی

معلم طبیعیات، جامعہ عثمانیہ، حیدرآباد دکن

باہتمام مولوی مسعود علی صاحب ندوی

مطبع معارف اعظم گڈہ میں طبع ہوئی

۱۹۳۰ء — ۱۳۴۹ھ

افکار عصریہ

فہرست

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

انیسوین صدی عیسوی سائنس کی ترقی کیلئے تو مشہور تھی ہی لیکن بیسوین صدی مین بالخصوص جنگ عظیم کے بعد سے جو ترقیان اور تبدیلیان سائنس مین ہوئی ہین انکی نظیر نہین ملتی، اسپر ایک اضافہ یہ ہو کہ اس سیارے کے ساکنین اس جاننے پر مصر ہین کہ خالق نے ارض و سما کیونکر پیدا کئے اور اُن کے حفظ کا کیا انتظام کیا ہو، کوئی وجہ نہین کہ لوگ اس سیارے پر اپنی عمر تمام کردین اور اُن کو ان باتون کا علم نہ ہو، اسی پر کیا موقوف ہو، مادے کے جوہر کس چیز کے بنے ہین؟ روشنی کیا ہے؟ برق کیا ہے؟ یہ اور اسی طرح کے دیگر سوالات ساکنان ارض کی توجہ اپنی طرف مبذول کئے ہوئے ہین،

لیکن ہر شخص کو نہ اتنا موقع ہو اور نہ اتنی فرصت کہ ان سوالات کے جوابات تلاش کرنے کیلئے فنی کتابون کیطرف رجوع کرے، بایں ہمہ ہر شخص ان جوابات کو حاصل ضرور کرنا چاہتا ہو، یہی وجہ ہو کہ "افکار عصریہ" جیسی کتابون کی ضرورت اور گنجایش نکلتی ہو، اس کتاب کا مقصد دراصل اسی قسم کے سوالون کا جواب دینا ہے، لیکن اسکو "مبادیات" کے درجہ مین سمجھنا چاہئے خدا نے چاہا تو بشرط فرصت اس سلسلہ کی دوسری کتابین بھی منصۂ شہود پر آجائین گی،

کتاب کا ترجمہ عرصے سے تیار تھا، لیکن اسکی اشاعت مین بہت تاخیر ہوگئی جسمین خاص طور پر اردو، انگریزی فرہنگ کی طباعت نے بہت وقت لیا، شکلون کی طباعت بھی خاطر خواہ نہ ہوسکی، اور وقت کی قلت کی وجہ سے سوائے ایک کے جملہ ضمیمے نظر انداز کردیئے گئے ہین، اگرچہ متن مین اُن کا حوالہ آگیا ہے، کیونکہ وہ اس قدر ضروری نہ تھے۔

بہرحال اب جبکہ کتاب مکمل ہوگئی ہو اُمید کیجاتی ہو کہ اس کی وجہ سے سائنس کے ساتھ دلچسپی مین اضافہ ہوجائے گا فقط

محمد نصیر احمد عثمانی نیوتنوی، (جامعۂ عثمانیہ حیدرآباد دکن)

معلم طبیعیات،

المرقوم ۲۷ رجب سنہ ۱۳۵۳ھ م ۲ ردی سنہ ۱۳۴۳ف م ۶ نومبر سنہ ۱۹۳۴ء

مشورہ

اکثر قارئین کا یہ دستور ہے کہ کسی کتاب کو جب اٹھاتے ہین تو سب سے پہلے فہرست پر نظر ڈالتے ہین، اور پھر ایسے باب کو منتخب کرتے ہین جو اُن کے نزدیک دلچسپ معلوم ہوتا ہے، یہ عرض کرنا بیجا نہ ہوگا کہ یہ طریقہ بہت نامناسب ہے، بالخصوص اس وقت جبکہ قاری مضمون کتاب سے پہلے واقف نہو، اس کا سبب یہ ہے کہ مصنف نے ہر باب مین یہ تسلیم کرلیا ہے کہ سابق کا باب پڑھ لیا گیا ہے، کتاب لکھنے کا مقصد یہی ہے کہ ہر شخص اس کے مطالب پر بآسانی عبور حاصل کرسکے، لیکن ہر باب کو دوسرے سے بے نیاز نہین رکھا جاسکتا، ورنہ فضول تکرار لازم آے گی، بنا برین اگر پہلے باب سے کتاب کو شروع کیا جائے تو سارا مضمون آئینہ ہوجائیگا، اور ہر باب اپنے مابعد کے باب کے لئے بمنزلہ ایک زینہ کے ہوجائیگا، فقط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پہلا باب

تمہید

اگرچہ ناظرین کی ایک بڑی تعداد سائنس کو اب "خشک" نہین سمجھتی، تاہم بہت سے سمجھدار لوگ اب بھی ایسے موجود ہین، جن کے نزدیک ہر قسم کے علمی خیالات لازماً اصطلاحات مین محصور رہا کرتے ہین،

عام ناظرین کے لئے تو سائنس کی جدید درسی کتب حروف اور علامات کے مجموعہ سے زیادہ حیثیت نہین رکھتین لیکن اسمین بھی شک نہین کہ اصطلاحی الفاظ اور جملے اس لئے نہین ایجاد کئے گئے کہ عوام کو پریشان کرین، بلکہ ان کی ایجاد کا منشا یہ ہے کہ خواص کے لئے بیان مین سہولت ہو، ہوسکتا ہے کہ ایک اصطلاحی لفظ جب سادہ زبان مین بیان کیا جائے تو پورا ایک فقرہ یا متعدد فقرے بن جائے، عامی کیلئے جو توجیہ سیدھی سادھی ہوتی ہی، وہی ماہرِ فن کیلئے اظہارِ خیالات کا پیچیدہ طریقہ ہوتا ہے! اصطلاحی الفاظ تو گویا قصرِ راہ ہین،

۱۹۰۰ء مین برٹش ایسوی ایشن کے ایک جلسہ مین جامعۂ لندن کے صدر نے ادبیاتِ سائنس مین فنی اصطلاحات کے روزافزون استعمال پر افسوس ظاہر کیا، اس کی ضرورت کو اونھون نے تسلیم کیا تاہم اونھون نے یہ خیال ظاہر کیا کہ

اس کی وجہ سے سائنس کے خزانہ کا بیشتر حصہ سوائے ماہرین فن کی ایک مختصر سی جماعت کے سب کے لئے بیکار ہوجاتا ہے، اون کا دعویٰ ہے، کہ بہت ہی کم ایسے علمی خیالات ہین جو غیر اصطلاحی زبان مین نہ ادا کئے جاسکین، اسی واسطے انھون نے اپنے ہم مشربون سے استدعا کی کہ اگر وہ اصطلاحی زبان سے ذرا الگ ہوجائین، تو علمی مسائل مین زیادہ دلچسپی پیدا کرسکتے ہین اور اس طرح علمی و عامی خیال مین جو خلیج حائل ہوتی نظر آرہی ہے۔ وہ دور ہوجائیگی۔

کیمبرج کے سر[1] جے۔ جے۔ ٹامسن نے جبکہ وہ ۱۹۰۹ء مین برٹش ایسوسی ایشن کے صدر تھے، کہا تھا:-

"میرے خیال مین ایک مشہور فرانسیسی ریاضی دان و طبیعی کے اس قول مین بہت تھوڑا ہی مبالغہ ہے کہ کوئی انکشاف اوس وقت تک اہم نہین سمجھنا چاہیئے جب تک کہ صاحب انکشاف کو اس پر اتنا عبور نہ ہوجائے کہ وہ بازار مین کسی آدمی کو لیکر اوس کو سمجھا نہ سکے"

تین سو برس کا زمانہ گذرا کہ گے لی لیو[2] نے لاطینی مین علمی کتابون کے لکھنے کی قدیم رسم ترک کردی، اور اس کے بجائے "بازاری زبان" اختیار کی (یعنی اطالوی) گے لی لیو نے اس کا جو سبب بیان کیا تھا، وہ یہ ہے "اگرچہ ہوسکتا ہے کہ لوگون کے ذہن و دماغ اچھے قسم کے ہون، تاہم چونکہ وہ غیر زبان کے لکھے کو نہین سمجھ سکتے۔ اس لئے اون کے ذہن مین یہ خیال قائم ہوجاتا ہے کہ ان صفحون مین جو کچھ مکتوب ہے، وہ منطق و فلسفہ کا ایسا عظیم الشان کارنامہ ہے جو ان کی دسترس سے باہر ہے، مین اون کو بتلا دینا چاہتا ہون کہ جہان فطرت نے فلسفیون کی طرح اون کو اپنے کارنامون کے دیکھنے کے لئے آنکھین دی ہین۔ وہان اون کے جانچنے اور سمجھنے کے لئے دماغ بھی دئے ہین"۔

بعض لوگون کے نزدیک سائنس کی دلچسپی اوس کے علمی استعمال ہی مین ہے، اگرچہ یہ اپنی جگہ پر دلچسپ ہے، تاہم ہم مین سے اکثرون کے نزدیک اس مین وہ دل آویزی نہین۔ جو ان کوششون مین ہے جن سے اپنے ماحول کی

---

[1] Sir J.J. Thomson پیدائش ۱۸۵۶ء مشہور طبیعی، برق، مقناطیس وغیرہ پر بہت کچھ لکھا ہے، ۱۹۰۶ء مین نوبل پرائز ملا تھا۔

[2] Galileo (۱۵۶۴ء تا ۱۶۴۲ء) مشہور اطالوی ہیئت دان، اوائل عمر مین رقاص کا کلیہ دریافت کیا، سب سے پہلے دوربین بنائی اور اس سے بہت سے تجربے انجام دئے۔ (مترجم)

چیزون مین رازِ فطرت معلوم کئے جاتے ہین، مثال کے طور پر یہ سوالات کس قدر فطری ہین کہ مادّہ کس چیز سے بنا ہے؟ کیون ایک شے مائع حالت مین پائی جاتی ہے، اور دوسری ٹھوس یا گیسی حالت مین؟ اتصال کیا ہے؟ کیمیاوی امتزاج کسے کہتے ہین؟ کسی شے کی تپش کس پر مبنی ہوتی ہے؟ جواہر کس چیز سے بنے ہین؟ برقی رو کیا ہے اور برقائے[1] جانے پر کسی شے کی کیا کیفیت ہو جاتی ہے؟ لوہے کے ٹکڑے مین مقناطیسیت کہان سے آئی؟ علاوہ ازین توانائی مکانی اثیر، اور نور و حرارت کے متعلق نہ جانے کتنے سوالات ہم دریافت کرنا چاہتے ہین، اشیا کیون مختلف رنگ کی نظر آتی ہین؟ پھر ہم یہ بھی معلوم کرنا چاہتے ہین کہ جس سیارہ پر ہماری بود و باش ہے اس کی تخلیق کے متعلق سائنس کیا خیال رکھتی ہے، حیات کہان سے آئی؟ تجاذب کیا ہے؟ اس کے علاوہ اور سوالات ہین، لاشعاعین کیا ہین؟ ریڈیم اشعاعات کا ایک مستقل سلسلہ کیونکر قائم رکھ سکتا ہے؟

ان مین سے بعض مظاہر کی توجیہ اس وقت تک نہ ہو سکی جبتک کہ نظریۂ برقیہ معرض وجود مین نہ آیا، اس کتاب کا موضوع بھی عام فہم عبارت مین اسی نظریہ کی توجیہ سمجھانا چاہئی لیکن بسا اوقات ایسے لوگون سے بھی سابقہ پڑتا ہے جو یہ سمجھتے ہین کہ نظریہ محض ایک بیکار شے ہوتا ہے بہت سے بہت ایک قسم کا بے لگام قیاس ہے کہ اگر وہ نہ بھی ہو تو ہمارا کوئی ہرج نہ ہو، اُن کو معلوم ہونا چاہئے کہ نظریہ محض قیاس آرائی نہین ہے جب قدما نے یہ دیکھا کہ اگر کہربا کا ایک ٹکڑا رگڑا جائے تو اس مین تنکے اور دیگر چیزون کو اپنی طرف کھینچنے کی قوت پیدا ہو جاتی ہے اس سے اونھون نے یہ نتیجہ نکالا کہ کہربا مین ایک روح ہے، اور رگڑ سے اسمین حرارت و زندگی پیدا ہو جاتی ہے یہ صحیح معنون مین نظریہ نہین یہ محض ان کی قیاس آرائی تھی، وہ اس قیاس کی تائید مین مشاہدات پیش نہ کر سکتے تھے،

جب ہم ہوشیاری سے مشاہدہ کردہ چند واقعات جمع کر لیتے ہین، تو ہم کو اُن کی توجیہ کی فکر ہوتی ہے، اور ہماری یہی توجیہ جسکی ہم سعی کرتے ہین، نظریہ کہلانے لگتی ہے، پھر ہم نئے واقعات کی تلاش کرتے ہین جن کی توجیہ ہمارے نظریہ سے ممکن ہونی چاہئے لیکن اگر کوئی واقعہ ٹھیک نہ بیٹھے تو یا تو ہم کو نظریہ مین ترمیم کرنا پڑیگی یا بالکل

---

[1] برقانا یعنی کسی شئی مین بجلی کی لہر دوڑانا۔ مترجم

نیا نظریہ قائم کرنا پڑے گا، آیندہ چل کر معلوم ہوگا، کہ ہمارے آباواجداد نور کو ایک مادی شے سمجھتے تھے، جو بہت چھوٹے چھوٹے اجزا پر مشتمل ہے، حالانکہ اب ہمارا یہ خیال ہے کہ ایک واسطے مین محض موجی حرکت کا نام ہے، برخلاف اسکے ایک زمانہ مین لوگون کو اس پر پورا یقین تھا کہ برق کی علحدہ کوئی ہستی نہین، بلکہ وہ ایک واسطہ مین محض ایک موجی حرکت ہے، حالانکہ ہمارے پاس اب اس کا قطعی ثبوت موجود ہے کہ برق ایک حقیقی ہستی ہے جو بے نہایت چھوٹے چھوٹے ذرات پر مشتمل ہے،

جب کوئی نظریہ کبھی پیش کیا جاتا ہے، توسب سے پہلی بات جو عمل مین لانی چاہئے، وہ اس کی آزمایش ہے، جو مرقع ـــــ کے مقابل دیا گیا ہے اس مین اس کی ایک سادہ سی صورت بیان کی ہے ایک نامہ نگار نے میرے پاس ایک تصویر کی نقل بھیجی جو صفحہ کے بالائی حصے مین نقش ہے، اور اوس نے یہ لکھا کہ یہ تصویر بجلی کی ایک کڑک کی ہے، جو چند برس پہلے مین نے لی تھی، اس کے خط مین یہ بھی تحریر تھا کہ ظاہر ہے کہ ایک ہی کڑک ہے جو باقاعدہ گھٹتے ہوئے وقفون پر دہرائی گئی ہے" اس کا استنتاج یہ تھا کہ یہ پانچون خیال (آئینہ یا عدسہ مین جو عکس بنتا ہے اوسکو خیال کہتے ہین مترجم) عکس کے مختلف حصون مین انعکاس کا نتیجہ تھے، معما جو تھا یہی تھا کہ ایسا کیونکر ہوا، اس نظریہ کے لئے اونکا استدلال یہ تھا کہ بجلی کی پانچ مختلف کڑکین اس طرح ایک دوسرے کے بالکلیہ مشابہ نہین ہوسکتین،

تصویر کے امتحان سے پتہ یہ چلا کہ ان مین سے ایک بھی خیال بجلی کی وجہ سے نہین پیدا ہوا، بلکہ نور کے پانچ مختلف مبادی ان کا باعث تھے، یہ بھی قرین قیاس نہ تھا کہ نور کے پانچ مبادی اس طرح بالکل ایک ہی وضع سے حرکت کرین، پس قرین قیاس یہ تھا کہ مبادی نور ساکن تھے اور لوح عکاسی متحرک، اس بنا پر نامہ نگار کو یہ لکھا گیا، کہ جس وقت تاریکی مین وہ اپنے آلۂ عکاسی (FHOTO GRAPHIC CAMERA) کو وقوع صاعقہ پر تصویر لینے کے لئے درست کر رہے تھے تو اون کے عدسہ کے میدان مین سڑک کے پانچ لمپ آگئے تھے، اور یا تو عدسہ بے غلاف رکھکر آلۂ عکاسی کی ترتیب مین یا بعد مین کسی اتفاقی سبب سے آلۂ عکاسی کی حرکت کی وجہ سے جبکہ اس کا عدسہ کھلا ہوگا، ان پانچون مبادی نے ایک ایک خیال ترسیم کردیا، جو آلۂ عکاسی کی حرکت کو ظاہر کرتا ہے، لیکن اس پر بھی نامہ نگار اس نظریہ

کے خلاف دلائل پیش کرتا رہا، اوسکو یقین تھا کہ میدان نظر مین سڑک پر کوئی لمپ نہین تھے، کیونکہ ساحل کے ایک ہوٹل کے بالاخانہ کی ایک کھڑکی سے تصویر لی گئی تھی، بایں ہمہ اوس نے اتنی مہربانی کی، کہ ہوٹل کے مالک سے لکھکر دریافت کیا کہ اس کھڑکی سے سڑک کے کوئی لمپ تو نظر نہین آتے، جب جواب یہ ملا کہ اوس کھڑکی سے کوئی چھ لمپ نظر آتے ہین، تو اس وقت بھی نامہ نگار کو میرے نظریے کے قبول کرنے مین تامل تھا، چھ لمپون کے ہونیکی وجہ سے مین نے تصویر کا پھر بغور مطالعہ کیا، تو مجھکو چھٹے لمپ کا بھی ہلکا سا خیال نظر آگیا، تصویر مین بائین جانب جو تھے اور پانچوین خیالون کے درمیان یہ خیال دیکھا جا سکتا ہے، میرے نامہ نگار کو اب بھی یہی یقین تھا کہ یہ تصویر بجلی ہی کی نقش کردہ ہے، اس پر مین نے یہ تجویز کیا کہ لمپ والے نظریہ کی آزمایش کرلی جائے، کسی ایسی ہی کھڑکی مین جہان سے سڑک کا کوئی لمپ نظر آتا ہو، عدسہ کھول کر آلۂ عکاسی درست کیا جائے اور پھر دیکھا جائے کہ کس قسم کا خیال بنتا ہے، چنانچہ اوس نے یہ تجربہ انجام دیا، اور نتیجہ کے طور پر میرے پاس وہ تصویر بھیجی، جو مرقع کے زیرین حصے مین نقش ہے، ساتھ ہی یہ بھی لکھا کہ اسکو یقین ہوگیا کہ لمپ والا نظریہ بالکل صحیح ہے،

نظریہ کی بدولت ہم یہ کہہ سکتے ہین کہ فلان فلان امور واقع ہون گے، یا اونکا وجود ہونا چاہیے، اس کیلیے ہم تجربے انجام دیتے ہین تین سو برس ہوئے، فرانسس بیکن نے اپنی کتاب "ترقی علم" مین اس کا خلاصہ یون کیا:-

"تمام حقیقی اور طبعی فلسفہ مین دو پیمانے یا زینے ہوتے ہین، ایک صعودی، ایک نزولی صعودی یہ کہ تجربون سے ہم اسباب وعلل تک پہنچین، نزولی یہ کہ اسباب سے ہم نئے تجربے ایجاد کرین"

کلیات یا نوامیس فطرت وہ نظریے ہین، جو اپنے متعلقہ امور کے مشاہدہ کردہ واقعات کی توجیہ کرتے معلوم ہوتے ہین، ہم کو یہ فراموش نہ کرنا چاہیے کہ جن کو ہم نوامیس فطرت کہتے ہین وہ انسان ہی کے ساختہ پرداختہ ہین، اور یہ نوامیس کسی امر کے وقوع کا باعث نہین ہوتے،

دوسرا باب

اشیا کس چیز سے بنی ہوئی ہین؟

نفس جویا کی تسلّی محض یہ معلوم کرنے سے نہین ہوجاتی، کہ بعض چیزین شیشہ نامی ایک شے سے تیار ہوئی ہین اور بعض کی ساخت گل نامی ایک شے سے ہوئی ہے، ہماری دلی خواہش اس امر کے جاننے کی ہوتی ہے کہ یہ اشیا خود کس چیز کی بنی ہین،

مدرسہ چھوڑنے سے قبل ہم اس خیال کے عادی ہوگئے تھے کہ بہت سی چیزین دوسری چیزون کو باہم ملانے سے پیدا ہوتی ہین، ہم کو اس مین دلچسپی ہوتی تھی، کہ ایک قسم کا شیشہ ریت، سوڈا، اور چونے کو جوش دینے سے بن جاتا ہے اپنے لڑکپن مین ہم سنا کرتے تھے کہ پرانے پھٹے چیتھڑون سے کاغذ تیار کیا جاتا ہے، بعد ازان ہم پر یہ حقیقت کھلی گئی کہ انسان چیزون کو صرف ملا سکتا ہے، یا بعض ملی ہوئی چیزون سے بعض چیزون کو نکال سکتا ہے اور یہ حقیقت بھی واضح ہوئی کہ دنیا مین مادے کی ایک معین مقدار ہے، جو اس وقت سے چلی آتی ہے جب سے کہ "خالق نے ارض و سما پیدا کئے" ہم پر یہ امر بھی منکشف ہوا کہ آج زمین پر جو کچھ ہم دیکھتے ہین وہ کسی نہ کسی صورت مین ابتدائی وقت سے موجود چلا آتا ہے، فی الحقیقت ہم بھی اس کا اعتراف کرتے ہین کہ "سورج کے نیچے کوئی چیز نئی نہین ہے"،

جب ہم کو یہ معلوم ہوا تھا کہ تمام مرکب اشیا چند سادہ یا مفرد اشیا کے محض امتزاج سے پیدا ہوتی ہین، تو ہم نے اپنی تحقیق مین کچھ زیادہ ترقی نہ کی تھی اگرچہ فی الجملہ آج کل دو تین لاکھ مرکب اشیا موجود ہین تاہم یہ سب کی سب سادہ عناصر یا اساسی اشیا کی ایک محدود تعداد مین سے دو یا دو سے زیادہ کی ترکیب سے بنی ہین،

فی الحال ہم کوئی اسی اساسی اشیا سے واقف ہین، اور عام ناظرین ان مین سے چند سے ہی واقف ہونگے اگر عناصر کی پوری فہرست پر نظر ڈالی جائے جب کہ ضمیمہ I مین ہے، تو معلوم ہوگا کہ بہت سے لوگ آدھے نامون کو تو پہچانینگے بھی نہین،

اساسی اشیا مین سے بعض سے ہم اچھی طرح واقف ہین، بالخصوص ان دھاتون سے جن کو مین نے اون کی تجارتی قیمت کی ترتیب کے لحاظ سے درج کیا ہے، پلاٹینم، سونا، چاندی، نکل، پارہ، ایلومنیم، رانگ، تانبا، جست، سیسہ، لوہا، پھر بعض گیسین بھی کچھ مانوس معلوم ہوتی ہین، مثلاً آکسیجن، ہائڈروجن، نائٹروجن اور کلورین، دھاتون اور گیسون کو چھوڑ کر ہم کو ایک نام کاربن ملتا ہے جس کا حصہ کائنات مین، نیز ہمارے جسمون مین بہت زیادہ ہے، ہماری ساخت زیادہ تر کاربن، ہائڈروجن، آکسیجن اور نائٹروجن سے ہے،

عالم کے اجزا ترکیبی کی فہرست پر دوبارہ نظر کرنے سے بعض دیگر عناصر بھی شناسا معلوم ہوتے ہین مثلاً فاسفورس، گندھک، پوٹاسیم، سوڈیم، زرنیخ، برومین، کیلشیم، کوبالٹ، ایوڈین، میگنیشیم، سلینیم، سلی کن، اور یورینیم، ان مین ہم ریڈیم کا بھی اضافہ کرسکتے ہین، جو ۱۸۹۸ء تک کنز مخفی تھا، سائنس کے لئے اس کا انکشاف بہت زبردست ثابت ہوا، جیسا کہ آگے چل کر معلوم ہوگا،

اب تک ہم نے صرف اکتیس اشیاء مفردہ کا نام لیا ہے، اس مین شک ہے کہ بقیہ اجزاء عالم کو عام ناظرین پہچان بھی سکین گے، نصف درجن نہایت عجیب و غریب نام یہ ہین:- اٹریم، زی نان، وینیڈیم، پریسیوڈیمیم، کرپٹان اور گیڈولینیم،

بہت سے عناصر عوامل کیمیاوی کی فہرست فروخت مین کبھی شائع نہین ہوتے، اور بعض تو تجربہ خانے مین نہایت دقت اور محنت سے حاصل ہوئے ہین، بااینہمہ ہم کو یہ یاد رکھنا چاہئے کہ کسی شے کے اپنے ہم وزن سونے سے بھی زیادہ قیمتی ہونے کے دو بالکل مختلف سبب ہوسکتے ہین، ہوسکتا ہے کہ وہ عنصر دنیا مین نہایت قلیل مقدار مین موجود ہو، یا فطرت نے اسی کو کسی مرکب مین اس طرح مقفل کیا ہو، کہ اس قفل کو توڑنے کیلیے

ہم کو بہت محنت و سرمایہ صرف کرنا پڑتا ہو، مثال کے طور پر دیکھو کہ چونے کے ایک ڈھیر کو تم چند آنون مین خرید سکتے ہو، حالانکہ چونے کے اجزا مین سے نصف سے زیادہ اس مفرد شئے کا جزو ہے جس کو کیلشیم کہتے ہین، فرض کرو کہ تم بائع سے یہ کہو کہ بجائے چونے کے تم کیلشیم لینا چاہتے ہو، جو اس ڈھیر مین ہے، تم کو معلوم ہے کہ اس ڈھیر مین تقریبًا تین چوتھائی کیلشیم ہے لیکن نصف لینے کے لئے آمادہ ہوجاؤگے، اگر بائع اس امر پر راضی ہوجائے، تو تم کو اس کے حساب پر سخت حیرت ہوگی، تم کو غالبًا یہ توقع ہوگی، کہ نصف ڈھیر کیلشیم کے لئے تم سے چونے کے پورے ڈھیر کی قیمت لی جائے گی، یا یہ سمجھوگے کہ چونکہ تم تم ڈھیر کا ایک جز ہی طلب کررہے ہو، اس لئے قیمت بھی کچھ کم ہوجائے گی، اور اگر تم کو پیشتر سے کیلشیم کی قیمت کا اندازہ نہین ہے تو تم یہی سمجھوگے کہ حساب مین ضرور غلطی ہوئی ہے، کیونکہ اس کی قیمت بجائے چند آنون کے چند سو روپیہ یعنی تقریبًا ساڑھے سات سو روپئے ہوگی، بادی النظر مین یہ امر کس قدر تعجب خیز ہے، کہ معمولی مادہ کا کوئی جز اس قدر قیمتی ہو، درانحالیکہ فطرت نے اُسے بافراط پیدا کیا ہو، لیکن کیلشیم کی قیمت نسبتہً جو اس قدر زیادہ ہے اس کا سبب یہی ہے، کہ اوسکو علیحدہ کرنے مین بہت خرچ کرنا پڑتا ہے، چند برس پہلے اوسکی قیمت اور بھی زیادہ تھی، کیونکہ اس وقت اس کے حاصل کرنے کا طریقہ زیادہ خرچ طلب تھا،

اساسی اشیا کی فہرست پر ایک مرتبہ اور نظر ڈالنے سے شاید کسی کو یہ خیال پیدا ہو کہ اگر کوئی شخص ہر عنصر کے انفرادی خواص سے واقف ہو تو اوس کو اُن عناصر سے حاصل کردہ تمام مرکبات کے خواص معلوم ہوجانا چاہئین مگر واقعہ یون نہین ہے، کیونکہ جب اشیا مفردہ ایک دوسرے کے ساتھ اشتراک کرتی ہین، تو اپنی انفرادیت کھو بیٹھتی ہین یہ توقع بالکل طبعی ہے کہ اگر دو گیسون کو ملائین، تو ایک مرکب گیس تیار ہوجائیگی، گو یہ صحیح ہے کہ ہم گیسون کا ایک آمیزہ نہایت آسانی سے تیار کرسکتے ہین، لیکن یہ تو گویا شکر اور ریت کا ملانا ہوا، ہر ایک اپنی انفرادیت قائم رکھتا ہو، کیمیاوی امتزاج اس سے بالکل علیحدہ شئے ہی،

ہم مین سے بعض کو مدرسہ مین یہ ضرور پڑھایا گیا ہوگا کہ معمولی پانی بس دو گیسون، ہائڈروجن اور آکسیجن کا کیمیاوی امتزاج ہے، نہ کم نہ زیادہ، اس وقت ہم کو اسکے تحقق مین کتنی دشواری پیش آتی تھی، کم از کم ہم اس کی توقع نہ کرتے تھے

توکیا محض نظریہ ہے کہ پانی دو گیسون سے مرکب ہے اور بس، یا ہم اس کو ثابت بھی کر سکتے ہین؟ ہان ہم نہایت آسانی سے اس کو ثابت کر سکتے ہین کیونکہ اگر پانی سے بھرے ایک ظرف مین سے بجلی کی رو گزارین تو پانی بتدریج غائب ہوتا جاتا ہے، اور اگر پانی سے اٹھتی گیسون کے جمع کرنے کا کوئی طریقہ اختیار کرین، تو سوائے ہائڈروجن اور آکسیجن کے ہم کچھ نہ پائین گے،

تم پر یہ واضح ہو گیا ہوگا کہ کس طرح ایک دوسرے سے اشتراک کرنے پر یہ مفرد اشیاء اپنے انفرادی خواص کھو بیٹھتی ہین، ہم جانتے ہین کہ ہائڈروجن بہت شعلہ پذیر گیس ہے، لیکن کوئی سمجھدار آدمی پانی مین آگ لگانے کی کوشش نہ کرے گا، شاید ہم مین سے بعض کو وہ دلکش تجربے یاد ہون گے، جو کسی زمانے مین مدرسہ مین آکسیجن گیس سے انجام دئے گئے تھے، آکسیجن کی ایک بوتل مین دنیا بھر کی چیزین جلانے مین ہم کو خاص لطف آتا تھا، فولادی کمانی کے ٹکڑے، آہنی کیلین، اور اسی طرح نہ جلنے والی چیزین تک ہم اس مین جلا سکتے تھے، اس طرح ہمیشہ کے لئے ہمارے ذہن مین یہ خیال قائم ہو گیا کہ آکسیجن احتراق کی زبردست حامی ہے، باینہمہ یہ بھی واضح ہے کہ جب آکسیجن ہائڈروجن ممتزج ہو کر پانی بناتی ہین، تو آکسیجن کی یہ نمایان خصوصیت بالکل جاتی رہتی ہے، کوئی سادہ لوح بھی اس پر یقین نہ کرے گا کہ شمع گل کرنے کے بعد سلگتی بتی پانی مین رکھنے سے مشتعل بن جائے گی، اس قسم کے محالات صرف بازیگرون کے تماشہ کے وقت دیکھنے مین آتے ہین،

جب آکسیجن اور ہائڈروجن اشتراک کرتی ہین، اور پانی بن جاتا ہو، تو فی الحقیقت ہوتا کیا ہے؟ ہم براہ راست نہین دیکھ سکتے کہ کیا ہوتا ہے لیکن ہم اپنے ذہن مین اس عمل کی ایک خیالی تصویر کھینچ سکتے ہین، اس تصویر مین ہم کو مادہ نہایت چھوٹے چھوٹے ذرات مین مشتمل نظر آتا ہے، یہ ذرات اس قدر باریک ہین کہ زبردست سے زبردست خوردبین بھی ان کے دکھانے سے عاجز ہے ان ذرات کی حالت یہ ہے کہ ایک انچ کے قطر مین کوئی پانچ کرور ذرے سما سکتے ہین، لیکن اس سے سوائے اس کے کوئی فائدہ نہین کہ دوسری غیر مرئی اشیائ سے مقابلہ کر سکتے ہین ورنہ محض بیان ذہن مین کوئی خاص شکل نہین پیدا کرتا، باینہمہ ہم ایک دوسرے طریقے سے ان اساسی ذرات کے نہایت چھوٹے

ہونے کا اندازہ کر سکتے ہین،

خرد بین دیکھتے وقت مبتدی کو ہمیشہ اس مین دلچسپی ہوتی ہے، کہ خرد بین مین جو چیز دکھائی دے رہی ہی اس کی اصل کو بلا استعانت آنکھ سے دیکھے، ہم کو معلوم ہوتا ہے کہ بظاہر جو ریت کا ایک ذرہ ہے وہ نہایت خوبصورت گھونگھے کی شکل رکھتا ہے، (دیکھو مرقع) پھر جب کسی طاقتور خرد بین سے کوئی مبتدی مکروب (وہ چھوٹے چھوٹے کیڑے جو صرف خورد بین سے نظر آتے ہین مترجم) کو دیکھتا ہی، تو اوس کو بتلایا جاتا ہی کہ جس چیز کو وہ دیکھ رہا ہے، وہ بلے استعانت بصر کے لئے بالکل غیر مرئی ہے اور اس قدر چھوٹی ہے کہ داغ سا بھی نظر نہین آتا، دیکھو مرقع یہاں واقعی ہم کو بہت ہی چھوٹی اور باریک چیز سے واسطہ پڑا، باینہمہ یہی مکروب جب اُن ذرات کے مقابلہ مین رکھے جاتے ہین جن سے مادہ ترکیب پاتا ہے، تو بڑے عظیم الجثہ نظر آتے ہین، اور خود ان ہی مکروبون مین ہزارون لاکھون ننھے ننھے ذرات ہوتے ہین، اس سے آگے جانے کی مطلق ضرورت نہین کیونکہ ہم ان ننھی ننھی خشتہائے فطرت کی کوئی معقول ذہنی تصویر نہین کھینچ سکتے ہم کو تو بس یہی سیدھا سا تصور باندھ لینا چاہئے، کہ مادہ نہایت ہی ننھے ننھے ذرات سے بنا ہے جنکو ہم جوہر کہتے ہین،

جوہرون کی اتنی ہی مختلف قسمین ہین جتنی کہ مختلف مفرد اشیا ہین چنانچہ ایک جوہر لوہے کا ہے، دوسرا سونے کا، ایک ہائڈروجن کا، تو ایک آکسیجن کا، ایک کاربن یعنی کوئلے کا وعلے ہذالقیاس کوئی اسی قسم کے جوہر اب تک معلوم ہو چکے ہین، ہم پانی کا جوہر نہین کہتے کیونکہ پانی کا وہ چھوٹے سے چھوٹا ذرہ جو بحیثیت پانی کے قائم رہ سکتا ہے وہ دو جوہر ہائڈروجن اور ایک جوہر آکسیجن سے ملکر بنا ہے، جوہرون کے اس چھوٹے سے مزدوج کا نام پانی کا ایک سالمہ ہے، یہی وہ چھوٹے سا چھوٹا ذرہ ہے، جو بحیثیت پانی کے قائم رہ سکتا ہے، کیونکہ اگر ہم اوس کو تحلیل کرین تو وہ پانی نہین رہتا، بلکہ ہائڈروجن اور آکسیجن گیسون مین منتحل ہو جاتا ہی،

سالمہ جوہرون کا مجموعہ ہوتا ہے، لیکن ہو سکتا ہے کہ وہ جوہر سب ایک ہی قسم کے ہون، اس بنا پر ہم ہائڈروجن کا سالمہ کہہ سکتے ہین لیکن اس کے معنی یہی ہون گے کہ ہائڈروجن کے دو یا زیادہ جوہر ایک دوسرے سے وصل

مادے کے ایک ذرہ کی تشریح،

اوپر ذرون کو بڑا کرکے دکھلایا ہے، نیچے خوردبین کی سلائڈ پر اصلی ذرے ہین،

کرئے گئے ہین بعض مرکب اشیائے کے سالمون مین مختلف جوہرون کی ایک بڑی تعداد ہوتی ہے مثلاً وہ مرکب جسکو زاج یا پھٹکری کہتے ہین، اوس کے ایک سالمے مین کوئی سو کے قریب جوہر ہوتے ہین، اور بعض دیگر مرکبات کے ایک ایک سالمے مین جوہرون کی تعداد ہزار تک پہنچتی ہی

اب ہمارے سامنے یہ تصویر ہے، کہ اساسی جوہر مل کر گرد در گرد سالمے بن گئے ہین، ان جوہرون مین ایک دوسرے کو گرفت کرنے کی قوت موجود ہے، اور مختلف جوہرون مین یہ قوت مختلف ہوتی ہے، چنانچہ جب آکسیجن اور ہائڈروجن کو باہم ملاتے ہین تو آکسیجن کا ہر جوہر ہائڈروجن کے دو جوہرون کو اپنے سے وصل کرلیتا ہے، اس لئے جب برقی رو کے ذریعہ سے ہم پانی کو اوس کی ترکیبی گیسون مین تحلیل کرتے ہین تو آکسیجن کے ایک حجم کے لئے ہم کو ہائڈروجن کے دو حجم حاصل ہوتے ہین، وہ عنصر نامہ مودت جسکو ہم پانی سے تعبیر کرتے ہین، اس بات کو لازم قرار دیتا ہے، کہ امتزاج مین ہائڈروجن کے گھرانے کے دو رکن ہون تو آکسیجن کے گھرانے سے صرف ایک شامل ہو،

ہمارے معمولی نمک طعام مین بہت سادہ اشتراک ہے یعنی سوڈیم کا ایک جوہر کلورین کے ایک جوہر سے ملا ہوا ہے، پھر عکاسی (فوٹوگرافی) مین جو گولڈ کلورائڈ استعمال ہوتا ہے، اس مین سونے کا ایک منفرد جوہر کلورین کے تین جوہرون کو گرفتار کرلیتا ہے بعض دیگر جوہر چار جوہرون تک کو گرفتار کرلیتے ہین، اور ایسے بھی ہین جن کی اشتہا اس سے بھی زیادہ ہے، نائٹروجن اور کاربن کی طرح بعض اشیاء کے جوہرون مین گرفتار کرنے کی مختلف قوتین ہوتی ہین، بسا اوقات نائٹروجن کا ایک جوہر صرف ایک ہی جوہر کو گرفت کرتا، اور بعض اوقات تین کو، بلکہ پانچ جوہرون تک گرفتار کرلیتا ہے، بہرحال اس سے ہمارا مقصود یہ ہے کہ مختلف اساسی جوہر ایک دوسرے کے ساتھ متعدد طریقون سے ملتے ہین، اس طرح مرکب اشیاء کے سالمے حاصل ہوتے ہین

مدرسہ مین یہ ہم کو پڑھایا گیا تھا کہ جوہرون کا امتزاج ایک قوت کے ذریعہ سے عمل مین آتا ہے جس کا نام کیمیاوی الفت ہے، لیکن اس پراسرار قوت کی نوعیت کے متعلق ہم کو کوئی معلومات حاصل نہ ہوئین یہ تو اب

سے چند برسون کے اندر اندر ہی ہم کو یہ انکشاف ہوا ہے کہ کیمیاوی الفت بجز اس کے نہین ہے کہ مختلف جوہرون کے درمیان برقی جذب ہے، برقی جذب کے مظہر سے ہم سب واقف ہین ممکن ہے کہ ہم نے اس کو برقائی ہوئی سلاخ کی صورت مین دیکھا ہو جو گودے کی گولیون اور پرون کو جذب کرتی ہو، لیکن یہ مظہر روزمرہ کی چیزون سے بھی دکھلایا جا سکتا ہے، جیسا کہ ہم خود اپنے اطمینان کے لئے کر سکتے ہین، چنانچہ اگر ہم معمولی گلدان کو خشک کرکے خوب زور سے ریشمی رومال سے رگڑین تو وہ پرون کو جذب کر سکے گا،

لیکن ہم جانتے ہین کہ تمام اجسام جن مین برقی بار موجود ہو لازمی نہین کہ ایک دوسرے کو جذب کرین، تجرباتی برقیات کے اوائل ایام ہی مین یہ امر مشاہدہ مین آچکا تھا کہ اگر ریشم سے رگڑ کر شیشے کی کسی سلاخ کو برقایا جائے تو جو برقاؤ اس مین پیدا ہوگا وہ اس سے مختلف ہوگا، جو لاکھ کی سلاخ مین اسی طرح پیدا کیا جا سکتا ہے، اگر شیشے کی "ایک کیت" سلاخ سے کسی ہلکے جسم کو برقایا جائے، اور ایک دوسرے ہلکے جسم کو لاکھ کی سلاخ سے برقایا جائے تو یہ دونون جسم ایک دوسرے کو جذب کرین گے لیکن اگر دونون جسم ایک ہی ذریعہ سے برقائے جائین، تو وہ بالعموم ایک دوسرے کو دفع کرین گے، اگر گودے کی دو گولیون کو شیشے کی سلاخ سے برقائین تو وہ ایک دوسرے کو دفع کرتی ہین اور یہی صورت لاکھ سے برقانے پر بھی ہوتی ہے، پس اس سے یہ عیان ہے کہ ایک ہی جیسے برقائے ہوئے جسم یا بالفاظ دیگر برق کی ایک ہی قسم کا بار لئے ہوئے جسم ایک دوسرے کو دفع کرین گے (دیکھو مرقع مقابل ص) یہ بھی ظاہر ہے کہ جو برقاؤ شیشے کی سلاخ پر ہے وہ لاکھ کی سلاخ والے برقاؤ سے مختلف ہے، کیونکہ شیشے کی سلاخ سے برقائے ہوئے جسم کو لاکھ سے برقایا ہوا جسم دفع نہ کریگا، بلکہ جذب کریگا،

ابتدا مین اہل فن شیشے کی سلاخون مین پیدا شدہ برق کو زجاجی اور لاکھ مین پیدا شدہ برق کو صمغی کہتے تھے لیکن جب بن جامن[1]

[1] Benjamin Franklin (۱۷۰۶ء تا ۱۷۹۰ء) مشہور امریکی مدبر اور فلسفی ابتدا مین ایک مطبع مین ملازم تھا، وہان ایک جنتری تیار کی جس سے شہرت ہوگئی پھر اوس نے تجربے انجام دینا شروع کئے اس کی ایجادات مین مکانون کو بجلی سے محفوظ رکھنے کا آلہ بھی ہے، مترجم

فرنیک لن نے یہ خیال پیش کیا کہ برق ایک ہی پراسرار سیال ہے، تو اوس نے اس سے یہ نتیجہ نکالا کہ شیشے کی سلاخ سے جو جسم برقایا جائے اس مین اسی سیال کی زیادتی ہے، اور اس لئے اس کے نزدیک وہ مثبتاً برقایا ہوا ہے، یا مثبت برق سے بھرا ہوا تھا، برخلاف اس کے اس نے یہ خیال کیا کہ لاکھ سے برقائے ہوئے جسم مین برقی سیال کی کمی ہوتی ہے، اس لئے اوس نے اس کو منفیاً برقایا ہوا سمجھا، یا بالفاظ دیگر بقول اس کے لاکھ سے منفی برق پیدا ہوتی ہے،

اس کے کچھ عرصہ بعد لوگ اسی حقیقت کو پہنچ گئے کہ برق کو سیال کہنا بالکل مہمل ہے لیکن سہولت کی غرض سے انھون نے مثبت اور منفی برقون کے نام رہنے دیئے آج ہم اُن ہی خیالات کی طرف آگئے ہین؛ جو فرنیک لن کے سیالی نظریہ سے کچھ زیادہ مختلف نہین ہین، لیکن جب ہم جوہر کی ساخت کے متعلق موجودہ خیالات سے بحث کرین گے، اس وقت اس مسئلہ کو بآسانی سمجھ سکین گے۔ فی الحال ہم یہی تصور کرین گے، کہ فطرت کے بعض جوہرون مین مثبت برق ہوتی ہے اور بعض مین منفی، اور ہم اس امر سے واقف ہی ہو چکے ہین کہ دو مختلف برقاؤ والے جسم ایک دوسرے کو جذب کرتے ہین، ہاڈروجن کا جوہر برقی حیثیت سے مثبت ہے اور آکسیجن کا جوہر منفی ہے، پس یہ دونون ایک دوسرے کو جذب کرین گے اور برقی حیثیت سے متحد ہو جائینگے یا اگر ہم چاہین تو کہ سکتے ہین کہ وہ کیمیاوی طور پر متحد ہو جائین گے، ہم کو اسی بیان پر قناعت کرنا چاہیے، تاآنکہ ہم اوس مقام پر پہنچ جائین، جہان ہم یہ سمجھ سکین کہ جوہرون مین برقی بار کیونکر پیدا ہوتا ہے اور ہم پھر یہ بھی معلوم کر سکین گے کہ ایک ہی قسم کے جوہر برقی حیثیت سے کیونکر متحد ہوتے ہین،

اب تک ہم نے مادہ کے سالمون کی ساخت کے متعلق ایک نہایت کارآمد ذہنی تصویر کھینچی ہے؛ ہمکو اساسی جوہر اپنے برقی بارون کو لئے ہوئے ممتزج ہوتے اور تعدیلی (یعنی جس کے دونون بارون مین تعادل ہو، اور اس طرح وہ بے بار ہو جائے) سالمے بناتے نظر آتے ہین، لیکن یہ سالمے بھی زبردست سے زبردست خوردبین کی زد سے بہت باہر ہین؛ ہم کو پھر غیر مرئی مگر دب کا خیال آتا ہے اور ہم اس امر کا

تحقق کرنا چاہتے ہین کہ اس مین لاکھون کروڑون انفرادی ذرّے یا سالمے ہوتے ہین جن مین سے ہر ایک مین متعدد جوہر ہوتے ہین۔ اس بنا پر لوہے کے ایک ٹکڑے کی تصویر ہم یون کھینچین گے، کہ وہ کلیتہً لوہے کے غیر مرئی جوہرون سے مرکب ہے،

بعض لوگون کو یہ خیال کہ مادہ کا ایک ٹھوس ڈھیلا غیر مرئی اشیا سے کلیتہً مرکب ہو سکتا ہے، نہایت عجیب معلوم ہوتا ہے لیکن اس مین کوئی پراسرار بات نہین، یہ تصور کرو کہ تم کسی ایسے دیہات کے پاس کھڑے ہو، جہان سے ایک چوڑی اور میلی سڑک گذرتی ہے، وہ سڑک بہت سے پیچ و خم کے بعد دور کی ایک پہاڑی کی طرف جاتی ہے لیکن چونکہ سفید سڑک بہت چوڑی ہے، اس لئے دور کی پہاڑی پر اس کی نشاندہی مشکل نہین، تم ایک شخص کو دیکھتے ہو کہ وہ اس سڑک پر اس پہاڑی کی طرف چل رہا ہے جیسے جیسے وہ اپنی مسافت طے کرتا جاتا ہے تمھارے مشاہدے مین وہ چھوٹا ہوتا چلا جاتا ہے، اور جب وقت وہ دور کی پہاڑی پر پہنچ جاتا ہے، تو اوس وقت سفید سڑک پر داغ کی صورت بھی نظر نہین آتا، حالانکہ موجودہ مقصد کے لئے سڑک غیر معمولی طور پر چوڑی سمجھی گئی ہے، پہاڑی اتنی دور ہے کہ دوربین سے بھی وہ شخص تم کو نہین دکھائی دیتا، اگر تم اس شخص سے نزدیک تر نہ ہو گے تو وہ تمھاری نظرون سے اوجھل ہی رہے گا، لیکن اگر اسی دور کی پہاڑی پر لاکھون آدمیون کی ایک زبردست فوج نمودار ہو تو تم کو ایک سیاہ پیوند سا نظر آئے گا، اس مثال مین ہم نے ٹھوس مادہ کا ایک مرئی تودہ دیکھا، جو ایسے ذرات سے مرکب ہے جو ہمارے لئے قطعاً غیر مرئی ہے،

اگر ٹھوس لوہے کے ایک ٹکڑے کو ہم ہاتھ مین لین تو فوراً معلوم ہو جائے گا کہ جن غیر مرئی ذرات سے وہ مرکب ہے، ان کی گرفت ایک دوسرے پر بہت زبردست ہے، جس قوت کی وجہ سے سالمون کی بندش عمل مین آتی ہے اوسکو ہم نے اتصال کا نام دے رکھا ہے، یہ ایک عربی مصدر ہے جس کے معنی ملنے کے ہین، جس زبردست قوت سے سالمے ایک دوسرے کو لپٹے ہوتے ہین، اس کا دکھانا بہت آسان ہے، کیونکہ اگر لوہے کی ایک سلاخ لین، جیسی کہ میخون کے بنانے مین کام آتی ہے، اور اس کی تراش تقریباً ایک مربع اینچ ہو تو کسی مقام پر سالمون کے منفصل

کرنے کے لئے قریب ۵۰ ٹن کے برابر ایک کشش لگانی پڑے گی بعض فولادی تار فی مربع انچ سو ٹن کے زور کو بھی برداشت کرسکتے ہین جب ہم سالمون کو جدا کرنے مین کامیاب ہوجائین، تو جدا کردہ حصول کو ہم اس توقع مین یکجا رکھنا کہ سالمے ایک دوسرے سے وصل ہوجائین گے بالکل فضول ہے، اس لئے اس سے ظاہر ہوا کہ سالمون کو ایک دوسرے سے نہایت ہی قریب قریب ہونا چاہئے قبل اس کے کہ وہ ایک دوسرے کو جذب کرین اگر آہنی سلاخ کے جدا شدہ سرون کو ہم گرم کرین تو اس سے ہم سالمون کو ایک دوسرے کی زد کے اندر آنے مین مدد دیتے ہین، چنانچہ جب سلاخ سرد ہوجاتی ہے تو ہم دیکھتے ہین کہ چھوٹے چھوٹے ذرات نے ایک دوسرے کو نہایت مضبوطی سے گرفت کرلیا ہے، اس صورت مین جو کچھ واقع ہوتا ہے، اس کا صاف مفہوم سمجھنے کے لئے ہم کو ٹھوس مادے کی ساخت کا تصور قائم کرنا چاہئے،

اب اس مین کسی کو شبہ نہین کہ سالمے چھوٹی چھوٹی ٹھوس اینٹون کی طرح نہین ہین، جو ایک دوسرے سے بالکل ملا کر رکھدی گئی ہون، ہم کو آگے چل کر معلوم ہوگا کہ ہمارے پاس اس امر کی قطعی تجرباتی شہادت موجود ہے کہ سالمون کے درمیان خالی جگہین ہوتی ہین، ہمین سب مادے کو ٹھوس سے ٹھوس چیز کو بھی فی الحقیقت متخلخل یا مسامدار سمجھنا چاہئے، چنانچہ فولاد چقماق، مرمر شیشہ سب اسفنج کی طرح ہین،

علاوہ ازین عرصہ ہوا، ہم یہ امر تسلیم کرچکے ہین کہ یہ چھوٹے چھوٹے غیر مرئی ذرے لرز سکتے یا مرتعش ہوسکتے ہین، اور سالمون کا یہی ارتعاش ہے جس کو ہم عرف عام مین اوسکی حرارت یا تپش کہتے ہین دخانی ہتھوڑے سے مار مار کر ہم لوہے کے سالمون مین نہایت تیز ارتعاشی کیفیت پیدا کرسکتے ہین، لوہا بہت جلد اتنا گرم ہوجاتا ہے کہ ہم بے اندیشہ اس کو چھو نہین سکتے، اور اگر ہم ہتھوڑے کا عمل جاری رکھین تو تھوڑی دیر مین لوہا سرخ گرم ہوجائے گا، ہر جسم مین کچھ نہ کچھ حرارت ہوتی ہے، اگر اس مین حرارت بہت کم ہو، تو کہتے ہین کہ وہ سرد ہے، لیکن یہ محض نسبتہً ہے، اگر تمھارے نشست کے کمرے مین ہوا کی تپش ۷۵ درجہ فارن ہیٹ (قریب ۲۴ درجہ مئی) ہوجائے تو تم اس کی گرمی کو ناقابل برداشت بتاؤگے، لیکن اگر اسی تپش

پر جا، تم کو بلائی جائے تو تم اوس کو بالکل ٹھنڈی بتلاؤ گے، سرد جسم سرد تر ہو سکتا ہے اس لئے اس مین کچھ نہ کچھ حرارت موجود ہے، اور اس لئے اس کے سالمے لرزش یا ارتعاش مین ہین، بنا برین ہم کثیف سے کثیف ٹھوس کو بھی ایسے مفرد ذرات سے مرکب سمجھتے ہین، جو ہمیشہ حرکت مین رہتے ہین لیکن کبھی ایک دوسرے سے واقعۃً مس نہین کرتے۔

اب لوہے کی جدا شدہ سلاخ پر غور کرنا چاہئے۔ ہم دونون سرون کو یا تو ہتوڑے سے پیٹ کر یا کسی مبدأ حرارت مین رکھ کر گرم کرتے ہین، آگ مین سالمے نہایت تیز ارتعاش کی کیفیت مین ہوتے ہین، اور یہی پھر لوہے کے سالمون پر ایسی ہی کیفیت طاری کر دیتے ہین جب ہم لوہے مین شدید حرارت پہنچاتے ہین تو ہم اس کے سالمون کو ایسی طویل مسافت طے کرنے پر مجبور کرتے ہین کہ وہ پھر ایک دوسرے کو پہلے کی طرح آسانی سے جذب نہین کر سکتے ایک دوسرے پر ان کی گرفت ڈھیلی پڑ جاتی ہے۔ بس ٹھوس مائع مین تبدیل ہو جاتا ہے۔ اگر ہم شدید حرارت پہنچاتے ہین، تو سالمے ایک دوسرے کی گرفت سے بالکل آزاد ہو جاتے ہین، اور مائع بھی بخار یا گیس بن جاتا ہے لیکن پیشتر اس کے کہ سالمے اپنی گرفت کو چھوڑین پگھلائے ہوئے لوہے کو ۲۰۰۰ درجے فارن ہیٹ (قریب ۱۱۰۰ درجے مئی) کی تپش تک پہنچانا ضروری ہے، اور پیشتر اس کے کہ ننھے ذرات اپنے مائعی گرفت چھوڑین، ضروری ہے کہ ۴۰۰۰ درجے فارن ہیٹ (قریب ۲۲۰۰ درجے مئی) تک تپش بڑھا دیجائے۔ جون ہی کہ وہ قوت (حرارت) جو سالمون کو جدا کئے ہوئے تھی، علٰحدہ ہو جاتی ہے، سالمے پھر ایک دوسرے کی گرفت کی زد مین آجاتے ہین، چنانچہ گیسی حالت سے تبدیل ہو کر مائع، اور پھر مائع سے ٹھوس بن جاتے ہین۔ بشرطیکہ معمولی تپش و تبرید کی یہ حالت طبعی ہو۔

ہم نے مادہ کی ساخت کے متعلق جو تصویر کھینچی ہے، اس پر ایک نظر اور ڈالتے ہین ہم تمام اجسام کو متخلخل پاتے ہین، اور سب مرتعش سالمون سے مرکب ہین، جو حسیًّا ایک دوسرے سے تماس نہین رکھتے، حتی کہ ٹھوس مین بھی نہین رکھتے ہم کو معلوم ہوتا ہے کہ اتصال کی جذبی قوت اس وقت بہت زیادہ

ہوتی ہے، جب کہ سالمے ایک دوسرے سے قریب تر ہوں، جیسے ٹھوس مین بہ نسبت اس حالت کے کہ وہ ایک دوسرے سے بعید ہوں جیسے مائع مین، ٹھوس مین ہم سالمون کو مثل رقاص کے ادھر ادھر جھولتا تصور کرتے ہین، لیکن مائع مین سالمے ہمارے تصور مین نہ صرف یہ لرزشی حرکت رکھتے ہین، بلکہ کسی حد تک وہ ادھر ادھر وہ حرکت کرنے اور ایک دوسرے پر سے گذر جانے کے لئے آزاد بھی ہین، اگر ہم دودھ اور چاء کو باہم ملائین، تو ایک مائع کے سالمے دوسرے مائع کے سالمون سے بہت مل جل جاتے ہین، یہ امر کہ مائع کے سالمے از خود ادھر ادھر حرکت کرسکتے ہین، سادہ سے ایک تجربے کے ذریعہ دکھلایا جا سکتا ہے، اگر ہمارے پاس شیشے کا کوئی برتن ہو، جس مین تھوڑا کاپر سلفیٹ یعنی توتیہ کا محلول ہو، تو اس نیلے محلول پر ہم آہستہ آہستہ پانی ڈال سکتے ہین، اول اول تو دونون مائع علحدہ نظر آئین گے، لیکن بتدریج توتیہ کے سالمے زمین کے جاذبہ کی قوت کے خلاف اوپر چڑھتے نظر آئین گے اور ایک معقول عرصے تک یونہی چھوڑ دئے جائین تو ہم کو رنگ سے معلوم ہوجائیگا کہ وہ سارے پانی مین سرایت کر گئے ہین، انتشار کا یہ منظر اسوقت اور بھی نمایاں ہوجاتا ہے جبکہ سالمے ایک دوسرے کے جذبی فاصلون سے بالکل ہی نکل جائین، جیسے گیس مین گیس کی مقدار خواہ کتنی ہی قلیل کیون نہ ہو، اگر وہ شیشے کے کسی ظرف مین چھوڑ دیجائے تو گیس سالمے بہت جلد پھیل کر جتنی جگہ ملیگی اسکو بھر دین گے، اگر گیس نل کی کوئی ٹونٹی کھلی رہنے دیجائے اور گیس کمرے مین پھیلنے دیجائے تو ہم بہت جلد ان سالمون کے وجود سے آگاہ ہوجاتے ہین اگرچہ ہم گیس نل سے کچھ فاصلے ہی پر کیون نہون، اُن سالمون کو ہوا کے سالمون مین اپنا راستہ پیدا کرنے مین دیر نہین لگتی، چنانچہ ہوا کے سالمون کے ساتھ وہ ہماری ناکون مین داخل ہوتے ہین اور ہمارے اعصاب قوت شامہ کو برانگیختہ کرتے ہین یہی اعصاب دماغ پر عمل کرتے ہین، جس سے بو کا احساس پیدا ہوتا ہے،

ابتک ہم نے مادہ کی تین مختلف حالتون : ٹھوس، مائع، گیس سے بحث کی ہے، آیندہ باب مین ہم اس حالت کو بیان کرین گے، جو مادہ کی چوتھی حالت کہلاتی ہے،

تیسرا باب

جوہرون کا مادۂ ترکیب

ٹھوس مادّے کے ایک ڈھیلے سے شروع کرکے ہم نے دیکھا کہ وہ ذرّات منفردہ سے بنا ہوا ہے جنکو سالمے کہتے ہین، اور یہ غیر مرئی سالمے اور بھی چھوٹے اساسی جوہرون سے مرکب ہین، سالمے بنانے کے لئے ان جوہرون کو برق ہی متحد رکھتی ہے،

اب ہمارا دوسرا سوال یہ ہے کہ جوہر کس چیز سے بنے ہین؟ اس موضوع پر زیادہ غور و خوض کئے بغیر بعض لوگ یہ جواب دین گے کہ جوہر سونا، لوہا، ہائڈروجن وغیرہ (یہانتک کہ ہر اوس شئے کا نام لیا جا سکتا ہے، جس سے کیمیا دان واقف ہین) سے بنے ہین، لیکن اس سے جوہرون کی نوعیّت کے متعلق ہم کو کچھ نہین معلوم ہوتا، یہ تو محض نام ہین، جو ہم نے مادہ کی اُن شکلون کو دے رکھے ہین جنکو ہم دوسری چیزون مین اس طرح تحلیل نہین کر سکتے، جیسا کہ کثیر مرکبات کی تحلیل کر سکتے ہین، ایک زرد رنگ کی مطلوب کل دھات کو ہم سونا کہتے ہین، لیکن مادہ کے اس ڈھیر کو یعنی جوہرون کے اس مجموعہ کو جو ہم نے سونا کہا، تو اس سے جوہرون کی تشریح نہین ہوتی

ہم یہ تحقیق کر چکے ہین کہ زر ٹھوس ہے، اور متخلخل ہے، پارہ جنتر مین ٹھوس سونے کا ایک ٹکڑا رکھ کر اس امر کو آسانی مشاہدہ کر سکتے ہین، پارے کے ذرات سونے کے ذرات کے درمیان اپنا راستہ بنا لین گے، یعنی اُون مین داخل ہو جائین گے ہونے کے وزن مین معتدبہ اضافہ ہو جائے گا، لیکن اس کا حجم نہ بڑھے گا، ہم یہ بھی تحقیق کر چکے ہین کہ سونے کی تپش اس شرح پر منحصر ہوتی ہے، جس سے اوس کے سالمے لرزتے یا مرتعش ہوتے ہین،

علاوہ بریں ان مرتعش سالمون مین سے ہر ایک متعدد قصیر ذرات سے مرکب ہے جن کو جوہر کہتے ہین، ہم معلوم کرنا چاہتے ہین، کہ یہ جوہر کس چیز سے بنے ہین،

حال ہی مین چند برسون سے ہم اس قابل ہوے ہین کہ جوہر کی ساخت کے متعلق کوئی معقول خیال قائم کر سکین، یہ خیال کہ مادہ جوہرون سے بنا ہوا ہے، اتنا ہی قدیم ہے جتنا کہ پہاڑ یا با لفاظ صحیح تر یہ خیال کم از کم کوئی دو ہزار برس سے چلا آتا ہے لیکن متقدمین ان جوہرون کو ٹھوس اور ابدی سمجھتے تھے، نیز یہ بھی سمجھتے تھے. کہ فطرت مین قصیر ترین اجسام یہی ہین، سائنس مین حال مین جو ترقیان ہوئی ہین، ان سے ہم کو پتہ چلتا ہے کہ جوہر قصیر ترین اجسام نہین ہین، اور ہمارے پاس اس کے شواہد موجود ہین کہ نہ تو وہ ٹھوس ہین اور نہ ابدی ہم انجیل مقدس کے اس بیان کو کہ آسمان و زمین ختم ہو جائین گے، بہتر طریقہ پر سمجھ سکتے ہین.

لیکن کیا یہ ہمارا محض قیاس ہی قیاس ہے کہ جوہر فطرت کے قصیر ترین ذرات نہین ہین؟ یہ خیال محض نظریہ ہی نظریہ نہین ہے، بلکہ اوس کی بنیاد مشاہدہ کردہ واقعات پر ہے ہم براہ راست تجربے کر کے جوہرون سے قصیر تر ذرات کا وجود ثابت کر سکتے ہین، ممکن ہے کہ قارئین اس خیال کو کسی قدر مضحکہ خیز سمجھین کہ ہم قطعی طور سے ایسے قصیر ذرات کا وجود ثابت کر سکتے ہین جب کہ ان سے بدرجہا عظیم تر سالمے اور جوہر زبردست سے زبردست دوربین کی زد سے باہر ہین، ان کے تحیر مین یہ سن کر کمی نہ ہوگی کہ ان ماورا خوردبینی ذرات کی ہم پیمایش کر سکتے اور اون کا وزن اوسی طرح دریافت کر سکتے ہین جسطرح کہ ہم اپنی دنیا اور اوس کے آس پاس کے سیارون کی پیمایش اور وزن دریافت کرتے ہین،

ابتدا ہی مین ایک تمثیل غالباً سہولت کا باعث ہو. بندوق کی گولی جب ہوا مین اڑتی ہے. تو ہم اسکو نہین دیکھ سکتے لیکن اس کے راستہ مین ہم کوئی رکاوٹ رکھدین تو ہم کو اس کے وجود کا علم ہو جاتا ہے بلکہ بغیر دیکھے بغیر ہم گولی کی رفتار بتلا سکتے ہین، مرمی (جو چیز پھینکی جائے) کی رفتار وقت نگار نامی ایک آلہ کے ذریعے سے دریافت کی جا چکی ہے، یہ آلہ رصدگاہون مین بکثرت استعمال ہوتا ہے، اس کی غرض یہ ہے، کہ اس وقت کو

صحیح صحیح بتلا دے، جس وقت کہ کوئی مشاہدہ کردہ مظہر وقوع پذیر ہو، جس وقت کہ مشاہد اپنی دوربین کے چشمہ
مین عنکبوتی خط پر سے کسی تارے کو گذرتا دیکھتا ہے تو وہ برقی بٹن دبا دیتا ہے اور وقت نگار جو اس سے کسی قدر
فاصلہ پر ہوتا ہے ٹھیک اس وقت کو نگارش کر لیتا ہے، جس وقت کہ برقی تماس ہوا تھا، بسبیل تذکرہ یہ معلوم کرنا
دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ یہ آلہ ایک بڑے بیلن یا اسطوانہ پر مشتمل ہوتا ہے، جو ساعت کل کے ذریعہ سے ایک معین
شرح سے گھومتا رہتا ہے، قول نگار (فونوگراف) کے قرنا (Trumpet) کی طرح یہان بھی
ایک قلم آہستہ آہستہ بیلن پر حرکت کرتا رہتا ہے، ہر ثانیہ کے اختتام پر قلم بیلن پر منڈھے ایک کاغذ پر ضرب مارتا ہے،
اور ایک نقطہ چھوڑ دیتا ہے، اس طرح کاغذ ثانیون مین تقسیم ہوجاتا ہے قلم بھی مشاہد بعید کی قابو مین ہوتا ہے، جس وقت
وہ بٹن کو دباتا ہے تو قلم ایک زائد نقطہ لگا دیتا ہے، اس کی صحیح وضع نہ صرف وقت کے اس خاص ثانیہ کو بتلاتی
ہے بلکہ ثانیہ کے اس ہزارویں حصے کو بھی بتلا دیتی ہے جسمین نقطہ بنایا گیا ہے، کسی پران مرئی کی رفتار دریافت کرنے
کے لئے ایک دوسرے سے پیمایش کردہ فاصلہ پر دو پردے کھڑے کئے جاتے ہین، اور جس وقت گولی ان
مین سے گزرتی ہے تو ہر پردے پر برق تماس پیدا کر دیتی ہے، جس سے وقت نگار مین اس وقت کا نشان
بن جاتا ہے جبکہ وہ گولی ان دونون پردون سے گذری تھی، اس طرح گولی کی رفتار دریافت ہوجاتی ہے، کسی
کو بھی یہ خیال نہ ہوگا کہ جوہر جن ذرات سے بنے ہین، ان کی بابت بھی ہم اسی طرح کے سپنے تلے طریقہ پر تجربہ کرینگے
یہان تو محض یہ تمثیل پیش کرنا مقصود تھی، کہ کسی غیر مرئی شے کی بابت معلومات حاصل کرنا کس طرح ممکن ہے،
سب سے پہلے تو ہم یہی دریافت کرنا چاہتے ہین کہ ان جوہر ساز غیر مرئی ذرات کا انکشاف کیونکر ہوا، یہ
قصہ بہت دلچسپ ہے، کچھ عرصے سے یہ معلوم تھا کہ برقی شرارہ ہوا کے معمولی دباؤ پر کثیف تر ہوا کے مقابلے مین
لطیف ہوا کی نل یا ظرف مین سے بآسانی گذر جاتا ہے اسکو دکھلانے کے لئے ایک آسان صورت یہ ہے کہ برقی
انڈے کو کسی ہوائی پمپ سے ملحق کر دیا جائے، جیسا کہ صـ کے مقابل والے فوٹو مین ہے، شیشے کے ظرف کو انڈا
اس لئے کہتے ہین کہ اس کی شکل انڈے جیسی ہے، اس مین پیتل کی دو سلاخین ہوتی ہین جنمین سے ایک تو انڈے

کی پنیدی مین کسی ہوتی ہے، اور دوسری اوپر ایک ہوا بند راستے مین چل سکتی ہے، پورا ظرف ہوا بند ہوتا ہے صرف نیچے ایک ٹونٹی ہوتی ہے، جو ہواپمپ سے ملحق کرنے کے کام آتی ہے، کسی برقی موجیہ کے دور مین کسی املی پچھے کے سرون کی تپلی سلاخون سے تار لے کر ملا دینے سے ایک برقی شرارہ انڈے کے اندر دونون چھوٹی چھوٹی پتلی سلاخون کے درمیان گذر سکتا ہے، ہم بتدریج ان سلاخون کو دور کرتے جاتے ہین، یہان تک کہ شرارہ انگیزی بند ہو جائے، کیونکہ اب درمیان کی ہوائی فضا اخراج مین بہت مزاحمت کرتی ہے،

اب اگر ہم تھوڑی سی ہواپمپ کر لین تو شرارہ انگیزی دوبارہ شروع ہو جائے گی جس سے ظاہر ہوا کہ ہوا جتنی لطیف یا رقیق ہو گی اتنی ہی اچھی موصل ہو گی، اگر ہم پمپ کرنا جاری رکھین تو ہم دیکھین گے کہ شرارہ نورانیت کے ایک خاموش بہاؤ یا ڈورے مین بدل گیا ہے، جیسے جیسے خلا بڑھتا جاتا ہے ویسے ویسے سارا انڈا ایک دمک سے روشن ہو جاتا ہے، تھوڑی ہی دیر بعد نورانیت متعدد چھوٹی چھوٹی افقی قرصون یا قاشون مین بٹ جاتی ہے، اب ہم کو معلوم ہوتا ہے کہ ہوا اتنی لطیف ہو گئی ہے، کہ اوس نے اپنی صفت موصلہ چھوڑ دی، اور اسی لئے ہم کو ایک زبردست برقی دباؤ کی ضرورت ہے کہ اس اعلیٰ خلا مین سے برقی اخراج گذر جا سکے، جیسے جیسے خلو مین زیادتی ہوتی جاتی ہے ویسے ہی چند عجیب [illegible] نما ہوتے ہین، یہان یہ تبلا دینا ضروری ہے کہ معمولی ہواپمپ، جیسا کہ فوٹو مین دکھلایا گیا ہے، ان [illegible] حاصل ہونے کے لئے اچھا خلا نہین پیدا کر سکتا، اسی لئے دیگر ذرائع مثلاً سیمابی ہواپمپ سے کام لیا جاتا ہے، بہرحال فی الحال ہم کو یہ بتلانا مقصود ہے کہ جب خلو ایک خاص حد تک پہنچ جاتا ہے تو انڈے کے اندر سے تمام دمک رخصت ہو جاتی ہے، اور وہ بالکل ہی تاریک نظر آتا ہے، لیکن جب خلو کی یہ اعلیٰ حالت پیدا ہوتی ہے تو شیشے کے ظرف کی دیوارین ایک سبزی مائل تزہیری دمکنے لگتی ہین اس (تزہیر) کا رنگ شیشے کے اجزا ترکیبی کے لحاظ سے مختلف ہوتا ہے لیکن شیشے کے تزہیر ہونے کا سبب کیا ہے؟

لندن کے سر ولیم کروکس[1]، جنھون نے سائنس کی اس شاخ مین رہنما کا کام کیا ہے، اونھون نے

---

[1] Sir William Crookes مشہور انگریزی سائنس دان (۱۸۳۲ء تا ۱۹۱۹ء) صدر رائل سوسائٹی ۱۹۱۳ء تا ۱۹۱۶ء کشف تھیلیم، (ایک دھات) اور موجد اشعاع پیما (ایک آلہ) مترجم،

یہ تصور کیا کہ زیر برقیرہ (کیتھوڈ) سے گولیون کی طرح اشعاعی ذرات کی ایک باڑ نکلتی ہے۔ یہ غیر مرئی گولیان شیشے کی دیوارون سے ٹکراتی ہین۔ اور اون کو منزہر کر دیتی ہین۔ اگر ہوا سب کی سب نکال لی گئی ہو تو بقیہ سالمون پر ذرہ باری ہوتی ہے اور وہ منور ہو جاتے ہین اور وہی دمک پیدا ہو جاتی ہے جو برقی انڈے مین بھری ہوئی تھی۔ اسکو ہم معمولی "خلائی" یا "گیساری" نلیون مین بآسانی دیکھ سکتے ہین،

کروکس کے نزدیک یہ صورت مادے کی چوتھی حالت کی تھی بالفاظ دیگر ہم اب تک مادے کی تین حالتون ٹھوس، مائع اور گیس سے روشناس رہے ہین، ٹھوس کی حالت مین ہم نے دیکھا کہ مادے کے سالمے ایک دوسرے کو بہت مضبوطی سے گرفت کئے ہوئے ہین۔ بہ حالت مائع اون کی یہ گرفت بہت کچھ ڈھیلی ہو جاتی ہے، اس لئے اُن مین فصل زیادہ ہو جاتا ہے اور اپنے دائرے مین طے مسافت کے لئے آزاد ہو جاتے ہین گیسی حالت مین سالمے اور بھی منفصل ہو گئے۔ اور سب کے سب متحرک، ایک دوسرے سے متصادم، اور بادی النظر مین ایک دوسرے سے متنافر ہو گئے، اس نو دریافت شدہ چوتھی حالت مین کروکس کے نزدیک وہ "ایسی حالت مین ہین جو گیسی حالت سے اتنی ہی دور ہے جتنی گیسی مائی حالت سے دور ہے"

اس حالت کا ذکر کروکس نے اشعاعی مادہ کے نام سے کیا ہے، اس تجویز مین واقعی بڑی جسارت تھی لیکن جیسا کہ آگے چل کر معلوم ہوگا ان کا یہ قیاس صحیح نکلا لیکن اس وقت یہ خیال مقبول نہ ہوا عام اعتقاد یہی تھا کہ ذرات پران معمولی مادی جواہر ہین۔ آج طبیعیات دان نے ان اوڑتے ہوئے ذرات کو وزن کر لیا ہے، اور اون کی پیمائش بھی کر لی ہے۔ اب معلوم ہوا کہ وہ قصیر ترین جوہر یعنی ہائڈروجن کے جوہر سے بھی بہت قصیر ہین۔

جس زمانہ مین سر ولیم کروکس نے یہ انکشاف کیا تھا اوس وقت یہ ذرات پران زیر برقیری (کیتھوڈ)[۱۵]

---

[۱۵] زیر برقیرہ (= زیر × برقی × راہ) یا کیتھوڈ (Cathode) نلی کے اوس سرے کو کہتے ہین جس سے برق خارج ہوتی ہے، اور زبر برقیرہ یا اینوڈ (Anode) نلی کے اس سرے کو کہتے ہین جس سے برق نلی مین داخل ہوتی ہے،

شعاعین کہلاتی تھین کیونکہ یہ زیر برقیرہ ہی سے خروج کرتی تھین۔ اس کے بعد ڈاکٹر جانسن اسٹونی نے ان کا نام "برقیہ" رکھا۔ لیکن کیمبرج کے پروفیسر جے۔ جے۔ ٹامسن جنہون نے جوہر کی ساخت پر بہت کچھ تحقیقات کی ہے ان کو "جسیمہ" کہنا پسند کرتے ہین۔ غالبًا عام قاری کے لئے لفظ "برقیہ" زیادہ واضح ہوگا۔ اس سے کسی اور موجودہ لفظ سے التباس نہین ہوتا۔ بنابرین اسکو ذہن مین برقیہ کے مفہوم کو معمولی مادہ کے مفہوم سے جداگانہ رکھنے مین زیادہ سہولت ہوگی۔ علاوہ ازین ہم بیشتر "جسیمہ" سے مراد ایک باریک حیوانی خلیہ لیتے ہین۔ اگرچہ خونی جسیمہ اور خلائی نلی کے ان اڑتے ذرون مین التباس ناممکن ہے، تاہم "جسیمہ" کا لفظ معمولی مادہ کی طرف ذہن کو منتقل کردیتا ہے اور برقیہ اس سے بری ہے۔ اس لئے ہم اب برقیہ ہی کو استعمال کرین گے۔

اگر ہم کسی اعلیٰ درجے کی مخلی خلائی نلی کو دیکھین جس مین سے برقی اخراج گذر رہا ہے، تو ہم کو اڑتے برقیے نظر نہین آتے، وہ بالکل غیر مرئی ہوتے ہین، ہم صرف ان غیر مرئی گولیون کی ذرہ باری کے زیر اثر شیشے کو متزسر ہاتے ہین۔ اگر زیر برقیرہ کو پیالے کی شکل کا بنا دین تو برقیون کی بوچھار کو شیشے کے ایک مقام پر ماسکا[۱] سکتے ہین۔ جب ہم ایسا کرتے ہین تو ہم کو ان کا میر (راستہ) ہمیشہ خط مستقیم معلوم ہوتا ہے۔ اب ایک امر کا ذکر کرتے ہین جو بہت عجیب معلوم ہوگا۔ جب کوئی مقناطیس خلائی نلی کے قریب لایا جاتا ہے تو برقیون کا دھارا اپنے مستقیم میر سے منصرف ہو جاتا ہے، اور شیشے پر پہلے مقام سے نیچے پہنچتا ہے۔ مقناطیس جتنا طاقتور ہوگا، برقیون کا انصراف اتنا ہی زیادہ ہوگا۔ یہ سب کچھ (؟) قاری کے لئے یقینًا چیتان ہوگا جس نے اپنے بچپنے مین یہ پڑھا ہوگا کہ مقناطیس صرف لوہے اور فولاد کو کشش کرتا ہے، اور کسی کو نہین، لیکن ہم مین سے اکثر اس امر سے واقف ہون گے کہ برقی رو مقناطیس کی وجہ سے منصرف ہو جاتی ہے اور فی الحقیقت یہی وہ قوت ہے جو برقی ٹرمو گاڑی کے پہیون کو اور دیگر برق سے چلتی ہوئی کلون کو چلاتی ہے۔ خلائی نلی کے اندر برقیون کا یہ دھارا بھی اسی

[۱] ماسکانا مصدر از ماسکہ۔ ماسکہ وہ نقطہ جہان روشنی کی شعاعین انعکاس یا انعطاف کے بعد جمع ہون۔ ماسکانا بہ این معنی کہ کسی شعاع یا موج کو ایسے نقطہ پر لانا۔ (مترجم)

طرح مقناطیس سے منصرف ہوتا ہے، پس ظاہر ہوا کہ متحرک برقیے مثل برقی رو کے ہوتے ہین،

یہ خیال کرنا فطری امر ہے کہ ان اڑتے برقیونمین منفی برق ہوتی ہے کیونکہ وہ زیریا منفی برقیرے سے خروج کرتے یا دفع ہوتے ہین، یہ امر کئی طریق پر مشاہدہ کیا جا سکتا ہے، غالباً سب سے آسان یہ ہو کہ مقناطیس سے منصرف ہوتے وقت برقیون کی سمت انصراف دیکھین،

بنیک آف انگلینڈ مین جتنی اشرفیان آتی جاتی رہتی ہین، ان کا شمار کرنا طول عمل ہے اور وہان کے عہدہ دار بھی اسی واسطے ہر توڑے مین اشرفیون کو گننے کی تکلیف گوارا ہی نہین کرتے، وہ محض ایک معین مقدار کو وزن کر لیتے ہین، اور اون کو معلوم ہو جاتا ہے کہ پلڑے مین کتنے سکے ہین، بنیک آف انگلینڈ مین اشرفیون کے کی تعداد شمار کرنا کچھ بھی نہ ٹھہرے اگر کسی سے کہا جائے کہ کمرے کی ہوا مین غیر مرئی ریگ ذرون کو گن ڈالو، فال کرک (اسکاٹ لینڈ) کے ایک مشہور ہوشیار تجربہ کرنے والے نے ہوا مین ریگ ذرون کی تعداد کے شمار کا ایک طریقہ نکالا ہے ایٹکن کے تجربون کا بیان ضمیمہ نمبر ۸ مین درج ہے کیونکہ ان سے برقیہ شماری کا مرحلہ بآسانی سمجھ مین آسکتا ہے، فی الحال ہم اس دعوے کو قبول کئے لیتے ہین کہ برقیون کا شمار کرنا ممکن ہو، اور جو لوگ اس بظاہر محال کو ممکن کئے جانے کی تفصیلات کی تکلیف گوارا کرنا چاہین، ان کو محولۂ بالا ضمیمہ مین کافی معلومات ملین گے،

جو کچھ اب بیان کیا جائے گا، اس سے واضح ہو گا کہ برقیے شمار کر سکنا، ان غیر مرئی ذرات کے متعلق مزید معلومات بہم پہنچاتا ہے، مثلاً تجربہ سے یہ دریافت کرنا آسان ہو گا کہ برقیون کی ایک تعداد مین برقاؤ کی مجموعی مقدار کیا ہے، اور جب ہم کو یہ معلوم ہو گیا کہ برقیون کی تعداد کتنی ہے تو محض سادہ سی تقسیم کے عمل سے ہم یہ بتا سکتے ہیں کہ برقیہ مین برق کی کتنی مقدار ہے، ہم پہلے ہی معلوم کر چکے ہین کہ برقیے مین منفی بار ہوتا ہے، پس منفی برق کی جتنی مقدار کا وہ حامل ہوتا ہے وہ بھی ہم کو معلوم ہو جاتی ہے،

ہم یہان عام دعوون پر اکتفا کرین گے، تفصیلات کو ضمیمہ کیلئے چھوڑتے ہین،

خلائی نلی مین اُڑتے برقیون کی رفتار دریافت کرنے کے لئے بہت ابتدا مین پیچیدہ تجربے انجام دئے گئے تھے، چنانچہ حاصل کردہ رفتار بہت زبردست نکلی۔ بعد مین پتہ چلا کہ کسی معلوم مقناطیسی میدان کی انصرافی طاقت و نیز کسی برقی میدان کے انصرافی اثر کے تحت برقیون کا دھارا لائین تو ذرون کی رفتار بآسانی معلوم ہوجاتی ہے ان تجربات کے نتائج پیچیدہ تر تجربون کے نتائج سے موافقت رکھتے تھے۔

یہ معلوم ہوا کہ ان اڑتے برقیون کی رفتار بعض حالتون مین متغیر ہوجاتی ہے، چونکہ برقی اخراج کی وجہ سے برقیے نلی کے زیر برقیری سرے سے خروج کرتے ہین، اس لئے یہ ایک قدرتی نتیجہ ہے کہ ان کی رفتار ایک حد تک برقی اخراج کی شدت پر منحصر ہونا چاہئے۔ اس وقت اس امر کا تحقق بھی آسان ہوجائے گا کہ رفتار نلی کے اندر خلا کے درجے پر بھی منحصر ہوگی، نلی کے اندر ہوا کے جو سالمے رہ جائین گے، وہ اڑتے ذرون کی راہ مین حائل ہون گے اور ان مین ابطاء پیدا کردین گے۔ اگر خلو بہت اچھا یا اعلیٰ نہ ہو، تو برقیون کی رفتار پانچ ہزار میل فی ثانیہ تک ہوتی ہے۔ بندوق کی گولی کے مقابلہ مین جو ایک ثانیہ مین تہائی میل طے کرتی ہے یہ رفتار بہت زبردست ہوئی۔ با این ہمہ پانچ ہزار میل فی ثانیہ برقیے کی کوئی انتہائی رفتار نہین ہے اگر ان کا مسیر بصورت اعلیٰ خلا کے بالکل صاف ہو، اور زبردست برقی قوت ان کو خارج کردے تو برقیے خلائی نلی مین ساٹھ ہزار میل فی ثانیہ کی رفتار سے پران ہون گے، اور یہ رفتار نور کی رفتار کی ایک ثلث ہے۔ ایسی رفتار کے مفہوم کا تحقق واقعی مشکل ہے، ہم اس کے معنی یون سمجھ سکتے ہین کہ ایک ثانیہ مین اطلانتک کے تیس چکر کرلئے، یا یہان سے چاند تک چار ثانیون کے اندر اندر پہنچ گئے، لیکن ہم کو یہ نہ خیال کرنا چاہئے کہ برقیون کا اطلانتک کے اس پار تک نشانہ مارنا ممکن ہے، اگر مقصد یہ ہو کہ وہ ایسی زبردست رفتار مین اختیار کرین تو ہم کو ان کے لئے ایک صاف فضا مہیا کرنا چاہئے یعنی ایک اچھا خلا،

تقریر بالا سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا برقیے ہوا مین اُڑائے جاسکتے ہین، اتنا واضح ہوگیا ہوگا کہ جبتک ایک خاصا اچھا خلا نہ ہو، ہم ان برقیون کا کوئی سلسلہ نہین پیدا کرسکتے، یہ اسی وقت ممکن ہوسکا جبکہ

ہم نے برقی بیضہ بین سے کچھ ہوا نکالی، اس وقت شرارہ انگیزی بدل کر منور ڈورا بن گئی تھی اور بالآخر زیر برقیری شعاعوں یا بالفاظ دیگر اڑتے برقیوں کا غیر مرئی سلسلہ قائم ہوگیا لیکن وہ نلی کے شیشے کی دیواروں سے رک گئے، پس کیا یہ ممکن نہیں کہ ہم کوئی دریچی ایسی بنادین کہ برقیے اپنی پرواز جاری رکھتے ہوئے کھلی ہوا مین آجائین اگر کوئی یہ کہے کہ یہ بالکل محال ہے تو مجھے ذرا سا بھی تعجب نہ ہوگا، کیونکہ جو دریچی برقیون کو باہر نکلنے دیگی، وہ یقیناً ہوا کو بھی نلی کے اندر داخل کردے گی، اور پھر وہ خلا باقی نہ رہے گا جس کی ضرورت ہے، استدلال معقول معلوم ہوتا ہے، لیکن واقعات اس کو غلط ثابت کرتے ہین، جرمنی کے پروفیسر لینارڈ نے دریچی دار ایسی خلائی نلی تیار کی ہے کہ ہوا تو اندر نہ داخل ہوسکے لیکن اڑتے برقیے باہر نکل سکین، ظاہری شکل کا لحاظ کرین تو اون کی دریچی بہت کچھ کوارٹی معلوم ہوتی ہے، وہ ٹھوس ایلومینیم دھات کی ایک تپلی چادر کی بنی ہوئی تھی، جب نلی کے اندر کے اڑتے برقیے اس ٹھوس دھاتی دریچی تک پہنچے تو ان کو کوئی رکاوٹ نہ ملی، اور وہ اس مین سے پار ہوگئے، لیکن وہ تو غیر مرئی ہین، پروفیسر کو یہ معلوم کیسے ہوا کہ وہ پار ہوگئے؟ اگرچہ وہ اُن اڑتے ذرون کو نہ دیکھ سکے تاہم انھون نے کھلی ہوا مین ان کا راستہ ضرور دیکھا، کیونکہ جیسے ہی وہ دریچی مین سے باہر نکلے، ان کو ماحول کی ہوا سے سخت مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا، ہوا مین گیسون کے سالمے ان غیر مرئی ذرون کی گولہ باری کی زد مین آگئے، اس لئے ایک ہلکی سی متزہر دمک پیدا ہوگئی، کچھ کچھ اسی طرح کی جیسی کہ معمولی گیسلری نلی مین پیدا ہوتی ہے، مرئی اثر بہت کم ہوتا ہے اور صرف تاریکی مین دکھائی دیتا ہے اور وہ بھی ایلومینیم کی دریچی کے عین قریب مین اگر ایلومینیم کی دریچی چھوڑنے کے بعد وہ کسی دوسری خلائی نلی مین داخل ہون تو ایک واضح دمک پیدا کردین گے باین ہمہ کھلی ہوا مین اُن کی موجودگی متزہر پردے سے معلوم کی جاسکتی ہے،

کھلی ہوا مین برقیون کی پرواز بہت جلد ختم ہوجاتی ہے، نلی سے کوئی انچ بھر سے زیادہ وہ نہین جاسکتے تو ان کا انجام کیا ہوتا ہے، ؟ کیا وہ بھی بجھی گولی کی طرح گر پڑتے ہین ؟ جون ہی کہ وہ نکلتے ہین وہ ہوا کے گیسی جوہرون

لے Lenard

سے ملحق ہو جاتے ہین، مختصر یہ کہ کرہ ہوا اُن کو جذب کر لیتا ہی،

جب یہ اڑتے برقیے ہوا مین نکلتے ہین، تو وہ لی نارڈی شعاعین کہلاتے ہین، کیونکہ اس مشہور تجربہ کرنے والے ہی نے مقید ذرون کی آزادی کا یہ کامیاب طریقہ نکالا تھا، با ایہمہ یہ سمجھ لیناچاہیے کہ یہ وہی زیر برقیری شعاعین یا برقیون کا سلسلہ ہے جو نلی کے اندر موجود ہے، خود لی نارڈ کا یہ خیال تھا کہ زیر برقیری دھارا محض ایتھری امواج یا انبعاثات پر مشتمل ہے، جب پروفیسر شسٹر نے چند حسابات کئے تو ان سے یہ صاف طور پر ثابت ہو گیا کہ زیر برقیری دھارا اور لی نارڈی شعاعین ذرات سے مرکب ہین، اس وقت یہ خیال مضحکہ خیز معلوم ہوتا تھا، چند سال کے بعد کہین جا کر لی نارڈ نے شسٹر کو صحیح تسلیم کیا،

جب سائنس دانون کو اس امر کا یقین ہو گیا کہ زیر برقیری شعاعین ذرات کا ایک دھارا ہین تو ان کو پروفیسر لی نارڈ کے تجربون مین بہت سے معنی نظر آنے لگے، یہ امر بھی تعجب خیز تھا کہ یہ ذرات دھات کی ایک سو ماس چادرین سے گذر سکتے تھے، دران حالیکہ ہوا مین گیسون کے جو جوہر تھے، ان مین سے ان کا گذر ممکن نہ تھا، اس سے یہ معلوم ہوتا تھا کہ یہ ذرّے بے نہایت چھوٹے ہین، سب سے چھوٹا جوہر ہائڈروجن گیس کا ہی، جو سبک ترین معلومہ شے ہے، اس پر بھی یہ گیس ایلومنیم کی دریچے سے نہ گذر سکی،

ہم دیکھ چکے ہین کہ اڑتے برقیون کی رفتار دریافت کی جا چکی ہے، نیز یہ معلومات بھی دلچسپ ہین کہ برقیے کی کمیت اور اڑتے ذرّے کی توانائی بھی دریافت کی جا چکی ہے، اس کی تشریح ضمیمہ چہارم مین ملے گی یہی مین اجزا ہم کو نہایت دلچسپ انکشافات تک لیجاتے ہین،

ممکن ہے کہ بعض قاری توانائی، رفتار اور کمیت کے علاقے کو صاف طور سے نہ سمجھین، لیکن ایک تمثیل سے یہ امر واضح ہو جائے گا، لکڑی کے کسی ٹھے مین کیل ٹھونکنے کے لئے توانائی کی ایک خاص مقدار کی ضرورت ہے، اگر بڑھئی اس مقصد کے لئے کوئی ہلکا سا ہتھوڑا منتخب کرے تو اس کو کیل پر بہت جلد جلد مارنا چاہیئے،

اس صورت مین کمیت قلیل ہے اور ہتھوڑا نسبتہً بڑی رفتار سے حرکت کرتا ہے، اگر اس کے برخلاف وہ بھاری ہتھوڑا یا گھن استعمال کرے تو اس کو معلوم ہوگا کہ کیل کو ٹھوکنے کے لئے اب نسبتہً چھوٹی رفتار ہی کافی ہے، پس بڑی رفتار سے متحرک ایک چھوٹی کمیت جتنا کام کرے گی، اتنا ہی ایک بڑی کمیت سے عمل مین آئے گا، جب کہ وہ چھوٹی رفتار سے متحرک ہو، یہان توانائی کے نقصان کا ہم نے ذکر نہین کیا، جوہر دو صورتون مین ایک نہین ہے، ہم کو تین اجزاء کا لحاظ کرنا پڑتا ہے، مقدار توانائی، رفتار اور کمیت، یہ تو واضح ہو گیا ہوگا، کہ اگر ان مین سے کوئی دو اجزا معلوم ہون، تو تیسرا جز حساب سے دریافت ہو سکتا ہے،

اس سے پیشتر کے پارہ مین ہم برقیون کے برقی بار کا ذکر کر چکے ہین، ہمارے مبحث پر اس کا کیا اثر پڑتا ہے،؟ اس کے ایک قطعی معنے ہین، ریاضی دان نے اس کو صاف طور سے ثابت کر دیا ہے، کہ اڑتے برقیہ کا جمود (Inertia) کلیتہً اس کے برقی بار کی وجہ سے ہوتا ہے اور فی الحقیقت برقی بار سے علحدہ کوئی برقیہ نہین، یہی واقعی ایک عجیب و غریب خیال ہے، اور اول اول اس کا سمجھنا ہی مشکل ہے، ایک برقیہ بجز اس کے کچھ نہین ہے کہ وہ ایک متحرک برقی بار ہے یعنی منفی برق کی ایک اکائی یا جوہر ہے،

اس مین شک نہین کہ برقیہ کی اصلی جسامت یا جثہ کا ذہن مین کوئی تصور قائم کرنا ناممکن سا ہے، یہ کہنا کہ ہائڈروجن کے جوہر کی کمیت کا اٹھارہ سوواں حصہ ہے تفہیم مین کچھ مدد نہین دیتا کیونکہ ہم ہائڈروجن کے جوہر کے جثہ ہی کا کوئی تصور نہین رکھتے، یہ کہنا کہ ایک لاکھ برقیون کی ایک قطار کی ضرورت ہوگی تاکہ وہ معمولی مادہ کے سالمے کے قطر کے برابر ہو سکین، محض ان ہر دو ورا خوردبینی اشیاء کی اضافی حیثیتون کو ظاہر کرنا ہی، سر الیور لاج[1]

[1] Sir Oliver Joseph Lodge پیدائش ۱۸۵۱ء جامعہ برمنگھم کے صدر ۱۹۱۹ء تک مشہور سائنس دان، جن کو روحیات سے بہت دلچسپی ہے، (مترجم)

نے ذیل کی عجیب تمثیل پیش کی ہے، تاکہ برقیے اور جوہر جن مین برقیے پائے جاتے ہین، دونون کی اضافی حیثیتون کا ہم اندازہ کرسکین،

ایک ایسی عمارت کا تصور کرو، جو ایک سو ساٹھ فٹ لمبی اسی فٹ چوڑی چالیس فٹ اونچی ہو، اس عمارت مین جو فضا سمائی ہے، وہ مادہ کے ایک جوہر کو ظاہر کرتی ہے، اب اگر اس بدرجہ غایت مکبّر جوہر کو ہم دیکھین تو اس کے اندر کے برقیون کو دیکھنے مین ہمین بڑی دقت ہوگی، ہر برقیہ ب کے نقطہ سے بڑا نظر آئیگا، اس پر بھی یہی برقیے وہ مواد ہین، جن پر جوہرون کی بنیاد ہے،

چوتھا باب

جوہر کی تعمیر

ہم چاہتے تھے کہ اس جوہر کا کوئی معقول تصور قائم کرین، جو ان بے نہایت چھوٹے چھوٹے برقیون سے ترکیب پاتا ہے،

اگر جوہر بھی برقیون سے اوسی طرح بنا ہو جس طرح ایک دیوار اینٹون سے بنتی ہے تو ظاہر ہے کہ برقیون کی درمیانی جگھون کو بھرنے کے لئے جوڑنے والے مسالہ کی بڑی زبردست مقدار درکار ہو گی، پچھلے باب کے آخر مین سر آلیور لاج کی تمثیل والی عمارت کا نقشہ تصور کرو اب یون خیال کرو کہ چند سو چھوٹے چھوٹے نقطے تمام عمارت مین پھیل گئے ہین، ہر دو ننھے سے نقطون کے درمیان تقریبًا سو فٹ کی خالی جگہ ہو گی، لیکن ہم کو یہ خیال کرنا چاہئے کہ برقیے جوہر مین اسی طرح ثبت ہین جسطرح کہ کسی کیک مین کشمش،

بعض جگہ لڑکون مین ایک کھیل رائج ہے جس مین لڑکے دو ٹولیون مین تقسیم ہو جاتے ہین، ایک ٹولی کسی اونچے مقام پر قبضہ کر لیتی ہے، اور دوسری حملہ آور ٹولی سے اوس کو بچاتی ہے اگر لڑکے اس مقدار مین نہ ہون کہ اس قلعہ کے گرد ایک پوری دیوار قائم کی جا سکے تو ظاہر ہے کہ اس ٹولی کو چارون طرف حملون سے بچنے کے لئے ہوشیار رہنا پڑتا ہے، اصل کھیل اسی مین ہے کہ ہر لڑکا اپنے امکان بھر ایک خاص سمت مین دیکھنے کی کوشش کرتا ہے، اور ادھر اودھر دوڑ کر ہی وہ ٹولی حریف کو قبضہ کر لینے سے باز رکھ سکتی ہے، بالفاظ دیگر دوڑ دوڑ کر ایک لڑکا اتنا کام کرتا ہے کہ اس کے لئے معین جگھون پر قائم متعدد لڑکون کی ضرورت ہوتی

اگر وفاع کرنے والی ٹولی کامیاب رہے تو اس کے معنی یہ ہین کہ وہ قلعہ ایسا ہی ہے، جیسا کہ لڑکون کا ایک ٹھوس مربع، ہم برقیون کو بھی یہی تصور کرتے ہین کہ ذجوہر کی طرف دفاع کرنے کے لئے ایک مقام سے دوسرے مقام تک دوڑتے پھرتے ہین، فرق صرف یہ ہوگا کہ لڑکے ہر سمت مین دوڑ لگا سکتے ہین، لیکن برقیے منتظم مدارون مین حرکت کرتے ہین،

ممکن ہے کہ ایک دوسری تمثیل سے یہ مسئلہ بالکل واضح ہو جائے، فرض کرو کہ ایک بچہ چکر گھنی کھیل رہا ہے، جس وقت وہ گھنی سے چکر کو مارتا ہے تو جہان تک چکر کا تعلق ہے اگر اوس کی بجائے مساوی وزن کی ایک ٹھوس قرص ہوتی، تو بھی وہی اثر پیدا ہوتا، درمیان کی فضا محیط چکر سے محفوظ ہو جاتی ہے، فرض کرو کہ غیر مرئی ڈورون کے ذریعے سے یہ چکر افقی وضع مین آویزان کر دیا جائے ہم اس کے محیط کے ہر نقطہ پر ضرب لگا سکتے ہین کہ گویا ہمارے سامنے ایک ٹھوس قرص ہے، اب فرض کرو کہ بجائے ایک مسلسل چکر کے ہمارے پاس چھوٹی چھوٹی گولیون کی ایک پوری پلٹن ہے، جو دائرے مین ترتیب دی گئی ہے، اور جسمین ہر دو گولیون کے درمیان کچھ جگہ چھوڑ دی گئی ہے، تم گولیون کے درمیان ضرب لگا سکتے ہو، تم کو ٹھوس پنے کا کوئی احساس نہ ہوگا، لیکن گولیون کے اس دائرے کو ذرا تیز رفتار سے گردش تو دے دو، اب تم ضرب لگاؤ گے تو تمھاری گھنی اس طرح بازگشت کریگی، کہ گویا دائرہ ٹھوس ہے۔ ظاہر ہے کہ رفتار بہت تیز ہونی چاہیے،

لیکن گولیون کو ایک دوسرے سے معتدبہ فاصلہ پر رکھنے کیلئے جس تیز رفتار کی ضرورت ہے، اس کا تصور کچھ زیادہ مشکل نہین ہے، اگر اسی کے مطابق رفتار بڑھا بھی دی جائے۔ تو بھی ٹھوس کیفیت کا سا اثر پیدا ہوگا،

آج جس جوہر کو ہم مانتے ہین اس کا یہ مجمل سا خاکہ ہے یعنی وہ مجموعہ ہے اُن برقیون کا جو نہایت زبردست رفتار سے منتظم رفتارون مین گردش کرتے ہین، اب ہم سمجھ سکتے ہین کہ پچھلے باب کی تمثیل مین بکھرے ہوئے نقطے ساری عمارت مین کیونکر پھیل سکتے ہین،

آج جس جوہر کو ہم مانتے ہین وہ درحقیقت ایک ننھا سا نظام شمسی ہے۔ یہ کوئی ضرور نہین کہ ہم اس کو

ایک ہی مستوی کے برقیون کا دائرہ سمجھین۔ ریاضی دان اس ترتیب کو اس واسطے ترجیح دیتا ہے، کہ ریاضی کے نقطۂ نظر سے مضمون پر بحث آسان تر ہو جاتی ہے، اور اس سے بہت دلچسپ استخراجات اخذ کئے جا سکتے ہین، لیکن مسائل ریاضی سے ہم یہان بحث نہ کرین گے، فی الحال اسی پر قناعت کرین گے کہ جو اساتذہ اس فن مین مشغول رہے ہین، اونکے نتائج قبول کرلین، ہمارے مقاصد کے لئے یہ کافی ہے کہ ہم جوہر کو ایسے برقیون کا اجتماع عظیم تصور کرین، جو حلقہ در حلقہ منتظم مدارون مین حرکت کرتے ہون، اور سب کے سب نہایت عظیم رفتار سے گردش کرتے ہون، ہم کو یہ یاد رکھنا چاہیئے، کہ یہ تمام توانائی جوہر کے اندر مقید رہتی ہے، اب ضروری نہین کہ ہم کسی چیز کو پتھر کی طرح "بے جان" کہین، کیونکہ اب ہم پتھر کے ہر جوہر کو بے جان بمعنی بے حرکت تصور نہین کرتے،

لیکن جوہر مختلف قسم کے ہوتے ہین، ایک وُہ ہین، جن سے سونا بنتا ہے، اور ایک وہ ہین جن سے سڑک کی خاک بنتی ہے، کیا یہ سب جوہر ایک ہی مواد سے تیار ہوئے ہین، ؟ ہم ایسا ہی یقین کرتے ہین، اب ہم اُن امور کا ذکر کرنا چاہتے ہین، جن مین ایک جوہر دوسرے جوہر سے مختلف ہوتا ہے،

اب تک ہم نے یہ تصور کیا ہے کہ برقیون یا منفی برق کی اکائیون کا ایک ہجم غفیر اجتماعی حالت مین جوہر بن جاتا ہے، اگر سب کچھ یہی ہوتا تو منفی برق کا کوئی جمع شدہ بار ہونا چاہیئے تھا، نہ صرف یہ بلکہ منفی برق کی یہ انفرادی اکائیان ایک دوسرے کو دفع کرتین اور خیالی جوہر پاش پاش ہو جاتا، اس سے لازم آیا کہ توازن قائم کرنے کے لئے جوہر کے اندر مثبت برق کی ایک مساوی مقدار ہونی چاہیئے، مثبت برق کی اکائیون کی مادی تعداد کا ہم تصور نہین کر سکتے، کم از کم ہم نے ابتک ایسی چیزین موجود نہین پائین، ہم نے مثبت برق کو مادہ کے جوہرون سے علحدہ نہین پایا ہے، درانحالیکہ خلائی نلیون مین منفی برق کی ازلی اکائیون سے ہم مانوس ہو چکے ہین، فی الحقیقت مادہ کے جوہرون کی بہ نسبت ان برقیون کو ہم بہت زیادہ جانتے ہین،

چونکہ جوہر سے علحدہ مثبت برق کی اکائیان ہم کو نہین ملتین، اس لئے یہ خیال پیش کیا گیا کہ ممکن ہے کہ جوہر ساز برقیے مثبت برق کے ایک ننھے سے کرہ مین ملفوف ہون، اس تصویر مین کسی قدر ترمیم ہوگئی ہے لیکن

آغاز کار کے لئے یہ بہت موزون ہے، اس خیال کو ریاضی دان ابتدائی دعوی کی حیثیت سے قبول کرنے کیلئے تیار ہے، کیونکہ اس سے وہ بہت معقول استخراجات کر سکتا ہی، مثبت برق برقیون کو کرہ کے مرکز کی طرف جذب کرتی ہے، اور برقیے خود ایک دوسرے کو دفع کرتے ہین اور ایسا کرنے مین اُن کا اقتضا یہی ہوتا ہے کہ کرہ کو بالکل چھوڑ دین، بالفاظ دیگر ہر سمت مین اپنی جولانی دکھانا چاہتے ہین، لیکن مثبت برق اُن پر لگام لگائے رہتی ہے، اس طرح توازن قائم رہتا ہے،

ممکنہ جوہرون کے پیدا کرنے کے لئے برقیون کی متنوع ترتیب کا حساب نہ صرف ریاضی دان ہی نے لگا لیا ہی، بلکہ تجربہ کرنے والون نے بھی چھوٹے چھوٹے تیرتے مقناطیسون یا پانی پر تیرتے برقائے ہوئے جسمون کے ذریعہ سے بہت سی ترتیبون کی عملی توضیح بھی کر دی ہے جسمون کی مختلف تعداد لے کر تجربہ کرنے سے ترتیب مین بہت تنوع پیدا ہو جاتا ہے، اور جتنے جسم ایک تجربے مین استعمال کئے جائین اُن کے لحاظ سے مختلف نمونے یا وضعین بن جاتی ہین،

اس قسم کے چند تجربات کا بیان دلچسپی سے خالی نہ ہوگا، اور اگر کسی کے پاس متعدد فولادی سوئیون کو مقناطیس بنانے کا کوئی اچھا ذریعہ ہو تو اوس کو چاہئے کہ تجربہ کو دہرائے، جب سوئیان سب کی سب مقناطیسی کر دی جائین تو ہر ایک کو ایک چھوٹے سے کارک پر اسی طرح نصب کرنا چاہئے، کہ جب کارک پانی پر تیرایا جائے، تو سوئیان انتصابی وضع مین نیچے کی طرف جھکی رہین، سوئیان اس طرح نصب کی جاتی ہین کہ یا تو سارے شمالی قطب یا سارے جنوبی قطب اوپر کی طرف ہون، اگر اس قسم کی متعدد سوئیان پانی کے کسی ظرف مین ڈالی جائین تاکہ جوہر کے برقیون کو ظاہر کرین، تو بلاشبہہ سوئیان ایک دوسرے کو دفع کرین گی، اور عملاً یہی چاہین گی کہ ظرف سے نکل بھاگین چنانچہ تیر کے کناری جا لگین گی، جیسا کہ ہیش ورق کی پہلی تصویر مین ہی، جوہر مین برقیون کا بھی یہی عمل ہوتا ہی، لیکن مقابل کی یا مثبت برق اون کو کھینچکر مرکز کی طرف لاتی رہتی ہے، اپنے تجربون مین اس ضابطہ بار کو ہم یون ظاہر کرتے ہین کہ وسط ظرف کے اوپر کسی مقناطیس کا ایک قطب رکھدین جیسا کہ دوسری تصویر سے ظاہر ہے، اگر ہم

نے سوئیون کو اس طرح ترتیب دیا ہے کہ اون کے جنوبی قطب اوپر کی جانب ہین، تو ہم کو ضابطہ مقناطیس کا شمالی قطب اوپر لانا چاہیئے کیونکہ مخالف قطب ایک دوسرے کو جذب کرتے ہین۔

اگر تین سوئیان پانی مین ڈالی جائین تو وہ اسی طرح ترتیب پاتی ہین کہ اون سے ایک مثلث کے تین گوشے بن جاتے ہین، چار سوئیان مربع کے کونون پر جا ٹھہرتی ہین اور اسی طرح پانچ سوئیان ہون تو اون سے مخمس یا پانچ ضلع والا مربع بن جائے گا، جب ہم چھٹی سوئی ڈالتے ہین تو ہم کو ایک بہت دلچسپ منظر نظر آتا ہے، چھیون سوئیان مل کر مسدس یا چھ ضلع والا مربع نہین بناتین، بلکہ ایک سوئی مرکز پر چلی جاتی ہے، اور پانچ سوئیان حسب سابق مخمس بناتی ہین، ساتوین سوئی ڈالیجائے تو نتیجہ اور بھی دلچسپ ہو جاتا ہے، ایک سوئی مرکز پر چلی جاتی ہے اور باقی چھ سوئیان مرکزی سوئی سے کچھ فاصلے پر حلقہ کی صورت اختیار کر لیتی ہین، جیسا کہ تصویر نمبر ۲ مین ہے، اگر سوئی پر سوئی بڑھاتے چلے جائین تو بہت دلچسپ تغیرات واقع ہوتے چلے جائین گے،

پس یہ قیام یا توازن کی ترتیبین ہین، اور جوہر کے اندر برقیون کی ممکنہ ترتیبون کا نقشہ قائم کرنے مین ان سے ہم کو بہت مدد ملتی ہے، بہت سے تجربات جو اس طرح انجام دئے گئے، اونھون نے خالص ریاضیاتی حسابات سے حاصل کردہ ترتیبون کی تصدیق کی ہے،

ریاضی دان کے قائم تشکلات کے سلسلہ مین ایک دوسرا نکتہ بھی دلچسپ ہے، اسکو معلوم ہوتا ہے کہ برقیون کی بہت سی مختلف ترتیبین ایک دوسرے سے بہت کچھ مشابہ ہوتی ہین، مثلاً اس کے ممکنہ جوہرون مین سے ایک جوہر مین برقیون کی ترتیب یون ہے کہ ایک برقیہ مرکز مین ہے اور چھ اوس کے گرد حلقہ باندھے ہوئے ہین جیسا کہ تصویر نمبر ۳ مین ہے اور جبکہ وہ دیگر ممکن اور قائم ترتیبون کو شمار کرتا ہے تو اس کو ایک ترتیب اور ملتی ہے جو اوپر والی ترتیب سے مشابہ ہے، لیکن اس مین پہلے حلقہ کے گرد گیارہ برقیون کا ایک حلقہ اور ہوتا ہے جیسا کہ تصویر نمبر ۴ مین ہے، اس سے آگے قدم رکھنے پر اس کو معلوم ہوتا ہے کہ ایک اس سے بھی بڑی ترتیب ہے جسمین پندرہ برقیون کا ایک حلقہ اور محیط ہوتا ہے، اب اگر واقعی جوہرون کی ساخت اسی اصول پر ہے تو فطرت مین بعض

مختلف جوہرون کے برتاؤ مین کچھ نہ کچھ مشابہت پائی جانی چاہئے گویا جوہرون کے بعض گروہون مین خاندانی مشابہتین ہونی چاہئین اور اس لئے مشابہ خواص ہونے چاہئین۔ فطرت مین ہم پاتے بھی ایسا ہی ہین۔ اور فی الحقیقت پیشتر اس کے کہ جوہر کے تعضیہ کے لئے ہم نے کوئی کوشش کی ہو ہم اس واقعہ کو تسلیم کر چکے تھے۔

ہم مین سے بعض نے اپنے مدرسہ کے زمانے مین پڑھا ہوگا کہ پوٹاشیم اور سوڈیم ایک دوسرے سے بہت مشابہ ہین۔ دونون نرم دھاتین ہین۔ یہانتک کہ معمولی چاقو سے اون کو نہایت آسانی سے کاٹ سکتے ہین جب وہ کاٹے جاتے ہین تو دونون مین چاندی جیسی چمک پائی جاتی ہے۔ لیکن اس پر بہت جلد زنگ آجاتا ہے۔ یا وہ اکسا جاتی ہے۔ ان دونون مین یہ عجیب وغریب خاصیت ہے کہ جب کسی تر سطح پر ڈالے جاتے ہین تو فوراً شعلہ بن جاتے ہین۔ اس لحاظ سے پوٹاشیم زیادہ زوردار ہے۔ یہان تک کہ پانی کے برتن مین پھینکا جائے تو فوراً جل اٹھیگا حالانکہ انہی حالات مین سوڈیم پانی کی تحلیل شروع کر دیتا ہے۔ اور حرارت بھی معتدبہ خارج کر دیتا ہے۔ لیکن شعلہ نہین پکڑتا۔ محض تر سطح پر رکھنے سے یہ مشتعل نہین ہوتا۔ کیمیادان ہم کو اور خواص بھی بتلا سکتا ہے جو پوٹاشیم اور سوڈیم دونون مین مشترک ہین،

کیمیادان ہم کو ایک تیسری اساسی شے لیتھیم نامی دکھلائے گا۔ اس کی سطح بھی چاندی جیسی ہوتی ہے۔ یہ بھی نرم دھات ہے۔ اگرچہ سوڈیم اور پوٹاشیم کے برابر نرم نہین۔ ہم تر سطح پر رکھ کر لیتھیم مین آگ نہین لگا سکتے لیکن ہم کو معلوم ہوگا کہ اس مین بھی پانی کے تحلیل کرنے اور حرارت خارج کرنے کا خاصہ موجود ہے، گو اس حد تک نہین جتنا کہ اس کے دو رشتہ دارون مین پایا جاتا ہے،

اب ہم کو تین اساسی اشیا کا ایک خاندانی گروہ معلوم ہوا۔ اور یہ کوئی منفرد مثال نہین ہے۔ بقیہ تمام عناصر بھی اسی انداز پر چھوٹے چھوٹے خاندانی گروہون مین تقسیم کئے جا سکتے ہین۔ اس سلسلہ مین سب سے زیادہ دلچسپ امر یہ ہے کہ ہمین خواص کی جانچ کر کے کسی خاندانی گروہ کے اراکین کو ڈھونڈھنا نہین پڑتا۔ اگر ہم کو عناصر کے جوہری وزن معلوم ہون تو ہم اون کو ان کے خاندانون مین تقسیم کر سکتے ہین،

۱۸۶۳ء مین جان نیولینڈز نے اخبار کیمیاوی، کو ایک خط لکھا جسمین یہ لکھا کہ اگر عناصر بلحاظ اپنے جوہری وزنون کے ترتیب دئے جائین یعنی اولاً سب سے زیادہ وزن دار عنصر ہو، اور پھر اس سے کم یہان تک کہ سب سے کم جوہری وزن تک پہنچ جائین تو جو عناصر ایک ہی خاندان کے ہون گے، وہ اس پیمانہ پر سبعین وقفون کے بعد واقع ہون گے ان کی ترتیب ایسی سمجھو جیسی کہ ہارمونیم کے پردے یا سُرون کی ترتیب ہوتی ہے پس اگر ان مین سے کسی سُر کو ہم پوٹاشیم تصور کرین تو ایک سرگم کے بعد ہم کو سوڈیم ملے گا، اور پھر ایک سرگم بلند ہو جانے پر لیتھیم ملے گا، اگر ہم پوٹاشیم سے نیچے کے سرگم لین تو ہم کو ایک عنصر روبیڈیم ملے گا اور ایک سرگم اور اُترنے پر سیسیم ملے گا، اگرچہ تمام لوگ ان اشیا سے مانوس نہین ہین تاہم کیمیادان بتلاتا ہے کہ ان کے اور پوٹاشیم، سوڈیم اور لیتھیم کے خواص مین بہت کچھ خاندانی مشابہت ہے،

دوسرے خاندانی گروہون کے ارکین بھی اسی طرح واقع ہوتے ہین، بعد ازان نیولینڈز کے ان سرگمون کی تشریح مشہور روسی کیمیادان من ڈلی جیف[۱] نیز جرمن کیمیادان مے آر[۲] نے کی اور جس کو اب "کلیہ ادوار" کہتے ہین وہ انہین کی کوششون کا نتیجہ ہے،

ہمارے موجودہ مقاصد کے لئے اس کی ضرورت نہین کہ "کلیہ ادوار" کی تفصیل سے واقف ہون مختصراً اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر ہم کو کسی عنصر کے ایک جوہر کا وزن معلوم ہو، تو ہم اس کے خواص جان سکتے ہین، یہان یہ امر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ من ڈلی جیف کو اس کلیہ پر اتنا اعتبار تھا کہ اوس نے نہایت جسارت کے ساتھ ایسے

---

[۱] آئی وینووش من ڈلی جف (Ivanovich Mendelaef) (۱۸۳۴ء - ۱۹۰۷ء) مشہور روسی کیمیادان سینٹ پیٹرس برگ موجودہ پیٹروگراڈ مین تعلیم پائی، اور وہین ۱۸۶۶ء سے ۱۸۹۰ء تک پروفیسر رہا، فلسفہ، کیمیا اور طبعی کیمیا کے متعلق اس کی معلومات اور تحقیقات قابل قدر ہین (مترجم)

[۲] وکٹر مے آر (Victor Meyer) (۱۸۴۸ء، ۱۸۹۷ء) مشہور جرمن کیمیادان، جرمن کی تین یونیورسٹیون مین پروفیسر، نامیاتی کیمیا مین بہت مفید کام کیا، (مترجم)

تین دیگر عناصر کے وجود کی پیشین گوئی کی، جو اس سے پیشتر کسی کو معلوم نہ تھے، اپنی جدول ادوار میں اوسکو تین خالی جگہین نظر آئین، اوس نے سوچا کہ اگر کلیہ کامل ہے تو ان جگہون کو پر ہونا چاہیئے، وہ یہ بھی تبلا سکتا تھا کہ ان گم شدہ عناصر کا کس خاندان سے تعلق ہوگا، اسی بنا پر اوس نے جرأت کر کے یہ بھی پیشین گوئی کر دی کہ جب کبھی بھی اُن عناصر کا انکشاف ہوگا تو ان مین فلان فلان کیمیاوی خواص پائے جائینگے، یہ امر بھی دلچسپی کا باعث ہے کہ من ڈلی جف کو اتنی عمر نصیب ہوئی کہ اس کے سامنے تینون عناصر کا انکشاف ہوا، اور اسطرح کی پیشین گوئی اس کے سامنے پوری ہوگئی، ایک ایک کر کے یہ گم شدہ اشیا، روشنی مین لائی گئین، ہر ایک مین وہی خواص تھے، جو ان کے متعلق پہلے سے تبلائے گئے تھے،

جب سے کیمبرج کے طبیعین نے مختلف جوہرون کے اندر برقیون کی ممکن ترتیبون پر بحث و تحقیق شروع کی، اس سے بہت پہلے کلیہ ادوار قائم ہو چکا تھا، پروفیسر جے جے طامسن کا اب یہ خیال ہے کہ کسی عنصر کا جوہری وزن، جوہر کے اندر برقیون کی تعداد کے تناسب ہوتا ہے، یہان ہم کو یہ یاد رکھنا چاہیئے، کہ ہر تعداد کا اجتماع ترتیب کے لحاظ سے ایک مشخص شکل رکھتا ہے، اس کی صورت یون نہین ہے کہ ایک تھیلی مین سر سٹھا اور ایک مین ارسٹھ سنگریزے بھر دئے، علاوہ ازین بعض برقیے (آٹھ سے زیادہ نہ ہونگے) سرگم کے کلیہ کا لحاظ کرتے ہوئے بیرونی حلقہ بناتے مانے جاتے ہین، دوسرے جو قلبی (یا قلب کے) برقیے ہین، وہ بہت مضبوطی سے جکڑے ہوئے ہین (دیکھو شکل صفحہ ۴۳)

ریاضی دان ہم کو تبلاتا ہے کہ بعض ترتیبون کو بالکل ہی قیام نہین ہوتا، اور بعض تو قیام نا پذیری کی سرحد پر ہوتی ہین، مثلاً ایک ترتیب مین مرکز پر اتنے برقیے ہین کہ بیرونی حلقے کو روکنے کے لئے کافی ہین، اگر کسی خارجی سبب سے بیرونی حلقہ ٹوٹ جائے تو حلقہ کے چند برقیے ابھی سابق وضعون مین آنے سے قاصر رہینگے برقیے چارون طرف تیزی سے اڑتے رہتے ہین، اس بنا پر جو اپنے نظام سے الگ ہوا وہ اُس سے چھوٹ ہی جائیگا یہ چھٹے ہوئے برقیے فوراً کسی قرب وجوار کے ایسے جوہر مین جا کر گھر کر لینگے، جس کا نظام ان کو قبول کرنے

کی صلاحیت رکھتا ہو، اس لئے ہم جوہرون کے درمیان مفارقت پذیر برقیون کی ایک چھوٹی تعداد کے مسلسل
تبادلے کا تصور کرتے ہین، ہمارے لئے سادہ ترین صورت یہ ہے کہ ہم ان مفارقت پذیر برقیون کو دمدار تارے
تصور کرین، جو منتظم قیام پذیر مدارون سے ماوراء ہون، باینہمہ ہم آگے چل کر دیکھین گے کہ قیام ناپذیری کی بعض غیر
طبعی صورتین بھی ہین جن مین برقیے منتظم مدارون سے نکل کر بھاگ گئے ہین، اور ماحول کی ہوا مین نہایت تیز رفتار سے
خارج ہوتے ہین جس سے بعض وہ مظاہر پیدا ہوتے ہین، جو بالخصوص ریڈیم سے متعلق ہین، اس صورت مین
جوہر مین واقعی شکست و ریخت ہوتی ہے، اور یہ صورت اس سے مختلف ہے جس مین مفارقت پذیر جوہرونکا
دوستانہ تبادلہ ہوتا تھا،

چند مفارقت پذیر برقیون کا دوستانہ تبادلہ جوہر مین کیا فرق پیدا کرتا ہے؟ اس کا مطلب یہ ہے
کہ جب کسی جوہر سے ایک یا دو برقیے نکل جاتے ہین، تو اس مین کامل برقی توازن نہین رہتا، چھوٹے ہوئے برقیون
کے ساتھ اس کا کچھ منفی بار بھی نکل جاتا ہے، لیکن مثبت برقی کرہ اپنی جگہ پر مستقل رہتا ہے، پس جس جوہر سے برقیے
نکل گئے ہین، وہ مثبت بار والا جسم ہو جاتا ہے، کیونکہ مثبت بار کم شدہ منفی بار مین اب غالب ہوگا، بسا اوقات ایسا
بھی ہوتا ہے کہ بعض جوہرون مین اگر ایک برقیہ گروہ مین اور شامل کر دیا جائے، تو برقیون کا تشکل زیادہ قیام
پذیر ہو جاتا ہے، دیگر صورتون مین دو برقیون سے قیام پذیری حاصل ہوتی ہے، وعلی ہذا جس جوہر مین اپنی جماعت
مین ایک یا ایک سے زیادہ برقیون کو شامل کر لینے کا اقتضا، ہو، وہ برقی حیثیت سے منفی یا برقا منفی کہلاتا
ہے، کیونکہ ایسے برقیون کے شامل ہو جانے سے اس مین منفی بار بڑھ جائیگا، برخلاف اس کے بعض جوہری
ترتیبین ایسی ہین، جو جوہرون سے ایک یا ایک سے زیادہ برقیے نکال لینے پر قیام پذیر ہو جائین گی، پس جس
جوہر مین ایک یا ایک سے زیادہ برقیون کو کم کر دینے کا اقتضا، ہو، وہ برقی حیثیت سے مثبت یا برقا مثبت
کہلاتا ہے، کیونکہ ایسے منفی برقیون کے نکل جانے پر اس مین مثبت بار رہ جاتا ہے، لیکن ہم کو یہ یاد رکھنا چاہیئے
کہ برقیون کے جس تبادلے سے ہم بحث کر رہے ہین، اس سے جوہر کی نوعیت نہین بدل جاتی، ہائڈروجن کا جوہر

ہمیشہ ہائڈروجن ہی کا جوہر رہے گا، خواہ وہ مثبت برقا ہونے میں کم و بیش کیوں نہ ہو، کسی جوہر کی نوعیت کو بدلنا
مثلاً سیسے کو سونا کر دینا یہ معنی رکھتا ہے کہ نہ صرف برقیوں کی تعداد و ترتیب میں تغیر کی ضرورت ہے، بلکہ مثبت برق
کے قلب کو بھی بدلنے کی ضرورت ہے، لیکن ہم اسی قسم کے قلب ماہیت کو انجام نہیں دے سکتے کیونکہ نہ تو کیمیا دان
اور نہ طبیعی کے اختیار میں ہے کہ جوہروں کے قائم و دائم تشکلات کو توڑ دے تاہم ہمارے پاس اس امر کی شہادت
موجود ہے، کہ فطرت خود ایک خالص کیمیا گر ہے، اور وہ برابر قلب ماہیت کرتی رہتی ہے مظہر تابکاری (ریڈیو
ایکٹی وٹی) کے انکشاف سے پیشتر ہم اس سے قطعاً ناواقف تھے، لیکن جیسا کہ پہلے بھی ذکر کیا جا چکا ہے، ہم اس سے
بعد میں بحث کریں گے،

گذشتہ باب میں ہم دیکھ چکے ہیں کہ کیمیا دی اتحاد کے معنی برقی اتحاد کے تھے، نیز ایک برقاً مثبت جوہر
برقاً منفی جوہر سے ہاتھ ملاتا ہے اب ہم اس امر کو اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں، کہ آکسیجن کا ایک زبردست برقاً منفی جوہر
ہائڈروجن کے دو جوہروں کے مثبت بار کو چاہتا ہے تاکہ برقی توازن پیدا ہو سکے، اس کے نتیجہ میں پانی کا ایک
تعدیلی سالمہ پیدا ہو جاتا ہے،

اس امر کو ایک دوسرے زاویہ نگاہ سے یوں دیکھ سکتے ہیں، کہ جب آکسیجن کا جوہر کسی ایسے جوہر یا جوہروں
کے نزدیک لایا جاتا ہے جو برقیے چھوڑ سکتے ہوں، تو وہ زائد برقیوں کے قبول کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، ہائڈروجن
کا ایک جوہر فقط صرف ایک برقیہ چھوڑ سکتا ہے لیکن اگر دو جوہر ہائڈروجن کے ایک دوسرے کے قریب آجائیں
تو آکسیجن کے دو برقیے دے سکتے ہیں، اس لئے یہ تینوں جوہر برقی طور پر متحد ہو جاتے ہیں، یا ہم اس کو کیمیا دی
اتحاد بھی کہہ سکتے ہیں،

ممکن ہے کہ بعض قاری تعجب کریں کہ کسی عنصر کی ہر کمیت برقی بار کا اظہار کیوں نہیں کرتی؟ کیا وجہ ہے
کہ جب ہائڈروجن کے جوہر برقاً مثبت ہیں تو وہ گیس من حیث الکل مثبت بار کا ثبوت کیوں نہیں دیتی، ؟
جب ہم ہائڈروجن کے جوہروں کو برقاً مثبت کہتے ہیں تو اس سے ہمارا مطلب یہی ہوتا ہے، کہ ان میں برقیوں کو

ضائع کرنے یا چھوڑ دینے اور اس طرح برقاً مثبت ہوجانے کی قابلیت موجود ہے، اگر صرف ہائڈروجن ہی کے
جوہر ہون تو وہ برقی حیثیت سے تعدیلی ہون گے، لیکن جون ہی کہ وہ آکسیجن کے جوہرون کی زد مین آجائین گے
تو اُن مین سے دو جوہر فوراً آکسیجن کے جوہر کو ایک ایک برقیہ دیدین گے، اور اس طرح برقی توازن قائم
نہ رہیگا، برقیون کا یہی تبادلہ جوہرون مین برقی بار پیدا کرتا ہی، اور اُن کے ایک دوسرے کو جذب کرنے کا باعث ہوتا
ہے جس سے وہ سادہ یا مرکب سالمے بناتے ہین،

یاد ہوگا کہ اس سے پیشتر کے باب مین ہم جب کیمیاوی اتحاد سے بحث کر رہے تھے تو ایک مشکل اسی وقت
پیش آئی تھی جب کہ ہم نے اسی اتحاد کو جوہرون کے مخالف برقی بارون کے جذب کا نتیجہ بتلایا تھا، نہ صرف یہ
برقاً مثبت اور برقاً منفی جوہر ایک دوسرے سے ہاتھ ملاتے ہین، مثلاً سوڈیم کا برقاً مثبت جوہر کلورین کے برقاً
مثبت جوہر سے مل کر وہ کارآمد شے بناتا ہی جس کو نمک طعام کہتے ہین، بلکہ بعض اوقات ایک ہی جوہر برقاً مثبت
ہوتا ہے، اور دیگر اوقات مین برقاً منفی، مثال کے طور پر دلدل کی گیس (Marsh gas)
(مارش گیس) نامی ایک مرکب ایک جوہر کاربن چار جوہر ہائڈروجن سے مل کر بنتا ہے، دونون کے دونون آکسیجن
کے لحاظ سے برقاً مثبت ہین، پس اس سے یہ سمجھنا چاہئے کہ اصطلاحات برقاً مثبت، برقاً منفی محض اضافی ہین،
ہوسکتا ہے کہ کاربن آکسیجن کے لئے برقاً مثبت ہو، اور ہائڈروجن کے لئے برقاً منفی،

مذکورۂ بالا امر کی وضاحت کے لئے کسی مناسب تمثیل کا ملنا مشکل ہے، لیکن شاید اس سے کچھ مدد
ملے کہ اگر ہم جوہرون کو ایسی جدول مین ترتیب یافتہ تصور کرین کہ ہر جوہر اپنے تحت کے جوہر کو نہایت
آسانی سے اپنے چند برقیے دیدے تو جو جوہر برقیے قبول کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، اس کو ہم برقاً منفی
کہین گے، کیونکہ اس وقت اس کے پاس زائد برقیے ہوجائین گے، جو جوہر برقیے خارج کرتا ہے، وہ برقاً
مثبت ہی، اب فرض کرو کہ ایک جوہر جدول مین اپنے ماتحت جوہر کو برقیے دیتا ہے، اس لئے ہم کہتے ہین
کہ اول الذکر برقاً مثبت ہی، لیکن ساتھ ہی اس کے ہم یہ بھی دیکھتے ہین کہ یہی برقاً مثبت جوہر جدول مین اپنے

سے بالاتر جوہر سے برقیے قبول کرنے کی صلاحیت رکھتا ہی، اس صورت مین وہ برقاً مثبت نہ رہا، بلکہ اب برقاً منفی ہوگیا ہے،

اگرچہ مذکورۂ بالا تمثیل کچھ نہ کچھ مدد دیتی ہے، لیکن مکمل نہین ہے، مثلاً اس مین اس امر کا لحاظ نہین کیا گیا کہ ایک ہی عنصر یعنی آکسیجن کے دو جوہر مل کر آکسیجن کا ایک سالمہ بناتے ہین، ہماری تمثیل سے تو یہ ظاہر ہوگا، کہ چونکہ جدول مین دونون جوہرون کا ایک ہی مقام ہے، اس لئے ان مین سے کوئی بھی دوسرے تک برقیے نہ بھیج سکے گا، باایہمہ طبیعی کے پاس اس امر کے باور کرنے کے دلائل ہین کہ ایک ہی عنصر کے دو جوہر جب اتنے قریب آجاتے ہین کہ ایک جوہر کے گردش کار برقیے دوسرے کے گردش کار برقیون پر اثر ڈال سکین، تو برقیون کا تبادلہ وقوع مین آتا ہے، جس سے دونون مین سے ایک جوہر دوسرے کے لحاظ سے برقاً منفی ہوجاتا ہے، اس طریقہ پر ہم اب بھی آکسیجن کے دو جوہرون کو سالمہ سازی کے لئے برقی حیثیت سے متحد تصور کرسکتے ہین،

ا جوہر کی ساخت کا ایک ذہنی نقشہ تو ہم نے کھینچ لیا، ہم دیکھتے ہین کہ برقیے یا منفی برق کی اکائیان دواماً منتظم مدارون مین گردش کرتے رہتے ہین بعض مرکزی قلب مین، اور بعض بیرونی حلقہ مین، اس طرح کہ برقیون اور مثبت قلب مین توازن ہوجاتا ہے، ہم بعض قائم تشکلات کو جوہر کے اندر موجود برقیون کی ایک تعداد کا نتیجہ سمجھتے ہین یہی وہ مختلف تشکلات ہین جن سے جوہرون مین مختلف خواص پائے جاتے ہین یا بالفاظ دیگر ان ہی سے مختلف اساسی جوہر بنے ہین، ایک تشکل کو ہم نے سوڈیم کا جوہر کہا، ہم ان جوہرون کو کبھی نہین دیکھ سکتے کیونکہ وہ طاقتور سے طاقتور خوردبین کی زد سے باہر ہین لیکن جب یہی جوہر لاکھون کرورون کی تعداد مین مل جاتے ہین، تو مادہ کا ایک ڈھیر حاصل ہوتا ہی، جس کو ہم سوڈیم کہتے ہین، یہ ایک نرم دھات ہی، اور اس مین یہ عجیب خاصیت ہے کہ تر سطح پر رکھنے سے مشتعل ہوجاتی ہی، جیسا کہ پیشتر بھی بیان کیا جاچکا ہی،

برقیون کے ایک دوسرے تشکل کو ہم نے کلورین کا جوہر کہا ہی اوپر والے جوہر سے یہ مختلف ہے، بہ لحاظ برقیون کی تعداد کے، اور نیز بہ لحاظ تشکل کے، اس قسم کے جوہرون کا ایک حجم غنیر گیس کی صورت اختیار کرتا ہے جس کو ہم کلورین

کہتے ہین جن لوگون نے کیمیا کے سبق پڑھے ہین، اون کو اوس کے خواص بخوبی معلوم ہون گے لیکن تعجب کا مقام تو یہ ہے کہ جب یہی جوہر یعنی سوڈیم اور کلورین کو جفت جفت کرکے اُن کی ایک کثیر تعداد دیتے ہین، تو نہ ہمین گیس ملتی ہے، اور نہ دھات بلکہ ایک بالکل مختلف شے حاصل ہوتی ہے، جس کو ہم دسترخوان پر طعام کو درست کرنے کیلئے استعمال کرتے ہین، ممکن ہے کہ کوئی یہ کہے کہ نمک، ایک گیس اور ایک دھات سے مرکب ہے، لیکن درحقیقت یہ مفہوم صحیح نہین نمک دو مختلف قسم کے جوہرون سے بنا ہے جن مین سے ایک قسم کے جوہر گیس بناتے ہین، اور دوسرے دھات لیکن یہ مادہ ساز جوہر خود نہ گیس ہین اور نہ دھات وہ تو برقیون کے گردش کا رنظام ہین، جو مثبت برق سے ملحق ہین،

مختصر یہ کہ من حیث الکل ہم مادہ کو خواہ وہ قیمتی الماس کی شکل مین ہو یا متعفن گیس کی صورت مین، جوہرون سے بنا سمجھتے ہین، اور یہ جوہر بجز اس کے کچھ نہین ہین، کہ مثبت برق کے ننھے ننھے کیڑے ہین، جن کے اندر منفی برق کی ننھی ننھی اکائیان معین مدارون مین علی الدوام حرکت کرتی رہتی ہین، اور ایک جوہر دوسرے جوہر سے اپنے منفی اکائیون یا برقیون کی تعداد و شکل کے لحاظ سے مختلف ہوتا ہے،

اگر یہ نظریۂ برقیہ صحیح ہے تو مادہ تمامتر برق سے تیار ہوا ہے، ایک بچے نے مجھ سے پوچھا، کہ مجھ مین بجلی ہے یا نہین، مین نے جواب دیا کہ تم بجلی ہی سے بنے ہو تو اس نے اس جواب کو ایک زبردست مذاق خیال کیا، بلاشبہہ ہم کو یہ یاد رکھنا چاہئے کہ یہ محض نظریہ ہے، لیکن یہ خیال بھی کہ زمین سورج کے گرد گردش کرتی ہے، ایک نظریہ تھا، لیکن جب اس کی تائید مین ہم کو اتنے واقعات مل گئے کہ ہر صاحب فکر اس کو قبول کرنے پر آمادہ ہوگیا، تو پھر وہ نظریہ کے حدود سے نکلکر واقعات کی سرحد مین داخل ہوگیا، برقیاتی نظریہ کو بھی بہت سے واقعات اپنی تائید مین مل گئے ہین، اور فی الواقع برقیہ جوہر سے علحدہ کر لیا گیا ہے، جیسا کہ کروکس کی خلائی نلیون مین کیا جاتا ہے، جہان ہم خالص برقیون کا ایک حقیقی دھارا پیدا کرتے ہین لیکن اس طریقہ پر ہم مثبت برق کو علحدہ نہین کرسکتے ہین بنا برین ہم کو مثبت برق کے مرکزی قلب کو معہود ذہنی ہی سمجھنا چاہئے،

ذیل کی رسم کے معنی خود عیاں ہو جائین گے

ہائڈروجن کا جوہر جو سبک ترین ہی، اس کے مثبت قلب مین کوئی برقیہ نہین دکھلایا گیا ہی اور بیرونی حلقے مین بھی صرف ایک برقیہ ہے، ہم آکسیجن کے لئے یہ تصور کرتے ہین کہ اس کے مرکزی قلب مین دو برقیے ہین، اور بیرونی حلقہ مین چھ اور کیلشیم کے متعلق ترجیح ہین کوئی اٹھارہ برقیے تو مثبت قلب کے اندر ہین، اور بقیہ دو بیرونی حلقے مین ہین، مثبت قلب مین اٹھارہ برقیون کی ترتیب کو پیش ورق کی چوتھی تصویر سے مقابلہ کرو،

اگر مادہ کی ساخت تمام تر منفی اور مثبت برق سے ہی، تو ہمارا سوال اب یہ ہوگا کہ برق کیا ہے،؟

پانچوان باب

"برق کیا ہے"

برق کی نوعیت کے متعلق چند برس پیشتر جو ہمارے خیالات تھے، وہ آج نہین ہین، یا دی النظر مین ہمارے یہ خیالات پیچھے ہٹتے نظر آئین گے، کیونکہ یہ ایک واقعہ ہے کہ برقی امور کے متعلق ہمارے موجودہ متفکرات بنجامن فرینکلن کے ابتدائی مفہومات سے زیادہ غیر مشابہ نہین ہین پتنگون کو اڑا کر بادلون سے بجلی کھینچنے کے تجربون ہی کی بدولت فرینکلن مشہور عام ہے، لیکن بعض خاص لوگ فلسفی سے زیادہ مدبر کی حیثیت سے جانتے ہین،

۱۷۵۰ء کے قریب جب کہ برق کے اوائل ایام تھے، فرینکلن نے یہ خیال پیش کیا تھا، کہ برق ایک لطیف سیال ہے، جو تمام مادہ مین جاری و ساری ہے، جیسے جیسے زمانہ گذرتا گیا، سائنس دان سمجھنے لگے کہ برق کے اس مفہوم مین مادیت بہت زیادہ ہے، اگر کوئی شخص برق کے متعلق اس ادبی مواد کو دیکھے جو فرینکلن کے نظریہ کی تاریخ سے لیکر موجودہ برقیون کے نظریہ کے قائم ہونے تک شائع کیا گیا ہے، تو اس سے یہ عیان ہو جائے گا کہ لکھنے والے فرینکلن سے زیادہ برق کو نوعیت کے لحاظ سے پراسرار سمجھتے تھے، فی الحقیقت یہ فوراً واضح ہو جاتا ہے کہ لکھنے والے بالآخر لفظ "برق" کے استعمال سے گھبرانے لگے تھے، اس کی بجائے اس کے مظاہر "برقی رو" "برقاؤ" وغیرہ کو ترجیح دیتے تھے، آج برقیون کا نظریہ ہم کو پھر اس سے بھی زیادہ مادی خیالات تک لے جاتا ہے، چنانچہ ہم منفی برق کے جوہر یا اکائی سے گویا مانوس ہو ہی گئے ہین، ہم برق کے جوہر بھی کہہ سکتے ہین، لیکن چونکہ لفظ جوہر مین مادہ کا ایک قطعی مفہوم مضمر ہے، اس لئے لفظ اکائی بہتر معلوم ہوتا ہے، ممکن ہے کہ لفظ اکائی سے بھی بعض لوگ خالصتہً ریاضیاتی مفہوم لین، اس لئے ہم کو اس امر سے

خوشی ہو کہ ایک علیحدہ ہی نام رکھدیا گیا چنانچہ منفی برق کی اکائی کو اب "برقیہ" کہتے ہیں مثبت برق کے جوہر یا اکائی کے متعلق ہم زیادہ تاریکی میں ہیں،

اپنی موجودہ معلومات کی روشنی میں ہم کو نظر آتا ہے، کہ فرینکلن نے جو ایک سیالی نظریہ پیش کیا تھا، وہ نہایت عجیب پیشین گوئی تھی، فرینکلن نے کہا تھا کہ اس سیال کے ذرات ایک دوسرے کو دفع کرتے ہیں، ہمارے جدید برقیے یا منفی ذرے بھی یہی کرتے ہیں، وہ ایک دوسرے کو دفع کرتے ہیں، کیونکہ مشابہ برقوں کا خاصہ یہی ہے، فرینکلن نے یہ بھی کہا تھا کہ برقاؤ کی جو دو قسمیں پائی جاتی ہیں، ایک شیشے کی سلاخ میں اور دوسری لاکھ کی بتی میں، وہ محض اس سیال کی بیشی یا کمی کا نتیجہ ہیں، اس سلسلہ میں مثبت اور منفی برق کے الفاظ جاری کئے گئے تھے، مثبت بار والے جسم میں اس سیال کی بیشی سمجھی جاتی تھی اور منفی بار والے جسم میں سمجھا جاتا تھا کہ اس سیال کی کمی ہے اگرچہ برقاؤ کی ان دونوں مختلف قسموں کو سادہ تجربوں کے ذریعہ دکھلا سکتے تھے لیکن ایسا کوئی تجربہ نہ تھا کہ کس جسم میں بیشی ہے اور کس میں کمی، اب سوائے اس کے چارہ نہ تھا، کہ محض قیاساً تخصیص کی جائے، چنانچہ شیشے کی سلاخوں کی نسبت یہ سمجھا گیا کہ ہیجان کی صورت میں ان میں سیالی ذرات کی زائد مقدار پہنچ جاتی ہے، ایسی سلاخوں کو مثبتاً برقائی ہوئی سلاخیں کہتے تھے، ہم اب بھی یہی کہتے ہیں کہ جب شیشے کی سلاخ ریشم کے کسی ریزے سے رگڑی جائے تو اس میں مثبت برق آجاتی ہے لیکن ہم اب یہ نہیں سمجھتے کہ اس میں برقیوں کی زیادتی ہے، اب تو ہم اس کا عکس سمجھتے ہیں، تغیر سے جو ابہام پیدا ہوتا، اس سے بچنے کے لئے ہم نے قدیم اصطلاحات قائم رکھی ہیں، اور گذشتہ ابواب سے یہ واضح ہو گیا ہوگا کہ جوہر میں برق کے ایک مستقل مثبت کرہ کا مفہوم کسی قسم کا ابہام نہیں پیدا ہونے دیتا، رگڑ کے دوران میں شیشے کی سلاخ کے جوہر کچھ برقیے کھو چکے ہیں، اس لئے اب مستقل مثبت کرے ہی غالب ہو گئے ہیں، اس خیال کی بنا پر ہم اب بھی شیشے کی سلاخ کو مثبتانہ برقائی ہوئی سمجھ سکتے ہیں، جو جسم منفی بار رکھتے ہیں اُن میں برقیوں کی زیادتی البتہ ہوتی ہے لیکن یہ بھی بالکل طبعی معلوم ہوتا ہے، کیونکہ چھوٹے منفی باروں کی افزائش سے مجموعی منفی بار مستقل مثبت بار پر غالب آجاتا ہے،

جب شیشے کی ایک سلاخ کسی ریشمی کپڑے سے رگڑی جاتی ہو، تو جو کچھ واقع ہوتا ہو، اس کا نقشہ کھینچنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا، برقیے شیشے کی سلاخ کو چھوڑ دیتے ہین، اور ریشم کے ساتھ ملحق ہوجاتے ہین، ریشم مین چونکہ چھوٹے چھوٹے منفی بارون کی بہتات ہوجاتی ہے، اس لئے وہ منفی طور پر برقایا جاتا ہو، اور شیشے کی سلاخ کے جوہر جب یہ منفی اکائیان کھو چکتے ہین تو ان مین مثبت بارونکا غلبہ ہوجاتا ہو، لیکن یہ سوال ہوسکتا ہے کہ برق کا بہاؤ اوس کے خلاف کیون نہین ہوتا؟ ریشم سے شیشے تک برقیے کیون نہ گئے؟

گذشتہ باب کے اختتام پر جو تصویر پیش کی گئی تھی، اس کو ملحوظ رکھتے ہوئے ہم شیشے کے جوہرون کو جدول مین بالاتر سمجھتے ہین، اور اس لئے وہ اپنے برقیے ریشم کو دیسکتے ہین، یہ اس وقت ہوتا ہے، جب کہ رگڑ کے دوران مین جوہر ایک دوسرے سے نہایت قریب لائے جائین، لیکن اگر ہم ایسی اشیا منتخب کرین، جو ریشم سے جدول مین پست تر ہون مثلاً لاکھ تو ہم ریشم سے لاکھ کو برقیے دلاسکتے ہین، اس صورت مین مثبت برق ریشم مین ہوگی کیونکہ وہ اپنے برقیے کھو چکا ہوگا،

واضح رہے کہ ریشم کی برقی حالت تمام تر اس شے پر منحصر ہے جس سے وہ رگڑا جائے، اس کا مقام دونون کی اضافت سے ہو، لیکن اس سے ہم کو یہ نہ خیال کرنا چاہئے کہ اصطلاحات مثبت اور منفی برقاؤ بھی اضافی کیفیتین ہین، ہمین اچھی طرح سے یہ ذہن نشین کرلینا چاہئے کہ اگر کسی جسم مین مثبت برق ہے، تو اوس نے اپنے برقیے ضائع کردیئے ہین، اور اگر وہ منفی برق رکھتا ہو، تو اس کے معنی یہ ہین کہ اوس نے برقیے حاصل کرلئے ہین، یہ دونون مختلف کیفیتین ہین اور ایک ہی کیفیت کے دو مختلف مدارج نہین ہین، مثبت برقاؤ اور منفی برقاؤ کے مختلف مدارج ہوسکتے ہین لیکن مثبت اور منفی کی حالتین ہر دو بالکل ایک دوسرے کا عکس ہین، ایک مین تو یہ ہے کہ شے کی طبعی حالت سے برقیون کی تعداد کم ہے، اور دوسری حالت مین طبعی حالت سے برقیے زیادہ ہین، پس ہمارے سامنے یہ نقشہ قائم ہوا کہ ریشمی کپڑا جب شیشے کی سلاخ سے رگڑا جاتا ہو، تو وہ برقیے حاصل کرتا ہو، اور جب وہی کپڑا لاکھ کے ساتھ رگڑا جاتا ہو تو برقیے ضائع کرتا ہو،

بجھے اس وقت کا علم ہے، جو عموماً ماہر عامی کو مثبت اور منفی برق کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔ اس سے پیشتر کی کتابون مین جہان عام قاری کے لئے برق کے عملی رُخ کو دکھلایا ہو، ان اصطلاحات سے مین نے گریز کیا ہو، لیکن یہ واضح ہوگیا ہوگا، کہ علم برق سے بحث کرتے وقت مثبت اور منفی برق کا ذکر ناگزیر ہے اصطلاحات مثبت اور منفی کے باربار استعمال کرنے سے پُراسرار کوئی بات نہین رہتی، اور مجھے امید ہو کہ جو کچھ اس کے متعلق گذشتہ ابواب مین کہا جاچکا ہو، اس سے ان اصطلاحات کے معنی بالکل واضح ہوجائین گے،

برقی اخراج سے ہم جو کچھ سمجھتے ہین، اس کی ذہنی تصویر غالباً وعجیب ہوگی، غالباً سادہ ترین صورت وہ ہوگی جسمین بدرجہ غایت مخلی خلائی نلی مین اخراج واقع ہو، زیر برقیرہ یا منفی بار والے سرے سے برقیے گولی کی صورت نکلتے ہین، اس لئے برقی اخراج برقیون کا اخراج ہے ہمیشہ وہی جسم جسمین برقیون کی زیادتی ہو، یا بالفاظ دیگر منفی بار والا جسم ہی برقیے خارج کرتا ہے۔ فی الحقیقت اخراج منفی سے مثبت کی جانب ہوتا ہو،

یہ یاد ہوگا کہ کروکس کی نلی مین اڑتے برقیون کا دھارا بالکل اس موصل کے مانند تھا جس پر سے رو گزر رہی ہو، معمولی مقناطیس سے یہ اسیطرح منصرف ہوجاتا تھا جسطرح برقی رو کا حامل ایک تار مقناطیس سے منصرف ہوجاتا ہو، کیا اس سے ہم یہ سمجھین کہ برقی رو متحرک برقیون پر مشتمل ہو؟ ہان ہمارا یہی عقیدہ ہے، ہم یہی سمجھتے ہین کہ برقی رو دراصل برقیون کی رو ہے،

ہم تجربے سے اس کو ثابت کرسکتے ہین کہ برقائے ہوئے کرے متحرک ہوکر برقی رو کے تمام خواص پیدا کردیتے ہین، ہم تمام برقی رودون کو متحرک برقیے ہی سمجھتے ہین، پس جب کوئی برقی رو تانبے کے تار پر دوڑتی ہے تو کیا واقع ہوتا ہو؟ ہم تانبے کے جوہرون کو بہت ہی نزدیک نزدیک سمجھتے ہین، اتنا نزدیک کہ ہم اس دھات کو محسوس طور پر دبا نہین سکتے، یہ بھی واضح ہو، کہ جتنا کوئی جوہر کسی جوہر سے نزدیک ہوگا اتنا ہی اس کے لئے آسان ہوگا کہ اپنے پڑوسی کو کوئی نقل پذیر برقیہ دیدے، دھات کے اندر ہمارے نزدیک برقیے دوڑتے رہتے ہین، اگر ہم کسی بیرونی قوت کو کام مین لاکر برقیون کا بہاؤ جوہر بہ جوہر ایک سمت مین کردین تو ایک برقی رو پیدا ہوجائے گی، برقیون کو

متحرک کرنے اور اُن کی حرکت کو قائم رکھنے کے ہمارے پاس متعدد سہل ذرائع ہین،

ایک سال سے کچھ زائد کا عرصہ ہوتا ہے کہ پے ویا (اٹلی کا ایک مقام) کے پروفیسر وولٹا[1] نے یہ انکشاف کیا تھا کہ جب جست کا ایک ٹکڑا تانبے کے ایک ٹکڑے کو مس کرتا ہے، تو جست خفیف طور پر مثبتانہ برقا جاتا ہے اور پھر تانبا منفی ہو جاتا ہے، برقیائی نظریہ کی روشنی مین ہم یون کہین گے، کہ جب جست اور تانبا ایک دوسرے کو مس کرتے ہین، تو کچھ برقیے جست سے نکل کر تانبے کے جوہرون مین اپنا گھر کر لیتے ہین، ہم یہ تصور کر سکتے ہین کہ جست کے جوہرون مین اپنے زائد برقیے تانبے کے جوہرون کو دیدینے کی ایک فطری خواہش ہوتی ہے لیکن اس کو وہ اُس وقت تک عمل مین نہین لا سکتے جب تک کہ دھات کے ٹکڑے کو متماس رکھ کر جوہرون کو ایک دوسرے سے قریب تر نہ لایا جا سکے، جب تانبے کے جوہرون مین اتنے برقیے پہنچ جائین گے کہ وہان توازن قائم ہو جائے گا تو پھر جست کے جوہرون سے بھی برقیے نکلنا بند ہو جائین گے،

لگے ہاتھون یہ بھی تبلا دینا مناسب ہے کہ جست ہمیشہ بڑی مقدار مین نقل پذیر برقیون کے دینے کے لئے تیار رہتا ہے، کارلس روہے (جرمنی کا ایک مقام) کے پروفیسر ہرٹز[2] جنھون نے لاسلکی پیام رسانی کی بنیاد ڈالی تھی، ان کا انکشاف تھا، اور اس کو اونھون نے کر کے بھی دکھلایا کہ جست اپنے برقیون کو ذرا سے اشارے مین جدا کر دیتا ہے، اونھون نے جست کا ایک پتر لیا اور ایک قوسی لیمپ ماورا بنفشی[3] روشنی کے ایک مبدا سے اس پر روشنی ڈالی جست کے پتر مین مثبت برقاؤ کے آثار پائے گئے، پتر پہلے ہی سے ایک حساس برق پیما سے ملا دیا گیا تھا تا کہ جست کی برقی حالت مین کوئی تغیر ہو تو معلوم ہو جائے

---

[1] Count Alessandro Volta (۱۷۴۵ء تا ۱۸۲۷ء) جامعہ پے ویا واقع ایطالیہ کے پروفیسر فلسفۂ طبعی، برقی خانہ ایجاد کیا، اسی وجہ سے اس کو وولٹائی خانہ بھی کہتے ہین، (مترجم)

[2] Hertz

[3] ماورا بنفشی روشنی سے مراد وہ روشنی ہے جو طیف کے بنفشی سرے سے ماورا ہوتی ہے یہ غیر مرئی روشنی ہوتی ہے اس کے کیمیاوی اثرات زبردست ہوتے ہین، جیسا کہ آگے چل کر اس کا بیان ہوگا،

یہ امر کہ پتر میں مثبت بار معلوم ہوتا تھا، اس بات کا ثبوت تھا کہ برقیے نکل گئے ہیں، اس کا سبب ورا بنفشی روشنی کی ذرہ باری
تھی، یہ بھی عجیب امر ہے کہ اگر پتر پر ہوا کا جھونکا دیا جائے تو نکلے ہوئے برقیے ہوا کے سالموں سے ملحق ہو کر چل دیتے ہیں، اور
پھر پتر سے مزید اخراج برقیوں کا عمل میں آتا ہے، یہاں تک کہ جست میں مثبت برق کا ایک معتدبہ بار آجاتا ہے، جو لوگ
برقی پیمایشات سے واقف ہیں، ان کے لئے میں بیان کرتا ہوں کہ یہ بار بعض اوقات تیس وولٹ تک کے دباؤ تک
پہونچ جاتا ہے،

ہم کو یہ معلوم ہو چکا ہے کہ جست کا ایک ٹکڑا اپنے زائد برقیوں کو موقع ملنے پر فوراً جدا کر دیگا، لیکن جن صورتوں کا
ہم نے ذکر کیا ہے، ان میں جوہر اپنی اصلی وضعوں پر قائم رہے ہیں، اور صرف اپنے ایک یا دو زائد برقیے دئے ہیں، فرض کرو
کہ ہم جوہروں کو ان کی قیام گاہ سے حرکت کرنے کا موقع دیں تو ہم دیکھیں گے کہ وہ پہلے سے زیادہ برقیے جدا کرنے پر
آمادہ ہیں، جب جست کا ایک ٹکڑا کسی ایسے محلول میں رکھا جاتا ہے، جو اس کو حل کر سکے، تو ٹھوس دھات سے چند جوہر آزاد
ہو جاتے ہیں، اور یہی جوہر بہت جلد اپنے برقیے جدا کر دیتے ہیں، اور فی الحقیقت وہ گویا اسی کے لئے تیار بیٹھے رہتے ہیں،
کہ اپنے نقل پذیر برقیے ٹھوس دھات میں چھوڑ کر ان کے بغیر محلول میں جا ملیں،

نکلتے ہوئے جوہروں کا یہ برتاؤ سابق کے حالات کو کلیتہً بدل دیتا ہے، جب جست کا پتر تانبے کے پتر سے مس کرتا
ہوا رکھا گیا تھا تو جستی جوہر اپنے پڑوس کے مسی جوہروں کو چند برقیے دے سکے تھے، لیکن جب جست کسی محلل محلول میں
رکھا جاتا ہے تو جست سے نکلتے ہوئے جوہر اپنے نقل پذیر برقیوں کو پیچھے چھوڑ دیتے ہیں، اس وجہ سے جست کے پتر پر بہت
سے زائد برقیے جمع ہو جاتے ہیں اور اس لئے تانبے کے جوہروں کو برقیے دینے کیلئے، اب وہ پیشتر سے زیادہ آمادہ ہو جائیگا
اب فرض کرو کہ محلول میں ٹھوس تانبے کا ایک ٹکڑا رکھ دیا گیا ہے، جو جست کے پہلو میں تو ہو لیکن اس سے مس نہ کرتا ہو
جست برقیوں پر برقیے جمع کرتا چلا جاتا ہے، اس لئے ہم کو ایک ایسے پل کی ضرورت ہے، جس پر سے ہو کے زائد برقیے تانبے
تک جا سکیں، اس کی صورت یوں ہے کہ ہم جست کے بیرونی سرے کو تانبے کے بیرونی سرے سے بذریعہ تانبے کے ایک
تار کے ملا دیتے ہیں، اب ہم یہ تصور کر سکتے ہیں کہ جست کے جوہروں کو تانبے کے جوہروں کو برقیے دینے کا ایک موقع اور

ہاتھ آیا، اور چونکہ جست کے جوہرون نے ایسے نقل پذیر برقیون کی ایک بڑی تعداد جمع کر لی ہی، جو پہلے اُن جوہرون سے ملحق تھے، جو اب محلول مین چلے گئے ہین، اس لئے جست اور تانبے کے درمیان برقیون کا انتقال اس صورت مین زیادہ زوردار ہو جاتا ہی جب کہ جست اور تانبا محض مس کرتے ہوئے رکھ دیے گئے تھے، اس سے ظاہر ہوگا کہ جب تک ہم کیمیاوی عمل جاری رکھین یا بالفاظ دیگر جب تک جوہر محلول مین شامل ہوتے رہین گے اور زائد برقیے چھوڑتے رہین گے، اس وقت تک بقیہ جوہر اس رسد کو قائم رکھین گے جست کو تانبے سے ملانے والے تار پر بھی برقیون کی ایک مسلسل دوڑ رہتی ہے یعنی تار مین ایک مسلسل برقی رو پیدا ہو جاتی ہے، اگر ہم تار کو اتنا لمبا کر دین، کہ وہ متصل کمرے کی ایک برقی گھنٹی تک پہنچ جائے بعد پھر تانبے تک آجائے تو برقی رو کو جست سے تانبے تک پہنچنے سے پہلے برقی گھنٹی مین سے بھی گزرنا پڑیگا،

مین نے اس خیال کو قائم رکھنے کی کوشش کی ہے، کہ جست کے جوہر تانبے کے جوہرون کو برقیے دیتے ہین، ہم اب بھی یہ سمجھ سکتے ہین، بشرطیکہ ہم یہ سمجھین کہ تانبے کا تار تانبے کے پتر کی توسیع ہے، یہ بھی ہو سکتا ہی کہ ہم تانبے کے پتر کو موڑ کر جست کے پتر سے چھید دین، لیکن اس طریقہ پر ملانا اتنی سہولت نہین پیدا کرتا، جتنی کہ ایک لچک دار تار سے حاصل ہوتی ہی، کوئی ضروری نہین، کہ یہ تار تانبے کا ہو، سونے چاندی یا لوہے کا تار ہو سکتا ہے، پس مناسب یہی ہے کہ ہم جوہرون کو نقل پذیر برقیے جدا کرتے ہی سمجھین "برق حاضرہ"[ط] مین مین نے ایک تمثیل پیش کی تھی، اوس کا یہان بھی بیان کرنا بیجا نہ ہوگا،

بعض بچون کو مین نے ایک کھیل کھیلتے دیکھا ہے، اس کھیل کو مین دھاتون مین برقی ایصال کی تمثیل مین پیش کرتا ہون، بچے ایک لمبی قطار مین کھڑے ہو جاتے ہین، قطار کے ایک سرے پر چند چیزون مثلاً پیسون کی ایک ڈھیری رکھدی جاتی ہے، اشارہ پاتے ہی بچے ان سکون کو ایک طرف سے وصول کرتے ہین، اور آگے بڑھا دیتے ہین، یہان تک کہ تمام سکے دوسرے سرے پر پہنچکر ڈھیری مین جمع کر دئے جاتے ہین، ہر بچہ ایک سکہ اوسی وقت لے سکتا ہی جب کہ پہلا سکہ اوس نے آگے بڑھا دیا ہو، پوری قطار پر عمل بیک وقت ہوتا ہے، اتنے ہی بچون کی ایک دوسری قطار

ط Electricity Today مصنف کی ایک دوسری کتاب (مترجم)

پہلی قطار کے متوازی کھڑی ہوتی ہے، اُن کے پاس بھی اتنے ہی پیسے ہوتے ہین، بازی یہی ہوتی ہو کہ کون سی قطار اپنے پیسون کو ایک سرے سے دوسرے تک اس انداز سے کم سے کم وقت مین پہنچا دیتی ہے، اپنی تمثیل مین ہم کو بچون کی صرف ایک قطار سے بحث ہے، ہم ان بچون کو دھاتی تار پر جوہرون کی جگہ سمجھتے ہین، ہر جوہر اپنے پڑوسی کو ایک برقیہ دیدیتا ہے، اور دوسری جانب کے پڑوسی سے ایک برقیہ لےلیتا ہے، تمثیل کی خاطر ہم ہر بچے کے ہاتھ مین ایک ایک سکہ دیکر کھیل شروع کرتے ہین، تاکہ جس وقت اشارہ کیا جائے یعنی برقی دور بند کیا جائے، تو سارے خط پر کامل انتقال بہ یک وقت شروع ہوجائے، بجائے اس کے کہ ایک سرے پر پیسون کی ڈھیری رکھین ہم بچون کو ایک دائرے مین کھڑا کرسکتے ہین، اور ہر ایک کو ایک ایک سکہ دے سکتے ہین، اس طرح سکے دائرے کا چکر لگاتے ہین، کامل برقی دورے ہم یہی سمجھتے ہین، دور مین مورچہ یا ڈائنموپیپ کی حیثیت رکھتا ہے، ہم برقی دور کو توڑ بھی سکتے ہین لیکن پھر برقیون کا گذر نہین ہوسکتا،

بچون کے کھیل مین پہلی ترتیب جس مین بچے ایک قطار مین کھڑے ہوئے ہین، برقی امور مین زمینی دور سے بہت کچھ مشابہ ہے، پہلا بچہ زمین سے سکون کو اٹھاتا تھا، ہر بچہ اپنے پاس والے کو دیتا تھا، یہانتک کہ اخیر والا بچہ دوسری طرف زمین مین ڈھیر لگاتا جاتا تھا، اس لئے ہم بھی یہی تصور کرتے ہین کہ زمین مین غرق تار کے ایک سرے پر پہلا جوہر ایک ایک کرکے برقیون کو لیتا ہے، اور دوسرون کو دیتا جاتا ہے، یہان تک کہ سب سے آخر کا جوہر ان برقیون کو پھر زمین مین داخل کرتا جاتا ہے۔ بلاشبہہ ایک مورچہ یا ڈائنموپیپ کی طرح کام کرتا ہے، اس لئے جوہرون کی صرف ایک ہی قطار نہین ہوتی، بلکہ لاکھون کرورون جوہر بیک وقت عمل کرتے ہین،

جب برقیے ایک جوہر سے دوسرے جوہر مین جاتے ہین، تو راستے مین اُن کو کچھ رکاوٹ ملتی ہے، غالباً ذیل کی تمثیل سے یہ مسئلہ زیادہ واضح ہوجائیگا، مدرسون مین بعض اوقات لڑکے کرکٹ کے میدان مین کھیل شروع کرنے سے قبل ایک دائرے مین کھڑے ہوجاتے ہین، اور جلدی جلدی ایک دوسرے کو گیند دیتے جاتے ہین، تاکہ گیند چکر کرتا رہے، ظاہر ہے کہ ہر بڑھتے قدم پر گیند کو یکایک رکاوٹ سے سابقہ پڑتا ہے، برقیون کے راستہ مین بھی اسی قسم کی رکاوٹ ہوتی ہے،

جس کو ہم برقی مزاحمت کہتے ہیں، اس کا تصور بھی مشکل نہیں کہ دائرے کے گرد گیند اچھالنے میں ایک ٹولی دوسری ٹولی سے زیادہ مشاق ہو جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ پہلے دائرے کے گرد گیند زیادہ آسانی سے گذرے گی، اسی طرح بعض دھاتوں کے جوہر دوسری دھاتوں کے جوہروں کے مقابلے میں برقیہ گذاری کی زیادہ استعداد رکھتے ہیں، اسی بنا پر ہم جید برقی موصل اور ردی برقی موصل یعنی حاجز کی تقسیم کرتے ہیں جملہ دھاتیں فی الحقیقت جید موصل ہیں، گو اس لحاظ سے بعض دھاتیں دوسروں سے کمتر درجہ کی ہیں، مثال کے طور پر اگر لوہے اور تانبے کے تار ایک ہی جثہ کے ہوں تو برقیوں کو تانبے کے مقابلے میں لوہے پر سے گذرنے میں چھ گنا زیادہ مزاحمت سے سابقہ پڑیگا، اگر ہم چاہتے ہیں کہ ایک شہر سے دوسرے شہر میں برقیوں کی رو لوہے کے تار کے ذریعہ سے لے جائیں، تو اس لیجانے ہی کے لئے تانبے کے تار کے مقابلے میں جوہروں کی بڑی تعداد درکار ہو گی، اسی وجہ سے آہنی تلغرافی تار تانبے کے تار کے مقابلے میں زیادہ موٹے ہوتے ہیں جس وقت تلغرافی ستونوں پر دونوں تار تانے جاتے ہیں، تو دونوں کے جثوں میں بہت نمایاں فرق ہوتا ہے، اب تک دستور یہی تھا کہ تلغرافی اغراض کے لئے تو لوہے کا تار استعمال ہوتا تھا، اور ٹیلیفون کی کمپنیاں ہمیشہ تانبے کے تار استعمال کرتی رہی ہیں، جہاں یہ دونوں تار ایک ہی ستونوں پر تانے جاتے ہیں وہاں دبیز تر آہنی تاروں کا معلوم کر لینا مشکل نہیں،

اگر ہم یہ تصور کریں کہ برقی مورچہ ایک پمپ ہے، جو جستی پتر کو تانبے کے پتر سے ملانے والے تار پر برقیوں کو چلا رہا ہے، تو ظاہر ہے کہ اس درمیانی پل کو جتنا لمبا کر دیں گے اتنا ہی برقیوں کو زیادہ مزاحمت سے دوچار ہونا پڑیگا اگر کوئی تلغرافی تار بہت لمبا ہو، اور وہ برقیوں کے لئے پل کے طور پر ہو، تو ایک ایسے کیمیاوی خانے سے جس کا ذکر ہم کرتے رہے ہیں، جو دباؤ حاصل ہو سکتا ہے، اس سے زیادہ دباؤ کو کام میں لانا پڑیگا، ہم متعدد خانوں کو ایک ساتھ ملا سکتے ہیں، اور اسی طرح دباؤ بڑھا سکتے ہیں، ایسے خانوں کے ملانے کے دو طریقے ہیں، ایک طریقہ تو یہ ہے کہ ایک خانے کے جست کو دوسرے خانہ کے جست سے ملائیں، اور اسی خانہ کے تانبے کو دوسرے خانے کے تانبے سے ملا دیں، پھر تیسرے خانے کے جست کو چوتھے خانے کے جست سے ملا دیں، وعلیٰ ہذا، لیکن اس سے دباؤ نہ بڑھے گا، یہ صحیح ہے کہ

ملے ہوئے جستون سے برقیون کی ایک مقدار حاصل ہو سکے گی، اور رو بھی بڑی حاصل ہو گی لیکن برقیون کی اس بڑھی ہوئی فوج مین اپنے نقل پذیر برقیون کو علحدہ کرنے کا میلان کچھ زیادہ نہ ہوگا جست کا ہر ذرہ اس اجتماعی سیلان مین معمول کے موافق اپنا حصہ شامل کر دیگا، لیکن اگر ایک خانے کے جست کو ہم دوسرے خانے کے تانبے سے ملادین، اور دوسرے خانے کے جست کو تیسرے خانے کے تانبو سے وعلیٰ ہذا جست بہ تانبا جست بہ تانبہ ملاتے جائین تو سابق سے بالکل مختلف نتیجہ برآمد ہوگا، اب ہم یون تصور کرتے ہین کہ پہلا جست اپنے برقیون کے خزانے کو تار کے پل پر سے گذار کر دوسرے خانے کے تانبے کو پہنچا دیتا ہے، یہ تانبا ان برقیون کو مائع مین سے گذار کر اسی خانے کے جست تک پہنچا دیتا ہے، اب اس جست کے پاس نہ صرف اپنے برقیے ہین، بلکہ پہلے خانے کا برقیائی خزانہ بھی اس کو پہنچ گیا ہے، اس لئے دوسرے خانے مین جست پر جمع شدہ برقیون کا دباؤ زیادہ ہوگا، اور اگر اسی طرح خانے پر خانہ اضافہ کرتے جائین، تو درمیانی پلون پر دباؤ بڑھتا جائے گا پہلی صورت مین، جس مین ہم کہتے ہین کہ خانے ہم توازی ہین دباؤ کم رہتا ہے، اور اس لئے ہم کو بڑی رو لیجانے کے لئے ذرا موٹے تار کی ضرورت ہے، اسی رو کو ایک پتلا تار بھی لے جا سکتا ہے بشرطیکہ ہم خانون کو ہم سلسلہ ملا دین، جیسا کہ دوسری صورت مین ملایا ہے، بالکل اسی طرح اگر پانی کا نل چھوٹے قطر کا ہو تو دباؤ زیادہ کرکے ہم پانی زیادہ تیزی سے گذار سکتے ہین، یہان ایک اور امر دلچسپ ہے، اگر ہم پانی کے دباؤ کو کسی بڑی حد تک بڑھا دین، تو ہم کو وہان نل کی دبازت بھی بڑھانا پڑے گی، ورنہ پانی نل توڑ کے نکل جائے گا، اسی طرح اعلیٰ دباؤ والی برقی رو کو لیجانے والے تار کی محجوزیت کو زیادہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے،

جو تار اعلیٰ دباؤ والی برقی رو لے جاتا ہے، اسی کے لئے ایسا ہوتا ہے کہ ہوا بھی ایک اچھی حاجز بن جاتی ہے، لیکن ہم کو یہ دیکھنا ہے کہ تار جن سہارون پر قائم ہین، انکی محجوزیت اسی سے زیادہ ہونا چاہئے، جتنا کہ ادنیٰ دباؤ والی رو کے لئے ضروری ہوتی ہے، شیشہ ولکنائٹ اور چینی جید حاجز ہوتے ہین، ان اشیا مین سے گذرتے وقت برقیون کو نہایت ہی زبردست مزاحمت سے سابقہ پڑتا ہے عملی اغراض کے لئے یہی سمجھ لینا چاہئے کہ وہ برقیون کے راستہ کو بالکل مسدود کر دیتے ہین، اگر برقیے ان اشیا مین سے زبردست دباؤ کو، جیسا کہ بہت بڑے اعالی مجھے

سے حاصل ہو سکتا ہے، گذارے جائیں، تو برقیوں کا گذ بہت ممکن ہے کہ شیشے کو توڑ دے،

لندن کے معہد شاہی (رائل انسٹیٹیوشن) میں ایک بڑے امالی پچھے سے برقی اخراج پر تین انچ دبیز شیشے کا ایک کندہ شکستہ ہو گیا، شیشے میں سوراخ آر پار ہو گیا تھا، اور کوئی سوئی کی نوک جیسا سوراخ نہ تھا، بلکہ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ کوئی مشین اس پر چلائی گئی ہے، جس نے یہ سوراخ چھوڑ دیا ہے، کوارٹز (بلوری شیشے) میں بھی یہی ہوتا ہے جب چقماق استعمال کیا جاتا ہے، تو کندہ بالکل تڑق جاتا ہے، لارڈ کلوِن کے تجربے خانہ میں سر اولیور لاج نے شیشے کے ایک موٹے گلاس کو اسی طرح برقی اخراج سے توڑ دیا تھا،

اس باب کے آغاز میں ہم نے کیمیاوی خانے کے عمل سے بحث کی تھی، جست کا تہ اور تانبے کا تہ اس خانے کے اجزا ہیں، اگرچہ آج کل خانے کی یہ صورت زیادہ تر استعمال میں نہیں ہے، تاہم جملہ مورچوں کا عمل جس اصول پر مبنی ہے، وہ اس سے واضح ہو جاتا ہے، مورچہ کی ایک عام قسم جو آجکل بہت استعمال میں ہے، یہ ہے کہ جست کے ایک ٹکڑے اور کاربن کے ایک ٹکڑے کو نوشادر کے محلول میں رکھ دیا جاتا ہے، ہمارا مقصد یہاں یہ نہیں ہے، کہ مختلف خانوں کی عملی ترتیبوں سے بحث کریں بلکہ ہم صرف خانوں کے عمل کے متعلق علمی خیالات سے آگاہ ہونا چاہتے ہیں،

المختصر ہم نے دیکھا کہ برق کے بار کے معنی صرف یہ ہیں کہ ایک جسم پر برقیوں کا اجتماع زیادہ ہو گیا ہے، اور تناظراً دوسرے جسم پر کمی ہو گئی ہے، ہم نے کسی نہ کسی وقت اس امر پر تعجب کیا ہو گا کہ جب دو جسم رگڑے جاتے ہیں، تو ایک جسم پر جو بار ہوتا ہے، وہ دوسرے جسم کے بار کے مساوی اور مخالف ہوتا ہے، یہ مسئلہ بالکل صاف ہے، نتیجہ اسکے خلاف ہو بھی نہیں سکتا، ایک جسم نے برقیوں کی ایک مقدار ضائع کر دی ہے، اور دوسرے جسم نے مقدار لے لی ہے، برق کا اخراج بھی ایک جسم سے دوسرے جسم تک برقیوں کا اخراج ہے،

ہم نے یہ بھی دیکھا کہ برقی رو محض برقیوں کی رو ہے، اور بدقسمتی سے ہم اب تک یہی سمجھنے کے عادی رہے ہیں، کہ یہ

۱؎ یہ ایک برقی آلہ ہوتا ہے، جس میں دو طویل اور مختلف دبازت کے تار لچھوں کی صورت میں لپیٹ کر ایک دوسرے کے قریب رکھے جاتے ہیں، اگر ایک لچھے میں برقی رو گذاری جائے تو دوسرے میں زیادہ دباؤ پر رو حاصل ہوتی ہے (مترجم)

رو اس سمت کے خلاف بہتی ہے، جو برقیون کے نظریہ سے اوسکی اصل سمت معلوم ہوتی ہے، برقیون کا سیلان اس نقطہ سے ہوتا ہے جہان برقیون کا اجتماع ہو یا بالفاظ دیگر منفی سرے سے نقطہ، کمی کی طرف جو مثبت سرا ہے، ہم نے ہمیشہ رو کو یہی سمجھا کہ وہ مثبت سے منفی کی طرف بہتی ہے، لیکن غلطی ہمین یہی تھی کہ ابتدا مین علماے برق نے مثبت اور منفی کی اصطلاحین غلط حالات سے متعلق سمجھین جیسا کہ تشریح کی جا چکی ہے، باینہمہ جب تک ہم اپنے ذہن مین یہ سمجھتے رہین گے کہ یہ رو جس سے ہم کو واسطہ پڑتا ہے، منفی برق یعنی برقیون کی ہے، تو کوئی وجہ نہین کہ کسی قسم کا مغالطہ پیدا ہو،

اگر برقی نظریہ صحیح ہے، اور جہان تک یہ ہم کو پہنچا ہے ہم اوسے صحیح پاتے ہین، تو برقی بار اور برقی رو کے معنی بالکل واضح ہو جاتے ہین لیکن ہم نے اس سوال کا جواب نہین دیا ہے کہ برق ہے کیا؟ جبتک ہم اس سوال کا جواب نہ دے لین ہم نہین کہہ سکتے کہ برقیہ ہے کیا۔ فی الحال ہم اتنا ہی جانتے ہین کہ وہ برق کا منفی بار ہے،

یہ تصور کرنا قرین قیاس معلوم ہوتا ہے کہ برقیہ مکانی ایثر کا کوئی مظہر ہے یعنی ایثر کا کوئی چھوٹا سا حلقیزہ یا کوئی بھنور اور یہ کہ مثبت برق بھی اس ہمہ گیر واسطے کا کوئی دوسرا مظہر ہے، لیکن اس قسم کے خیالات محض دعوے ہین،

پیشتر اس کے کہ ہم دیگر مظاہر کو برقیائی نظریہ کی نئی روشنی مین دیکھین، یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس فضا کو پر کرنے والے واسطے یعنی ایثر سے کسی قدر مانوس ہو جائین،

چھٹا باب

ایثر کیا ہے؟

جدید سائنس کی کوئی کتاب اٹھا کر دیکھو اگر اس مین اشیاء کے طبعی حالات کا ذکر ہے تو ضرور فضائی ایثر کا بھی بیان ہوگا، قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ ایثر ہے کیا،

دو کلمہ خود اس لغت کے متعلق بے معنی نہ ہون گے، انگریزی مین اس کے لئے لفظ ایتھر ہے، لیکن اسی نام کا ایک کیمیاوی مرکب بھی ہے، اس لئے التباس سے بچنے کے لئے انگریزی فضائی ایتھر کے املا مین حرف اے، بڑھا کر فرق پیدا کر دیتے ہین، مصنف نے اسی خیال کی تائید کی ہے، ہم اپنی زبان مین اس فرق کو یون نمایان کرین گے کہ کیمیاوی ایتھر کو تو ایتھر کہین گے لیکن اس واسطے کو جو تمام فضا مین ساری ہے، ہم ایثر کہین گے کیونکہ ممکن ہے کہ "ایتھر" سے ذہن اس مرکب کی طرف منتقل ہو جو الکوہل سے بنتا ہے، اور آج کل کلوروفارم کی جگہ بکثرت استعمال ہونے لگا ہے، اور لفظ ایثر مین عامّا مادیت کم ہے، معمولی مادہ کا مفہوم اس سے نہین پیدا ہوتا، اسی بنا پر اس کے بعد سے یہی لغت استعمال کیا جائے گا، اگرچہ یہ ضروری ہے کہ جب کوئی اس بسیط واسطے سے اچھی طرح واقف ہو جائے گا، تو اس وقت اس کی اہمیت نہین رہتی، کون سا لغت استعمال کیا جائے، اسمین شبہہ نہین کہ ایثر معمولی مادہ کی کوئی صورت نہین لیکن ہم کو اس سے پہلے ایثر کے وجود کا ہی تحقیق کرنا چاہئے،

سائرکل واسطے کا مفہوم کوئی خواب یا محض قیاس آرائی نہین ہے، اگر ہم مشاہدہ کردہ واقعات کا مطالعہ کرین، تو ہم کو مجبورًا ایثر کے وجود کا اعتراف کرنا پڑتا ہے، سائنس دان کو اس کے وجود کا اتنا ہی یقین ہے، جتنا کہ اپنے

وجود کا، جان اسٹوارٹ مل کی تمام منطق کے باوجود یہ تصور کرنا ہرگز قرین قیاس نہیں ہے کہ ایک جسم دوسرے جسم پر عمل
کرے، اور درمیان میں دونوں جسموں کے کوئی واسطہ نہ ہو، سادہ سی توضیح یہ ہے کہ دو آدمی ٹھیرے پانی کے ایک چشمہ
میں پیر رہے ہیں، ان میں سے ایک شخص یہ کر سکتا ہے کہ پانی میں موجوں کا ایک سلسلہ پیدا کر دے تاکہ وہ اس کے ساتھی تک
جائیں اور اس کی توجہ کو جذب کریں، اب یہ دیکھو کہ درحقیقت ایک شخص کے پاس سے دوسرے شخص تک کوئی چیز
پہنچی نہیں، درمیانی واسطے میں ہیجان پیدا ہو گیا تھا، اور اس طرح ایک جسم نے دوسرے جسم پر عمل کیا، اگرچہ وہ اس سے
کچھ دور ہی تھا، خود پانی ایک شخص سے دوسرے شخص تک نہیں گیا، وہ محض تموج تھا، جو اس تک پہنچا،

دوسری توضیح یہ ہوگی کہ فرض کرو کہ کسی صبح کسی منارے پر کوئی شخص ناقوس بجائے، ناقوس اگرچہ ایک معین جگہ
پر ثبت ہے تاہم دور دور تک وہ لوگوں کے آلۂ سماعت پر عمل کرتا ہے، ناقوس سے دور کے سننے والوں تک کوئی
چیز پہنچتی نہیں، ناقوس درمیانی واسطے یعنی ہوا میں محض تموج پیدا کر رہا ہے، اور خود یہ کیفیت یا مرتعش ہوا سامعین کے
پردۂ گوش پر ہیجان پیدا کرتی ہے، یہاں بھی تموج ہی نے مسافت طے کی،

ایک اور توضیحی مثال سے وہ امر واضح ہو جائے گا، جس کا ہم کو تحقق کرنا چاہیے، فرض کرو کہ سرما کی ایک تاریک
اور پر آشوب رات ہے، اور ہم ایک بڑے منارہ روشنی کو دیکھتے ہیں، جو نزدیک آنے والے دخانی جہازوں کو آگاہ کرتا
رہتا ہے، منارہ کا لمپ دور دراز ملاح کی آنکھوں پر عمل کرتا ہے، یہ امر کچھ ایسا بدیہی سا معلوم ہوتا ہے کہ یہاں اس کا
ذکر بے محل معلوم ہونے لگتا ہے، با ایں ہمہ اس کے تعجب خیز ہونے میں کوئی شک نہیں، درمیانی فضا میں کوئی چیز
نہیں چلی ہے، بجز اس تموج کے جو درمیانی واسطے میں پیدا ہوا، کون سا درمیانی واسطہ؟ بلا شبہ ہوا نہیں، کیونکہ پچاس
میل فی گھنٹہ کے حساب سے منارہ روشنی کے پاس آندھی چل رہی تھی، اس پر بھی امواج نور پر کوئی اثر نہ پڑا، اگر ہوا کی موجیں
ہوتیں تو یقیناً اس آندھی سے متاثر ہوتیں، معلوم ہوا کہ ہوا کے علاوہ کوئی دوسرا ہی واسطہ ہونا چاہیے، اسی واسطے کا نام ایتھر
رکھا گیا ہے،

ہم یہ تصوّر کرتے ہیں کہ منارہ کا لمپ ماحول کے ایتھر کو متموج کرتا ہے، اور اس میں موجوں کا ایک سلسلہ پیدا کر دیتا ہے،

یہی موجین دور دراز ملاح تک پہنچتی ہین، اور اس کی آنکھون پر عمل کر کے اس کے دماغ مین چند احساسات پیدا کر دیتی ہین، ہر صورت مین ہم یہ دیکھتے ہین، کہ ایک جسم دوسرے دور کے جسم پر درمیانی واسطے مین تموج پیدا کر کے عمل کرتا ہے،

یہ ایک عجیب بات ہے کہ بعض اثیری موجین دوسری موجون سے بالکل ہی جداگانہ نتائج پیدا کرتی ہین دور دراز سورج بھی بعض اثیری موجین بھیجتا ہے، جو ہماری آنکھون پر پڑتی ہین، اور ہماری حس بصارت کو پیدا کرتی ہین علاوہ ازین سورج ایک دوسرے[1] قسم کی موج بھی بھیجتا ہے، جو ہمارے جسمون کو اور اُن تمام چیزون کو، جن پر وہ پڑتی ہے گرم کر دیتی ہے. اثیر بیک وقت ان دونون تموجات کو یعنی نوری موجون اور حراری موجون کو گذارتا ہے،

اثیر کو نہ صرف یہ دوسرا فرض انجام دینا پڑتا ہے، بلکہ اس کے ذمہ یہ بھی فرض ہے کہ کسی لاسلکی فرستندہ کی پیدا کردہ موجون کو بھی لے جائے، یہ برقی موجین اثیر مین زبردست تموجات ہوتی ہین، اور اگر سمندر پر کسی جہاز مین لاسلکی شناسندہ ہو جو ان موجون کے لئے حساس ہو. تو جہاز سے مخابرت ممکن ہے، جو کچھ ہم فی الحال دیکھنا چاہتے ہین، وہ یہی ہے، کہ اثیری موجین مختلف نتائج پیدا کرتی ہین،

ہم کو یہ امر فراموش نہ کرنا چاہئے کہ نور اور حرارت سورج سے ہم تک نہیں پہنچتین، بلکہ محض وہ اثیری موجین پہنچتی ہین جو ان نتائج کا باعث ہین، بدقسمتی سے یہ اثیری موجین نور اور حرارت سے موسوم رہی ہین، ان اصطلاحات سے صحیح مفہوم واضح نہین ہوتا، ہم نے اصلاح کی کچھ کوشش کی ہے، چنانچہ ان اثیری موجون کو جو حرارت پیدا کرتی ہین، ہم اشعاعی حرارت کہین گے لیکن جو اثیری موجین کہ روشنی پیدا کرتی ہین، ان کو ہم نے کوئی نام نہین دیا ہے، ہم اون کو صرف نور کہتے ہین، اس کی وجہ سے ہم کو بعض عجیب جملے استعمال کرنا پڑتے ہین، کیونکہ ان نوری موجون مین سے بہت سی ہماری آنکھ پر اثر نہین کرتین اس لئے ہم ان خاص موجون کو غیر مرئی نور کہتے ہین، دوسری طرف ہم فطرۃً نور کو اپنی حس بصر سے وابستہ سمجھتے ہین.

[1] آگے چل کر معلوم ہو گا کہ جملہ اثیری امواج کی نوعیت ایک ہی ہوتی ہے، لیکن ان کے موجی طولون مین فرق ہوتا ہے،

فرض کرو کہ کسی تصویرگاہ مین ایک معمولی آلۂ عکاسی ترتیب دیا جائے اور کمرے مین برقی قوسی لمپ کی تیز روشنی پھیلی ہو، عدسہ کے سامنے خاص طور سے تیار کردہ ایک پردہ یا پٹ ہوتا ہے، اس پردے سے معمولی یا مرئی روشنی بالکل رُک جاتی ہے، جب تصویر کو جانچنے کیلئے زائر اپنا سر مامکہ مین کپڑے کے نیچے لیجاتا ہو، تو اوسے شیشے پر کچھ نظر نہین آتا آلۂ عکاسی کے اندر بالکل اندھیرا ہوتا ہے، باینہمہ ہم اسی کامل تاریکی مین ایک تصویر لینا چاہتے ہین، ایک شخص حسب دستور تصویر کھنچوانے کے لئے سامنے بیٹھتا ہے، اور اگر ماسکہ گیر پردے پر تصویر کا کوئی شائبہ تک نہین، ہم اس کی بجائے ایک معمولی لوح عکاسی رکھ دیتے ہین پانچ منٹ تک روشنی کی زد مین رکھنے کے بعد لوح کو آشکارا کیا جاتا ہے، اور ایک تصویر پیدا ہو جاتی ہی، اور اگر اس بات کا لحاظ کرین کہ بیٹھنے والے کو دوران روشنی زدگی مین ایک ہی وضع مین بیٹھنا پڑا، تو نتیجہ اچھا معلوم ہوتا ہے، یہ ظاہر ہے کہ آلۂ عکاسی کے اندر کچھ غیر مرئی روشنی پہنچ گئی، اور اگرچہ یہ روشنی ہماری بصارت کے عضو حسی پر کوئی اثر نہین ڈالتی تاہم وہ معمولی روشنی کی طرح لوح عکاسی کے کیمیا دیات پر اثر کرتی ہے، اس غیر مرئی روشنی کو ہم ورانفشی روشنی کہتے ہین، اس سے مطلب یہ ہے کہ شیشے کے منشور سے تحلیل کرنے پر روشنی جس طیف مین مستحیل ہو جاتی ہے، اس کے بنفشی سرے کے ماورا یہ غیر مرئی روشنی ہوتی ہی،

مدعا یہ ہے کہ تمامی نور غیر مرئی ہے، بایں معنی کہ ہم اس کو دیکھ نہین سکتے، چند برس ہوئے ایک بہت ہی دلچسپ کتاب بعنوان نور مرئی و غیر مرئی شایع ہوئی تھی، لیکن ان اسما، صفات کو ہم ایک خاص معنی مین سمجھتے ہین، ہمارا مدعا صرف یہ ہوتا ہے کہ وہ روشنی جو ہماری آنکھون پر اثر کرے اور وہ جو اثر نہ کرے، اگر تم اس کا بندوبست کر سکو کہ اثیری موجین تمھاری آنکھون مین نہ داخل ہون، اور پھر تم نور کو دیکھو تو تم کو وہ یقیناً غیر مرئی معلوم ہوگا، بالکل مثل تاریکی کے ہوگا، یہ صحیح ہے کہ جب تم کسی تیرہ و تار کمرے مین بیٹھے ہو، اور کھڑکی کے پٹ کے شگاف مین سے تم سورج کی روشنی داخل ہونے دو، تو تم کو شعاع نور کا مسلک نظر آئے گا، لیکن یہ نتیجہ ہے اس امر کا کہ ہوا مین ریگ ذرے موجود ہین، جو تمھاری طرف نور کو منعکس کر رہے ہین، اگر ہوا مین مطلق ریگ ذرے نہ موجود ہون تو تم کمرے مین آتی ہوئی روشنی کے راستہ کو نہین دیکھ سکتے، یہ تجربے تو ہم بڑے زبردست پیمانے پر انجام دیسکتے ہین، اگر سورج مبدٔ نور ہو اور ہماری زمین کا سایہ مثل

تاریک کمرے کے ہو، تو کسی رات جب بادل نہ ہون، ہم فضا کی گہرائیون مین دیکھ سکتے ہین، یہ فضا اُن اثیری موجون سے بھری ہوئی ہے، جو سورج ہر طرف بھیجتا ہے، لیکن ہم ان موجون کو نہین دیکھتے، ان مین سے بعض کسی دور دراز سیارے پر گرتی ہین، تو وہ اون کو منعکس کر کے ہماری زمین پر بھیج دیتا ہے، اور جب وہ اثیری موجین ہماری آنکھون مین داخل ہوتی ہین، تو ہم کہتے ہین کہ ہم نے سیارے کی روشنی دیکھی، میرے خیال مین مرئی اور غیر مرئی کا مفہوم اب بالکل واضح ہو گیا ہوگا، خود تمام اثیری موجین غیر مرئی ہین، کیونکہ اثیر غیر مرئی ہے، آیندہ چل کر ہم دیکھین گے، کہ جو اثیری موجین ہماری آنکھون کو متاثر کرتی ہین، وہ بہت تھوڑی سی ہوتی ہین،

ہم کو یہ یاد رکھنا چاہئے کہ جب ہم یہ کہتے ہین کہ روشنی سورج سے زمین تک کی مسافت کوئی آٹھ منٹ مین طے کرتی ہے تو اس سے ہمارا مطلب یہ نہین ہوتا کہ کسی شے کا ایک مقام سے دوسرے مقام تک نقل مکان ہوتا ہے، بلکہ ہم صرف یہ سمجھتے ہین کہ درمیانی واسطے مین ایک تموج تھا جو اس طرح منتقل ہوا،

اگر اشعاعی حرارت کی ان اثیری موجون کا ذکر کیا جائے جن کو سورج بھیجتا ہے اور ہماری زمین اون کو جذب کر لیتی ہے، تو غالباً مطلب زیادہ واضح ہو جائے گا، ایک جسم پر یا ایک جسم سے دوسرے جسم تک مادی واسطے کے ذریعہ سے انتقال حرارت کے خیال کرنے کے ہم اس قدر عادی ہو گئے ہین کہ سورج اور زمین کا خیال کرتے وقت بھی اس مفہوم کو اپنے ذہنون سے نہین نکال سکتے، سورج اور زمین کے درمیان کی فضا نہین گرماتی محض اثیر مین ایک تموج ہوتا ہے، جن اجزا سے سورج کی ترکیب ہوتی ہے، ان کو ہم ہیجان یا ارتعاش شدید کی حالت مین تصور کرتے ہین، مادے کے یہ مرتعش ذرے اثیر کو متہیج کر دیتے ہین، عمل کے لئے جیسا کہ ہم آگے چل کر دیکھین گے ایک درمیانی قدم کی ضرورت ہے، لیکن فی الحال ہمین اُس سے بحث نہین، ہم صرف یہ تصور کرتے ہین کہ سورج کے مرتعش سالمے اثیر مین موجون کا ایک سلسلہ پیدا کرتے ہین، یہ موجین اثیر کے بحر زخار مین سے ہوتی ہوئی آگے کی طرف بڑھتی ہین، اور ان مین سے بعض موجین، بلا شبہ ہمارے ننھے سے سیارے پر گرین گی جو کل کائنات مین ایک داغ سے زیادہ کی حیثیت نہین رکھتا، جب یہ موجین کسی مادے سے ٹکراتی ہین تو وہ فوراً اوس کے سالمون مین ارتعاشی حرکت پیدا کر دیتی ہین، جس سے وہ حالت رونما ہوتی ہے، جسے ہم حرارت کہتے ہین،

اب یہاں دیکھو کہ ایک حقیقی استحالہ واقع ہوا ہے، مادے کے مرتعش ذرے ایثر میں تموج پیدا کرتے ہیں، جو ایک فاصلہ عظیم پر جاکر مادے کے دوسرے ذرات کی ارتعاشی حرکت میں مستحیل ہو جاتا ہے،

جب ہم ٹیلیفون پر کسی دور افتادہ دوست سے بات کرتے ہیں، تو ظاہر ہے کہ ایک شہر سے دوسرے شہر تک آواز نہیں جاتی متکلم کے منہ سے جو آواز نکلتی ہے وہ ایک برقی رو پر تصرف کرتی ہے، یہ برقی رو مقام دوم تک جاتی ہے، اور وہاں ایک دھاتی حجاب میں حرکت پیدا کر دیتی ہے جو ماحول کی ہوا کو مرتعش کر دیتی ہے جس سے وہی متصرف آواز پھر پیدا ہو جاتی ہے، جس طرح دو دور کے مقاموں کے مابین کوئی آواز نہیں گذرتی، اسی طرح سورج اور زمین کے درمیان بھی حرارت نہیں گذرتی، ہر دو صورتوں میں حقیقی استحالہ اور باز آفرینش رونما ہوتی ہے،

شروع ہی میں مبتدی کو ایثر کے ذکر پر سر ہلانا پڑتا ہے، اس کے ذہن میں پہلا خیال یہی آئے گا کہ ایثر کا ذکر ایسا ہی ہوا جیسے چنڈا ماموں کا، وہ یہی کہے گا کہ سائنس دانوں نے مشکلات سے بچنے اور نکلنے کے لئے ایثر کے مفہوم کو ایجاد کر لیا ہے، سائنس دانوں کو اس کا اعتراف ہے، ایثر کا مفہوم ولندیزی فلسفی ہوئی گنس[51] کے زور طبع کا نتیجہ ہے، کچھ اوپر دو سو برس گذرے کہ ہوئی گنس نے مظاہر نور کی تشریح کے لئے اس سے کام لیا تھا، لیکن سر اسحاق نیوٹن کا نظریہ جو زیادہ مادی تھا، وہی مقبول تھا، حتی کہ جب مشہور فلسفی ڈاکٹر ٹامس ینگ[52] نے اس ایثری مفہوم کو قبول کر لیا، اور اس میں تحقیقات کیں تو سائنس دانوں کی طرف سے اُن کو بہت کم داد ملی، ایڈنبرا ریویو کے ایک پرانے نمبر (ص ۹۰ جلد پنجم ۱۸۰۴ء) کی ورق گردانی غالباً عجیب ہوگی، اس میں ینگ کے خیالات پر بری طرح تنقید کی گئی تھی، اور اس کا مضحکہ اڑایا گیا تھا (دیکھو ضمیمہ نمبر ۲) یہ کس قدر

---

[51] Christian Huygens کرسچین ہوئی گنس، (۱۶۲۹ء - ۱۶۹۵ء) ریاضی دان اور طبیعی ۱۶۵۱ء میں میدان سائنس میں قدم رکھا، ۱۶۵۵ء میں زحل کا ایک تابع دریافت کیا، اور ۱۶۵۹ء میں زحل کا حلقہ، ۱۶۶۹ء میں نور اور وزن پر اہم تصانیف لکھیں، نور کے موجی نظریہ کی بنیاد ڈالی، اسی نے اس کو بقائے دوام کی سند دی (مترجم)

[52] Thomas Young (۱۷۷۳ء - ۱۸۲۹ء) انگریز، طبیب اور طبیعی اوائل عمر میں ادب اور زبانوں کی تحصیل کی پھر طب پڑھی اور آخر عمر تک مطب کرتا رہا، لیکن طبیعیات سے دلچسپی تھی، آواز اور نور پر بہت کچھ لکھا (مترجم)

حیرت و تعجب کا مقام ہے، کہ جب ایڈنبرا ریویو میں ینگ نے ایک مقالہ شائع کیا، اور اس میں تمام اعتراضوں کے جوابات دیے، تو عوام کو اثیر کے مفہوم کی حماقت کا اتنا یقین تھا کہ صرف ایک ہی پرچہ اس رسالہ کا خریدا گیا،

بنا برین آج ہم بھی اس شخص کو الزام نہیں دے سکتے، جو موجودہ سائنس کے رُجحانات کا ساتھ نہ دے، اور اثیر کے وجود کے متعلق کسی بیان کے قبول کرنے میں تکلف کرے، وہ کہہ سکتا ہے کہ یہ محض ایک نظریہ ہے جس کا ماننا نہ ماننا اوس کے صواب دید پر ہے۔ ہم بھی اس سے اتفاق کرتے ہیں لیکن ساتھ ہی ہم یہ ضرور دریافت کرین گے، کہ آیا تم زمین کو سورج کے گرد گھومتا مانتے ہو، یہ بھی ایک نظریہ ہے، کہ بہت سی فلکی مشاہدات کو قابلِ فہم بنا دیتا ہے، اسی طرح بہت سی چیزون کی قابلِ اطمینان توجیہ صرف اسی وقت ہو سکتی ہے جب کہ ہم اثیر کے وجود کو مان لین،

جب ایک معمولی سمجھ کا آدمی پُرانے زمانے والی پتلیون کا تماشہ دکھتا ہے، تو اوس کے ذہن مین فوراً یہ خیال آتا ہے، کہ پتلی کے بازو اور ٹانگین تارون اور ڈورون کے ذریعہ کھینچی جا رہی ہین، اگرچہ وہ ان تارون وغیرہ کو نہیں دیکھ سکتا، اس کی عقل سلیم اس کو بتلاتی ہے کہ کسی نہ کسی واسطہ کا وجود ہونا چاہئے، جب ہم ایک مقناطیس کو کسی سوئی یا بڑی کنجی کو جیسا کہ اوپر دکھلایا گیا ہے، اپنی طرف کھینچتا دیکھتے ہین، تو وہی عقل سلیم ہم کو یہ بتلاتی ہے کہ کسی نہ کسی واصل واسطے کا وجود ضروری ہے، فی الواقع اگر کوئی شخص ذرا بھی سنجیدگی سے اس امر پر غور کریگا، تو وہ ہمہ گیر اثیر کے نظریہ کو ماننے پر مجبور ہو جائے گا، دایہ خانہ مین ایک بچہ کو فوراً یہ معلوم ہو جاتا ہے، کہ اگر وہ اپنے چوبی گھوڑے کو اپنے پیچھے پیچھے چلانا چاہتا ہے تو اس کے اور کھلونے کے درمیان کوئی ڈورا یا کوئی اور واسطہ وصل ہونا ضروری ہے،

بالکل اسی طرح ہر ذی نفس متنفس پر سایہ کے دایہ خانہ مین یہ امر روشن ہوتا ہے، کہ مادے کے دو ٹکڑون کے درمیان کوئی نہ کوئی واسطہ ضرور ہونا چاہئے، بیشتر اس کے کہ ایک جسم دوسرے جسم پر عمل کرے۔ فی الحقیقت خالی فضا کا وجود نہیں، سیمابی ہوا پمپ کے ذریعہ سے ہم شیشے کے ایک گلوب کو ہوا، ریت اور تمام مادے سے خالی کر سکتے ہین، لیکن اس پر بھی شیشہ خالی نہیں ہے۔ وہ اثیر سے بھرا ہوا ہے، اگر شیشے کے گلوب کے اندر برقی گھنٹی ہو، تو گھنٹی زور سے ہم جا بجائین، اس کی آواز ہمارے کانون تک نہ پہنچے گی، کیونکہ واسطہ وصل (ہوا) نکال لیا گیا ہے، لیکن ظرف کے اندر گھنٹی کے علاوہ ایک

برقی لمپ بھی ہے، اور ہم یہ تجربہ تاریکی مین کر رہے ہین، ہم یہ نہین کہہ سکتے تھے کہ گھنٹی بج رہی تھی یا نہین، لیکن جس وقت برقی لمپ کا بٹن دبا دیا جاتا ہے، تو ہم کو فوراً محسوس ہوتا ہے کہ وہ روشن ہے، لمپ ہماری آنکھون کو متاثر کرتا ہے، اگرچہ ہمارے کان گھنٹی سے غیر متاثر رہے، ظاہر ہوا کہ ہم اس واسطے کے نکالنے مین کامیاب نہین ہوئے، جس کے ذریعہ سے لمپ عمل کرتا ہے شیشہ کا گلوب جہان تک معمولی مادہ کا تعلق ہے، بالکل خالی ہے لیکن وہ اب بھی ایثر سے بھرا ہوا ہے، اور یا ایثر اپنے وجود مین ایسا ہی حقیقی ہے جیسی کہ وہ ہوا جسمین ہم سانس لیتے ہین،

یہ امر کہ ایثر تمام فضا مین دائر و سائر ہے، بالکل ظاہر ہے، کیونکہ نہ صرف وسورج کی روشنی پہنچاتا ہے، بلکہ لاکھون کرورون میل دور کے ستارون کی روشنی بھی اسی کے ذریعہ آتی ہے، پس ہماری زمین ایثر ہی مین مصروف پرواز ہوگی،

یہ تصور کرو کہ بیرونی فضا سے ایک شہاب ثاقب ہماری زمین کے قریب آرہا ہے، جون ہی کہ شہاب ہمارے کرۂ ہوا کی بالائی حدود مین داخل ہوتا ہے، شہاب کا مادہ ترکیبی سفید گرم ہوجاتا ہے، اس کا سبب وہ زبردست رگڑ ہے، جو شہاب اور ذرات ہوا کے درمیان واقع ہوتی ہے اور یہ تعجب خیز اس وجہ سے ہے کہ ایسی بلندیون پر ہوا کے ذرات نسبتہً کم ہین، اور دور دور ہین، لیکن شہاب رفتار عظیم سے طے مسافت کر رہا ہے، یہ رفتار ایک ہزار میل فی دقیقہ سے غالباً کم ہوگی، ہماری زمین بھی ایثر مین سے سورج کے گرد اپنے نہ ختم ہونے والے سفر مین تقریباً اسی رفتار سے چلتی ہے ہم کو اب تک یہ نہ معلوم ہوسکا، کہ جس ایثر مین ہم فی الواقع اڑتے چلے جا رہے ہین، وہ کچھ مزاحمت بھی کرتا ہے، یا نہین، اگر کچھ مزاحمت ہو بھی تو وہ اتنی قلیل ہوگی کہ جب سے انسان اس سیارہ پر آباد ہوا ہے، اسوقت سے کوئی قابل لحاظ اثر نہین پیدا ہوا،

مشہور روسی کیمیا دان من ڈلی جف کو جنھون نے کلیۂ ادوار قائم کیا، جس کا ذکر ہم بیشتر ایک باب مین کر چکے ہین یہ کامل یقین تھا کہ ایثر ایک بدرجہ غایت لطیف گیس ہے، اُن کے نزدیک اُس کے ذرات اسقدر باریک تھے کہ وہ نہایت آسانی سے مادہ کے جوہرون کے درمیان گذر سکتے تھے، بنا برین تمام مادہ ایثر کے لئے بالکل متخلخل تھا، آج کے طبیعی اس نظریہ

کے قبول کرنے پر مائل نہین ہمین مادیت بہت ہی اگرچہ بالکل ناقابل تصور نہین،

مدرسہ مین جب لڑکون کو پہلی مرتبہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ بے روغن کی چینی کے برتنون کی ٹھوس دیوارون مین سے گیسین گذر سکتی ہین، تو اونکو بڑا تعجب ہوتا ہے، کیونکہ یہی چیزین پانی کو روک رکھین گی، اور ذرا سا بھی پانی نہ نکلنے پائے گا" متعلم کو اس وقت اور بھی تعجب ہوتا ہے، جب کہ زیر برقیری شعاعون سے لینارڈ کی تجربے اس کو یہ بتلاتے ہین کہ برقیے ٹھوس ایلومینیم کی کواڑی مین سے گذر سکتے ہین جنہین کسی گیس کا گذرنا محال ہے، ہم کو صرف ایک ہی قدم بڑھانا ہے اور یہی تصور کرنا ہے کہ ائیر کے ذرّے تمام اشیا مین سے نہایت آسانی سے گذر سکتے ہین، یہ ائیری ذرّے برقیون سے ممکن ہو کہ اُتنے ہی چھوٹے ہون، جتنے برقیے جوہرون سے چھوٹے ہین، اور فی الحقیقت اگر یہی اُن کا جثہ ہو تو من ڈلی جف کے نزدیک کلیۂ ادوار کی ترمیم شدہ جدول مین اُن کے لئے جگہ نکل سکتی تھی، یہ اچھی طرح سمجھ لینا چاہئے کہ من ڈلی جف کا یہ نظریہ ایک خیال آرائی ہے، اور یہ خیال آج کل کے سائنس دانون کے نزدیک کچھ زیادہ مقبول نہین، ائیر کے عمل کے متعلق ہمارے پاس دیگر جیلی نظریے ہین، لیکن ائیر کی نوعیت کے متعلق ہمارے پاس کوئی نظریہ نہین،

ہم ائیر کو اب تک یہی سمجھتے آئے ہین کہ وہ معمولی مادہ سے علیحدہ کوئی پراسرار شے ہے، اس لئے روسی کیمیادان کے خیال کے مطابق ائیر کی ساخت دانہ دار سمجھنا کسی قدر مشکل ہے، فی الحال ہم صرف قیاس کر سکتے ہین، بہرنوع ہمارے پاس ایک بہت زبردست برقیائی نظریہ ہے، جس کے اعتقادات یہ ہین:-

جوہر بہت ہی چھوٹے چھوٹے ذرات پر مشتمل ہے، جن کو برقیے کہتے ہین، جوہر گویا عملاً ننھا سا نظام شمسی ہے، ممکن ہے کہ آیندہ کوئی نسل ایسے اعتقاد پر متفق ہو جائے کہ جس کی رو سے برقیہ خود ائیر کے ننھے ننھے ذرات سے مرکب مانا جائے، اور یہ ائیری ذرے برقیے کے اندر منتظم مدارون مین گردش کرتے تسلیم کیے جائین، اگر ایسا ہوا تو پھر؟ لیکن یہان ہم اپنے حدود سے باہر جا رہے ہین، کیونکہ اس قسم کی تجاویز کو آج کوئی بھی علمی افکار کا درجہ نہین دیتا،

اگرچہ ائیر کی دانہ دار ساخت کا خیال بالعموم مقبول نہین ہے، تاہم عملاً اجماع اس پر ہے کہ خواہ اس کی نوعیت

کچھ ہی کیون نہ ہو، اثیر ہی وہ ہیولیٰ ہے جس سے مادہ تیار ہوا ہے،

کچھ زیادہ عرصہ نہین گذرا کہ لارڈ سلیسبری آنجہانی نے یہ کہا تھا کہ انکے نزدیک اثیر فعل تموّج کا فاعل ہے، کیونکہ اثیر کی نوعیت کے متعلق ہم کچھ نہین جانتے، بجز اس کے کہ وہ مرتعش یا متموّج ہو سکتا ہے ہم کو ضرورت نہین کہ ہم اثیر کی نوعیت کے متعلق تصورات باندھتے رہین، ہمارے لئے اسی مین بہت دلچسپی کا سامان ہے کہ اس ہمہ گیر واسطے مین جو کچھ اعمال ظہور پذیر ہون، اُن پر غور و خوض کرتے رہین،

ہر قسم کی موجون کی تنقید کیلئے اس مین شک نہین کہ اثیر مین عجیب و غریب قابلیتین موجود ہین، سورج اثیر مین چند موجین پیدا کرتا ہے، ان کو ہم نوری موجون سے موسوم کرتے ہین، اگر شیشے کے منشور مین سے گذار کر ہم ان موجون کی تحلیل کرین تو ہم کو موجی طولون کا ایک بڑا تنوع ملتا ہے، اس تنوع کا بہت ہی چھوٹا حصہ ہماری آنکھون پر اثر کرتا ہے اور مختلف لونی احساسات پیدا کرتا ہے، اگر طیف کے مرئی سُرخ کنارے کے ماورا تاریک حصے مین ہم ایک حساس تپش پیما رکھدین، تو ہم کو معلوم ہوگا کہ کچھ غیر مرئی موجین بھی ہین، جو حرارت پیدا کرتی ہین، طیف کے دوسرے سرے پر بنفشی کے ماورا بھی ہم تاریکی دیکھتے ہین، یہان ہم کو ایسی موجین ملتی ہین، جو لوح عکاسی کو متاثر کر دیتی ہین، اور دیگر کیمیاوی اعمال کا بھی اظہار کرتی ہین، اگر اثیر اس سے زیادہ کچھ نہ کر سکے جتنا کہ اس بارہ مین اس کے متعلق ذکر کیا گیا ہے، تو بھی اس کی حیرت انگیزی مین کوئی کلام نہین، کیونکہ وہ بیک وقت اتنے بڑے تنوع امواج کی تنفیذ کرتا ہے،

جب کوئی شخص رات کے وقت سڑک کی روشنی کو دیکھتا ہے، تو اول اول یہ خیال قائم کرتا ہے کہ شکل نظر آتا ہے کہ برقی قوس، یا سپید گرم گیسی جالی، اثیر مین اس تنوع امواج کو پیدا کر رہی ہے،

لیکن اثیر کی قابلیتین یہین نہین ختم ہو جاتین، کیونکہ جب ہم لاشعاعون کے آلے سے کام لینا شروع کرتے ہین تو اسی واسطے مین ہم ایک ایسا تموّج پیدا کرتے ہین جس کے خواص نوری موجون کے خواص سے بالکل جداگانہ ہین، رنگین شعاعین لکڑی اور انسانی گوشت جیسی چیزون مین نفوذ کر جاتی ہین، حالانکہ یہی چیزین روشنی کے لئے کثیف یا ناقابل گذر ہوتی ہین، ہم آیندہ چل کر لاشعاعون سے بحث کرین گے، فی الحال ہم صرف یہ بتلانا چاہتے ہین کہ وہ اثیر مین ایک تموّج

کی تعبیر ہین،

یہی وہ اثیر ہے، جو لاسلکی تلغرافی فرستندہ کی پیدا کردہ برقی موجون کا بھی حامل ہے یہی موجین جب کسی دور کے شناسندہ پر پڑتی ہین، تو اس مین حرکت پیدا کر دیتی ہین، اثیر ہی کے توسط سے مادہ کا ایک ڈھیر مادہ کے ہر دوسرے ڈھیر کو مجذب کرتا ہے، لیکن تجاذب کی نوعیت کے متعلق اس روشن زمانہ مین بھی درحقیقت ہمارے پاس کوئی صحیح مفہوم نہین ہے،

ایک امر ایسا ہے جو میرے علم مین اکثر لوگون کو پریشان کرتا ہے، وہ یہ کہ یہ کس طرح ممکن ہے کہ اثیری موجین لاکھون کرورون میل کی مسافت طے کرتی ہین، اور پھر بھی دوران سفر مین اپنی رفتار مستقل رکھتی ہین؟ اثیر مین جملہ موجین کچھ اوپر ایک کرور دس لاکھ میل فی دقیقہ کی شرح سے چلتی ہین، میرے نزدیک عامی ان اعداد سے زیادہ مرعوب ہوتا ہے، بہ نسبت صحیح تر ۱۸۶۰۰۰ میل فی ثانیہ کے، جب ہم نور کا بیان کرین گے، تو اس وقت دیکھین گے کہ اس کی یہ رفتار سفر کس طرح دریافت کی گئی ہے، اس اثنا مین ہم یہ دکھانا چاہتے ہین کہ رفتار مستقل کس طرح رہتی ہے اور فاصلے کے بڑھنے سے گھٹ کیون نہین جاتی،

چونکہ نور کی رفتار بہت زبردست ہے، اس لئے مثلاً کسی دور کے منارۂ روشنی سے روشنی جتنی مدت مین ہم تک پہونچتی ہے، وہ بالکل ناقابل لحاظ ہوتی ہے، لیکن جب سورج سے زمین تک نوری موجون کی مسافت کو دیکھتے ہین، تو ہم کو معلوم ہوتا ہے، کہ ہمارے اور سورج کے درمیان جو ۹ کرور ۲۰ لاکھ میل کا فاصلہ حائل ہے اس کے طے کرنے کے لئے ان موجون کو تقریباً آٹھ منٹ درکار ہوتے ہین، ہم کو اپنے تخیلات مین ذرا بلندی پیدا کرنا پڑتی ہے، تاکہ ہم یہ خیال کر سکین کہ بعض دور دراز ستارون سے ہم تک نوری موجین کوئی ہزارون برس مین پہنچتی ہین، فی الحقیقت ہوتا بھی ایسا ہی ہے،

کرورون میل کے سفر مین مستقل رفتار کے تصور مین بعض لوگون کو جو دقت محسوس ہوتی ہے، وہ درحقیقت ایک غلط فہمی کی وجہ سے ہے، غالباً ان کے ذہن مین بندوق کی گولیان یا اس قسم کی دوسری چیزین ہین، جو بڑی

رفتار سے پھینکی جاتی ہین، لیکن تھوڑی ہی دیر کے بعد اپنی رفتار کھو بیٹھتی ہین، اور بالآخر سکون کی حالت مین آجاتی ہین،
اب کوشش کر کے تصور کرو کہ ہوا مین ایک صوتی موج مصروف سیر ہے، یہ صحیح ہے کہ صوتی موج کی توانائی پھیل جاتی
ہے، اور کچھ فاصلہ پر جاکر ختم ہوجاتی ہے، لیکن اپنے تمام سفر مین وہ اپنی رفتار برابر قائم رکھتی ہے، اب فرق کہان واقع
ہوا؟ پہلی صورت مین مادہ کا ایک ٹکڑا زمین کے ایک حصہ سے دوسرے حصے تک پھینکا گیا، اپنے سفر مین اس کو دو مزاحمتون
سے دوچار ہونا پڑا، ایک تو ہوا کے سالمون کے تصادم سے دوسرے تجاذب کی جذبی قوت سے، دوسری صورت
مین ایک مقام سے دوسرے مقام تک مادّہ کا انتقال ہی نہین ہوا، محض ہوا مین موجون کا ایک سلسلہ پیدا ہوگیا،
جب پانی کے کسی حوض کے مرکز مین تم موجین پیدا کرتے ہو، تو مرکز سے حوض کے کنارے تک تم پانی نہین پہنچاتے،
سورج اور ستارے ایثر مین محض موجین پیدا کرتے ہین، اس لئے رفتار سیر مستقل ہے، صوتی یا آبی موجون کی توانائی
طے کردہ مسافت کے بڑھنے سے بالآخر ختم ہوجاتی ہے، یہی حال ایثری موجون کی توانائی کا ہے، دور دراز فاصلہ
پر دیکھتا سورج بھی مدھم سا ستارہ معلوم ہوتا ہے، ممکن ہے کہ اپنے اس دور دراز کے سفر مین اس کی ایثری موجین
اس قدر کمزور ہوگئی ہون کہ وہ ہماری آنکھون کے اعصاب کو متاثر کرنے سے قاصر رہین، اور ہم کو ان بعید النظر ستارون
کے وجود کا علم بھی یون ہی ہوتا ہے کہ اون کی کمزور شدہ ایثری موجین اتنی قوی تو ضرور ہوتی ہین کہ آنکھون پر نہین لوح
عکاسی کے کیمیاویات پر تو اثر کرسکتی ہین،

صوتی موجین بلحاظ رفتار اسی وقت تک مستقل رہتی ہین، جب تک کہ وہ واسطہ جسمین سے وہ گذر رہی ہین مستقل
رہے، ہوا کی تپش مین اگر فرق پیدا ہوجائے تو اس سے موجون کی رفتار سیر بھی بدل جائے گی، اسی طرح ایثری
موجون کی رفتار بھی اسی وقت تک مستقل رہتی ہے جب تک کہ وہ خالص ایثر کے سمندر مین، جیسا کہ بین النجمی فضا مین
موجود ہے، سیر کنان رہین لیکن جب یہ موجین خالص ایثری سمندر کے حدود سے نکل کر ہمارے کرۂ ہوا مین داخل ہوتی
ہین تو ان کو کچھ مزاحمت سے سابقہ پڑتا ہے، اور جب وہ پانی مین داخل ہوتی ہین تو رفتار سیر معتدبہ طور پر کم ہوجاتی ہے،
جو اشیا کہ کثیف یا غیر شفاف ہین، وہ ان موجون کو آگے بڑھنے سے قطعاً روک دیتی ہین،

پیشتر کے بابون مین ہم نے مادہ کی جوہری ساخت اور جوہرون کے اندر گردش کرتے ہوئے برقیون کی تصویر کھینچی ہے، اس تصویر مین ہم اب ایثر کے بحر ناتمناہی کا اضافہ کرنا چاہتے ہین، جو تمام مادہ کو محیط اور اس مین سرایت کئے ہے اس محیط ایثر ہی مین مقناطیسی اور برقی میدانون کا وجود ہوتا ہے، اس لئے ہم کو نہ صرف مادہ کی برق سے بحث کرنا ہے بلکہ اس محیط واسطے مین بھی برق کو دیکھنا ہے، اس سلسلہ مین سب سے پہلے یہی معلوم کرنا دلچسپی کا باعث ہوگا کہ مقناطیسیت ہے کیا،

ساتوان باب

مقناطیسیت کیا ہے؟

مقناطیس کا مقبول عام مفہوم یہی ہے کہ وہ لوہے یا فولاد کا ایک ٹکڑا ہے، جس مین یہ عجیب خاصیت ہے کہ وہ معمولی لوہے یا فولاد کے دیگر ٹکڑون کو اپنی طرف کھینچتا ہے، غالباً ہم مین سے اکثر اس امر سے واقف ہو چکے ہین کہ تار کا ایک لچھا جس مین سے برقی رو گذر رہی ہو، مثل معمولی مقناطیس کے عمل کرتا ہے،

پیشتر کے کسی باب مین ہم اس کا ذکر کر چکے ہین کہ اثیر مین مقناطیس کے گرد ایک مقناطیسی میدان پیدا ہو جاتا ہے، اب ہم کو دریافت کرنا ہے کہ وہ کیا ہے جس سے مقناطیسی میدان پیدا ہوتا ہے، اولاً ہم اس مقناطیسی میدان کو لیتے ہین، جو برقی رو کے حامل تار کے گرد پیدا ہوا ہو، اس تار کے اندر ہم برقیون کا سیلان تصور کرتے ہین، جو جوہر بہ جوہر منتقل ہو رہے ہین، کیا یہ ممکن ہے کہ برقیون کا اس سادہ طریقہ پر حرکت اثیر محیط کو اتنا متہیج کر دے کہ اس سے مقناطیسی میدان پیدا ہو جائے ؟، یہ مفہوم کہ برقی باردار اجسام بڑی رفتار سے یکسان حرکت کرین، تو مقناطیسی میدان پیدا ہو جائے گا، کوئی نیا نہین ہے، برقیون کے انکشاف سے پیشتر ہی یہ ایک امر مسلمہ تھا، اس لئے جب برقیائی نظریہ پیش کرتا ہے، کہ مقناطیسی میدان کسی موصل مین برق کی مستقل حرکت کا نتیجہ ہے، تو ہم کو اس مذہب کے اس جزو کو مان لینے مین کوئی تامل نہین ہوتا، ایک وقت معین مین جتنے برقیے زیادہ گذرین گے، اثیر محیط مین اتنا ہی زیادہ ہیجان واقع ہوگا،

چونکہ ہم نے دیکھا کہ تمام مقناطیسی میدان برقیون کی (مستقل) حرکت کا نتیجہ ہین، اس لیے ہم بلاتردد یہ کہہ سکتے ہین کہ مقناطیسے ہوئے لوہے کے ٹکڑے مین برقیون کا مستقل بہاؤ ہوتا ہے، اگر ایسا نہ ہوتا تو اس کے گرداگرد مقناطیسی میدان نہ ہو سکتا تھا، لیکن ہم کو یہ فرض کرنے کی ضرورت نہین کہ برقیے لوہے یا فولاد کے ٹکڑے کے گرد ہی گھومتے رہتے ہین، کیونکہ ہم آگے چل کر دیکھین گے کہ بعض حالات مین برقیے اپنے جوہرون کے گرد گھومین تو بھی وہی نتیجہ پیدا کرین گے، تخیل کی امداد کیلیے ہم یہ تصور کر سکتے ہین کہ گردش کرتے برقیون والے جوہر گردش کرتے حلقون والے ننھے ننھے زحلون کی طرح ہین، لوہے مین ننھے ننھے زحل لاکھون کرورون کی تعداد مین یکجا ہوتے ہین، لیکن ان کے حلقے ہر سمت مین ہوتے ہین یعنی بالکل تتر بتر[1] یا غیر منظوم حالت ہین، ایسی حالت مین کسی جوہر کے گرد کسی برقیے کی مستقل حرکت ایک اثری تموج پیدا کر دے گی، جو اس کے بالکل مخالف ہوگا جو کسی قریب کے جوہر مین پیدا ہو، جس کا حلقہ پہلے جوہر کے حلقہ سے وضع مین مخالف ہو، تمام جوہر "شش و پنج" مین ہونگے ایک جو کام کریگا دوسرا اس کو زائل کر دیگا، ایسی حالت مین مادہ کا ایک ڈھیر کوئی مقناطیسی میدان نہ دکھلائے گا، اگر کسی طرح ہم تمام جوہرون کو ایسی وضع مین لا سکین کہ اُن کے برقیائی مدار یا حلقے سب ایک ہی مستوی مین آجائین تو جو نتیجہ حاصل ہوگا، وہ شکل (۱) مین دکھلایا گیا ہے،

شکل ۱

فولادی مقناطیس کی اندرونی ترتیب

اس شکل مین سلاخی مقناطیس کا ایک سرا دکھلایا گیا ہے، اور اندر جو چھ حلقے دکھلائے گئے ہین، وہ چند جوہر ہین،

---

[1] اگرچہ ہم جوہرون کو بالکل تتر بتر حالت مین تصور کرتے ہین تاہم یہ فراموش نہ کرنا چاہیے کہ ان کی اس ابتری مین بھی ایک نظم ہے، وہ درحقیقت ننھے ننھے حلقون یا گروہون مین تقسیم ہو جاتے ہین بہرحال جو نتیجہ پیدا ہوتا ہے، اس کے لحاظ سے ہم یہی کہہ سکتے ہین کہ وہ تتر بتر حالت مین ہین،

جن سے فولادی سلاخ مرکب ہے، چھوٹے پیکانون سے وہ سمتین بتلائی گئی ہین جن مین جوہر کے گرد برقیے گردش کرتے ہین، واضح رہے کہ برقیون کی مجموعی حرکت سے مراد برقیون کی ایک رو ہے، جو مقناطیس کے جسم کے گرد چکر لگاتی ہے، جیسا کہ بڑے پیکانون سے دکھلایا گیا ہے، ادھر یہ بتلایا جاچکا ہے، کہ برقیون کی مستقل حرکت اثیر احول کو متہیج کردیتی ہے جس سے فولادی سلاخ کے گرد ایک مقناطیسی میدان پیدا ہوجاتا ہے،

شکل مین چھ جوہر ہین جن کے برقیائی مدار ایک ہی مستوی مین واقع ہین، ہم اس کو مقناطیس ہوئے لوہے کے ٹکڑے کی ایک تراش سمجھ سکتے ہین،

واضح رہے کہ مقناطیس کے گرد برقیون کے سیل کی بجائے اب اس کا معاول ہوگا، اثیر مین تموج اسی طرح پر ہوگا کہ گویا برقیے بجائے اپنے چھوٹے مدارون مین گھومنے کے لوہے کے ٹکڑے کے گرد گردش کر رہے ہین، صورت حال یون ہے کہ گویا لوہے کے ٹکڑے کو حلقہ کیے ہوئے ایک تار ہے جس پر برقیائی رو دوڑ رہی ہے اور اسی خیالی تار کے گرد ایک مقناطیسی میدان پیدا ہوگیا ہے،

تقریر بالا مین برقیائی قصے کو نظر انداز کردین، تو مقناطیسیت کا یہ نظریہ دو تین نسلون سے مسلم چلا آتا ہے ہم اب تک اسی کے عادی رہے ہین، کہ لوہے کے سالمے کو ایک چھوٹا سا مقناطیس سمجھین جس مین شمالی اور جنوبی قطب ہین، لوہے کی معمولی حالت مین یہ ننھے ننھے مقناطیس تتر بتر ہوتے ہین، اسی طرح ایک کا عمل دوسرا زائل کردیتا ہے، اور خارج مین کوئی مقناطیسی اثر نہین ہوتا، لیکن جب اس لوہے پر کوئی مقناطیس رگڑا جاتا ہے، تو یہی ننھے سالمی مقناطیس گھوم کر اپنے شمالی قطب ایک ہی سمت مین لے آنے پر مجبور ہوجاتے ہین یہی ننھے ننھے سالمی مقناطیس جب لاکھون کرورون کی تعداد مین عمل کرتے ہین، تو اثیر محیط مین ایک قابل لحاظ مقناطیسی میدان پیدا کردیتے ہین لوہے کے ایک سرے پر تمام سالمی شمالی قطبون کا رُخ باہر کی جانب ہوتا ہے، اور اسی طرح دوسرے سرے پر جنوبی قطب باہر کا رُخ کیے ہوتے ہین، اسی وجہ سے لوہے کا مقناطیسی ٹکڑا واضح طور سے شمالی اور جنوبی قطب ظاہر کرتا ہے، اگر ہم مقناطیس کے دو ٹکڑے کردین، تو اب بھی ہر ٹکڑے کے ایک سرے پر شمالی قطب ہوگا اور دوسرے پر جنوبی،

مقناطیسیت کے اس سالمی نظریہ کی تائید میں بہت سے واقعات پیش کئے گئے ہیں، ہم کو معلوم ہے کہ جب فولاد کے سالمے مقناطیس کے اثر سے گھوم جاتے ہیں، تو وہ آسانی سے اپنی پہلی وضع نہیں اختیار کرتے، اسی وجہ سے ہم دیکھتے ہیں کہ فولاد مستقل مقناطیس بنجاتا ہے، فولاد کو تھوڑے سے کوٹ کر یا اس کو سُرخ انگارا بناکر ہم اس سالمی ترتیب کو بدل سکتے ہیں، پہلی صورت میں ہم کو بہت جلد معلوم ہو جائے گا کہ اچھی طرح کوٹنے کے بعد مقناطیس معتدبہ طور سے کمزور ہو گیا ہے، اور دوسری صورت میں ہم کو معلوم ہوگا کہ حرارت سے مقناطیسیت بالکل زائل ہو گئی ہے، کیونکہ سالمے اب اپنی پہلی ترتیب یا غیر منظوم حالت میں واپس ہوگئے ہیں،

جب کوئی آہنی جہاز زیر تیاری ہوتا ہے تو زمین کے مقناطیسی قطب لوہے کے سالمی مقناطیسوں کو گھما دینا چاہتے ہیں تاکہ اُن کے مقناطیسی قطب شمالاً جنوباً واقع ہو جائیں، یہ واقعی تعجب انگیز ہے کہ میخوں کو ٹھوکنے سے سالمی مقناطیس زیادہ آسانی سے زمین کی کشش سے متاثر ہو جاتے ہیں، کچھ زیادہ عرصہ نہیں ہوا کہ تیاری کے دوران میں ایک دُخانیہ پر کچھ دلچسپ تجربے کئے گئے، میخ ٹھوکنے والوں کی ہڑتال کی وجہ سے سارے جہاز پر چادر چڑھ چکی تھی، اور عرشے وغیرہ بن چکے تھے، لیکن صرف پانچ فی صدی میخیں نصب کی گئی تھیں، جہاز کی مقناطیسیت کا احتیاط سے ملاحظہ کر لیا گیا، ہم جہاز کو لوہے کا ایک ڈھیر سمجھ رہے ہیں، جس کو زمین مقناطیسیت کرنا چاہتی ہے ہم یہ فرض کر لیں گے، کہ اس مرحلہ پر زمین میں جتنی مقناطیسیت ہونی چاہئے، اس کا پچیس فی صدی جہاز میں موجود ہے، ایک مہینہ معاملات یوں ہی رہے، یہاں تک کہ میخ ٹھوکنے والوں نے پھر کام کرنا شروع کیا، اس وقت سالمی مقناطیسوں کو زمین کی کشش کے اتباع کا اچھا موقع مل گیا، جسوقت میخ ٹھونکنے والوں نے چالیس فی صدی میخیں نصب کر دیں، اس وقت جہاز کی مقناطیسیت بقدر تیس فی صدی کے زیادہ ہو گئی تھی، اور جیسے جیسے ٹھکائی ہوتی رہی مقناطیسیت بڑھتی رہی،

مقناطیسیت کے دو اسباب کا ہم نے ذکر کیا ہے، پہلے کو تو ہم طبعی مقناطیسیت کہہ سکتے ہیں، اس میں لوہا زمین کی مقناطیسیت کے زیر اثر مقناطیسی بنجاتا ہے، زمین میں جو مقناطیسی پتھر یا طبعی مقناطیس پائے جاتے ہیں، اس کا بھی سبب یہی ہے، دوسرا

سبب یہ ہے، اس کا بھی ذکر ہو چکا ہے، کہ مستقل مقناطیس سے رگڑ کر لوہا مقنایا جائے۔ ان ننھے ننھے سالمی مقناطیسوں کے
متاثر کرنے کے دیگر ذرائع سے بھی ہم واقف ہیں ہم جانتے ہیں کہ اگر ایک مقناطیس تار کے ایسے لچھے کے قریب رکھدیا
جائے جس میں سے برقیوں کی رو گذر رہی ہو (جیسا کہ مرقع مقابل صفحہ ۷۲ میں دکھلایا گیا ہے) تو مقناطیس فوراً گھوم جائیگا
اور لچھے کے رُخ پر علی القوائم وضع اختیار کر لیگا۔ اس مرقع کو دیکھو اور یہ تصور کرنے کی کوشش کرو کہ مقناطیسی سوئی
لوہے کے ٹکڑے میں ایک بدرجہ غایت کبر سالمہ ہے جسکو تار کا لچھا حلقہ کئے ہوئے ہے، جب حلقہ کرنے والے
تار پر رو گذرتی ہے، تو یہ کبر سالمہ گھوم جاتا ہے، لچھے کے اندر ساری فضا، کو اسی جیسے دیگر مقناطیسوں سے پر تصور کرنا
کچھ مشکل نہیں، جو سب کے سب مقناطیسی میدان کے اثر کا اتباع کریں۔ اس طریقہ پر برقیاوی رو کے حامل تار سے گھرے
ہوئے لوہے کے ٹکڑے میں جو کچھ واقع ہوتا ہے، اس کا واضح مفہوم حاصل ہو جاتا ہے،

مادہ کا ہر جوہر خواہ اس کو کسی نام سے پکاریں مستقل مداروں میں حرکت کرنے والے برقیوں پر مشتمل ہوتا ہے اسلئے
ہم ہر شے میں مقناطیسی اثرات پاتے ہیں، اگرچہ اکثر صورتوں میں یہ اثرات بہت کمزور ہوتے ہیں نکل اور کوبالٹ میں
مقناطیسی اثرات قابل لحاظ ہوتے ہیں، اگرچہ لوہے کے مقابلے میں بہت کمزور ہوتے ہیں تاہم، مینگنیز اور ایلومینیم کی
اکثر بھرتیں خاصے مقناطیسی اثرات دکھلاتی ہیں، لیکن لوہا ان سب میں اونٹ و بکری کی مثال ہے، لوہے کے جوہر
کی ساخت میں کوئی نہ کوئی خاص بات ہوگی جس کی وجہ سے جوہر آہن اثیر پر اتنا زبردست عمل کرتا ہے کہ دوسرے
جوہر نہیں کرسکتے، یہ خیال پیش کیا گیا ہے کہ آہنی جوہر میں ایک یا ایک سے زیادہ برقیہ جوہروں کے معمول کے خلاف
ایک بہت بڑا مدار طے کرتا ہے، یا یہ ہو کہ برقیے ایک ہی مستوی میں گردش کرتے ہوں، ان برقیوں کی حرکت انسان
کے قابو میں نہیں، وہ لوہے میں برابر حرکت کرتے رہتے ہیں، لوہے کے ہر ٹکڑے میں مقناطیسی طاقت ہوتی ہے
لیکن جیسا کہ ہم بیشتر دیکھ چکے ہیں، وہ اس وقت تک ظاہر نہیں ہوتی، جب تک کہ چھوٹے چھوٹے لاکھوں مقناطیسی
میدان سب مل کر ایک ہی مستوی میں عمل نہ کریں، یا جب تک کہ تمام ننھے ننھے زحل اپنے حلقوں کو ایک سمت میں نہ
لے آئیں، اس حالت میں لوہا مقناجاتا ہے،

اگر لوہے کی مقناطیسی قوت فی الحقیقت اس کی ذاتی قوت ہے، تو یہ توقع بالکل حق بجانب ہے، کہ اسکی طاقت کے لئے کوئی معین حد ہونی چاہیئے، عرصہ ہوا کہ یہ صورت آشکارا ہو چکی تھی، یہ عیاں ہو گیا تھا کہ مقناطیسیت ایسی کوئی شئے نہیں ہے، جو لوہے میں ہم داخل کر رہے ہیں، جیسا کہ جسم کو برق سے بھرتے وقت ہوتا ہے، مقناطیس کی صورت میں ہم کو معلوم ہوا کہ بہت جلد ایسا مقام آجاتا ہے، کہ اس سے زیادہ مقناطیسیت میں اضافہ ناممکن ہو جاتا ہے، اس حالت کو "نقطہ سیری" کہتے ہیں، دیگر قسموں کی طرح اس میں بھی اچھا نام منتخب کیا گیا، لفظ سیری سے ذہن میں فوراً یہ خیال آتا ہے کہ لوہے میں کوئی چیز بھر دی گئی، اپنے موجودہ علم کی روشنی میں ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جب ننھے ننھے زحلوں کو گھما کر جتنی اچھی وضع میں ممکن تھا لا چکے، تو ہم حد کو پہونچ گئے، اب ان کی چھوٹی چھوٹی قوتوں میں ایسا کامل ارتباط ہو گیا ہے جتنا کہ ممکن تھا،

اب یہ واضح ہو گیا ہو گا کہ کس قسم کے مقناطیس سے بہترین نتائج حاصل ہو سکتے ہیں، تار کے لچھے کے گرد، جس پر سے برقیاوی رو دوڑ رہی ہو، ایک مقناطیسی میدان پیدا ہو جاتا ہے، لیکن وہ نسبتہً کمزور ہوتا ہے، تاہم یہی مقناطیسی میدان لوہے کے ٹکڑے میں مقید چھوٹی چھوٹی لاکھوں مقناطیسی قوتوں پر عمل کر سکتا ہے، اس لئے ہمارے لئے بہترین تدبیر یہی ہے کہ لوہے کے ایک ٹکڑے کے گرد تار کا ایک لچھا لپیٹ دیں، اور کسی مورچہ یا دوسرے برقی مبدأ سے ایک برقیائی رو تار پر دوڑاتے ہیں،

مذکورۂ بالا ترتیب، ظاہر ہے کہ ایسی ہے، جس سے ہم کو بہترین ممکنہ مقناطیس حاصل ہو سکتا ہے، چونکہ نرم لوہے کے ذرات رو کے اثر میں جلد آجاتے ہیں، اور سخت فولاد کے ذروں کو دیر لگتی ہے، اس لئے ہم قلب نرم لوہے کے برقاطیس[1] سے بناتے ہیں، اس میں ایک نفع اور ہے، اور یہ کہ جوں ہی کہ ضابطہ برقیائی رو روک دی جاتی ہے، لوہے کی لاکھوں چھوٹی چھوٹی مقناطیسی قوتیں اپنی غیر منظم حالت میں واپس آجاتی ہیں، اور مقناطیسیت کا شائبہ تک باقی نہیں رہتا، پس ہم کو ایک ایسا مقناطیس حاصل ہو جاتا ہے، جو ہماری مرضی پر جذب و دفع کرتا ہے، اس قسم کے مقناطیسوں سے

---

[1] برقاطیس = برقی + مقناطیس = برقی مقناطیس (مترجم)

جو مختلف النوع کام لئے جاتے ہین، ان کی تشریح ہماری کتاب برق حاضر مین ملے گی،

ہم کو محض اس خیال پر نہ اکتفا کرلینا چاہئے کہ برقاطیس کا نرم آہنی قلب پچھے کے گرد مقناطیسی میدان کو محض مرتکز کردیتا ہی، پچھے کا کمزور مقناطیسی میدان نرم لوہے کی اندرونی قوتون کو ابھارتا ہے تار پر برقیون کے بہاؤ کو بڑھا کر تار کے پچھے کے گرد مقناطیسی میدان کو ہم زیادہ کرسکتے ہین لیکن لوہے کے ٹکڑے مین مقناطیسی توانائی مستقل ہوتی ہے، مقناطیس کا طاقتور یا کمزور ہونا یہی ہے، کہ اس کی جوہری برقیائی رو مین زیادہ ل کر عمل کرتی ہین، یا کم،

لوہے اور دیگر مقناطیسی اشیا مین ہم یہ فرض کرتے ہین کہ عامل برقیون کے مدار اتنے بڑے ہوتے ہین کہ وہ جوہرون کی درمیانی فضا مین سے بھی ایک دوسرے پر عمل کرسکتے ہین اس لحاظ سے لوہا سب پر فائق ہے، اور ڈاکٹر ہائسلر کی بھرتین جن کا ذکر پہلے آچکا ہے، دوسرے نمبر پر ہین، اُن کے بعد کہین جا کر نکل اور کوبالٹ کا نمبر آتا ہی،

مرقع مقابل منٹ ۳ مین مین نے یہ دکھلانے کی کوشش کی ہے کہ مقناطیسی میدان حقیقی ایثری تموج ہوتا ہی، تم دیکھو گے کہ ایک بڑے برقاطیس سے کچھ فاصلہ پر لوہے کی ایک معمولی سیخ رکھی ہے، اس پر بھی نرم آہنی سیخ کے ذرات تہیج ایثر سے اس حد تک متاثر ہوتے ہین کہ سیخ جاذبہ کی قوت کے خلاف ایک کنجی کھینچ سکتی ہی، درمیانی ہوا کا اس طاقت برداری مین کوئی حصہ نہین، کیونکہ یہی تجربہ خلا مین بھی کیا جاسکتا ہی، بڑے برقاطیس کے گرد حقیقی ایثری تہیج ہوتا ہے اور اس ایثری تہیج کا لوہے پر حقیقی اثر ہوتا ہی جس سے لوہے کے اندر کے ننھے ننھے لاکھون مقناطیس ایک دوسرے کی سیدہ مین آجاتے ہین، اور اپنی قوتین ملالیتے ہین،

دوسری تصویر مین ہم ایثری تہیج سے مقناطیس کی طرف ایک کنجی کھینچی دیکھتے ہین کوئی شخص یہ خیال ہرگز نہ کریگا، کہ انگلی مقناگئی ہی، وہ تو محض کنجی کو مقناطیس تک پہنچنے سے روک رہی ہی، اگر ہم کنجی مین ایک ڈورا باندھدین، اور ڈورے کو زمین مین باندھ دین، تو کنجی ہوا مین معلق ہو جائے گی، کیونکہ ڈورے سے بھی وہی کام نکلے گا، جو مرقع مین انگلی سے دکھلایا گیا ہے،

برقیائی نظریہ کے وجود مین آنے سے بہت پیشتر فیرڈے[۱] نے مقناطیس کے گرد اثیر مین خطوط قوت کا ہونا تسلیم کیا تھا۔ ایسے خطوط کے وجود کو ظاہر کرنے کے لئے کاغذ کے ایک تختے پر کچھ لوہے کا برادہ چھڑک دو، کاغذ کے نیچے ایک مقناطیس رکھو، تو آہن ریزے خطوط قوت پر ترتیب پاجائین گے۔ تصویر متقابل صفحہ ۷۶ مین جو شکلین دی گئی ہین وہ اسی طرح بعض طالب علمون نے حاصل کی تھین۔ آہن ریزے جو وضعین اختیار کرتے ہین۔ اُن کو برقرار رکھنے کیلئے کاغذ پر معدنی موم (پیرافین) چڑھا دیا جاتا ہے، جب شکلیں بن جاتی ہین تو کاغذ گرم کردیا جاتا ہے، جس سے آہن ریزے ٹھنڈے ہونے پر موم مین چپک جاتے ہین۔ یہان ہم کو اس امر کی مثال ملی کہ سالمون کا ایک مجموعہ دوسرے مجموعہ کی سالمی زد مین آگیا یہانتک کہ وہ ایک دوسرے کو قوت اتصال سے جذب کرنے لگے۔

موجودہ باب مین ہم نے اثیر مین اس تموّج کا ذکر کیا ہے، جو برقیون کی ہموار حرکت سے پیدا ہوتا ہے۔ تار پر برقیون کی حرکت تار کے گرد مقناطیسی میدان کردیتی ہے، یہ امر بھی دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ اثیر محیط مین برقیون کے روان کردینے اور روک دینے کا کیا اثر ہوتا ہے۔

———·———

[۱] Michael Faraday میکائل فیرڈے (۱۷۹۱ء تا ۱۸۶۷ء) ابتدا از ایک جلد بند تھا، لیکن اپنی محنت اور خداداد ذہانت کی بدولت انگلستان کی رائل انسٹیٹیوشن مین کیمیا کا پروفیسر ہوگیا، برق پر اس کے تجربے اور مقالات بہت مشہور ہین۔ (مترجم)

مقناطیس کے گرد خطوط قوت

آٹھواں باب

متحرک برقیوں کے متعلق مزید معلومات

ہمارا روزمرہ کا تجربہ ہم کو بتلاتا ہے کہ تمام مادہ بہت سست ہے، اس کو حرکت مین لانے کیلئے قوت کے استعمال کی ضرورت ہوتی ہے، ٹھیلہ چلانے کی صورت مین رگڑ پر غالب آنا پڑتا ہے۔ پس جب کہ ٹھیلہ حرکت مین آجائے تو بھی اسکو حرکت مین رکھنے کے لئے قوت کے مسلسل استعمال کی ضرورت ہوتی ہے، ٹھیلہ والے کو اس کا علم ہوتا ہے اگرچہ اس کو اسکا سبب نہ معلوم ہو،

یہ کہنا کہ مادہ کاہل ہے، یا یہ کہنا کہ جس وقت حرکت مین آجائے تو رکنا نہین چاہتا، دونون کی حیثیت مساوی ہے بلاشبہ ٹھیلہ والے کو اس پر یقین کرنے مین بہت دشواری ہوگی کیونکہ اس بیچارے کو تو اپنی ایڑی تک کا زور ٹھیلہ کو حرکت مین رکھنے کے لئے لگانا پڑتا ہے لیکن اس کا سبب یہ ہے کہ ٹھیلے کے پہیون اور سڑک کے درمیان رگڑ بہت زیادہ ہوتی ہے، اس سے کہو کہ ٹرام وے کی پٹریون پر اپنا ٹھیلہ لے جائے تو اس کو معلوم ہوگا کہ اس کا آدھا بوجھ تو کم ہوگیا، ظاہر ہے کہ رگڑ بہت کچھ کم ہوگئی، اب پہیون کی حرکت مین اتنی مزاحمت نہین ہوتی، اس سے کہو کہ اپنے ٹھیلے سے پہیئے نکال دے اور پھر اس کو کھینچے، اس کو معلوم ہوگا کہ اب حرکت دینا بھی ناممکن ہے، غالباً ٹھیلہ والا کم ازکم اتنا تو تسلیم کریگا کہ بہت کچھ رگڑ کی مزاحمت پر موقوف ہوتا ہے لیکن اس بیان کی تائید مشکل ہی سے کریگا کہ مادہ حرکت کرنے مین جتنا سست ہے اتنا ہی حرکت کے بعد ٹھہرنے مین بھی ہے،

سیاروں کو سورج کے گرد اپنے طویل سفر میں کسی رگڑ یا مزاحمت سے دو چار ہونا نہیں پڑتا، اور اُن کی حرکت مسلسل فی الحقیقت صحیح حرکت دوامی ہے لیکن مجھے اندیشہ ہے کہ فطرت کے اس زبردست مظاہرہ سے بھی محنتی ٹھیلہ والے کو اس امر کا یقین نہ آئے گا، کہ اگر خارجی مبادی کی وجہ سے مزاحمت نہ پیدا ہو، تو اوس کا ٹھیلہ از خود چلتا رہے گا،

اگر ہم کسی ایسی گولی کا خیال کریں جو کسی طاقتور بندوق سے سر کی گئی ہو تو ہم اس بات کا اندازہ کر سکتے ہیں کہ اپنے راستے میں وہ ہرگز رک جانے کے لئے آمادہ نہیں، اور فی الحقیقت اگر کوئی سد حائل زبردست مزاحمت نہ کرے، تو وہ گولی اس سد میں سے ہو کر گذر جائیگی، بالآخر گولی حالت سکون میں آجاتی ہے، کیونکہ ایک تو ہوا کی مزاحمت ہوتی ہے، دوسرے تجاذب اس کو زمین کی طرف لیجاتا ہے، حقیقت یہ ہے کہ چونکہ ہم تمام متحرک اجسام کو سکون میں آتا دیکھنے کے عادی ہیں، اس لئے ہمیں یہ اندازہ کرنے میں دقت ہوتی ہے، کہ یہ حالت خارجی قوتوں کے اثر سے پیدا ہوتی ہے، اگر ہم واقعی سنجیدگی سے اس مسئلہ پر غور کریں، تو ہم جلد اس کا اندازہ لگا سکیں گے، کہ مادہ از خود حرکت سے رک جانے میں اتنا ہی کاہل ہے، جتنا کہ حرکت میں آنے میں، مادہ کی یہ خاصیت اوس کا جمود کہلاتی ہے، یعنی مادہ جامد ہے۔

جو کچھ معمولی مادہ کی نسبت اب تک کہا گیا، وہ غیر مرئی برقیوں کے لئے بھی صحیح ہے۔ ان میں بھی جمود کی یہ خاصیت موجود ہے۔ وہ بھی اتنے ہی جامد ہیں جتنا کہ مادہ، بھاری ٹھیلہ کی طرح برقیوں کو بھی حرکت میں لانے کے لئے توانائی کے مزید صرف کی ضرورت ہوتی ہے، اور جب وہ حرکت کرنے لگیں تو اس وقت تک نہیں رکتے، جب تک کہ کوئی خارجی قوت نہ عمل کرے، جب خلائی نلی کے ایلومینیم کی دریچی کے ذریعہ سے اڑتے برقیے نکل رہے تھے، تو اون کی رفتار کئی ہزار میل فی ثانیہ تھی، اس پر بھی ہوا میں جو گیسیں تھیں، اُن کی مزاحمت کی وجہ سے وہ ایک انچ کے اندر اندر ہی رک گئے، برقیے از خود کبھی نہ رکتے، جس طرح افلاک پر حرکت دوامی دیکھتے ہیں، اسی طرح ہم اپنے دماغ کی آنکھوں سے برقیوں کو جوہر کے اندر دوامی حرکت میں دیکھتے ہیں، جہاں اون کو کسی مزاحمت سے سابقہ نہیں پڑتا، وہ حرکت

مین ہوتے ہین، اُن مین رُکنے کا اقتضا نہین ہوتا اور کوئی چیز ان کو روکنے والی بھی نہین ہوتی،

اب یہ دیکھو کہ کسی تار پر جب ہم برقیائی رو دوڑاتے یا بند کرتے ہین، تو کیا واردات گذرتی ہین، اگر اس تار کے آس پاس کوئی دوسرا تار ہو، اور یہ پہلے تار کے متوازی ہو، تو اس تار پر بھی برقیون مین تموج پیدا ہو جائے گا، ہر مرتبہ جب پہلے تار مین رو جاری یا بند کی جاتی ہے، تو دوسرے تار مین لمحے بھر کے لئے ایک رو گذر جاتی ہے ٹیلیفون کی کمپنیون کو اول اول اس کی وجہ سے بہت دقت اوٹھانا پڑی ٹیلیفون کے دو تارون کے ایک ہی ستونون پر ایک دوسرے کے متوازی ہونے کی صورت مین تیسرے شخص کو پاس والے تار پر دو شخصون کی گفتگو سننے کا موقع مل جاتا تھا ٹیلیفونی انجنیرون کو اس امر کی ضرورت محسوس ہوئی، کہ ستونون پر تار ایک خاص طریقہ پر لگائے جائین؛ یعنی ستونون کے ایک طرف سے دوسرے طرف لیجانے مین تارون کو متقاطع کر دیا جائے، تاکہ وہ متوازی نہ رہین؛ یہ اس زمانہ کا ذکر ہے کہ جب ٹیلیفون اکہرے خط اور ارضی دور پر چلتے تھے۔ اب چونکہ کامل دھاتی دور استعمال کئے جاتے ہین، یہ دقت نہین محسوس ہوتی، ہوا سے اس صورت کے کہ خطوط بہت طویل ہون، کوئی بیس برس ہوئے یہ واقعہ میرے گوش گذار ہوا تھا،:-

لندن کے بعض چندہ دہندگان ٹیلیفون نے شکایت کی کہ اُن کے ٹیلیفونون مین کھٹ کھٹ کی آواز آتی ہے، اور دوران گفتگو مین بہت تکلیف دہ ہو جاتی ہے، دیکھنے پر معلوم ہوا کہ ان چندہ دہندگان کے تار ایسی سڑک پر سے گذرتے تھے، جن کے نیچے تلغرافی طنابین تھین، اب ان تکلیف دہ آوازون کے سبب مین کوئی شبہہ نہ رہا، وہ فی الحقیقت تلغرافی اشارے ہی تھے ٹیلیفون کے تار کے ستون اونچی سی اونچی عمارت کی چوٹیون پر تھے، اور تلغرافی تار زمین دوز تھے۔ اس پر بھی زمین دوز تارون مین برقیا دی رو بلاشبہہ اونچے ٹیلیفونی تارون مین برقیون کو متحرک کر رہی تھی، ایک تار کے برقیے دوسرے تار کے برقیون کو کیونکر متاثر کر سکتے تھے؟ محض درمیانی ایثر کو متہیج کر کے جو خود دوسرے تار کے برقیون کو متہیج کرتا ہے

یہان اس امر کا بیان کر دینا مناسب ہوگا کہ تار پر بہنے والی برقی رو کی صورت مین بھی مثلاً دور کے کسی تلغرافی آلے تک یا برقی گھنٹی تک توانائی فی الحقیقت تار کے گرد ایثر مین سے ہو کر جاتی ہے، با [illegible] یہ کہا جاتا ہے کہ ایثر کی

تموج کے لئے تلغرافی تار محض دلیل راہ ہے لیکن تار محض رہبری نہین، بلکہ کچھ اور بھی ہے تار ہی کے اندر برقیے حرکت کرتے ہین، اور اس طرح اپنے برقی اور مقناطیسی میدانون کی حرکت سے اثیر محیط کو متہیج کردیتے ہین،

ایک دوسرے کے متوازی دو تارون کا پھر ذکر کرتے ہین، جب ہم ایک تار مین برقیون کو روان کردیتے ہین تو دوسرے تار مین ایک آنی برقیائی رو پیدا ہوتی پا ما لہ پاتی ہے، یہ تہیج صرف دوسرے ہی تار پر ہوتا ہے، اس وقت جب کہ برقیے پہلے تار پر روان کئے یا روکے جائین، ان آنی رودون کی سمت معلوم کرنا بہت دلچسپ ہے، اور بغرض سہولت ہم ایک تمثیل پیش کرتے ہین،

اگر کوئی مسافر ریل کی گاڑی یا ٹریم مین کھڑا ہو، اور بحالت سکون ہو، تو جب وہ گاڑی دفعتہً آگے کی طرف حرکت کرنا شروع کرے گی تو مسافر کو پیچھے کی طرف ایک جھٹکا محسوس ہوگا یعنی اس کی سمت اس قوت کی سمت کے خلاف ہوگی، جو پہیے مین آگے کی طرف حرکت پیدا کرتی ہے، بہت کچھ اسی طریقہ پر دوسرے تار کے برقیے پیچھے کی جانب دفعتہً ایک جھٹکا محسوس کرتے ہین، اس کی سمت پہلے تار بر ضابطہ رو کی سمت کے خلاف ہوگی، پھر اگر کوئی ریل یا گاڑی خاصی تیز رفتار سے جا رہی ہو اور وہ دفعتہً رک جائے تو جو مسافر اس مین کھڑا ہوگا، وہ آگے کی طرف جھک جائے گا جس طرف کہ گاڑی جا رہی تھی، بالکل اسی طرح جب پہلے تار پر رو بند کردیجاتی ہو تو دوسرے تار مین برقیے آگے کی طرف جھٹکا پاتے ہین، مسافر کو ریل کے چل پڑنے سے اتنی چوٹ کا اندیشہ نہین جتنا کہ اس کے یکبارگی رُک جانے سے ہوتا ہے، آخرالذکر صورت مین حرکت کی تبدیلی بہت زیادہ ہوتی ہے، ممکن ہو کہ ریل چالیس میل فی گھنٹہ کی شرح سے حرکت کر رہی ہو، پھر اس کی حرکت آن کی آن مین صفر ہو جائے، لیکن صفر سے آغاز کرنے پر تبدیلی بہت تدریجی ہوتی ہے، کسی ریل کی رفتار صفر سے یکبارگی چالیس میل فی گھنٹہ کردینا ناممکن ہے، برقیے کی بھی یہی صورت ہے، جب پہلے تار پر برقیے دفعتہً روک دئے جاتے ہین تو گردا گرد کے اثیر مین جو اثر ہوتا ہے، وہ اس سے بہت زیادہ ہوتا ہے جو اُن کو حرکت مین لاتے وقت مترتب ہوتا ہے، بنابرین دوسرے تار مین جو دو آنی رودین پیدا ہوتی ہین، اُن مین پہلے تار پر رو کے توڑ سے پیدا شدہ رو زیادہ اہم سمجھی جاتی ہے، اور واقعی یہ اتنی اہم

کہ بسا اوقات ہم پہلے تار پر جوڑ سے پیدا شدہ رو کو نظرانداز کر سکتے ہین،

جب تک کہ پہلے تار پر برقیائی رو ہمواری کے ساتھ بہتی رہے، اس وقت تک اس کے گرداگرد ایثر مین ایک مستقل برقاطیسی میدان قائم رہتا ہے، لیکن دوسرے تار کے برقیے اس سے متاثر نہین ہوتے، یہ صرف برقیون کے روان کرنے (جوڑنا) یا روک دینے (توڑ) کے وقت ہی ہوتا ہے کہ دوسرے تار کے برقیے لحظہ بھر کے لیے حرکت مین آجاتے ہین،

یہان یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کتنے فاصلے تک ایک تار دوسرے تار کے برقیون کو متحرک کرتا رہے گا، سر[ل] ولیم پریس جب کہ وہ برطانوی ڈاکخانہ مین صدر انجینیر تھے کئی میل دور دو متوازی طویل تارون مین اس طرح پر رو پیدا یا امالہ کرنے مین کامیاب رہے تھے، لاسلکی تلغراف کا یہ سب سے پہلا طریقہ تھا، لیکن کچھ زیادہ فاصلہ پر کام نہین دیسکتا تھا کیونکہ جب دو تارون کے درمیان فاصلہ بڑھایا گیا تو لازم آیا کہ اُن کا طول بھی زیادہ کیا جائے، یہ دقت یون رفع ہوجاتی کہ لچھے کی صورت مین لپیٹنے کے بعد بھی تارون کا عمل وہی رہتا لیکن یہ محال ہے، کیونکہ لچھون کی صورت مین ایثری تموج مرتکز ہوجاتا ہے اور پھر اسی لچھے کے دوسرے برقیون پر عمل کرنے لگتا ہے، اس عمل کو اصطلاح مین ذاتی امالہ کہتے ہین، بیشتر اس کے کہ ایک لچھے کے برقیے دوسرے لچھے کے برقیون پر عمل کرسکین، ان کو نزدیک ہونا چاہیے، دو قریب کے لچھون کے عمل کی توضیح امالی لچھے سے ہوتی ہے جس کا ذکر پہلے بھی آچکا ہے، اور جس سے اکثر قارئین شاید لاشعاعون کے سلسلے مین واقف ہو چکے ہون،

ہم جو کچھ یہان تبلانا چاہتے تھے، وہ صرف اس قدر ہے کہ دوسرے لچھے مین جو آنی روین پیدا ہوتی ہین، وہ ایک مقناطیسی میدان کے قائم اور غائب کردینے سے پیدا ہوتی ہین، یا بالفاظ دیگر متحرک مقناطیسی میدان سے جس صورت پر ہم ابتک بحث کرتے رہے، اسمین تار کے ایک لچھے مین برقیاوی رو جلد جلد روان ہوتی اور رکتی ہے، ہر مرتبہ جب کہ برقیے حرکت مین آئین گے، تو تار کے گرد ایک مقناطیسی میدان پیدا ہوجائیگا، جو برقیون کی حرکت رک جانے پر غائب

له Sir William Preece (۱۸۳۴ء، ۱۹۱۳ء) ۱۸۵۲ء سے انگلستان کے محکمہ برقیات مین کام کرتے رہے اور لاسلکی کے تجربون مین مارکونی کے ساتھ تھے (مترجم)

ہو جائے گا، ہم یہ تصور کر سکتے ہیں کہ مقناطیسی خطوط قوت یکبارگی داخل کئے گئے، اور واپس لے لئے گئے، لیکن ہر متحرک مقناطیسی میدان سے یہ مطلب حاصل ہو سکتا ہے۔ تار کے لچھے کے آس پاس ہم ایک سادہ فولادی مقناطیس کو پھرائیں تو لچھے میں وہی آنی رو یں پیدا ہو جائینگی، ہم مقناطیس کو حالت سکون میں رکھیں، اور لچھے کو متحرک کر دیں، تو بھی وہی نتیجہ حاصل ہو گا۔ میکائیل فریڈے کا یہی زبردست انکشاف تھا۔ ۱۸۳۱ء میں جب لندن کے معہد شاہی میں وہ تجربہ کر رہے تھے تو ان کو معلوم ہوا کہ جب مقناطیس کے قطبوں کے درمیان کسی لچھے کو حرکت دی جائے، تو لچھے میں ایک آنی برقی رو پیدا ہو جاتی ہے۔ فریڈے کے تصور میں لچھا مقناطیسی خطوط قوت کو قطع کرتا تھا، اور اسی کا نتیجہ تھا کہ تار کے لچھے میں ایک آنی برقی رو والہ پا گئی، آج ہم زیادہ تفصیلی تصویر کھینچتے ہیں، ہم تصویر میں نام نہاد مستقل مقناطیس میں فولادی جوہروں کے گرد برقیوں کو گھومتا دیکھتے ہیں، یہ متحرک برقیے اثر محیط کو متہیج کرتے ہیں، اور وہ حالت پیدا کر دیتے ہیں جس کو مقناطیسی میدان کہتے ہیں، پھر جس وقت تار کا یہ لچھا اس متہیج ایثر میں بسرعت غوطہ زن ہوتا ہے، تو تار میں تانبے کے جوہروں کے گرد برقیوں میں ایک فوری عاملیت آجاتی ہے، برقیے ایک جوہر سے منتقل ہو کر دوسرے جوہر تک پہنچتے ہیں، اور اس طرح ان متحرک برقیوں سے برقی رو پیدا ہو جاتی ہے۔

اب یہ ظاہر ہو گیا کہ تار کے لچھے کو مقناطیس کے گرد حرکت دینا یا مقناطیس کو لچھے کے آس پاس حرکت دینا دونوں مساوی ہیں، بالعموم سہولت اسی میں ہوئی ہے کہ مقناطیس کو مستقل رکھیں اور لچھے کو متحرک۔

مقناطیسی میدان میں داخل ہوتے یا اس کو چھوڑتے وقت تار کے لچھے میں برقیے جس انداز پر چلتے ہیں اس کی ذہنی تصویر کھینچنا دلچسپی کا باعث ہو گا، جھٹکا دینے والی گاڑی میں مسافر کی تمثیل کو پیش نظر رکھتے ہوئے، ہم دیکھتے ہیں، کہ جس وقت لچھا مقناطیسی میدان میں داخل ہوتا ہے، تو لچھے کے برقیوں کو ایک سمت میں دفعۃً ایک جھٹکا پہونچتا ہے، اور جب تار مقناطیسی میدان سے نکل جاتا ہے، تو اس وقت اس کے خلاف جھٹکا پہنچتا ہے، ہم دیکھ چکے ہیں، کہ ایک تار میں برقیے دفعۃً رواں کئے، یا روکے جائیں، تو دوسرے قریب کے تار پر کیا اثر پیدا ہوتا ہے، اس صورت میں ہم نے یہ پایا کہ برقیوں کے یکبارگی رکنے سے جو اثر پیدا ہوا

وہ اس سے بہت زیادہ تھا، جو نسبتاً تدریجی طور پر رواں ہونے سے ہوا تھا، لیکن موجودہ صورت مین حالات بالکل مختلف ہین، مقناطیسی میدان پیدا کرنے والے برقیے فولادی مقناطیس کے اندر مستقل اور منتظم حرکت مین ہین، اور وہ تانبے کے برقیے ہین، جو مقناطیسی میدان مین دفعۃً داخل اور پھر خارج کئے جاتے ہین، برقیے جس طرح مقناطیسی میدان مین یکایک داخل ہوتے ہین، اسی طرح اس سے یکایک خارج بھی ہو جاتے ہین پس اس صورت مین برقیے ایک سمت مین جتنا جھٹکا پاتے ہین، دوسری سمت مین بھی اُتنا ہی جھٹکا پہونچتا ہے۔ اگر پہیا یکسانیت کے ساتھ گردش مین رکھا جائے، تاکہ تار مقناطیسی میدان مین مستقل رفتار سے داخل اور اوس سے خارج ہو، تو تار مین برقیون کی ایک منتظم پس پیشی حرکت ہو گی، برقیون کا اس طرح جلد جلد اِدھر سے اُدھر ہونا اصطلاح مین برق کی تبادلی رَو[1] کہلاتا ہے،

ڈائنمو ایک سادہ مشین یا کل ہے، جن مین تار کے ایک لچھے کو جس کو ناظر[2] کہتے ہین، ایک زبردست مقناطیس کے دو قطبون کے درمیان جلد جلد گردش دی جاتی ہے، تمام ڈائنموں کے ناظرون مین یہ ادھر اودھر کی یا تبادلی رو ہوتی ہے، برقیے موج موج آگے بڑھتے ہین، پھر پیچھے ہٹتے ہین، اس سلسلہ کی ایک کتاب برق حاضر مین اس موضوع کے عملی رُخ سے بحث کی گئی ہے، اس مین بتایا گیا ہے کہ اس پس پیشی رو کو ہم برقی مستارون مین لے جاسکتے ہین، یا ہم چاہین تو ایک مقلب[3] کے ذریعہ سے ناظر مین اس تبادلی رو سے بیرونی مستارون[4] مین مستقیم یا مسلسل رو پیدا کرسکتے ہین،

برقیے کو بڑے پیمانہ پر متحرک کرنے کے لئے ڈائنمو سے بڑھ کر کوئی ذریعہ نہین، اگر ہم کو صرف چھوٹی سی

---

[1] Alternating Current

[2] اس کو انگریزی مین Armature یا Keeper کہتے ہین (مترجم) [3] یہ اس آلہ کا نام ہے جس کے ذریعہ سے ہم برقی دور کے کسی حصہ کی رو کی سمت بدل سکتے ہین، بدون اس کے کہ ہم تارون کو کھول کر دوبارہ کسی دوسری ترکیب سے جوڑین، اس کو انگریزی مین Commutator کہتے ہین (مترجم) [4] MAIN

برقی رو کی ضرورت ہو، تو اس مین زیادہ سہولت ہو گی کہ ہم کیمیادی ذرائع سے برقیون کو حرکت مین لائین، جیسا کہ معمولی مورچہ سے ممکن ہے، لیکن بڑی رودن کے لئے ہم کو ڈائنیمو کی میکانکی حرکت پر انحصار کرنا پڑتا ہے،

مورچہ مین کیمیادی توانائی برقی توانائی مین مستحیل ہوتی ہے، اور ڈائنیمو مین حیلی توانائی برقی توانائی مین مستحیل ہوتی ہے، اس مقام پر پہنچکر یہی سوال پیدا ہو گا کہ حقیقت مین توانائی کیا ہے؛

نواں باب

توانائی کیا ہے؟

جلد جلد روپ بدلنے والے ممثل یا اداکار ہمارے بزرگوں کے لئے تفریح کا سامان بہم پہنچایا کرتے تھے، اور اب بھی وہ کبھی کبھی تماشوں میں آجاتے ہیں۔ بعض اوقات تو وہ ایک ہی مجلس میں چار یا پانچ روپ بدلتے ہیں۔ ابھی حاضرین کے سامنے ایک شریر لڑکا ہے، جس نے اپنے دادا کو آتے ہوئے سُن لیا ہے، ڈر کے مارے دوڑ کے کسی میز یا الماری وغیرہ کی آڑ میں چھپ گیا، اور ادھر سے ایک بڑے میاں داخل ہوئے، فی الواقع روپ اتنا جلد بدلا جاتا تھا کہ کسی کو یقین بھی نہ آتا تھا کہ دونوں اشخاص ایک ہی بہروپیے کے جلوے ہیں۔ توانائی بھی بڑی بہروپیا ہے۔ کچھ نہیں تو آٹھ روپ بھرتی ہے، ایک روپ سے دوسرے روپ کو آن کی آن میں اختیار کرلیتی ہے۔

توانائی کی رواجی تعریف یہ ہے کہ وہ کام کرنے کی قابلیت کا نام ہے۔ اور کام اصطلاح میں اسوقت رونما ہوتا ہے جب فضا میں قوت پر غلبہ حاصل کیا جائے۔ واضح رہے کہ سائنس میں توانائی اور قوت دونوں کے مفہوم جداگانہ ہیں، اگرچہ روزمرہ میں ہم دونوں کو ایک دوسری کی جگہ استعمال کر جاتے ہیں۔ قوت وہ سبب ہے، جو کسی جسم کی حالتِ سکون یا خطِ مستقیم میں یکساں حرکت کو بدل دیتا ہے۔

یہاں تک تو یہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ قوت جسموں کو حرکت میں لانے کی قابلیت یا طاقت کا نام ہے لیکن

یہ تمام نہین ہے، اگر کوئی جسم پہلے ہی سے حرکت مین ہو تو اس کو روکنے کے لئے کچھ قوت صرف کرنے کی ضرورت ہے اگر فٹ بال کو ایک زبردست ٹھوکر ملے، تو اس کو روکنے کے لئے طاقت کی ضرورت ہوتی ہے اور کرکیٹ کھیلنے والون کو معلوم ہے کہ اگر ایک زبردست ضرب گیند کو لگے تو اس کو روکنا کس قدر مشکل ہوتا ہے،

اوپر کے بیان کو ہم حرکت کے پہلے کلیہ کی حیثیت سے تسلیم کرتے ہین، دوسو برس ہوئے سر اسحاق نیوٹن نے اس کو نہایت واضح طور پر بیان کیا تھا، اگرچہ حرکت کے تین کلیے جن کو نیوٹن نے بوضاحت بیان کیا تھا نیوٹن کے کلیات کی حیثیت سے مشہور ہین لیکن یاد رہے کہ یہی کلیات اس بیچارے بڈھے گیلیلو نے بھی دریافت کر لئے تھے، اگرچہ عدالت تعذیب کے ہاتھون بہت کچھ صدمے اٹھا چکنے کے بعد جس وقت اس نے حرکت پر اپنے مشہور مکالمات لکھے اس وقت وہ عملاً قیدی ہی تھا، کیونکہ اس کو حکم مل چکا تھا، کہ گھر سے باہر نہ جائے، اور نہ کسی سے ملاقات کرے،

۱۸۸۸ء کا واقعہ ہے کہ سحر ریاضی کے مصنف نے یہ لکھا تھا کہ اگر انسان کی سانس مناسب پہیون اور چرخیون پر استعمال کی جائے تو ایک شاہ بلوط کے درخت کو اکھاڑ سکتی ہے، مگر واضح رہے کہ یہ قوت عملاً کسی مقصد کی نہین، کیونکہ چھ لاکھ برس تک مسلسل تنفس کی ضرورت ہوگی، تب جا کر کہین اتنی توانائی بہم پہنچے گی، جو درخت کو اکھاڑ پھینکے،

جب فٹ بال کا کھلاڑی ٹھوکر مارنے کو ہوتا ہے، تو وہ گیند کو زمین پر رکھتا ہے، اور اپنے پاؤن پیچھے کی طرف سے لاکر ایک ٹھوکر رسید کرتا ہے، جس سے گیند مین معتدبہ توانائی آجاتی ہے، ایک جسم کے دوسرے جسم مین اپنی توانائی منتقل کر دینے کی مثال بلیرڈ کے کھیل مین ملتی ہے، تیزی سے حرکت کرتا ایک گیند ایک ساکن گیند سے بھرپور ٹکراتا ہے، اس پر اس کی تمام توانائی بظاہر منتقل ہو کر دوسرے گیند مین چلی جاتی ہے، اور وہ خود دفعۃً ساکن ہو جاتا ہے،

اب ہم کو اس امر کے تحقق مین کوئی دشواری نہ رہی کہ توانائی ایک جسم سے دوسرے جسم مین منتقل ہو سکتی ہے،

لیکن یہ انتقال بغیر ظاہری نقصان کے غیر معین مدت تک نہین ہوتا رہتا ۔ بلیرڈ کے گیندون کی ایک لمبی قطار خط مستقیم مین ترتیب وار تصور کرو ، اور ترکیب یہ رکھو کہ ہر گیند اپنے ماقبل و مابعد سے ذرا فصل پر رہے ، اب یہ دیکھو کہ پہلا گیند دوسرے گیند سے بھرپور ٹکراتا ہے ، دوسرے گیند مین تمام توانائی آجاتی ہے ، وہ اس کو تیسرے تک پہنچاتا ہے ، وعلی ہذا تمام خط پر ، لیکن جب دور کے گیندون تک توانائی منتقل ہوتی ہے ، تو جو توانائی ظہور کرتی ہے ، اس کی مقدار مین ہم نمایان کمی دیکھتے ہین ، اور اگر قطار کافی لمبی ہو تو تمام توانائی ختم ہو کے رہ جاتی ہے ، ہم یہ نہین کہہ سکتے کہ توانائی فنا ہو گئی ، کیونکہ جس طرح ہم کو دیگر ذرات مادہ وایثر کے فنا و تخلیق پر قدرت نہین ، اسی طرح توانائی کی فنا یا تخلیق پر ہم قادر نہین ، اب ہم اس امر سے مانوس ہو گئے ہین کہ تخلیق عالم کے وقت مادہ کی ایک معین مقدار اس سیارہ پر موجود کردی گئی ، اور اب ہم کو اس خیال سے بھی مانوس ہو جانا چاہیئے ، کہ توانائی کی بھی ایک معین مقدار اس دنیا کی مقدر کی گئی تھی ، ہم مادہ کی مجموعی مقدار مین نہ کچھ زیادہ کر سکتے ہین ، اور نہ کچھ کم ، ہم اس کو صرف ایک قسم سے دوسری قسم مین مستحیل کر سکتے ہین ، توانائی کی بھی بالکل یہی کیفیت ہے ہم اس کی مجموعی مقدار مین کوئی کمی بیشی نہین کر سکتے ہم صرف اس کو ایک قسم سے دوسرے قسم مین مستحیل کر سکتے ہین

جب وہ توانائی جو بلیرڈ کے پہلے گیند کو منتقل کی گئی ، اسی طرح منتقل ہوتی رہی ، تاآنکہ وہ بالآخر غائب ہو گئی ، تو وہ گئی کہان ؟ اس کا وجود کہین نہ کہین ہونا چاہیئے ، کیونکہ وہ فنا پذیر نہین ، اس نے اب آواز اور حرارت کا روپ بھر لیا ہے ، ہم اس امر کو اس وقت اچھی طرح سمجھ سکین گے ، جب ہم کو یہ معلوم ہو کہ توانائی کیا کیا صورتین اختیار کر سکتی ہے ،

توانائی کی وہ صورت جو سب سے زیادہ نمایان ہے ، وہ متحرک مادہ کی توانائی ہے ، توانائی جس روپ مین بھی ظاہر ہو اس کے لئے ہمین الگ نام رکھنا چاہیئے ، اس صورت مین ہم اس کو توانائی حرکت کہین گے ، ایک مثال لینے سے اس کا مفہوم بالکل واضح ہو جائیگا ، بلیرڈ کا گیند جب حرکت کرتا ہو تو اس مین توانائی حرکت

ہوتی ہے۔ اس میں یہ قابلیت ہے کہ وہ بلیرڈ کے دوسرے گیندوں کو متحرک کردے توانائی کی اس صورت کو زیادہ واضح نام دیا گیا ہے یعنی توانائی بالفعل، اب ہم کو توانائی کی ایک معین صورت یعنی توانائی حرکت یا توانائی بالفعل کی مثال مل گئی،

جب ہم تیر میں توانائی حرکت پیدا کرنا چاہتے ہیں تو ہم کمان کو اپنی طرف کھینچتے ہیں، اور پھر دفعۃً چھوڑ دیتے ہیں، پھر تیر توانائی بالفعل بڑی مقدار میں لئے ہوئے تیر ہو جاتا ہے، تیر کو حرکت میں لانے کا سبب کمان ہے، اس لئے کھچی کمان میں کچھ توانائی ہے، ہم اس کو کھچاؤ یا تناؤ کی توانائی کہہ سکتے ہیں لیکن چونکہ اصلی کھچاؤ بسا اوقات نظر نہیں آتا، اس لئے توانائی کی اس صورت کو ایک خاص نام دیدیا گیا ہے، اس کو توانائی بالقوۃ کہتے ہیں، اول اول یہ خطاب کچھ زیادہ واضح نظر نہیں آتا، فی الحقیقت یہ خیال پیدا ہو سکتا ہے کہ اڑتے تیر میں بھی توانائی بالقوہ ہے کیونکہ اس میں قوت یعنی طاقت ہے، لیکن لفظ کا یہ استعمال صحیح نہیں توانائی بالقوہ کا نام توانائی کی اس صورت کو دیا گیا ہے، جو نہ صرف کسی کھچاؤ بگاڑ یا فساد سے تعبیر ہو، بلکہ ہر وہ جسم جو اس طرح رکھا ہو، کہ آزاد ہونے پر وہ کام کرسکے، اپنے اندر توانائی بالقوہ رکھتا ہے، جب ہم کسی گھڑی کے لنگر کو اوٹھاتے ہیں، تو ہم اس میں توانائی بالقوہ پہنچاتے ہیں، اگرچہ اس صورت میں فساد یا بگاڑ کو ہم اتنی آسانی سے نہیں دیکھ سکتے جتنی کہ مثلاً گھڑی کی کمان کو کسنے میں اس صورت میں کمان پر جو فساد پیدا ہوتا ہے، وہ بہت نمایاں ہوتا ہے، اور ہم یہ کہتے ہیں کہ اس میں توانائی بالقوہ ہے، یہ ظاہر ہے کہ توانائی بالقوۃ توانائی بالفعل میں مستحیل ہو سکتی ہے، یا بالفاظ دیگر فساد کی توانائی حرکت کی توانائی میں مبدل ہو سکتی ہے، مثلاً کھچی کمان اور تیر کو کھینچ اوپر رکھے ہوئے وزنوں کو چھوڑ دینے پر گرتا دیکھو وغیرہ وغیرہ،

میری دانست میں اس میں سہولت ہوگی، اگر ہم یہ سمجھ لیں کہ توانائی کی جملہ صورتیں ان ہی دونوں میں سے کسی قسم میں ہونی چاہئیں، توانائی یا تو بالفعل ہوگی یا بالقوۃ، کام کرنے کی قابلیت صرف اسی جسم میں ہو سکتی ہے، جو پہلے سے حرکت میں ہو، یا اس جسم میں جو زیر فساد ہو، ہم تجاذبی توانائی بھی کہہ سکتے ہیں لیکن وہ ذیلی تقسیم ہے، وہ اثر میں فساد کی ایک صورت سمجھی جاتی ہے، ہم ایک پتھر کو زمین سے اوپر اوٹھاتے جاتے ہیں، زمین پھر پتھر کو اپنی طرف کھینچتی ہے،

رقاص کی حرکت کو دیکھو جس وقت وہ حالتِ سکون میں ہو اس میں کوئی توانائی نہیں، لیکن جب اسکے وزن دار جسم کو جاذبہ کی کشش کے خلاف ہم اٹھاتے ہیں تو ہم کو اس کے لئے کچھ توانائی صرف کرنا پڑتی ہے اس صورت میں ہم نے رقاص کو توانائی فسادیا توانائی بالقوۃ دی ہے، جو رقاص کے آزاد ہوتے ہی توانائی حرکت یا توانائی بالفعل میں مستحیل ہو جاتی ہے، واضح رہے کہ جب وہ گرنا شروع ہوتا ہے، تو وہ بتدریج اپنی توانائی بالقوۃ ضائع کر دیتا ہے اور توانائی بالفعل حاصل کر لیتا ہے، وہ اپنے سکون کی وضع سے گذر جاتا ہے، اور دوسری جانب اٹھنے لگتا ہے، جیسے جیسے وہ اٹھتا جاتا ہے، اس کی توانائی بالفعل کم ہوتی جاتی ہے اور توانائی فساد آتی جاتی ہے، یہاں تک کہ اپنے پینگ کے آخری نقطہ تک پہنچ کے اس کی توانائی بالفعل بالکل زائل ہو جاتی ہے، اور صرف توانائی بالقوۃ رہ جاتی ہے پھر اُن ہی استحالات کا ایک دور وہ پورا کرتا ہے، حرکت کے وہی کلیات ہر جگہ عائد ہوتے ہیں خواہ ہم مادہ کے مرئی ڈھیروں سے بحث کریں، یا غیر مرئی سالمات و جواہر سے، رقاص کی یہ پس پیشی حرکت بعینہٖ جوہر کی بھی حرکت ہے، جوہر میں توانائی ہوتی ہے، جو برابر بالفعل سے بالقوۃ میں تبدیل ہوتی رہی ہے، جیسا کہ رقاص میں ہم نے دیکھا، یہ ہم پہلے ہی دیکھ چکے ہیں کہ کسی جسم کی تپش اس کے جوہروں کے ارتعاش کی شرح کا نتیجہ ہوتی ہے، اس بناپر مرتعش جوہروں میں جو توانائی ہوتی ہے، اس کو ہم حرارتی توانائی کہتے ہیں، حرارتی توانائی چھوٹے پیمانہ پر محض ایک پس پیشی حرکت ہے، لیکن یہ توانائی کی ایک نمایاں صورت ہے، حرارتی توانائی میں استحالہ کی کیفیت کو ملاحظہ کرنا چاہیے،

لوہے کے ایک ٹکڑے پر ہم ایک گھن اٹھائے ہوئے ہیں، اسی حالت میں گھن میں توانائی بالقوۃ ہوتی ہے، اور جب اس کو آزاد کر دیا جائے تو وہ توانائی بالفعل ظاہر کرتا ہے، جو اس وقت غائب ہو جاتی ہے، جب کہ گھن لوہے پر پڑتا ہے لیکن دیکھنے پر معلوم ہوگا کہ لوہے کی تپش بڑھ گئی ہے، اس کے جوہروں میں توانائی زیادہ آگئی ہے اگر ہم بار بار کی ضربوں سے اس اثر کو المضاعف کر دیں تو حرارتی توانائی میں بیشی عیاں ہو جاتی ہے لیکن بتدریج تپش پھر معمولی حالت پر آجاتی ہے، اب یہ توانائی کہاں گئی؟ ہم یہ کہہ سکتے ہیں، کہ وہ فضا میں منتشر یا مشتعع ہوگئی ہے،

بایں ہمہ وجود اس کا اب بھی باقی ہے، اگرچہ حساس سے حساس آلے بھی اس کو بتلانے سے قاصر ہین،

اس سے واضح ہے کہ جب گھن لوہے پر پڑتا ہے اور اس کو گرم کرتا ہے تو صرف توانائی کی صورت مین تبدیلی ہوتی ہے، ابتدائی توانائی ضائع نہین ہوئی ہے، ایک حد تک یہ حرارت ان جسمون کو ایصال ہو سکتی ہے، جو لوہے سے مس کر رہے ہون، لیکن بالآخر ہم دیکھتے ہین کہ یہ حرارت فضا مین منتشر ہو جاتی ہے، اس سے آگے ہم اس کا پتہ لگانے سے قاصر ہین، ہم صرف اتنا ہی کہہ سکتے ہین کہ نا کارآمد توانائی کے بڑے ذخیرے ہین جا ملی اگر ہم تصور کرین کہ وہ توانائی ہمارے سیارے کی تپش مین اضافہ کر دیتی ہے، تو ایسا ہی خیال ہوگا جیسے کوئی کہے کہ مین نے سمندر مین ایک ڈول پانی ڈال دیا ہے، لہذا سطح سمندر کو تھوڑا سا اٹھ جانا چاہیے،

معلوم نہین ہم مین سے اپنے بچپن مین کتنے ایسے تھے جن کو اس امر سے حیرانی ہوتی تھی کہ کرہ ہوا کے دباؤ پر پانی ۲۱۲ درجہ فارن ہیٹ (۱۰۰ درجہ مئی) سے زیادہ گرم نہین ہو سکتا؛ مجھے اچھی طرح سے یاد ہے کہ مین اس معمے سے بڑا پریشان ہوتا تھا اور سوچا کرتا تھا کہ جب پانی جوش کھانے لگے، اور اس وقت بھی ہم اسے حرارت پہنچائین تو ہم اسکو گرم تر کر سکتے ہین، اس قسم کے طفلانہ معمون کا حل بہت آسان ہے، جب پانی اس حد سے آگے بڑھ جاتا ہے جس کو نقطہ جوش کہتے ہین تو وہ پانی نہین رہتا، بلکہ بھاپ بن جاتا ہے، بالفاظ دیگر پانی کے سالمات ایک دوسرے کی گرفت مین ارتعاش کی ایک خاص شرح تک رہ سکتے ہین لیکن اس کے بعد ان کی گرفت ممکن نہین، نقطہ جوش تک وہ مائع حالت مین رہتے ہین، اس کے بعد وہ گیسی حالت مین چلے جاتے ہین، پانی کی آزاد سطح ہی سے سالمے نکل سکتے ہین پس سارے کے سارے پانی کو نقطہ جوش پر رہنا چاہیے، تاکہ مزید حرارت پا کر سالمے سطح پر آزاد ہو جائین، نقطہ جوش تک تو یہ صورت ہوتی ہے کہ مبدء حرارت مثلاً آگ سے حرارتی توانائی پانی کے سالمون مین محض منتقل ہو جاتی ہے، اس کے بعد توانائی کی ایک معین مقدار غائب ہوتی معلوم ہوتی ہے، لیکن ہم کو معلوم ہے کہ یہ توانائی سالمون کو جدا کرنے مین صرف ہوتی ہے، اس لئے اب وہ مائع حالت مین نہین رہ سکتے، بلکہ جدا ہو کر ادہ کی گیسی حالت اختیار کر لیتے ہین، ہم ابھی طرح سے جانتے ہین کہ یہ توانائی فی الحقیقت ضائع نہین ہو سکتی اسلئے ہم کہتے ہین کہ وہ مخفی حرارت مین مستحیل ہو گئی ہے،

اصطلاح مخفی حرارت کے موزون ہونے مین کچھ شک ہی ہے۔ اس سے یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ توانائی خوابیدہ حالت مین ہے، حالانکہ ایسی کسی حالت کا ہم تصور نہین کر سکتے۔ یقیناً اب بھی توانائی کسی نہ کسی طور پر حرکت ہی کی صورت مین موجود ہوگی، توانائی بالقوۃ کے متعلق بھی اسی قسم کے شبہات وارد ہوتے ہین، ان صورتون مین توانائی خوابیدہ نہین ہو سکتی، اس لئے حرکت ہونا چاہئے اگرچہ ہمارے علم مین نہ ہو۔ اگر انسائیکلوپیڈیا برٹینیکا مین عنوان حیل (میکانکس) پر پروفیسر ٹیٹ آنجہانی کا مضمون دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ وہ اس خیال کے زیر اثر تھے کہ جس حالت کو ہم نے توانائی بالقوۃ کہا ہے اسمین کسی پراسرار طریقہ پر حرکت منتقل ہوگئی ہے،

یہ خیال بھی پیش کیا گیا ہے کہ عضلاتی توانائی عضلات کی ارتعاشی حرکت کا نتیجہ ہے، کوئی سو برس ہوئے ڈاکٹر وولاسٹن[۱] نے یہ تبلایا تھا کہ جب تناؤ کی حالت ہو تو عضلات ارتعاش کرتے ہین، ایک عضلاتی یعنی مضبوط شخص کوئی بھاری وزن اٹھائے تو اس کے عضلہ پر کان رکھنے سے ارتعاشات محسوس کئے جا سکتے ہین، ایک خاص قسم کی آواز سنائی دیتی ہے، مرتعش عضلہ گویا ایک ترمیم شدہ سر پیدا کرنے کا دوشاخہ بن جاتا ہے،

اس قسم کے مشاہدات سے عضویاتی احتمالات بہت دلچسپ ہین لیکن اپنے موجودہ اغراض کیلئے ہمین جو کچھ دیکھنا ہے وہ یہ ہے کہ عضلہ منقبضہ مین فی الحقیقت حرکت کی کیفیت ہوتی ہے،

ہم عدم حرکت کہاں پاتے ہین؟ جوہر کی ساخت کے سلسلے مین ہم نے جو کچھ لکھا ہے اس سے واضح ہوتا ہے کہ خود جوہر کا وجود ہی اس کے اندر کے برقیون کی مستقل اور سریع حرکت پر منحصر ہے۔ تیسرے باب کے آخر مین اور پھر چوتھے باب کے شروع مین عمارت کی جو تمثیل دی گئی ہے، اس پر پھر غور کرو، عمارت کے سارے رقبہ مین ہم کو دور دور بکھرے ہوئے یا نقطے یا "اوقاف" نظر آتے ہین، جو برابر حرکت مین رہنے کی وجہ سے ساری عمارت مین پھیلے ہوئے ہین، حرکت کو ساقط کردو، اور پھر نقطون کا تصور کرو، تو وہ سب کے سب کف دست مین آجاءین گے جوہر کا کتنا حصہ فی الحقیقت حرکت ہے؟ پھر اگر بقول شخصے برقیہ محض ایتھر مین ڈلی جت کے نظریہ کے مطابق ذرات

---

[۱] (William Hyde Wollaston) ولیم ہائڈ وولاسٹن، (۱۷۶۶ء-۱۸۲۸ء) مشہور انگریز کیمیادان اور طبیعی، شمسی طیف مین تاریک خطوط اور ماوراء بنفشی روشنی کا پتہ لگایا، برق اور مناظر پر بہت کچھ تحقیقات کین، (مترجم)

ایتھر بحالت حرکت ہو تو اسای برقیوں مین حرکت کا کتنا حصہ ہے؟ نفس توانائی کا انسان کے لئے غیر مخلوق اور غیر فانی ہونا اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ وہ ایک حقیقی شے ہی،

توانائی کی ہم ایک یا دو نمایاں شکلوں سے بحث کرین گے، ہم کیمیاوی توانائی کو نظر انداز نہین کر سکتے، وہ یقیناً ہماری دلچسپی کا باعث ہوگی، کیونکہ ہم کو اس کے شواہد کثرت سے ملتے رہتے ہین، ہم جانتے ہین کہ بہت سی اشیا نہایت خاموشی سے اور بغیر نمایش کے ایک دوسرے سے ملتی ہین، جب نور کی توانائی لوح عکاسی کے کیمیاویات پر پڑتی ہی اور بغیر دیکھے کیمیاوی جوہرون کی ترتیب بدل دیتی ہے تو ہم کو ایسی ہی صورت سے واسطہ پڑتا ہے، لیکن برخلاف اس کے ہم کو یہ بھی معلوم ہے کہ آج کل کے پٹرولی موٹرون کے بیلنون یا اسطوانون مین نہایت زبردست کیمیاوی امتزاجات عمل مین آتے ہین، ہم جانتے ہین کہ تمام دھماکے کیمیاوی جوہرون کے سالمون کے ایک مجموعہ سے دفعتاً ایسی گیسی شکلون مین بدل جانے کا نتیجہ ہین، جو زیادہ فضا گھیرتی ہین، پس ہم کو اس امر کے تحقق مین ذرا بھی دقت نہین کہ کیمیاوی توانائی بھی کوئی چیز ہے، ہم کو کیمیاوی توانائی کو یہ تصور کرنا چاہئے کہ وہ جوہرون کو ایک سالمے سے دوسرے سالمے تک جبراً بھیجاتی ہے، اگر ایسا ہے، تو برقی توانائی کو ہم کیا سمجھین، یاد رہے کہ برقی رو جوہر بہ جوہر برقیون کے منتقل ہونے کا نام ہے پس ہم کہہ سکتے ہین کہ برقی توانائی برقیون کو جوہر کے تحت حلقہ سے باہر نکالتی ہی۔

لگے ہاتھون یہ بھی دیکھ لینا چاہئے کہ معمولی مورچہ مین برقی اور کیمیاوی توانائیون مین کتنا قریب کا تعلق ہے، پانچوین باب مین برقی مورچون پر ہم نے بحث کی ہے، اس مین یاد ہوگا کہ ہم نے بتلایا تھا کہ جوہر جستی پتر سے نکل کر مائع مین جاتے ہین، اور وہان نئے کیمیاوی امتزاجات عمل مین لاتے ہین، علاوہ ازین یہ نکل بھاگنے والے جوہر اپنے نقل پذیر برقیے پیچھے چھوڑ دیتے ہین، جسکی وجہ سے جستی پتر پر برقیون کا اجتماع ہو جاتا ہے، ہم نے یہ بھی دیکھا کہ جمع ہونے والے برقیے اس تار پر جو جستی پتر یا جز کو کاربن یا مورچے کے دوسرے جز سے ملاتا ہی، جوہر بہ جوہر منتقل ہوتے ہین، یہ برقی توانائی اسوقت تک رہتی ہے، جب تک مورچہ مین کیمیاوی تغیرات ہوتے رہتے ہین، اس لئے ہم کہتے ہین کہ مورچہ مین کیمیاوی توانائی برقی توانائی مین مستحیل ہو جاتی ہے، یا بالفاظ دیگر مورچہ مین جوہرون کی حرکت تار پر برقیون کی حرکت پیدا کرتی ہے، برقی قلعی کے حوض مین بالکل اس کا

عکس ہوتا ہے، ہم برقیوں کو تاری دو رپہ مائع مین ایک برے تک چلاتے ہین، وہان کیمیاوی عمل رونما ہوتا ہے، چاندی یا مائع مین دیگر دھاتون کے جوہر اس شے کی سطح پر آجمتے ہین، جو باہر جانے کا بر قیرہ ہوتا ہے،

ڈائنمو مین حیلی توانائی برقی توانائی مین منتقل ہوجاتی ہے، جو خود برقی بھٹی مین حرارتی توانائی مین مستحیل ہوسکتی ہو، یا یہ بھی ہوسکتا ہے کہ برقی توانائی کچھ دور لے جائی جائے اور وہان برقی موٹر کے ذریعہ سے حیلی حرکت مین پھر تبدیل ہوجائے، آبشار کی توانائی بالفعل قدیم زمانے کی پن چکی کے ذریعے سے حیلی توانائی مین مستحیل کیجاسکتی ہو، اور ہم یکے بعد دیگرے ایک سلسلۂ استحالات کا ذکر کرسکتے ہین لیکن اس قسم کے استحالات اس قدر نمایان ہین کہ ہمین ان سے زیادہ بحث کرنے کی ضرورت نہین،

ہم کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ توانائی کے اس قسم کے استحالون مین ابتدائی توانائی کا کچھ نہ کچھ حصہ ضائع ہوجاتا ہے، ضائع اس معنی مین کہ ہم اس سے پھر کوئی کام نہین لے سکتے، ورنہ توانائی معدوم نہین ہوتی اس لئے ہم اس کو بقایا استمرار توانائی کہتے ہین، یہ ہمارے نزدیک فطرت کے کلیون مین سے ایک کلیہ ہے، باینہمہ ہم کو یہ فراموش نہ کرنا چاہیے کہ یہ کلیات انسان کے بنائے ہوے ہین، وہ محض ایسے نظریے ہین جو ہمارے نزدیک کامل نظر آتے ہین، اسی بنا پر ہم نے ان کو محض نظریات سے ذرا بلند درجے دے رکھا ہے، بہت ممکن ہے کہ ایک دن ایسا آئے کہ ہم کو اپنے کلیات فطرت مین ترمیم کی ضرورت پڑے،

موجودہ باب مین ہم نے مادہ مین توانائی کے استحالہ وانتقال پر بحث کی ہے، نہ صرف مرئی مادہ کے سلسلے مین، بلکہ مادہ کے اندر جواہر و برقیات کے لحاظ سے بھی، لیکن توانائی اُن ہی شکلون تک محدود نہین ہے جن سے ہم نے بحث کی، وہ اثیر فضا مین مادہ سے بالکل خارج ہوکر دوسری شکلین بھی اختیار کرتی ہے، وہ ہمہ گیر واسطہ توانائی کو اربون میل تک منتقل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، جیسا کہ ذیل کے باب سے ظاہر ہوگا،

آج ہمارا مبلغ علم یہ ہے کہ کائنات کو مادہ اثیر توانائی مین تحلیل کرتے ہین، لیکن ہم کو یہ صحیح طور پر نہین معلوم کہ تینون وجود ہین کیا، ہم مادہ کی توجیہ کرتے کرتے یہان تک پہنچ سکتے ہین کہ صرف برق رہ جائے، جیسا کہ گذشتہ بابون مین ذکر ہوچکا ہے، لیکن یہ سوال پھر باقی رہتا ہے، کہ برق کیا ہے،؟

اس باب کو ختم کرنے سے پہلے توانائی کی خاص خاص شکلون کی ایک جدول شاید دلچسپ ہو، ذیل کی فہرست مین

جو شکلیں بیان کی گئی ہیں، اُن کے علاوہ بعض تجاذبی توانائی اتصالی توانائی جبلی توانائی عضلاتی توانائی وغیرہ وغیرہ کو شامل کرنا چاہیں گے، لیکن ہمارے نزدیک ذیل کی فہرست میں جو شکلیں درج ہیں، اُن میں سے کسی نہ کسی کے تحت ہر ایک کو لا سکتے ہیں؛

توانائی کی خاص صورتیں

توانائی بالفعل،	مثلاً	اُڑتی گولی،
توانائی بالقوہ،	"	اُٹھا ہوا گھنٹے کا لنگر،
توانائی فساد،	"	کسی ہوئی گھڑی کی کمانی،
توانائی کیمیاوی،	"	بارود،
توانائی نور،	"	ضیا نگاری، یا عکاسی،
توانائی حرارت،	"	سورج،
توانائی برق،	"	برقی رو،
توانائی مقناطیسی،	"	ایک مقناطیس جو لوہے کے ٹکڑے کو اُٹھائے ہوئے ہو،

دسوان باب

"امواجِ اثیر"

چونکہ امواج اثیر کو نہ کسی نے دیکھا ہے، نہ کوئی دیکھے گا، کیونکہ وہ واسطہ خود غیر مرئی ہے۔ اس لئے ظاہر ہے کہ ہم کو اپنے تخیل سے کام لینا چاہئے، سطح سمندر پر موجون سے ہم سب واقف ہین، لیکن ذیل کے سبب کی وجہ سے وہ موجی حرکت کی اچھی مثال نہین پیش کرتین، ہم کبھی یہ بھی کہتے ہین، کہ فلان چیز موجون نے ساحل پر پھینک دی گویا کہ موجین کچھ فاصلے سے کسی چیز کو لائین، درحقیقت وہ ہوا ہے، جو ان کو چلاتی رہی ہے، اس بنا پر موجی حرکت کی بہتر مثال ایک ٹھہرے چشمے مین ملے گی، جہان ہم پانی کی سطح پر ترنگین پیدا کر سکتے ہین،

چشمہ کے وسط مین لکڑی کا ایک ٹکڑا ڈال دین تو چھوٹی چھوٹی موجین پیدا ہو کر دائرون کی شکل مین پھیلنے لگین گی، ایک دائرہ دوسرے دائرے سے معین وقفون کے بعد چلے گا، اگر چشمہ چھوٹا ہو تو پہلی موج کنارے تک پہنچنے مین کچھ زیادہ عرصہ نہین لیتی، دوسری موجین باقاعدہ ترتیب سے آتی ہین، لیکن لکڑی کا ٹکڑا اب بھی وہین وسط مین ہے، اگر ہم چشمہ کی سطح پر مختلف جگہ کاگ ڈال دین تو موجین کسی کاگ کو کنارے سے کچھ بھی قریب نہ کرینگی کاگ محض اوپر نیچے اچھلین گے، اصطلاح مین ہم کو یہ کہنا چاہئے کہ کاگ سمت عرضی مین مرتعش ہون گے، اصطلاح عرضی سے ہم نے یہ مطلب لیا ہے، کہ حرکت کے راستہ پر وہ علی القوائم ہون گے، اثیر مین ہمکو ایسی ہی موجون سے سابقہ پڑتا ہے، اس لئے ہم اون کو عرضی ارتعاش کہتے ہین،

چشمہ میں ترنگوں کو دیکھنے پر یہ واضح ہوگا کہ موجی حرکت چشمہ کے واسطے سے کنارے تک جاری ہے، اور کاگون کے ارتعاشات، اور اس بنا پر پانی کے ذرون کے ارتعاشات بھی اوپر نیچے ہیں یعنی موجی حرکت کے سمت کے علی القوائم یہانتک تو بہت صاف ہے، لیکن اگر مبتدی چشمہ کی تمثیل پیش نظر رکھے گا تو بہت ممکن ہے کہ وہ خیال کرے کہ اس دعوی مین کہ "نور ایتھر مین عرضی ارتعاشات کا نام ہے" کوئی پر اسرار بات نظر آئے، بات یہ ہے کہ کسی اور حرکت کے مقابلہ مین یہی حرکت زیادہ آسانی سے ذہن مین آتی ہے،

ہم نے دیکھا کہ ذرات مین پس پیشی حرکت ہوتی ہے، جیسے کسی مجمع مین لوگ ادھر ادھر جھومتے ہین، یا اس سے بہتر مثال یہ ہوگی کہ جیسے لمبی مرغولہ دار کمانی کی حرکات ہوتی ہین اس صورت مین تکثیف و تلطیف کی حالتین پیدا ہوتی ہین، اور لمبی مرغولہ دار کمانی مین ایک سرے سے دوسرے سرے تک موجین گذرتی نظر بھی آسکتی ہین، چونکہ پس پیشی حرکت اُسی سمت مین ہوتی ہے جس مین کہ حرکت، اس لئے ہم اُن ارتعاشات کو طولی کہتے ہین، ہوا مین اور دیگر اشیا مین آواز کی موجین اسی نوعیت کی ہوتی ہین، بہرحال چونکہ ایتھر مین تمام موجین عرضی ارتعاشات ہوتی ہین، اسلئے ہم کو فی الحال اسی سے بحث ہے، اور اسی وجہ سے ہم چشمہ والی تمثیل پیش نظر رکھنے کی کوشش کرین گے،

کسی گذشتہ باب مین مختلف ایتھری موجون کا ذکر کیا جا چکا ہے، یہ نوری موجین اشعاعی حرارتی موجین اور برقی موجین تھین، سہولت کی غرض سے ہم نے اُن کو موجون کی مختلف اقسام کہا جس سے مطلب یہ تھا کہ اُن مین مختلف خواص ہین، لیکن اب ہم دیکھین گے کہ اُن کی نوعیت ایک ہی ہے یعنی وہ سب کی سب عرضی ارتعاشات ہین، جیسے کہ ہم نے پانی کے چشمہ مین دیکھے،

چونکہ تمام ایتھری موجین ایک ہی قسم کی ہوتی ہین، اور چونکہ وہ سب ایک ہی رفتار سے چلتی ہین، اس لئے ظاہر ہے کہ اُن کا اختلاف صرف اس شرح مین ہوگا جس سے وہ ایک دوسرے کے پیچھے روانہ ہوتی ہین، بہ الفاظ دیگر نوری موجون اور اشعاعی حرارتی موجون مین جو فرق ہے وہ صرف متواتر موجون کے فصل مین ہے، فرض کرو کہ کسی قسم کا کوئی غواص ہے، جس مین ایک دستہ لگا ہوا ہے، تاکہ ہم اپنے ساکن پانی کے خیالی چشمے کے وسط مین اوسے

بآسانی نیچے اوپر حرکت دے سکین، اگر ہم غواص کو بہت آہستہ آہستہ اوپر نیچے حرکت دین تو موجین ایک دوسرے کے پیچھے معقول فصل سے چلین گی، لیکن اگر غواص کی حرکات بہت تیز ہون تو موجین ایک دوسرے سے لگی ہوئی بھی چلین گی جب غواص تیزی سے حرکت کریگا، تو کنارے پر ایک دقیقہ مین بہت سی موجین پہنچ جائین گی، موجون کے مختلف سلسلون کا مقابلہ کرنے کیلئے ہم ایک موج کے فراز یا اوج سے دوسری موج کے اوج تک کا فاصلہ ناپ سکتے ہین، اگر ہم ایک موج کے نشیب یا حضیض سے دوسری موج کے حضیض تک کا فاصلہ پیمایش کرین، تو بھی کوئی فرق نہ ہوگا، اور اس پر ہی کیا اگر ہم دو موجون کے دو متناظر نقطون کا فاصلہ لین تو بھی وہی حاصل ہوگا، اس فاصلہ کو موجی طول کہتے ہین، واضح رہے کہ اس کو موج کی پشت یا پیٹھ کے فاصلے سے کوئی تعلق نہین ہے، طول موج سے ہم صرف دو متواتر موجون کا فاصلہ مراد لیتے ہین، ممکن ہے کہ بعض قارئین اس کو موج کی چوڑائی یا اس کا پاٹ کہنا زیادہ پسند کرین،

جب ہم نے غواص کو جلد جلد مرتعش کیا تو ہم نے چھوٹے طول کی یعنی قصیر موجین پیدا کین، ہم دیکھتے ہین کہ ارتعاش کی شرح یا تعدد[1] مین اور پیدا شدہ موجون کے طول مین کوئی معین علاقہ ہے، جس قدر جلد جلد ہم غواص کو مرتعش کرین گے، اُسی قدر حاصل شدہ موجین قصیر تر ہون گی، چونکہ تمام اثیری موجین ایک ہی رفتار سے طے مسافت کرتی ہین، اس لئے تعدد اور حاصل موجی طول مین علاقہ بہت سادہ ہے، وقت کے ایک ثانیہ مین ہر اثیری موج ۱۸۶،۰۰۰ میل کی مسافت طے کرلیتی ہے، اس لئے اگر مرتعشہ یا ارتعاش کنندہ ایک ثانیہ مین ۱۰۰۰ موجین پیدا کرے تو پہلی موج ۱۸۶،۰۰۰ میل کا فاصلہ طے کرے گی، بیشتر اس کے کہ آخری موج روانہ ہونے کے لئے تیار ہو، دوسرے الفاظ مین ۱۸۶،۰۰۰ میل کی مسافت مین ۱۰۰۰ موجین برابر برابر پھیل جائین گی ہم کو اس صورت مین طول موج کا حساب لگانے کے لئے پنسل کاغذ کی ضرورت نہین، کیونکہ اگر ۱۰۰۰ موجین ۱۸۶،۰۰۰ میل کی جگہ لیتی ہین، تو ایک موج ۱۸۶ میل طول کی ہوگی، پس ہم یون کہین گے کہ اس صورت مین طول موج ۱۸۶ میل ہے،

[1] یعنی کسی ایک ثانیہ مین کسی مقام سے گذرنے والی موجون کی تعداد اصطلاحًا ارتعاش کی شرح یا تعدد کہلاتی ہے، (مترجم)

لاسلکی تلغرافی مین بعض ایثری موجین جو استعمال ہوتی ہین وہ میلون مین پیمایش کی جاتی ہین، برخلاف اس کے ایک انچ کے دو لاکھ پچاس ہزاروین حصے کی سی قصیر موجین بھی پیمایش کی گئی ہین، اس مین شک نہین کہ ایسے ابعاد کے قصر کا تحقق ناممکن ہے، لیکن ایثر مین جو مختلف موجی طول پائے جاتے ہین، اُن کی زبردست وسعت کا اندازہ ضرور لگا سکتے ہین،

ہم نے دیکھ لیا کہ کسی ایک ایثری موج کو دوسری موج سے جو اختلاف ہے، وہ اس کے طول کا ہے، یعنی موجون کے درمیانی فصل کا، اس لئے بلاشبہہ تعدد یا تعداد ارتعاش فی ثانیہ مین بھی متناظر فرق ہونا چاہیے، یہ کس قدر تعجب انگیز امر ہے کہ یہی ایثری موجین محض اختلاف طول کی وجہ سے اس قدر مختلف خواص رکھتی ہین،

طویل ترین ایثری موجون سے شروع کرین، تو ہم کو معلوم ہوگا کہ لاسلکی تلغراف کے تناسندون کو یہ متاثر کرتی ہین، ہم نے دیکھا کہ یہ برقی موجین میلون کے فصل پر ہو سکتی ہین، لیکن دوسری برقی موجین اسی قسم کی ایسی بھی ہین کہ ایک انچ مین چھ موجین شمار کی جاسکتی ہین، لیکن جب دوسری متعدد ایثری موجون سے مقابلہ کیا جائے تو یہ بھی بہت طویل ہے، جب ایثری موجین طول مین چند ہزار فی انچ ہوتی ہین تو وہ حرارتی اثرات پیدا کرتی ہین، اور اُن کو ہم اشعاعی حرارت کی موجین کہتے ہین، جب تک موجین طول مین ایک انچ کے تیس ہزاروین حصہ سے زیادہ رہتی ہین، ان کو ہم تاریک حرارتی موجین کہتے ہین، کیونکہ وہ ہماری بینائی کو متاثر نہین کرتین، لیکن جس وقت کہ وہ اس حد سے گذر جاتی ہین، تو ہماری آنکھون پر اثر کرنے لگتی ہین، جب انچ کے چونتیس ہزاروین کے قریب اُون کا طول ہوتا ہے، تو وہ سُرخ روشنی کا احساس پیدا کرتی ہین، اگر موجین اس سے بھی قصیر تر ہون، یعنی نزدیک تر ہون، تو نارنجی رنگ کا احساس پیدا کرتی ہین، طول موج مین اور بھی کمی ہو، تو زرد، پھر سبز، پھر آسمانی، پھر نیلے کا احساس پیدا کرتی ہین، اور جب وہ اتنی قصیر ہو جاتی ہین کہ ایک انچ مین ساٹھ ہزار سما جائین تو بنفشئی کا احساس پیدا کرتی ہین، اس کے بعد وہ ہماری آنکھون پر قطعًا کوئی اثر نہیں پیدا کرتین، اسی لئے ایسی موجون کو ہم "ورا بنفشئی نور" کہتے ہین[1]

---

[1] مزید تفصیلات کے لئے دیکھو ضمیمہ نمبر ۳

جس سے مطلب یہ ہے کہ یہ موجین بنفشی شعاعون کے بعد آتی ہین،

اگرچہ ورا بنفشی نور کی یہی موجین ہمارے حاسۂ بصارت کو متاثر کرنے سے قاصر ہین، تاہم لوح عکاسی کے کیمیاویات پر وہ زبردست اثر کرتی ہین، اسی کیمیاوی خاصہ کی وجہ سے یہ موجین اکثر فعال یا کیمیاوی شعاعین کہلاتی ہین،

یہ اثیری موجین سب کی سب توانائی کو منتقل کرتی ہین، تھوڑی دیر کے لئے پھر تالاب والی تمثیل پر غور کرین تو ظاہر ہوگا کہ اگر تیرتے غواص کو بالا زیری حرکت دینے مین ہم کچھ توانائی صرف کرتے ہین، تو حاصل موجی حرکت کی وجہ سے تالاب کی سطح پر توانائی منتقل ہوگی، کوئی کاگ یا دیگر تیرتی چیزین ہون گی، تو وہ غواص کی بالا زیری حرکت کی نقل کرین گی، ہم یون کہین گے کہ پانی مین غواص کی توانائی موجی حرکت مین متحیل ہوئی اس طرح پانی کے ذریعہ سے کچھ فاصلہ تک توانائی منتقل ہوئی، وہان پھر وہ متحرک کاگون کی توانائی بالفعل یا توانائی حرکت مین متحیل ہوگئی، اسی طرح ہم کہتے ہین کہ لاسلکی تلغرافی مین فرستندہ بحر اثیر پر عمل کرتا ہے، آلۂ فرستندہ اپنے اندر کے متحرک برقیون کی توانائی کو اثیر محیط کی موجی حرکت مین متحیل کردیتا ہے، یہ موجی توانائی اثیر کے کاندھون پر اوقیانوس کو بھی پار کرسکتی ہے اور کس قدر عجیب بات ہے کہ اس پار کنارے پر ایک ننھا سا شناسندہ ہوتا ہے، اس مین بھی اتنی توانائی پہنچ جاتی ہے، کہ اس کے اندر کچھ تبدیلی پیدا ہوسکے، اس طرح اشارے بھیجے جاتے ہین،

اثیر مین سے ہوکر سورج سے ہمارے سیارے تک حرارتی توانائی کا انتقال سب پر عیان ہے، یہ امر دلچسپ ہے، کہ ہم اس حرارتی توانائی کو براہ راست حیلی حرکت مین متحیل کرسکتے ہین، اس کی مثال وہ زبردست شمسی شجرہ[۱] ہے جو مصر مین اس صدی کے آغاز مین نصب کیا گیا،

معمولی روشنی کی اثیری موجون کا توانائی منتقل کرنا بہت عیان ہے، کیونکہ اون سے ہمارے حاسۂ بصارت کے اعضا پر اثر پڑتا ہے، اور لوح عکاسی پر کیمیاویات بھی متاثر ہوتے ہین، لیکن یہ امر کہ معمولی روشنی کی اثیری موجین

[۱] شمسی شجرہ سے مراد وہ مشین یا کل ہے جسکی بدولت سورج کی روشنی سے طاقت حاصل کرتے ہین، (مترجم)

اسی طرح جیلی دباؤ ڈالتی ہیں جس طرح کہ ہوا اتنا عیاں نہیں ہے، فی الحقیقت حال ہی میں اس کا تجرباتی ثبوت حاصل ہو سکا ہے، کیونکہ یہ دباؤ بہت قلیل ہوتا ہے اتنا قلیل کہ ہلکی سے ہلکی نسیم کے دباؤ سے بھی بہت کم حتی کہ ہوا میں خفیف سی حرکت ہونے پر جو دباؤ ہوتا ہے اس سے بھی کم،

کوئی چالیس برس ہوئے کہ کلارک میکس ول جس کا شمار اُن بڑے ریاضی دانوں میں تھا جو ریاضی میں خواب دیکھ سکتے تھے، اس نے یہ بیان کیا تھا کہ ایسی قوت یا جیلی دباؤ کا نور میں وجود ہونا چاہئے، چنانچہ اوس نے حساب لگا کر معلوم کیا کہ فی الحقیقت دباؤ کتنا ہوگا، یہ کس قدر عجیب امر ہے کہ جب اس قوت کی تجرباتی تصدیق کے لئے ایک ذریعہ ہاتھ آیا، تو اصلی دباؤ کی قدر اُس رُتبے کی تھی، جو کلارک میکس ول نے اس کے انکشاف سے اتنے برس پہلے حساب لگا کر بتلادی تھی،

ثبوت بہت سادہ تھا، پلاٹینم کی چھوٹی چھوٹی قرصیں شیشے کے ایک گلوب میں آویزاں کی گئیں اور گلوب میں سے ہوا نکال لی گئی، اس زمانے میں اعلیٰ خلا پیدا کرنے کا ذریعہ مشہور سیمابی ہوا پمپ تھا، خالی گلوب میں سیمابی بخار کی ایک قلیل مقدار رہ جاتی ہے، اس بخار کو دور کرنے کے لئے گلوب کو شدید برودت میں رکھا، یہاں تک کہ سیمابی بخار منجمد ہو گیا، اس طرح خلا اتنا کامل کر دیا گیا، جتنا کہ ممکن تھا، یہ بہت ہی اہم تھا، کیونکہ جب تک خلا اعلیٰ نہ ہو، تجربہ بے معنی ہوگا، کہ اشعاعی حرارتی موجیں، باقیماندہ ہوا پر عمل کریں گی، اور قرص کو متحرک کردیں گی، بالکل اسی طرح جسطرح کہ اکثر عینک فروشوں کی دکانوں کی کھڑکیوں میں چھوٹے چھوٹے اشعاع پیما اون کے ننھے ننھے پنکھے چلتے نظر آتے ہیں اس صورت میں وہ حرارتی موجیں ہوتی ہیں، جو گیسی سالموں کی مسلسل گولہ باری سے چھوٹی سی پون چکی یوں یا ہوا سے چلنے والی چکی کو گردش میں رکھتی ہیں اشعاع پیما کی چھوٹی سی پون چکی اگر اس اعلیٰ خلا میں رکھدی جائے جو نور کے جیلی دباؤ کی توضیح کیلئے استعمال کیا گیا ہے، تو وہ گردش نہ کریگی،

سالمی گولہ باری کے امکان کو دور کرکے چھوٹی چھوٹی آویزاں قرصوں پر روشنی ڈالی گئی، اور اس میں کوئی شبہہ نہ تھا کہ اون پر پڑنے والی اثیری موجیں اون کو متحرک کر رہی تھیں، اگرچہ اس دباؤ کا مشاہدہ کیا گیا، اور وہ اون غیر معمولی

حالات مین اس کی پیمایش بھی کر لی گئی ہے تاہم یہ سمجھ لینا چاہئے کہ یہ دباؤ اس قدر قلیل ہے کہ روزمرہ کی زندگی مین ہم کو اس کا علم تک نہیں ہوتا، ہمارے اس زبردست محیط ہوا مین جو جسم بھی رکھا ہوگا، اس پر اس دباؤ کا اثر نا قابل احساس ہوگا،

اگر تم یہ چاہتے ہو کہ ہوا کی سمت معلوم کرو تو باوجود اس کے کہ نہایت ہی ہلکی بلکہ نا قابل احساس ہوا چلتی ہو، تم ہوا مین کوئی ہلکی سی چیز اڑاتے ہو، کیون اسلئے کہ ہوا کو عمل کرنے کیلئے بڑی سطح ل جائیگی، اور جاذبہ کی کشش اس پر بہت قلیل ہوگی، یہ تصور مشکل نہین ہے کہ نسیم ایسی ہلکی ہو کہ آٹے کی ایک تھیلی پر اس کا کچھ بھی اثر نہ محسوس ہو، لیکن یہی آٹا جب اوپر سے نیچے گرایا جائے، تو مختلف ذرات پر اس نسیم کا اثر نمایان ہو جاتا ہے، تھوڑی دیر کے لئے خیال کرو کہ ایک دخانیہ سمندر مین جا رہا ہے، ہوا کا دباؤ دھوین کو دخانیہ کے پیچھے دم کی طرح لگائے رکھتا ہے، جب دخانیہ گھوم کر دوسری سمت اختیار کرتا ہے تو یہی دھوین کی دم اکثر دیکھنے مین آتا ہے کہ دخانیہ سے آگے ہوتی ہے، (دیکھو مرقع مقابل صفحہ ۱۴۰)

دمدار ستارون مین آسمان پر بعینہ یہی کیفیت نظر آتی ہے، فضا اثیری کی گہرائیون مین سے دمدار ستارون کو عجیب عجیب سفر کرتے دیکھتے ہین، سورج کے گرد ایک چکر لگا کے وہ پھر فضا مین اپنے سفر پر چلے جاتے ہین، شاید کبھی نہ واپس ہونے کیلئے، جیسا کہ مرقع مین ہے، ان دمدار ستارون کی دمین بہت طویل ہوتی ہین، جب یہ سورج کے قریب پہنچتے ہین، تو ان کی دمین بالکل قاعدے کے مطابق ہوتی ہین، یعنی ان کے جسمون کے پیچھے پیچھے آتی ہین، لیکن جب دمدار ستارہ سورج کا چکر کاٹ کے اس سے دور جانے لگتا ہے، تو عجیب منظر دیکھنے مین آتا ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے دم کو بالکل دخانیہ کے دھوئین کی طرح پھونک کے ستارے کے آگے کر دیا، یہ امر کہ سورج سے دور ہوتے وقت دمدار ستارے کی دم اس سے آگے ہو جاتی ہے، اسرار فلکیات مین سے ہے بلا شبہہ سورج کی تجاذبی قوت دمدار ستارے کے دم کے ذرات کو کشش کرتی ہوگی، لیکن ظاہر ہے کہ اس کو سورج سے دور کرنے والی جو قوت ہوگی، وہ قوی تر ہوگی، جاذبہ ذرات کو سورج کی طرف کھینچتا ہے، لیکن نور ان کو

اس سے دور کرتا ہے، اور یہ عیان ہے، کہ اس صورت مین نور کا دفع جاذبہ کی کشش سے بڑھ گیا، اس کی کیا توجیہ ہوسکتی ہے؟

اولاً تو ہم یہ جانتے ہین کہ دُمدار ستارے کی دم مین جو مادی ذرات ہوتے ہین وہ نہایت قلیل ہوتے ہین، نہایت صحت کے ساتھ اُن کی جسامت کا حساب لگایا جاسکتا ہے، ان ذرات پر سورج کی تجاذبی کشش نسبتاً ہلکی ہوتی ہے، لیکن اپنے وزن کے مقابلے مین ان ذرات کی سطح بہت ممتد ہوتی ہے، اس لئے نور کا دباؤ نسبتاً زیادہ ہوتا ہے، اس بنا پر ہم دیکھتے ہین کہ نور اُن ذرات کو سورج سے ایسی قوت سے دور کرتا ہے، جو اس کشش سے زیادہ ہوتا ہے، جس سے جاذبہ ان کو سورج کی طرف لیجاتا ہے، اس لئے ہم دیکھتے ہین کہ دمدار ستارے کی دُم ہمیشہ سُورج سے دور رہتی ہے،

چند سال کا عرصہ ہوا ایک دوست نے مجھکو ایک مضمون دیا، جس کو ایک مشہور ہیئت دان نے شائع کیا تھا، اس کا موضوع دمدار ستارے تھا اور دمدار ستارون کی دم کے اس عمل کی توجیہ محض اس قول سے کی گئی تھی کہ "یہ تابع ایسے کلیے کے ہین، جس کی رو سے اس کو ہمیشہ سورج سے دور رہنا چاہیے"، اس واقعہ کے ذکر کرنے سے میرا مدعا جیسا کہ پہلے باب مین بیان ہوچکا ہے، اس امر پر زور دینا ہے، کہ تمام کلیات فطرت انسان کے ساختہ پرداختہ ہین، اس لئے یہ کہدینا کوئی توجیہ نہین کہ فلان امر ان کلیون مین سے کسی ایک کلیہ کی وجہ سے ظہور مین آیا، یہ کہدینا کہ دمدار ستارے کی دم اس قانون کے تابع ہے کہ اس کو ہمیشہ سورج سے دور رہنا چاہیے، عقل کو نہین لگتا، لیکن نور کے جبلی دباؤ کا نظریہ عقل کو مطمئن کردیتا ہے،

کسی کو اس مین شبہہ نہ ہوگا کہ ایثر توانائی منتقل کرتا ہے، جب توانائی سورج سے چلتی ہے، تو آٹھ دقیقون تک وہ ایثر کے کاندھون پر چل کر ہمارے سیارے تک آتی ہے، ہم اب جانتے ہین کہ "عمل از فصل" کا خیال بالکل فرسودہ ہوچکا ہے، اب کوئی معقول شخص اس کا قائل نہ ہوگا کہ ایک جسم دوسرے جسم پر بغیر کسی درمیانی واسطے کے عمل کرسکتا ہے، اگر یہ پادر ہوا خیال صحیح ہوتا تو ہمارے سیارے پر سورج کے عمل سکے لئے کسی مدت کی ضرورت نہ ہوتی، ہم آئندہ چل کر دیکھینگے

کہ یہ توانائی مادے سے کیونکر ایتھر میں منتقل ہوتی ہے، اور پھر ایتھر سے کیونکہ مادے میں آتی ہے،

جب ایک مرتبہ ہم نے یہ خیال ذہن نشین کر لیا کہ مادے کے جوہرون کے اندر برقیے بہ رفتار عظیم گردش کرتے رہتے ہین تو جوہر کے اندر توانائی کا عظیم الشان ذخیرہ قرین قیاس ہوجاتا ہی، کسی پیشتر کے باب مین ہم نے یون ہی سرسری طور پر توانائی رفتار اور کمیت کے تعلق پر بحث کی ہے، موجودہ صورت مین برقیے کمیت کا دعوی تو نہین کرسکتے لیکن قلت جثہ کو وہ عظمت رفتار سے پورا کرتے ہین، جو لوگ خیالات سائنس کے خوگر نہین ہین، اُن کے لیے یہ اندازہ لگانا مشکل ہی، کہ رفتار بہ حیثیت جزو توانائی کیون اس قدر اہم ہے،

ہم نے بار بار رفتار نور کا ذکر کیا ہے، بلاشبہہ نور مادی چیز نہین، لیکن اس تصور کی کوشش کرو کہ ایک چھوٹی سی کمیت ہے، مثلاً معمولی آلپین کا سر جو فضا مین نور کی رفتار سے مصروف سیر ہے، اس اُڑتی الپین مین کتنی توانائی ہوگی،! اس اُڑتے ہوئے مرمی کی توانائی کا اندازہ کرنے کا کوئی عام فہم ذریعہ مشکل ہی سے ہوسکتا ہی، لیکن ممکن ہی کہ ہم مین سے اکثرون نے آدمی کی طاقت آزمانے کی کل دیکھی ہو، مجھے یاد ہے کہ ایک خاص قسم کی کل دیہاتی میلون مین دکھائی جاتی تھی، زیر آزمایش طاقت ور آدمی کی آزمایش یون عمل مین آتی تھی، ایک انتصابی بیرم پر ایک گھن چلانا پڑتا تھا ایسا کرنے مین لوہے کا ایک حلقہ ایک انتصابی ڈنڈے پر چڑھتا تھا، جتنی زیادہ توانائی آدمی صرف کرتا تھا حلقہ اتنا ہی اونچا جاتا تھا، مجھے یہ اچھی طرح یاد نہین کہ یہ ڈنڈے کتنے اونچے تھے، لیکن ۲۰ یا ۲۵ فٹ سے زیادہ نہ ہون گے، فرض کرو کہ ہمارا آلپین کا اڑتا سر اس طاقت آزمائی کے مقابلے مین شریک ہو، اگر اس کے جثہ کا لحاظ کرین تو وہ کچھ بھی نہ دکھا سکے گا، لیکن اس کی عظیم الشان رفتار سب حریفون کو نیچا دکھا دیگی، فرض کرو کہ الپینی سر کا وزن ایک پونڈ ہے، تو ہم آسانی سے حساب لگا کر معلوم کرسکتے ہین کہ حلقہ کتنا اونچا جائیگا، بشرطیکہ الپینی سر کی تمام توانائی حلقے مین منتقل ہوجائے ہم توانائی کے اس بڑے حصے کو نظر انداز کر رہے ہین، جو حرارت کی صورت مین ضایع ہوجاتا ہی، اگر ہم یہ بھی فرض کرلین کہ زمین سے ایک معین فاصلہ پر جاذبہ کی کشش مستقل ہی تو بھی حلقہ زبردست فاصلے طے کریگا، ایک میل تک کا فاصلہ اچھا خاصہ سمجھا جائیگا لیکن جن حالات کا مین نے ذکر کیا ہی اُن مین حلقہ دیر کی جانب ہزارون میل اڑتا چلا جائیگا، اگر ہم جاذبہ کی گھٹتی قیمت کا

لحاظ رکھین، تو ہم کو معلوم ہوگا کہ وہ اتنی توانائی سے اوپر جائیگا کہ وہ سیارے سے کبھی نہ واپس آنے کیلئے نکل جائیگا، بیشک کسی

ایلبینی سر کو نور کی رفتار دینا قطعاً ناممکن ہے، لیکن اس جیسی مثال لینے سے رفتاری جز کی اہمیت نگاہون مین آجاتی ہے،

اڑتے ایلبینی سر کی اس تمثیل سے ہم اس عظیم المقدار توانائی کا اندازہ کر سکتے ہین، جو جوہر کے اندر پران برقیون مین

ہوتی ہے، برقیے کے مقابلے مین ایلبینی سر عظیم الجثہ دیو ہے، لیکن پران ایلبینی سر کی توانائی تقسیم قبول کر سکتی ہے، علاوہ ازین

ایک جوہر مین جتنی توانائی ہوگی، اس کو بہت کچھ المضاعف کرنا پڑیگا، تاکہ مادے کے ایک چھوٹے ٹکڑے مین بین جوہری

توانائی کی مجموعی مقدار حاصل ہو سکے، مثلاً اگر ہم یہ حساب لگا سکین، کہ ٹھوس تانبے کے ایک چھوٹے سے مکعب مین جس کا

ہر ضلع نصف انچ سے کم ہے، کتنی اندرونی توانائی ہے، تو ہم کو ایک جوہر کی اندرونی توانائی کو ایک لاکھ مہاسنکھ (۲۴۱۰

یعنی ا کے ساتھ ۲۴ صفر) سے ضرب دینا پڑیگا، کیونکہ تانبے کے اس چھوٹے سے ٹکڑے مین جوہرون کی اتنی ہی تعداد ہے،

لیکن جوہر کی اندرونی توانائی کے متعلق جو کچھ کہا گیا وہ ظنی ہے، کیونکہ جوہر کے اندر وہ مقفل ہے، اور اوسکی قیمت

کا اندازہ کرنے کیلئے ہم اس کو کسی طرح متاثر نہین کر سکتے، مادہ کے متعلق اکثر و بیشتر ہماری یہی حالت ہے، لیکن حال ہی

مین ہم کو مادے کی ایسی صورتین ملی ہین جنہین فطرت اندرونی توانائی کے اس قفل کو توڑ رہی ہے، بعض جوہر منکسر ہو رہے ہین،

اور پران برقیون کو نکلنے کا موقع دے رہے ہین، جب ہم تابکار اجسام مثل شہرۂ آفاق عنصر ریڈیم کا ذکر کرین گے تو یہ مسئلہ

اچھی طرح سمجھ مین آجائیگا، یہ تابکار اجسام اتنے اہم ہین کہ ان کے ذکر کیلئے ایک علٰحدہ باب کی ضرورت ہے،

اس باب مین اثیری توانائی کا خاص طور پر ذکر کیا ہے، اور اثیر کی اکثر امواج کو ایک ہی عنوان "نور" سے تعبیر

کیا ہے، پس اس منزل پر پہنچ کر مسئلہ "نور کیا ہے" پر تفصیل سے بحث کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگی،

گیارہوان باب

"نور کیا ہے"

بچپنے مین جب ہم سنا کرتے تھے کہ پریان سورج کی کرنون کو جمع کرتی ہین، اوران کو پکڑ کر شیشے مین بند کرتی ہین، توہم اس دلچسپ قصے کی داد دیا کرتے تھے، اس کتاب کے ابتدائی ابواب پڑھنے سے پہلے غالبًا کوئی ایسا قاری نہ ہوگا جسکو پیشتر سے یہ نہ معلوم ہو کہ نور ایتھر مین محض تموج کا نام ہے، یا اگر بالفرض اس کے متعلق اُن کے خیالات اتنے معین نہین ہین توکم ازکم اتنی واقفیت تو ضرور ہوگی کہ نور کوئی مادی شئے نہین ہے، موجودہ زمانے مین کسی ایسے شخص کو تلاش کرنا جو نیوٹن کے جسیمی نظریۂ نور کو مانتا ہو تقریبًا ناممکن ہوگا،

اپنی ابتدائی تعلیم کے زمانے مین مجھے یہ سنکر بڑا تعجب ہوا کرتا تھا کہ نیوٹن دوسرے لوگون کو اس اعتقاد کی دعوت دیتا تھا، کہ ایسے چھوٹے چھوٹے ذرے ممکن ہین، جو سورج سے نکل کر سورج سے ہمارے سیارے تک یعنی ۹ کروڑ تیس لاکھ میل کی مسافت آٹھ دقیقون مین طے کر سکتے ہین، یعنی ایک دقیقہ مین ا کرور۔ ا لاکھ میل فی الواقع طالب علمی کی حالت مین یہ سمجھا کرتا تھا، کہ یہ مذاق ہوگا، ورنہ کہین نیوٹن سا علامۂ دہر ایسے ذرات کے وجود کے امکان کو بھی تسلیم کریگا، اب اگرچہ نیوٹن کا جسیمی نظریہ قطعًا متروک ہے، تاہم ایسے جسیمون یا برقیون کا وجود مانا جاتا ہے، جو نیوٹن کے خیالی جسیمون سے بہت کچھ ملتے جلتے ہین، علاوہ ازین ہم کو معلوم ہے، کہ یہ ننھے ننھے ذرے تمام بغایت گرم جسمون سے خارج ہوتے رہتے ہین، حتی کہ معمولی لمپ سے بھی خارج ہوتے ہین، اس لئے سورج سے ان جسیمون یا برقیون کا ایک مسلسل دھارا نکلتا رہتا ہے، اور ہم دیکھ چکے ہین،

کہ خلائی نلی کے اندر یہی ذرے ساٹھ ہزار میل فی ثانیہ کی رفتار سے مصروف سیر ہوتے ہین، اگر سر اسحاق نیوٹن کو حال کے منکشف شدہ واقعات معلوم ہوتے تو وہ یون استدلال کرتے کہ ان پران ذرون کا بین نجمی فضا کے آزاد خلا مین سے گنی رفتار حاصل کرلینا ممکن ہے، یعنی سورج سے زمین تک اون کی رفتار ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل فی ثانیہ بھی ہوسکتی ہے؛ اس قسم کا استدلال معقول تو ہوتا، مگر موجودہ تجربات کا متحمل نہ ہوتا ہم کو اب قطعی ثبوت اس امر کا مل گیا ہے، کہ یہ پران جیسے نور نہین ہین، اب جو کچھ آتا ہے اس سے یہ امر بالکل واضح ہوجائے گا،

ہم ان ہی پران برقیون سے خلائی نلیون مین تجربہ کرسکتے ہین، یہ یاد ہوگا کہ یہ برقیے بعینہٖ سب کے سب ایک ہوتے ہین، خواہ وہ کسی ذریعے سے بھی حاصل کئے جائین، تجربہ کرنے سے ہم کو معلوم ہوتا ہے، کہ برقیون کے ایک سلسلہ مین نور کے خواص نہین ہوتے، نور منعکس ہوسکتا ہے، منعطف ہوتا ہے، اور مقطب ہوسکتا ہے، یہ اسکی امتیازی خاصیتین ہین لیکن پران برقیون مین یہ خواص نہین ہم اون کو منعکس منعطف مقطب نہین کرسکتے، مقطب روشنی کا مفہوم آیندہ باب مین واضح ہوجائے گا،

بجائے اس کے کہ ہم نیوٹن کے جسمی خیال کا استخفاف کرین، ہم کو اس کی جودت طبع پر آفرین کرنا چاہئے، کہ اوس نے اس قدر قبل ایسے ذرات کے وجود کے امکان کو تسلیم کرلیا جن کے ابعاد بظاہر ناممکن نظر آتے ہین اور جن کا ایسی عظیم الشان رفتار سے طے مسافت کرنا محال معلوم ہوتا ہے، اگر ہم کسی مصنوعی ذریعے سے ان برقیون کو ساٹھ ہزار میل فی ثانیہ کی رفتار سے تیز تر چلنے پر مجبور نہین کرسکتے، تاہم جب ریڈیم کے موضوع سے ہم بحث کرین گے، تو ہم کو معلوم ہوگا کہ وہ اپنے اندر سے ایسے برقیے خارج کرتا ہے، جن کی رفتار ایک لاکھ بیس ہزار میل فی ثانیہ ہوتی ہے، جو اعداد کہ نور کی رفتار کو ظاہر کرتے ہین، اُن سے یہ عدد کس قدر قریب پہنچ گیا، اگرچہ ہم یہ ثابت کرسکتے ہین کہ یہ پران برقیے نہین ہین تاہم اس مین شک نہین کہ اگر اٹھاروین صدی کے آغاز مین یہ برقیائی رفتارین معلوم ہوتین، تو نیوٹن کے جسمی نظریہ کو اس سے بڑی مدد ملتی، آگے چل کر کسی باب مین ہم ان اثرات پر بحث کرین گے، جو سورج سے آئے ہوئے پران ذرون سے مترتب ہوتے ہین، فی الحال ہم یہ کہہ سکتے ہین کہ ان کا نور نہ ہونا بالکل قطعی ہے،

ہم کو اب اسمین کوئی شبہ نہین کہ نور اثیری موجون کا ایک سلسلہ ہے، اور جو کچھ ہم نے اس سے پیشتر متحرک برقیون کے سلسلے مین دیکھا ہے، کہ وہ اثیر کو متموج کر کے اس مین مقناطیسی اور برقی میدان پیدا کر دیتے ہین، اسکی بنا پر ہم اس امر کے باور کرنے کے لئے بھی تیار ہو جاتے ہین، کہ نور کی اثیری موجین بھی متحرک برقیون سے وجود مین آتی ہین،

پیشتر کے باب مین ہم دیکھ چکے ہین کہ جن اثیری موجون کو ہم سُرخ روشنی کہتے ہین، وہ اس قدر قصیر ہین، یا بالفاظ دیگر وہ ایک دوسرے کے پیچھے اس تیزی سے چلتی ہین، کہ اس خاص قسم کی اثیری موجین انچ بھر کی جگہ مین چونتیس ہزار سما جاتی ہین، یہ ظاہر ہے کہ جو شے ایسا سریع السیر سلسلہ موجون کا پیدا کر رہی ہے، وہ خواہ کچھ ہی کیون نہ ہو، اتنا ضرور ہے کہ وہ (ہیجان انگیز شے) خود بھی عظیم الشان رفتار سے مرتعش ہوتی ہوگی، جب ہم نے اس کا تصور کیا تھا کہ غوطہ زن ساکن حوض مین موجین پیدا کر دیتا ہے، تو یہ بھی دیکھا تھا کہ جتنی تیزی سے غوطہ زن اوپر نیچے حرکت کرتا تھا اتنے ہی زیادہ موجین کسی معین فاصلے یا کسی معین وقت مین پیدا ہوتی تھین، ان اثیری موجون کی شرح اور فی انچ موجون کی تعداد چونکہ معلوم ہے، اس لئے بآسانی حساب لگایا جا سکتا ہے، کہ جس شرح سے برقیے کو سرخ روشنی پیدا کرنے کے لئے مرتعش ہونا چاہئے، وہ چالیس[؎] میل فی ثانیہ ہے، اس مین شک نہین کہ یہ عدد تخیل مین نہین آتا لیکن ہم یہ تصور کر سکتے ہین کہ ایک برقیہ مادہ کے جوہر کے گرداگرد گھوم رہا ہے، جیسے کسی سیارے کے گرد اس کا تابع گردش کرے لیکن ہر ثانیہ کی مدت مین وہ بے انتہا چکر کرتا ہے، یہ کہنا کہ ایک برقیہ فی ثانیہ چالیس[؎] میل لگاتا ہے اور دوسرا ساٹھ میل فی ثانیہ صرف اسی کام آسکتا ہے، کہ ایک رفتار کو دوسری رفتار سے مقابلہ کیا جائے،

یہ اچھی طرح سمجھ لینا چاہئے کہ مادے کے تمام جوہر متعدد برقیون پر مشتمل ہوتے ہین، جو منتظم مدارون مین گردش کرتے رہتے ہین، اور یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ ہم ان ترتیبون مین خلل نہین پیدا کر سکتے لیکن وہ آزاد برقیے جو ہرون کے گرد مثل توابع کے گردش کرتا ہے، وہ خارجی قوتون سے متاثر ہو جاتے ہین، ہم کسی جسم کو حرارت پہنچاتے ہین، تو ان گردش کار برقیون کی رفتار تیز ہو جاتی ہے، کسی جسم کے سرد کرتے وقت معنی یہ ہوئے کہ ان آزاد برقیون کو آہستہ

گردش کرنے پر مجبور کیا جارہا ہے معمولی تپش پر لوہے، کے ایک ڈھیلے مین سالمی تصادم کی وجہ سے ان برقیون کی
حرکت مین خلل واقع ہوتا ہے، اس لئے انجام کار گردش کی جو شرح پیدا ہوتی ہے، اس سے اثیر مین بہت طویل موجین
وجود مین آتی ہین، ہم ان کو حرارتی موجین کہتے ہین، اور ہر موجود شئے کسی نہ کسی حد تک حرارت کا اشعاع کرتی ہے، لوہے
کے ٹکڑے کو گھن سے کوٹ کر دیکھین تو ہم کو معلوم ہوگا کہ پے در پے ضربون سے ہم سالمون کو سریع الارتعاش بنا سکتے ہین
اس سے گردش کنندہ برقیون کو اپنی رفتار تیز کرنے کا موقع مل جاتا ہے، ان مین سے بعض بہت جلد وہ رفتار حاصل کر سکتے
ہین جن پر وہ ایسی سریع التواتر اثیری موجین پیدا کرتے ہین، جو ہماری آنکھون کو متاثر کرتی ہین، اور جن کو ہم مرئی روشنی کہتے ہین،
تپش پیمائی کے نازک آلات کے ذریعہ سے ہم دکھلا سکتے ہین، کہ بعض برقیے کمتر رفتارون سے بھی گردش کرتے رہتے ہین،
ان سے جو اثیری موجین حاصل ہوتی ہین، ان کو ہم تاریک حرارت کہتے ہین، جب لوہے کا ٹکڑا اسفید حرارت کو پہنچ
جاتا ہے، تو ہم طیف نما کے ذریعے سے دکھلا سکتے ہین، کہ اسکے برقیے وہ تمام اثیری موجین پیدا کر رہے ہین جن سے مرئی
طیف بنتا ہے، اور علاوہ تاریک حرارتی موجون کے جو طیف کے سُرخ حصہ کے ماورا ہوتی ہین، ہم یہ بھی دکھا سکتے ہین،
کہ ورا بنفشی روشنی کی اثیری موجین بھی تابناک دھات سے خارج ہو رہی ہین، پس اس سے ظاہر ہے، کہ سفید گرم
دھات مین جوہرون کے گرد برقیے ایسی رفتارون سے چکر لگاتے ہین، جو چالیس سے اسی میل فی ثانیہ تک کی ہوتی
ہین، لیکن ان مین سے بعض بہت بطی ہین، اور بعض بہت سریع،

ہم دیکھ چکے ہین کہ مادے اور اثیر کے مابین، گردش کار برقیے ہی درمیانی کڑی ہین، یہ کسقدر حیرت انگیز امر ہے کہ
برقیے جیسی بے انتہا ننھی چیزین جو ہم سے نو کروڑ تیس لاکھ میل دور سورج مین موجود ہین، اس سیارے پر ہمین متاثر کرتی ہین ہم
اس سے بھی آگے بڑھکر ان گردش کار برقیون کا خیال کر سکتے ہین، جو دور دراز ستارون کے جوہرون سے ملحق ہین اور جو بلیون
میل کی مسافت طے کر کے ہم کو متاثر کرتے ہین،

تمام اثیری تموجات متحرک برقیون سے پیدا ہوتے ہین، اگرچہ نور اور اشعاعی حرارت گردش کار برقیون سے پیدا
ہوتے ہین، تاہم ایسی طویل ترین موجین جیسی کہ لاسلکی تلغرافی مین استعمال ہوتی ہین، چھوٹے مدارون مین گردش کرنے والے

برقیون سے نہین پیدا ہوسکتین وہ ایسے برقیون سے پیدا ہوتی ہین، جو برقی دورہ مین ادھر اودھر لہرین مارتے ہین، بہرحال ہم کو اس امر کے باور کرنے مین کوئی دقت نہ ہونا چاہئے، کہ تمام مختلف اثیری تموجات نوعیت مین ایک ہین، صرف اُن کے طول مختلف ہین،

لیکن یہان یہ اعتراض ہوسکتا ہے، کہ اثیر برقاطیسی تموج کی حیثیت سے نور کے متعلق جو کچھ کہا گیا وہ سب خیال آرائی ہے، اگر کسی شخص کا جی چاہے، تو وہ کہہ سکتا ہے کہ چاند سبز پنیر سے بنا ہے، لیکن کوئی اس پر یقین نہ کریگا، کیونکہ وہ اپنے دعوی کے ثبوت مین کوئی مشاہدات نہین پیش کرسکتا، پس نور کے برقاطیسی نظریہ کی تائید مین ہمارے پاس کیا شواہد ہین،؟

سب سے پہلے ہم یہ کہین گے، کہ ہم قطعی طور سے ثابت کرسکتے ہین کہ نور کی بھی وہی رفتار ہے جو برقاطیسی موجون کی، اور فی الحقیقت سائنس دانون کو تجرباتی ثبوت سے پہلے ہی اس امر کا یقین تھا، عرصہ ہوا کہ انسان نے مشاہدہ کرکے معلوم کرلیا کہ نور ۱۸۶۰۰۰ میل فی ثانیہ کی رفتار سے چلتا ہے، یہ مشاہدہ کس طرح کیا گیا، آگے چل کر بتلایا جائے گا،

لیکن ۱۸۸۸ء تک ہم برقاطیسی موجون کی رفتار پیمایش نہ کرسکتے تھے، ہم صرف اتنا ہی بیان کرسکتے تھے کہ ایسی چیزون کا وجود ہونا چاہئے، بااینہمہ اس وقت ریاضی دان برقی پیمایشات سے یہ حساب لگا چکے تھے کہ اگر ایسی موجین پائی گئین تو ان کی رفتار کیا ہوگی، ان حسابات کا نتیجہ ایک ایسی رفتار تھی، جو بعینہٖ رفتار نور تھی، اکثر لوگ جو سائنس سے بہرہ نہین ہین، وہ ریاضیاتی ثبوت کے مفہوم پر سر ہلائین گے، لیکن اگر وہ اس موضوع کا گہرا مطالعہ کرین تو ایسا نہ کرین گے،

۱۸۸۸ء مین جرمن جامعات مین سے ایک جامعہ کے ہونہار اور نوجوان معلم نے اثیر مین برقاطیسی موجون کی شناخت اور پیمایش کا ایک طریقہ نکالا، اس وقت یہ معلوم ہوچکا تھا، کہ برقی اخراج، مثلاً دو برقائے ہوئے کرون کے درمیان شرارہ، پس پیش یا اہتزازی نوعیت کا ہوتا ہے، یہ اہتزازات اثیر مین موجین پیدا کردیتے ہین، لیکن ان کے وجود کو معلوم کرنے کا ذریعہ کسی کے ذہن مین نہ آتا تھا، کون ایسا ہوسکتا تھا، جو ایسا نازک اور حساس آلہ ایجاد کرے

جس سے یہ بہ ظاہر بعید از گرفت موجین شناخت کی جاسکین،

ڈاکٹر ہرینخ ہرٹز[1] نے جن کا ذکر خیر اوپر آچکا ہے، اس سوال کا جواب دیا کسی پیچیدہ آلے کی ضرورت نہ تھی، صرف تار کے ایک حلقے کی ضرورت تھی، جسمین چھوٹا سا توڑ ہو، اپنے کمرے کے ایک کنارے پر ہرٹز نے اعالی پھیے والی ترتیب سے برقی شرارے پیدا کئے، اس نے ریاضیین کے نظریون کے بموجب اثیر محیط مین برقاطیسی موجین پیدا کین، ہرٹز نے اس حلقہ کو ہاتھ مین لیکر جو چوڑی سے زیادہ بڑا نہ تھا، سارا کمرہ چھان ڈالا، اس کو معلوم ہوا کہ تار کے حلقے مین چھوٹے سے توڑ پر شرارے پیدا ہوئے، دوسرے تجربہ کرنے والون کے ساتھ انصاف مد نظر رکھا جائے، تو یہ کہنا پڑے گا کہ اب تک ہرٹز نے کوئی نئی بات نہ دریافت کی تھی، دوسرے سائنس دان بھی بہت کچھ ایسے ہی تجربے انجام دے چکے تھے خصوصًا لندن کے پروفیسر سل وے نس طامسن نے جیسا کہ ستمبر ۱۸۷۵ء کے فلاسفیکل میگزین دیکھنے سے معلوم ہو سکتا ہے،

اس زمانے مین ہرٹز کے تجربون سے کوئی بارہ برس پہلے، پروفیسر طامسن نے یہ ثابت کیا تھا کہ اگر کسی اعالی پھیے والے آلے سے کچھ فاصلے پر ایک دوسرے سے قریب دو دروازون کی کنجیان رکھی جائین، تو ان مین برقی شرارے پیدا ہوتے ہین لیکن جب ہرٹز کے کارنامے کا بیان آتا ہے، تو پروفیسر طامسن یون رقمطراز ہوتے ہین "یہ میرے وہم وگمان مین بھی نہ تھا کہ یہ شرارے اس امر کی شہادت ہین، کہ برقی موجین فضا مین گذر رہی ہین، یہ ہرٹز کا انکشاف تھا" وہ محض تفریحًا کمرے مین شرارون کو دیکھ نہین رہے تھے، بلکہ اونھون نے وہ مقامات دریافت کین، جہان شرارے پیدا ہوتے تھے، اور پھر اپنے آلے (حلقہ تار) کو صحیح وضع مین رکھ کر ان کی شناخت کی:

فی الحال جس چیز سے ہم کو دلچسپی ہے، وہ ان موجون کی پیمایش ہے، جب ہرٹز کو معلوم ہوا کہ یہ غیر مرئی برقی موجین شناخت کی جاسکتی ہین، تو اوس نے اُن کی پیمایش کا بھی جلد انتظام کر لیا، اوس نے اپنے کمرے کی دیوار مین دھات کی

[1] (DR HEINRICH HERTZ) (۱۸۵۷ء-۱۸۹۴ء) مشہور و معروف جرمن پروفیسر لاسلکی کی بنیاد اسی کے تجربون نے ڈالی، (مترجم)

ایک بڑی چادر چڑھائی اور بمبب اس پہ برقی موجین ڈالین تاکہ وہ ویسی کی ویسی ہی منعکس ہون، یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ جب کسی قسم کی موجی حرکت اپنے رستے پر منعکس ہوتی ہے، تو منعکسہ موجین اصل موجون سے متداخل ہوتی ہین، اور وہ موجین پیدا کرتی ہین جن کو قائم موجین کہتے ہین تفصیلات کے بغیر ہم اسی پر اکتفا کرین گے، کہ تداخل مین ایسے نقاط پیدا ہوجاتے ہین، جہان ایک موج دوسری موج کی بالکل تعدیل کر دیتی ہے، یہ عقودی نقطے یا عقدہ کہلاتے ہین، اور یہ دکھلایا جاسکتا ہے، کہ ہر دو عقودی نقطون کا درمیانی فاصلہ طولِ موج کا ٹھیک نصف ہوتا ہے پس اب ہم سمجھ سکتے ہین، کہ جب ہرٹز نے یہ دیکھا کہ کمرے مین دو واضح مقام ایسے ہین، جہان اس کا آلۂ شناخت برقی شرارہ انگیز یا موج آفرین کا جواب نہین دیتا، تو گویا اس نے ایسے دو عقودی نقطے معلوم کرلئے، جیسے کہ اوپر بیان کئے گئے بنا بر این اس کو یہ معلوم ہوگیا کہ ایسے دو مقامون کے درمیان فاصلہ اُن برقی موجون کا ٹھیک نصف تھا، جو دھاتی چادر پر واقع ہوکر منعکس ہورہی تھین، اس طریقہ سے ہرٹز نے برقی موجون کے طول کی پیمایش کی،

ہرٹز کو یہ معلوم تھا کہ موج آفرین آلے مین برقی اہتزازات کی شرح کیا ہے، اس لئے موجون کے طول معلوم ہوجانے کی صورت مین یہ دریافت کرنا بالکل آسان تھا کہ یہ موجین کس رفتار سے روان ہوتی ہین، مطلب کو واضح کرنے کے لئے ہم تھوڑی دیر کے لئے پھر تالاب والی تمثیل لیتے ہین، غوطہ زن کے ذریعہ سے مین دو موج فی ثانیہ کے حساب سے موجون کا ایک سلسلہ پیدا کرسکتا ہون، اس لئے مجھ کو یہ معلوم رہے گا کہ ایک ثانیہ مین موجی حرکت جتنا فاصلہ طے کرے گی، وہ ٹھیک ٹھیک دو موجون کے طول کے مساوی ہوگا، اب کوئی شخص اُن موجون کی پیمایش کرلیتا ہے، جن کو مین پیدا کررہا ہون، اور مجھ کو اطلاع دیتا ہے، کہ ہر موج ٹھیک ٹھیک ایک انچ ہے پس مین یہ کہہ سکتا ہون کہ موجی حرکت ایک ثانیہ مین دو انچ کا فاصلہ طے کررہی ہے، بلاشبہہ یہ ایک خیالی مثال ہے لیکن اسی سے یہ واضح ہوجائے گا، کہ ہرٹز نے فی ثانیہ پیدا شدہ موجون کی تعداد ایک موج طول ہوجانے پر کیونکر شرح مسافت کا حساب لگایا ہوگا اس کے حساب سے رفتار ...۱۸۶ میل فی ثانیہ ٹھہری، اس طرح ریاضیین نے جو اس سے پہلے حسابات لگائے تھے، ان کی تصدیق ہوگئی، اس طرح پر ہرٹز نے یہ ثابت کردکھایا کہ برقی موجون کی وہی رفتار

مسافت ہوتی ہے، جو مرئی روشنی کی موجون کی،

ہرٹز کے برقی موجون کی رفتار دریافت کرنے سے کوئی دو سو برس پہلے رفتار نور دریافت کی جا چکی تھی بغیر ریاضی کی مدد کے صحیح طریقہ کی تشریح مشکل ہو گئی لیکن ممکن ہے، کہ ذیل کی تقریر سے کوئی مفہوم پیدا ہو سکے کوئی ڈھائی سو برس گذرے کہ فلکیون نے مشتری کے توابع مین سے ایک تابع کی حرکات مین بظاہر بے ضابطگی دیکھی فلکیون نے تقویم تیار کی جس سے معلوم ہوتا تھا کہ وہ تابع فلان وقت کہان ہو گا لیکن توقع کے بموجب وہ تابع نہ چلتا تھا، سال بھر مین ایک وقت تو وہ اپنے تقویمی وقت سے کوئی پاؤ گھنٹہ پیچھے رہا، حالانکہ چھ ماہ پیشتر وہ اسی وقت پر قائم تھا، اب یہ مسئلہ فلکیون کے لئے چیستان بن گیا کسی کے خیال مین یہ نہ آتا تھا، کہ اس تابع کی رفتار مین سال مین ایک دفعہ کمی ہو جاتی تھی اور پھر چھ ماہ بعد وہ اپنی اصلی رفتار پر عود کرتا تھا، بایںہمہ یہ تابع، اپنے سیارے کے گرد گردش کرنے مین ششماہی کے اختتام پر ہمیشہ سولہ دقیقہ اور چھتیس ثانیہ دیر کر کے غروب ہوتا۔ یہ بھی اچھی طرح معلوم تھا کہ مشتری ہم سے بہت دور ہے یعنی کوئی پچاس کرور میل، مشتری سے زمین تک آنے مین روشنی خواہ کتنا ہی وقت کیون نہ لے، وہ مدت ہمیشہ ایک ہی رہنا چاہئے، یہ اس صورت مین صحیح ہو گا، جبکہ مشتری اور زمین کے درمیان فاصلہ ایک ہی رہے، سترہوین صدی کے ان فلکیون کو یہ معلوم تھا کہ یہ فاصلہ ایک نہین رہتا، اگر مشتری سورج کے گرد اپنے دور دراز مدار مین ایک زبردست چکر لگاتا ہے، تو ہماری زمین اسی دوران مین اپنے قصیر تر مدار کے کوئی بارہ چکر لگا ڈالتی ہے پس سال مین ایک وقت ہم کو مشتری سے نزدیک ہونا چاہئے اور چھ ماہ بعد، جب ہم اپنے مدار کے اس پار مشتری سے دور ہون گے تو اس کی روشنی کو ہم تک آنے کیلئے ہمارے مدار کا زائد قطری فاصلہ بھی طے کرنا پڑیگا، یہ صورت اس وقت نہ ہو گی جب کہ ہم اپنے مدار مین مشتری سے نزدیک ترین مقام پر ہون گے، ہم سب جانتے ہین کہ سورج سے ہمارا فاصلہ کوئی ۹ کرور ۳۰ لاکھ میل ہے، اس لئے ہمارے مدار کا قطر اس کا دونا یعنی ۱۸ کرور ۶۰ لاکھ میل ہو گا، ہم دیکھ چکے ہین، کہ ان فلکیون نے مشاہدہ سے دریافت کر لیا تھا کہ مشتری کا تابع بظاہر سولہ دقیقہ چھتیس ثانیہ پیچھے رہتا ہے، پس اُن پر یہ واضح ہو گیا کہ مشتری کی روشنی زمین کا مدار طے کرنے مین یہ مدت لیتی ہے، یہ مدت تقریباً ۱۰۰۰ ثانیون کے مساوی ہے، اس درمیان مین

روشنی ۱۸ کروڑ ۶۰ لاکھ میل طے کر چکی ہے اس لئے اب ایک ثانیہ میں نور کا طے کردہ فاصلہ دریافت کرنے کے لئے ہم کو پنسل کاغذ کی ضرورت نہیں، ہم کو صرف ۱۸۶۰۰۰۰۰۰ میل میں سے آخری تین صفر کاٹ دینا ہیں پس معلوم ہوا کہ روشنی کی رفتار ۱۸۶۰۰۰ میل فی ثانیہ ہے، یہ ایسی عظیم الشان رفتار ہے کہ ہمارے سیارے پر ایک مقام سے دوسرے بعید مقام تک روشنی آناً فاناً جاتی معلوم ہوتی ہے،

یہ امر دلچسپی سے خالی نہیں ہے، کہ گیلیلو نے ایک فاصلے پر چراغ کو بند اور کھول کر روشنی کی رفتار دریافت کرنا چاہی تھی، لیکن جیسا کہ ہم کو توقع ہونی چاہیے کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوا، بایں ہمہ ایسے طریقے بھی ممکن ہیں جن سے روشنی کی رفتار براہ راست دریافت کیجا سکے تفصیلات میں گئے بغیر اس قسم کے ایک تجربے کا اصول بیان کرنا باعث دلچسپی ہوگا، ایک نقبہ کو نہایت تیزی سے بند کرتے اور کھولتے ہیں تاکہ روشنی کی ایک شعاع نقبہ میں سے نکل کر ایک مقررہ فاصلہ پر رکھے ہوئے آئینے پر پڑے، اور منعکس ہو کر پھر نقبہ پر آئے، جہاں وہ داخل ہو کر چشمہ کے ذریعے سے دیکھی جاسکتی ہے، اگر روشنی کی اشاعت آناً فاناً ہوا کرتی، تو منعکس شعاع ہر صورت میں نقبہ میں داخل ہو جاتی، خواہ تیزی سے گھما کر سوراخ بند کیا جاتا، نقبہ کو کھولنے اور بند کرنے کی ایک بہت سادہ ترکیب ایجاد کی گئی، یہ تصور کرو کہ ایک قرص ہے جس کے کنارے کنارے چھوٹے چھوٹے سوراخوں کی ایک قطار ہے، جو اس میں کٹے ہوتے ہیں، فی الحقیقت ایک دندانہ دار پہیہ استعمال کیا جاتا ہے یہ قرص کچھ اس طرح ترتیب دی جاتی ہے، کہ سوراخ بالترتیب نقبہ کے سامنے سے گذرتے ہیں، اگر قرص کو تیز رفتار سے گردش دی جائے تو نقبہ نہایت تیزی سے کھلے گا، اور بند ہوگا، اگر نقبہ سے آئینے تک جانے اور آنے میں روشنی کو کچھ وقت صرف ہوتا ہی ہے، تو قرص کی ایک معین رفتار گردش پر فوری موجیں نقبہ پر اس وقت لوٹیں گی جب کہ وہ بند ہوگا جب ایسی صورت ہوگی تو چشمہ میں کوئی روشنی نہ دکھائی دیگی، بعدہٗ اگر گردش کی رفتار اتنی بڑھا دی جائے کہ منعکس روشنی واضح روشنی کے سوراخ کے برابر والے سوراخ میں سے ہو کر نقبہ میں داخل ہو جائے، تو ظاہر ہے کہ جتنی دیر میں روشنی نقبہ سے آئینہ تک گئی، اور آئی اتنی دیر میں قرص کا کنارہ ایک سوراخ سے دوسرے سوراخ تک کی مسافت طے کر گیا، قرص کی اس خفیف حرکت کی مدت کا حساب قرص کی گردش رفتار سے بآسانی لگایا جاسکتا ہے پس ہم کو وہ مدت معلوم ہوگئی،

جو روشنی نے نقبہ سے آئینہ تک کی مسافت طے کرنے مین صرف کی، اس سے بھی رفتار ٹھیک ٹھیک ۱۸۶۰۰۰ میل فی
ثانیہ نکلتی ہے، دیگر تجربہ کرنے والون نے رفتار نور کی پیمایش کے اور طریقے بھی نکالے ہین، لیکن جملہ نتائج ۱۸۵ ہزار اور
۱۸۶ ہزار میل فی ثانیہ کے درمیان حاصل ہوتے ہین،

جب ہم کو یہ اطمینان ہو گیا کہ بیان کردہ رفتار نور مین قیاس کو دخل نہین ہے، تو یہ دیکھنا باعث دلچسپی ہوگا کہ ان
موجون کا طول کیونکر پیمایش کیا جاتا ہے، جو انچ کا تیس ہزاروان حصہ طول مین تبلائی جاتی ہین، ممکن ہے کہ کسی کو خیال ہو کہ
یہ اُن لوگون کا کام ہے، جو خالص ریاضی میں درخور رکھتے ہین لیکن خوش قسمتی سے ایسا نہین ہے، یاد ہوگا کہ ڈاکٹر طامس
ینگ، جو لندن کے معہد شاہی مین فلسفہ طبعی کے پہلے پروفیسر تھے، وہی نور کے اثیری موجی نظریہ کے بانیون مین سے
تھے، ان کا ایک مشہور تجربہ یہ تھا کہ دو نوری موجون کو اس طرح متداخل کرسکتے ہین، کہ تاریکی پیدا ہو جائے، ینگ نے
یکرنگ روشنی مثلاً سُرخ روشنی کی ایک باریک شعاع لی تاکہ تمام اثیری موجین ایک ہی طول کی ہون، اس سُرخ شعاع
کے راستے مین اونھون نے ایک پردہ حائل کردیا، اور پردے مین دو بہت باریک اور پاس پاس سوراخ
کرکے روشنی کو صرف ان ہی سوراخون مین سے گذرنے دیا، اس نئے پردہ کی دوسری جانب سے سُرخ روشنی کی دو پتلی
پتلی شعاعین بہت ہی قریب کے دو سوراخون سے نکلنے لگین، ان سوراخون کی روشنی کو ایک سفید پردے پر لیا گیا، اب
توقع تو یہی ہوگی کہ پردے پر سُرخ روشنی کی دو شعاعون سے مرکب ایک داغ نظر آئے، لیکن ینگ نے اس
کے علاوہ کچھ اور بھی دیکھا، پردے پر جو خیال تھا، اس مین باری باری سے سرخ اور سیاہ پٹیان تھین، یا بالفاظ دیگر تاریکی کی
پٹیان تھین، جب دونون مین سے ایک سوراخ بند کر دیا جاتا تو پردے پر صرف سُرخ رنگ کا ایک دھبہ ہوتا، لیکن جب
تک روشنی ان دونون سوراخون مین سے بیک وقت گذرتی رہی، یہ تاریک پٹیان نظر آتی رہین، ینگ نے اس تجربے کے
نتیجہ کو نور کے موجی نظریہ کے ثبوت کے طور پر استعمال کیا، اگر نیوٹن کا جسیمی نظریہ صحیح ہو تو منور ذرون کی دو شعاعون کو ملکر ضرور
نورانیت پیدا کرنی چاہئے، بالفاظ دیگر اگر تم شے کو شے مین جمع کردو، تو وہ لاشے نہین ہوسکتی لیکن اگر روشنی کی دونون
شعاعین مادی ذرون سے مرکب نہ ہون، بلکہ کسی واسطے مین صرف موجی حرکت ہون تو یہ سمجھ مین آجانے کی بات ہے،،

کہ ایک موج دوسری موج سے اس طریقہ پر متداخل ہوکر نقطہ تداخل پر تاریک پٹیان پیدا کردے،

اسی سادے سے تجربے کی بدولت ینگ نے نارنجی روشنی کے طول موج کی پیمایش کرلی یہ تصور کرو کہ موجون کا ایک منفرد سلسلہ سوراخ نمبر ۱ سے گذرتا ہے، اور پردے پر جاکر ایسے نقطے پر پہنچتا ہے، جو سوراخ کے عین محاذ مین ہے اور ایک دوسرا سلسلہ سوراخ نمبر ۲ سے گذرتا ہے، اور پردے کے اوسی نقطے پر جا پہنچتا ہے، ظاہر ہے کہ وہ نقطہ دوسرے سوراخ کے عین محاذ مین نہین ہوسکتا پس معلوم ہوا کہ جو موجین سوراخ نمبر ۲ سے گذرین گی، اون کو پہلے سوراخ مین سے گذرنے والی موجون کے مقابلے مین قدرے طویل تر مسافت طے کرنا پڑے گی، اگر یہ دونون موجین پہلی تاریک پٹی پر ملین تو گویا وہ ایک دوسرے سے متداخل ہین پس ایک موج دوسری موج سے ٹھیک نصف طول موج پیچھے ہونی چاہیے پس ان موجی سلسلون کے طولون مین فرق ٹھیک ایک نصف طول موج ہوگا، ینگ نے ان ہر دو فاصلون مین اس قلیل فرق کی پیمایش کر ہی ڈالی تو معلوم ہوا کہ یہ فرق انچ کا اسی ہزاروان حصہ ہے، پس سرخ روشنی کے نصف طول موج کی یہ پیمایش ٹھہری، بنابرین سرخ روشنی کی موجین طول مین انچ کا چالیس ہزاروان ہوئین، اسی طرح طیف کے دیگر رنگون کی پیمایش ممکن ہے، ان طولون کی مفصل فہرست ضمیمہ نمبر ۳ مین ملے گی،

ہم نے مرئی روشنی کا یہ تصور قائم کیا ہے کہ وہ اثیری موجین ہین، جو مادہ کے جوہرون کے گرد گردش کرنیوالے برقیون سے پیدا ہوتی ہین، ان قصیر اثیری موجون کے پیدا کرنے کا خاص طریقہ ہمارے پاس یہ ہے، کہ کسی شے کو اعلیٰ تپش تک گرم کردین، لیکن باوجود اس امر کے ہم مصنوعی روشنی کے کفایت شعارانہ طریقون کا ذکر سنتے ہین، واقعہ یہ ہے تمام طریقے مضحک طور پر اسراف آمیز ہین، خیال کرو کہ ایک شخص کوئی مفید شے تیار کرنا چاہتا ہے، اور شے زیر تیاری کے ہر دس پونڈ کے لئے اس کو بے کار ذیلی حاصلون کے یا ایسی اشیا کے جن سے کچھ بھی حاصل ہونا نہین ہے نوے پونڈ پیدا کرنا پڑین، کسی نے اب تک ایسا اسراف آمیز صنعتی عمل نہ سنا ہوگا، بایںہمہ جب ہم مصنوعی روشنی تیار کرتے ہین تو یہی تمثیل صادق آتی ہے، غالباً اس سے بہتر تمثیل یہ ہوگی، کہ ہم کسی مزدورون کے آجر کا خیال کرین، جو

کوئی مفید کام لینا چاہتا ہے، تجربہ سے اس کو معلوم ہے، کہ کام کو پورا کرنے کے لئے سو آدمیون کی ضرورت ہے، لیکن اس کو اس سے بھی آگہی ہے، کہ جو کام وہ لینا چاہتا ہے، وہ دس آدمی بھی انجام دے سکتے ہین، بشرطیکہ اون کو طریقۂ کار معلوم ہو، ہم مصنوعی روشنی پیدا کرنے کے لئے گیس جلاتے ہین، ہم ایک خاص طول کی اثیری موجین پیدا کرنا چاہتے ہین، لیکن ایسا کرنے سے ہم صرف تین فی صدی موجین حاصل کر سکتے ہین، بقیہ ستانوے فی صدی موجین ہمارے مطلب کی نہین، اور ہم بغیر اُن کے بھی کام چلا سکتے ہین کیونکہ وہ صرف تاریک حرارت کی موجین ہین، اثیری موجین پیدا کرنے والا کوئی جسم جتنا زیادہ گرم ہوگا، مفید موجون کا تناسب بھی اُتنا ہی زیادہ ہوگا، لیکن برقی قوسی لیمپون سے بھی ہم دس یا پندرہ فی صدی سے زیادہ استعداد حاصل نہین کر سکتے

مصنوعی روشنی کے طریقون مین ہم ایک حد تک سورج کی نقل کرتے ہین، کیونکہ سورج بھی صرف تیس فی صدی مرئی نوری موجین پیدا کرتا ہے، باہمہ فطرت مین کوئی چیز رائگان نہین جاتی، بقیہ ستر فی صدی اس سیارے پر زندگی قائم رکھنے اور کیمیاوی تغیرات پیدا کرنے کے لئے ہم کو درکار ہین، اگر ہم فطرت کی نقل کر سکین جیساکہ وہ جگنو مین روشنی پیدا کرتی ہے، کہ تقریبًا تمام اثیری تموج مرئی روشنی کی صورت مین ہوتا ہے، اور کوئی موجین تاریک حرارت کی پیدا نہین ہوتین، تو ہم بڑے پیمانے پر تنویر پیدا کر سکتے، جگنو کی نورانیت کے ذکر کے سلسلے مین سر اولیور لاج کا قول ہے، کہ اگر ہم فطرت سے اس راز کو حاصل کر سکین، تو ایک بچہ ایک پہیہ کو گھما کر اتنی توانائی پیدا کر سکتا ہے، کہ سارے برقی دورہ کو روشن کر دے،"

ہم دیکھ چکے ہین کہ ہرٹز نے صرف برقی ذرائع سے اثیری موجین پیدا کر کے کیونکر ان کی شناخت اور پیمایش کی، لاسلکی تلغرافی مین یہ معمول ہو گیا ہے کہ برقیون کو کسی برقی دورہ مین ادھر اُدھر حرکت دیکر یہ اثیری موجین پیدا کرتے ہین، ہم یہ بھی اندازہ کر چکے ہین کہ یہ موجین مرئی روشنی سے صرف اس امر مین مختلف ہین، کہ یہ طویل تر ہین، پس اگر ہم کو مرئی روشنی کی قصیر تر موجین پیدا کرنا ہے تو ہمین ان برقیون کی حرکت مین سرعت پیدا کر دینا چاہئے لیکن ہماری دقت اسی مین ہے، برقی اہتزازون سے جو قصیر ترین اثیری موجین ہم پیدا کر سکے ہین، وہ طول مین انچ کا تقریبًا چھٹا حصہ ہے، حالانکہ ایک انچ مین ہم کو کوئی تیس ہزار موجین

جمع کر دینا چاہیئے تاکہ ہمارے آلات بصارت کو وہ متاثر کر سکین، فطرت یہ کرتب کرتی ہے لیکن اس کیلئے وہ برقیون کی سادہ سی بس پیشی حرکت کام مین نہین لاتی، وہ برقیون کو اپنے جوہرون کے گرد کروڑون اربون مرتبہ فی ثانیہ گردش دیتی ہے، اس سے ظاہر ہوا کہ ہم کو برقیون مین یہ شدید گردشی حرکت پیدا کرنا چاہئے، تاکہ ہم مصنوعی روشنی بغیر اس زبردست ضیاع کے پیدا کر سکین، جو آجکل ہمین انگیز کرنا پڑتا ہے،

ممکن ہے کہ بہتون پر یہ امر روشن نہ ہوا ہو کہ جسم کو گرم کر کے مصنوعی روشنی کی پیدائش مین اس قدر زبردست ضیاع کیونکر واقع ہوتا ہے، جب ہم کسی جسم کو گرم کرتے ہین، تو ہم اس کے سالمون مین ایک تموج پیدا کر دیتے ہین، سالمون کے درمیان لگاتار تصادم جوہرون کے گرد برقیون کو آزادانہ گردش کرنے سے باز رکھتے ہین، اسلئے ہر رفتار سے حرکت کرنے والے برقیے موجود ہو جاتے ہین، اُن کا ایک بڑا تناسب صرف ایسی رفتار حاصل کرتا ہے جس پر تاریک حرارت والی موجین پیدا ہوتی ہین، اور صرف ایک بہت ہی قلیل تناسب وہ رفتار حاصل کرتا ہے جس پر مرئی روشنی پیدا ہوتی ہے، ہم جو چاہتے ہین وہ یہ ہے کہ تمام کے تمام برقیے اعلیٰ رفتار سے گردش کرین،

تابع برقیون کی رفتار مین تغیر ماننے کی ضرورت نہین، کیونکہ ہم یہ تصور کر سکتے ہین، کہ گردش کرنے والے برقیون کے حلقہ پر ایک اہتزازی حرکت داخل کر دی گئی، لیکن اول الذکر مفہوم سادہ تر ہے، اور مظاہر نور کی توجیہ کرتا ہے،

تعلیق:۔ نور کے برقاطیسی نظریے کی بحث مین مین نے مضمون پر تاریخی نقطۂ نظر سے بحث نہین کی ہے لیکن چونکہ یہ دلچسپی سے خالی نہین، اس لئے ضمیمہ نمبر ۲ مین مین نے ایک مختصر تاریخی تذکرہ درج کر دیا ہے،

بارہوان باب

نور کا مزید بیان

گذشتہ باب مین یہ تبایا جاچکا ہے کہ اس بیان مین مطلق شبہ نہین کہ تاریک حرارت کی موجین اور برقی موجین دراصل غیر مرئی نوری موجین ہین، اوران کا فرق صرف اون کے موجی طول مین ہے، یا بالفاظ دیگر متواتر موجون کے درمیانی فاصلے مین،

ہم معمولی نور کے بعض خواص کے اس قدر عادی ہو گئے ہین، کہ ہم اُن سے بغیر غور کئے گذرجاتے ہین، ہم دیکھتے ہین کہ روشنی ہماری چارون طرف کی چیزون پر پڑتی ہے لیکن ہم کبھی اس امر پر غور نہین کرتے کہ یہ چیزین ہم کو اس وجہ سے دکھائی دیتی ہین، کہ وہ واقع ہونے والی چند موجون کو منعکس کردیتی ہین، اور یہی منعکس اثیری موجین ہماری آنکھ مین داخل ہوتی ہین، ہر شخص اس امر سے بخوبی آگاہ ہے، کہ روشنی منعکس ہوسکتی ہے، روشنی کی ایک دوسری خاصیت جس کو ہم مین سے غافل ترین نے بھی ضرور ہی دیکھا ہوگا، یہ ہے کہ وہ اپنے طبعی مستقیم راستے سے ہٹائی بھی جاسکتی ہے ایک سیدھا قلم ترچھا کر کے تھوڑا سا پانی مین رکھا جائے اور تھوڑا سا باہر رہے، تو بالکل خمیدہ معلوم ہوتا ہے، روشنی کی اس خمیدگی یا انعطاف کو صفحہ مقابل کی تصویر بہت صاف طور پر دکھاتی ہے،

ایک تیسری خاصیت نور کی اس کا مقطب ہونا ہے، اگرچہ اس خاصیت کا نام کسی قدر پراسرار معلوم ہوتا ہے، اور ممکن ہے کہ اس سے کسی کو یہ گمان ہو کہ یہ مضمون بہت ادق ہوگا، تاہم فی الحقیقت وہ بہت سادہ ہے،

شعاعِ نور کا خم

سمندر کی موجین صرف زیروزبر یا انتصابی سمت مین مرتعش ہوسکتی ہین، کیونکہ وہ ایک چپٹی افقی سطح مین واقع ہوتی ہین لیکن اثیری موجین کسی سطح پر واقع نہین ہوتین، بلکہ ٹھیک اثیری سمندر کے قلب مین' اسلئے "زیروزبر" کے ان کے لئے کوئی معنی نہین، اثیری موجین جیسے ایک زاویہ پر مرتعش ہوتی ہین، ویسے ہی وہ کسی دوسرے زاویہ پر بھی مرتعش ہوسکتی ہین،

بعض اغراض کے لئے اثیر کو ایک عظیم الجثہ جیلی تصور کرنے مین سہولت ہوتی ہے، ایک ایسی معمولی جیلی کا تصور کرو، جو دسترخوان پر پیش کی جاتی ہے، اس مین یہ اور فرض کرلو کہ تجربہ کے اغراض کیلئے باورچی نے ایک بہت بڑی اور مضبوط جیلی تیار کی ہے، اگر ہم دو لمبی سلائیان جیلی مین گھونس دین، اور ایک کو دوسرے سے کچھ فاصلے پر رکھین، تو جب کسی سلائی مین ارتعاشی حرکت پیدا کی جاتی ہے، تو دوسری سلائی بھی وہی حرکت قبول کرلیتی ہے، جیلی ایک سلائی سے دوسری سلائی تک توانائی لیجاتی ہے، ہم نے خود جیلی کے اندر موجی حرکت پیدا کردی ہے، اب حرکت خواہ زیروزبری یا پس وپیش ہو، دونون مساوی ہین، اور فی الحقیقت حرکت ہر زاویہ پر ممکن ہے،

جب معمولی نوری موجین کسی گرم شدہ جسم سے خارج ہوتی ہین، تو ہم یہ تصور کرتے ہین کہ ہیجان ان برقیون سے پیدا ہوتا ہے، جو جوہرون کے گرداگرد گردش کرتے رہتے ہین، اور یہ سب کی سب ہر قیمت کے زاویہ پر واقع ہون گی، اسلئے تمام اثیری موجون کو کسی ایک خاص سمت مین مرتعش تصور کرنا مشکل ہوگا، نور کی تقطیب کے یہی معنی ہین کہ تمام موجون کو مقید کرلیا گیا ہے، صرف ان موجون کو چھوڑ دیا گیا ہے، جو کسی خاص سمت مین مرتعش ہون، ذیل کی تمثیل سے غالبًا یہ موضوع بالکل واضح ہوجائیگا،

فرض کرو کہ ایک وحشی جانور کسی ایسی اونچی دیوار کے قریب آرہا ہے، جسمین آمدورفت کا راستہ صرف ایک طویل انتصابی شگاف ہے، وہ اتنا چوڑا ہے کہ وہ جانور اس مین سے سیدھا جاسکتا ہے، اگر یہ خیالی جانور ادھر ادھر بل کھارہا ہو اور اپنی اس پہلو بہ پہلو حرکت کو روکنے پر قادر نہ ہو، تو ظاہر ہے، کہ جب وہ تنگ دروازہ پر پہنچے گا، تو اس کی مزید گامزنی قطعًا رک جائے جاگی، لیکن اگر اس وحشی مین یہ خبط پیدا ہوجائے کہ برابر اوپر نیچے اچھلتا کودتا، آگے کی طرف بڑھنے لگے

تو وہ تنگ انتصابی دروازہ اس کے راستے مین کوئی رکاوٹ نہ پیدا کریگا، اگر ایسے وحشیون کا ایک گلہ ایسی دیوار کی طرف ہنکایا جائے جسمین متعدد اونچے تنگ دروازے ہون تو ظاہر ہے کہ صرف وہی جانور اس مین سے نکل سکین گے، جن مین انتصاباً جست خیزی کی قابلیت موجود ہے، اس لئے دیوار کی دوسری جانب جانورون کا چھوٹا ہی گلہ پہنچیگا، لیکن سب کے سب انتصاباً حرکت کرتے ہون گے،

اس تمثیل وحشت مین جانور نور کی موجی حرکتون کی تعبیر ہین، دیوار حائل مع اپنے انتصابی دروازون کے ایک قسم کی اشیاء کی تعبیر ہے، جس مین سے سب سے زیادہ معروف قلمی جوہر "ٹورملین[1]" ہے، اس قیمتی جوہر کی ایک قاش نور کے لئے وہی حکم رکھتی ہے، جو ہماری تمثیل مین انتصابی دروازون والی دیوار ان خبطی جانورون کے لئے رکھتی ہے، ہم صرف اُن ہی موجون کو ٹورملین مین سے گذرتا تصور کرتے ہین، جنمین انتصابی حرکت ہے، پس جو روشنی گذر کر نکلتی ہے، وہ صرف ایک معین سمت مین مرتعش ہے، ہم یہ کہتے ہین کہ جو روشنی ٹورملین مین سے گذر رہی ہے، وہ منقطب ہوگئی ہے،

تقطیب نور کے متعلق یہ تمام بیانات یا درہوا معلوم ہوتے ہین، اب یہ کیونکر کہین کہ دراصل ایسا ہی وقوع مین آیا ہے، ہم تو کوئی فرق نہین پاتے،

تھوڑی دیر کے لئے ہم پھر مذکورۂ بالا تمثیل کو لیتے ہین، اب ہم یہ تصور کرتے ہین کہ دیوار پہلو پر گھما دی گئی ہے، جس سے دروازے افقی وضع مین آگئے ہین، یا ہم تمثیل کو زیادہ مکمل کر سکتے ہین، اگر ہم یہ تصور کرین کہ ایک اونچی دیوار ہے، جسمین دروازے متعدد افقی شگافون کی صورت مین ہین، ان حالات مین انتصابی جست خیزی حرکت والے جانور نہ گزرنے پائین گے، ان کا راستہ قطعاً مسدود ہو جائے گا، لیکن جو جانور بل کھاتے جارہے ہین، وہ بل کھاتے ہوئے ان وسیع افقی شگافون یا دروازون سے گذر جائین گے، اب دونون قسم کے خبطی جانورون کے راستہ روکنے کی تدبیر ہمارے ہاتھ آگئی،

---

[1] (TAUR MALINE) اس سنگ لامع کو کہتے ہین، جو عینک فروش عینکون کے پتھر یا شیشے کی کاٹ کی جانچ کے لئے استعمال کرتے ہین، (مترجم)

اگراولاً ہم گلے کو حسب سابق انتصابی دروازون مین سے ہنکائین تو صرف وہی جانور گذر پائین گے جنہین انتصابی حرکت ہی، اب ان اچھلتے کودتے جانورون کو ہم دوسری دیوار کی طرف ہنکاتے ہین جسمین افقی دروازے ہین، ان مین سے اب کوئی نہ گذر سکے گا، نتیجہ یہ ہوگا، کہ دوسری دیوار کی وجہ سے کوئی جانور بھی نکلنے نہ پائے گا، ٹورملین اور نور مین بھی یہی کیفیت ہوتی ہے ہم انتصابانہ متقطب روشنی پیدا کرسکتے ہین، اوراوس کو ٹورملین کی ایسی قاش سے گذار کر جو اپنے پہلو پر گھومی ہوئی ہو، یا بالفاظ دیگر ربع گردش طے کرچکی ہو ہم ان انتصابی موجون کے راستہ کو مسدود کرسکتے ہین یا اور کامل تاریکی پیدا کرسکتے ہین، رواج یہ ہے کہ ٹورملین کے پہلے ٹکڑے کو متقطب کہتے ہین، اور دوسرے ٹکڑے کو مشرح لیکن وہ بعینہ ایک ہوتے ہین، اوران کو مختلف نام دئے جانے کی وجہ صرف یہ ہے، کہ ان مین امتیاز کیا جاسکے، روشنی کو متقطب کرنے کے اور طریقے بھی ہین لیکن ہمارا مقصود یہان صرف یہ تبلانا ہے، کہ نور کی یہ ایک امتیازی خاصیت ہی،

بسبیل تذکرہ یہان یہ تبادینا مناسب ہے کہ مناظری قندیل کے پردے پر متقطب روشنی کے ذریعہ سے نہایت دلکش لونی اثرات پیدا کئے جاسکتے ہین، اگر متقطب اور مشرح اس انداز پر رکھے ہون کہ تمام روشنی کو منقطع کردین، تو پردہ تاریک ہوگا، اس وقت اگر ہم مشہور و معروف ابرک کی ایک پتلی قاش ہر دو متقطب کے درمیان رکھدین، تو ہم کو کچھ دکھائی دینے کی توقع نہ ہونا چاہئے لیکن اپنی دبازت کے لحاظ سے ابرک متقطب روشنی کے بعض موجی طولون کو گذرنے دیگا، بنابرین تقطیب نما سے دیکھنے پر یا قندیل کے پردے پر ایک مناظر لونی احساس پیدا ہوگا جب مشرح گھمایا جاتا ہے، تو یہ رنگ بدل کر اپنا متمم[1] رنگ بن جاتا ہے، جب مشرح ایک وضع مین ہوتا ہے، تو بعض موجی طولون کو گذرنے دیتا ہے، اور بعض کو روک دیتا ہے، لیکن اگر مشرح ۹۰ درجے مین گھما دیا جائے، تو جو موجین پہلے گذر جاتی تھین، وہ مقطوع ہوجائین گی، اور جو مقطوع تھین، وہ گذر جائین گی، دیگر اشیا بھی مثل ابرک کے عمل کرتی ہین، اور جو رنگ گذر جاتے ہین، اُن کا انحصار شے کی نوعیت پر ہے، نیز اوس قاش کی دبازت پر جس مین سے متقطب روشنی گذرتی ہے،

---

[1] دو رنگ متمم اوسوقت کہلاتے ہین جب کہ دونون مل کر سفیدی پیدا کرین، مثلاً سبزی مائل زرد رنگ اور بنفشی رنگ ملکر سفید رنگ پیدا کرین گے. لہذا وہ ایک دوسرے کے متمم ہین، (مترجم)

منقطب روشنی کی مدد سے کامل طور پر بے رنگ قندیلی تختیوں سے مین نے نہایت عجیب و غریب رنگ پیدا ہوتے دیکھے ہین تختیون پر جو تصویرین ہوتی ہین، وہ مختلف بے رنگ اشیاء کی متعدد قاشون سے مرکب ہوتی ہین۔ سب کی سب فرض کرو کہ مختلف اللون طوطے کی شکل مین مترتب ہین تختی خود بے رنگ ہوتی ہے لیکن جب پردے پر خیال بنتا ہے، تو یہ تصور کرنا مشکل ہوتا ہے، کہ یہ کسی رنگین یا رنگدار تختی سے پیدا شدہ نہین ہے۔ مشرح اگر گھمایا جائے تو مزید دلچسپی پیدا ہو جاتی ہے، تمام رنگ یک قلم بدل جاتے ہین، طوطے کی سُرخ دم اب سبزی مائل نیلی ہو جاتی ہے، جب مشرح گھمایا جاتا ہے، تو تمام رنگ اپنے اپنے متممون مین بدل جاتے ہین، زرد نیلا ہو جاتا ہی، ارغوانی سبز ہو جاتا ہی اور سبزی مائل نیلا سُرخ ہو جاتا ہے۔

تقریر بالا نے ہمین اس امر سے مانوس کر دیا کہ روشنی منقطب کیجا سکتی ہے، نور کی یہ خاصیت ہماری روزمرہ کی زندگی مین مشاہدہ مین نہین آتی لیکن نور کی ایک اور نمایان خاصیت ہی جو آتی ہے، ہم نے یہ ضرور مشاہدہ کیا ہوگا کہ مختلف قسم کی چیزون پر جب روشنی پڑتی ہے، تو سب کی سب منعکس نہین ہوتی ہم مین سے سب سے کم غور کرنے والے شخص نے بھی دیکھا ہوگا، کہ سیاہ شے کے مقابلے مین سفید شے بہت زیادہ روشنی منعکس کرتی ہے، جو روشنی منعکس نہین ہوتی، اس کا کیا حشر ہوتا ہی؟ وہ اس شے مین جذب ہونی چاہیے، جس پر وہ واقع ہوئی ہے یہ انجذاب نور کی ایک معین خاصیت ہے، اور ایسی ہی کہ برابر ہمارے مشاہدے مین آتی رہتی ہے،

اب ہم نور کی مختلف خاصیتون کو ان عنوانات سے بیان کر سکتے ہین:۔ انعکاس، انجذاب، انعطاف اور تقطیب کیا تمام اثیری موجین فی الحقیقت یہ خاصیتین رکھتی ہین، ان کو یہ تمام مظاہرے دکھلانے چاہیئن اگر یہ دعوی صحیح ہے، کہ نور، اشعاعی حرارت اور برقی موجین سوائے اپنے طول موج کے بعینہ ایک ہین ہم اس دعوی کا تجرباتی ثبوت دیکھنا چاہتے ہین۔

اگر ہم اشعاعی حرارت کے انعکاس کا تجرباتی ثبوت چاہتے ہین، تو اس کے لئے بہت سے تجربے ہین، اگر ہم عالم تصور مین انیسوین صدی کے اوائل کی "مجلس شاہی" پر نظر ڈالین، تو ہم سر ہمفری[1] ڈیوی کو یہی امر ثابت کرتا دیکھین گے۔

---

[1] (Sir Humphry Davy) مشہور انگریز سائنس دان ابتدائی تعلیم طب کی حاصل کی لیکن شوق سائنس کا تھا۔

ان کے پاس دو بڑے چاندی چڑھے مقعر آئینے ہین، ایک آئینہ درس گاہ کی میز کے اوپر آویزان ہے، اور اس کا رُخ نیچے کی جانب ہی، اور دوسرا آئینہ میز پر ہے، جس کا رُخ اوپر کی جانب ہے، بالائی آئینہ چھت کی بلندی پر ہے، اور اس طرح ترتیب دیا گیا ہے، کہ وہ بآسانی میز تک نیچا کیا جاسکتا ہے، اور پھر اوٹھایا جاسکتا ہے، لوہے کا ایک بڑا گولا سُرخ گرم کیا جاتا ہے، اور کانٹے کے ذریعے سے اس منحنی آئینہ مین لٹکا دیا جاتا ہے، یہ آئینہ پھر اوٹھا دیا جاتا ہے، حرارتی موجین اب منعکس ہوکر میز پر کے دوسرے آئینہ پر واقع ہوتی ہین، بعد وقوع وہ ایک ماسکہ مین آجاتی ہین یعنی ایک نقطے پر ملتی ہین، اگر سر ہمفری ڈیوی اس نقطے پر اپنا ہاتھ رکھتے ہین، تو تا دیر قائم نہین رکھ سکتے، درحقیقت اگر وہان کوئی شعلہ پذیر شے رکھی جائے تو فوراً جل اٹھتی ہے، یہ تو اشعاعی حرارت کا انعکاس ہوا، بس ہم اس امر پر متفق ہین، کہ جہانتک اس خاصیت کا تعلق ہے، ایثر مین نوری اور حرارتی موجین ایک ہی نوعیت کی ہین،

دوسری خاصیت جس سے ہم بحث کرین گے انجذاب ہے، اشعاعی حرارت کا انجذاب اس قدر کثیر الوقوع ہے کہ کسی دلچسپ تجربے کا خیال کرنا ہی مشکل ہے، فرض کرو کہ کسی گڑھے کا پانی برف بن گیا ہے، اور سورج چمک رہا ہے اب ہم سوتی کپڑے کے دو ٹکڑے ہر طرح سے برابر کے لیتے ہین، ایک کو دھو کر سفید کر لیا ہے، اور دوسرے کو سیاہ رنگ دیا ہے، اگر برف کی سطح پر ان دونون سوتی ٹکڑون کو رکھین، کہ سورج کی حرارت دونون پر یکسان پڑے تو دیکھنے پر معلوم ہوگا کہ سیاہ کپڑے کے نیچے کا برف سفید کے نیچے کے برف سے بہت پہلے پگھل جائے گا، اس سے عیان ہے کہ سیاہ کپڑے نے حرارتی شعاعین جذب کر لی ہین، اور سفید کپڑے نے اون کو منعکس کر دیا ہے، اور اس طرح برف کو بچا لیا ہے، بس ہم اس امر پر اتفاق کرتے ہین کہ جہانتک اس دوسری خاصیت کا تعلق ہے، نور اور اشعاعی حرارت دونون کا برتاؤ یکسان ہے، وہ دونون بعض اشیا مین جذب ہوجاتی ہین،

اب رہ گئی تیسری خاصیت یعنی انعطاف، اس کے ثبوت کے لئے ہم کو تجربہ خانہ مین ایک تجربہ انجام دینا پڑیگا، ہم جانتے ہین کہ شیشے کا منشور روشنی کو اپنی طبعی مستقیم راستے سے منحرف کر دے گا، لیکن شیشے کا منشور اشعاعی حرارت

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۲۲) اسلئے اپنی خداداد ذہانت اور قابلیت سے اس میدان مین شہرت حاصل کی اور مفید ایجادین کین، (مترجم)

کی موجون کے لئے غیر شفاف ہوتا ہے، مگر ہم بلور کا منشور استعمال کر سکتے ہین، کیونکہ یہ اشعاعی حرارت کی موجون کو اپنے
ہین سے گذرنے دیتا ہے، ہم پہلے ایک مبدٔ حرارت کو اس طرح ترتیب دین گے کہ وہ اشعاعی حرارت کی شعاع کو راست
ایک حساس تپش پیما پر ڈالے، اشعاعی حرارت کی ان موجون کی شناخت کے لئے حرانبار[۱] یا حر برقی جفت بہت موزون
تپش پیما ہوتا ہے، اگر ہم تپش پیما کو تھوڑا سا ایک طرف ہٹا دین، تو حرارتی موجین اس تک نہ پہنچین گی، اور وہ کمرے کی
طبعی تپش بتلائے گا، اگر حرارتی موجون کے راستے مین ہم بلور کا منشور رکھدین، تو موجین منحرف ہوجائین گی، اور اب
تپش پیما پر پڑنے لگین گی، ہم موجون کو نہین دیکھ سکتے، لیکن ہم تپش پیما کی تپش کو چڑھتا دیکھ سکتے ہین، پس اس دعوی کے
قبول کرنے مین ہم کو کوئی عذر نہ رہا، کہ جہانتک انعطاف کی اس تیسری خاصیت کا تعلق ہے، نور اور اشعاعی حرارت
دونون کی نوعیت ایک ہی ہے، غالباً ہر مدرسہ جانے والا لڑکا جانتا ہے، کہ عدسہ حرارتی موجون کو منعطف کر دیتا ہے،
اور ایک ماسکہ پر جمع کر دیتا ہے، فی الحقیقت ہم آتشی شیشون کا ذکر کیا کرتے تھے، روزانہ اخبارون سے معلوم ہوا
کہ ایک لڑکے نے ایک دوکان کے اندر آگ لگا کر بہت نام پیدا کیا ہے، لڑکا باہر کھڑا رہا، اور سورج کی حرارتی
موجون کو مُکبّر (کلان نما) شیشہ کے ذریعہ سے کھڑکی کے پردے پر مرتکز کرتا رہا، خوش قسمتی سے آگ جلد قابو
مین آگئی، اور نقصان زیادہ نہ ہونے پایا، لیکن بہت ممکن تھا کہ صورت دوسری ہوتی،

اب صرف تقطیب کی خاصیت رہ گئی، اس کا مظاہرہ بہت کچھ اسی طریقے پر ہو سکتا ہے، جو مرئی روشنی کی
تقطیب مین استعمال کیا گیا ہے، حرارتی موجون کی شناخت کیلئے حرانبار استعمال کیا جائے،

اب رہین برقی موجین جیسی کہ لاسلکی تلغرافی مین استعمال ہوتی ہین، کیا ان مین بھی انعکاس انعطاف اور تقطیب
کی وہی خاصتین موجود ہین؟ ان برقی موجون کی شناخت کا ہمارے پاس ایک بہت سہل طریقہ ہے، ہم اس طرح
ترتیب دیسکتے ہین کہ جس وقت وہ کسی لاسلکی شناسندہ پر پڑین تو ایک برقی گھنٹی بجنے لگے، جب ہم برقی شرارون کا

---

[۱] اس آلہ کا اصول حسب ذیل ہے:۔ اگر دھات کے تارون کے سرون کو ایک طرف ملا دیا جائے اور بقیہ دوسرون کو کسی رو پیما سے ملا دیا جائے، پھر تارون کے جوڑ کو گرم کیا جائے، تو بعض تپش کے اس فرق سے رو پیما مین ایک رو دوڑ جائیگی، اشعاعی حرارت کی شناخت کیلئے یہ آلہ بہت مفید اور حساس ہوتا ہے (مترجم)

ایک سلسلہ پیدا کرتے ہین، تو ہم اثیر محیط مین برقی موجین پیدا کرتے ہین، اور یہ چارون طرف پھیل جاتی ہین اگر ہم اس فرسندہ یا شرارہ خیز آلے کو کسی تانبے کے برتن مین بند کر دین، تو موجین مقید ہو جائین گی لیکن اگر ہم کسی پہلو مین کوئی منفذ چھوڑ دین گے، تو موجین نکل بھاگین گی، یہ باہر کی جانب خط مستقیم مین چلین گی لیکن تدریج پھیلتی جائین گی جس طرح کہ روشنی پھیلتی رہے، اگر اسکی شناسندہ "خط آتش" کے اندر ہے، تو گھنٹی بجے گی لیکن ہم شناسندہ کو دوسرے تانبے کے بکس مین رکھتے ہین، اس مین بھی ایک منفذ ہوتا ہے، اب ہم اس بکس کو اس طرح رکھتے ہین، کہ اس کا دہانہ برقی موجون کی زد سے باہر ہو، جو اس مین داخل ہوئے بغیر اسی کے پاس سے نکل جاتی ہین، اگر موجون کے راستے مین ہم کسی دھات کی ایک چادر رکھدین تو چادر کو ایک خاص زاویے پر مائل کر دینے سے برقی موجین منعکس ہو جاتی ہین پس وہ شناسندہ والے بکس مین داخل ہو کر گھنٹی کو بجا دیتی ہین پس اس مین کوئی شبہہ نہین کہ برقی موجون مین منعکس ہونے کی یہ خاصیت موجود ہے،

برقی موجون کو منعکس کرنے کے لئے دھاتی چادر استعمال کرنے کے بجائے ہم ان کے راستہ مین منشور رکھ سکتے ہین، منشور مین سے گذرتے وقت موجین منعطف ہو جائین گی، یا خم کھا کر شناسندہ والے بکس مین داخل ہو جائین گی، اس مقصد کیلئے ہم پیرافین موم کا منشور استعمال کرتے ہین، کہ وہ برقی موجون کیلئے زیادہ شفاف ہی،

متعدد تجربہ کرنے والون نے مختلف طریقے اس امر کے دکھلانے کے لئے ایجاد کئے ہین، کہ یہ برقی موجین مقطب ہوتی ہین، وہ سب کی سب ایک ہی مستوی مین مرتعش ہوتی ہین، اس کا سادہ ترین تجرباتی ثبوت یہ ہے، کہ وہ ایک خاص تار کی جھری مین سے گذر جاتی ہین جب کہ وہ ایک وضع مین رکھی جائے لیکن جب اس کو گھما کر پہلی وضع کے علی القوائم کر دیا جائے تو موجین مسدود ہو جاتی ہین، مقطب روشنی کے متعلق جو تقریر اوپر گذر چکی ہی اس سے اس کا سبب بخوبی عیان ہو جائے گا، موجودہ صورت مین موجین پہلے ہی سے مقطب ہین، پس جھری تورملین کے دوسرے ٹکڑے یعنی مشرح کی جگہ لیتی ہی،

اب ہمارے ذہن مین اس دعوی مین کوئی شبہہ نہ رہنا چاہئے، کہ نور، اشعاعی حرارت اور برقی موجین

ایک ہی نوعیت کی ہین، اب ہم کو قطعی تجرباتی ثبوت اس امر کا مل گیا کہ اُن کے خواص ایک ہی ہین، عام دستور یہ ہے
کہ ان تمام امور کو نور کے عنوان کے ماتحت بیان کرتے ہین، لیکن اس کی وجہ سے ہم کو مرئی اور غیر مرئی روشنی کی تقسیم
کرنا پڑتی ہے، جو اجتماع ضدین معلوم ہوتا ہے، ہم نے لفظ نور کو احساس نور کے ساتھ وابستہ کر رکھا ہے اسلئے تاریک
روشنی کا ذکر ہمارے نزدیک مضحکہ خیز معلوم ہوتا ہے، اگر ہم تینون قسمون کو "برقی موجون" کے عنوان کے تحت رکھین،
تو ہم بالکل حق بجانب ہون گے لیکن دقت یہ ہے کہ یہ اصطلاح ان موجون کے لئے وضع کی گئی ہے، جو لاسلکی
فرسنیدہ پیدا کرتا ہے، ہمارے لئے بہترین تدبیر یہ ہوگی، کہ ہم ان سب کو اثیری موجین کہین جن مین سے بعض اُن چیزون
مین گرمی پیدا کرتی ہین جنین وہ واقع ہوتی ہین، اور بعض ہمارے حس بصارت کو متاثر کرتی ہین، اور بعض برقی اثرات
پیدا کرتی ہین، جب ہم رنگ کے بیان پر آئین گے، تو ہم کو اثیری موجون کو نور نہ کہنے کا نفع معلوم ہوگا،

ہم اسکو باور کرتے ہین کہ تمام اثیری موجین منعکس، منجذب، منعطف، اور مقطب ہوتی ہین لیکن یہ سب کیونکر وقوع
مین آتا ہے، تجرباتی ثبوت ہم کو ان مختلف مظاہر کی علت نہین بتاتے،

ہمارے خیالات قدرتاً برقیون کی طرف جاتے ہین، جو مع اثیر کے بسیط سے بسیط شے ہین جن کا ہمین علم ہے،
ظاہر ہے، کہ منفی برق کے ان ننھے بارون پر بڑا بھاری بوجھ پڑتا ہے، ہم دیکھ چکے ہین، کہ جوہر ان ہی سے مرکب ہین
برقی رو اور برقی اخراج ان ہی ننھے برقیون کی حرکت کا دوسرا نام ہے ہم دیکھ چکے ہین، کہ کیونکر ان برقیون کی حرکت
سے مقناطیسی میدان، برقی موجین اشعاعی حرارت مرئی روشنی اور ہر قسم کی اثیری موج پیدا ہوتی ہے،

جب برقیے کسی تار کے دور پر اِدھر اُدھر جھومتے ہین، تو وہ محیط اثیر مین بڑی لمبی لمبی موجین پیدا کرتے ہین،
جب کسی تار پر برقیے اِدھر اُدھر جھومتے ہون، تو ہم کہتے ہین، کہ تار مین برق کی ایک متبادل رو جاری ہے، یہ نام ہم
اسلئے دیتے ہین، کہ مستقیم یا مسلسل رو سے تمیز ہو سکے، موخر الذکر صورت مین برقیے ادھر اُدھر جھومتے ہین، بلکہ مستقلاً
ایک ہی سمت مین حرکت کرتے رہتے ہین، ہم نے ان کو جوہر بجوہر تمام خط پر منتقل ہوتے تصور کیا تھا جب کسی تار
مین متبادل رو ہوتی ہے، تو ہم برقیون کی ایک سریع پس پیش حرکت تصور کرتے ہین، اور ہم کہتے ہین کہ ہم نے

تار مین برقی اہتزازات پیدا کر دے، برقی اہتزاز کی سریع ترین شرح جو حاصل ہو سکی ہے، وہ ہے، جو امالی پھوںن سے پیدا ہوتی ہے، اور حساب لگایا گیا ہے، کہ وہ ستر ہزار ملین (۷۰ ارب) ارتعاش فی ثانیہ ہے، یہ بہت زبردست شرح ہے، لیکن مرئی روشنی کے پیدا کرنے کے لئے جو چار سو ملین (یعنی چالیس نیل) ارتعاش فی ثانیہ کی ضرورت ہے، اس سے بہت کم ہے، برقیے جو ہماری بصارت کو متاثر کرنے والی ایثری موجین پیدا کرتے ہین، وہ ادھر ادھر چھوٹے نہین، بلکہ مادہ کے جوہرون کے گرد گردش کرتے ہین، وہ برقیے جو سرخ روشنی کے نام کی ایثری موجین پیدا کرتے ہین، وہ اپنے اپنے جوہرون کے گرد ہر ثانیہ مین چار سو ملین (۴۰ نیل) مرتبہ گردش کرتے ہین،

برقیون کے محیط کل ایثر کو متہیج کرنے اور اس طرح ایثر اور مادے مین ایک معین ربط پیدا کرنیکے مفہوم سے ہم مانوس ہو چکے ہین، اس لئے یہ دیکھنا بہت دلچسپ ہو گا کہ یہ ایثری موجین کیونکر مادے پر عمل کرتی ہین، اب اس مین کسی طرح کا کلام نہین کہ جب ایثری موجین مادے پر واقع ہوتی ہین تو مادے کے اندر کے برقیے ہی اس سے متاثر ہون گے، ان ننھے برقیون نے ہم کو ایک بڑی مشکل سے بچا لیا ہے، جب تک ہم ان سے واقف نہ ہوئے اس وقت تک ہماری سمجھ مین نہ آتا تھا کہ ایثری موجین مادے پر واقع ہو کر اس کو کیونکر متاثر کرتی ہین، جب ہم نے ان ننھے ننھے برقیون کے وجود کا پتہ لگا لیا تو سب کچھ صاف ہو گیا، کیونکہ ایک برقاطیسی موج ان چھوٹے بارون یا برقی جوہرون کو ضرور متاثر کریگی،

دہکتے سورج مین ہم برقیون کو مادے کے لاکھون کرورون جوہرون کے گرد صد ہا رفتارون پر گردش کرتے تصور کرتے ہین، اب اس کا سبب کہ کیون برقیے بعض قسم کے جوہرون کے گرد صد ہا رفتارون کی نسبت سے تیز تر گردش کرتے ہین، ہم آیندہ چل کر بیان کرین گے، دور دراز سورج کے برقیے ایثر مین مختلف طولی موجون کا ایک بڑا تنوع پیدا کرتے ہین،

سب سے پہلے آؤ ان طویل موجون کو دیکھین جن کو ہم اشعاعی حرارت کہتے ہین، جب اس سیارے پر وہ

مادے کے کسی ٹکڑے پر واقع ہوتی ہین، تو مادے کے اندر کے برقیون کو ہیجان مین لے آتی ہین، فرض کرو کہ مادہ دھات کا ایک ٹکڑا ہے، اثیری موجون کے پڑنے سے پہلے ہی دھات کے اندر کے برقیے حالت ہیجان مین ہین، لیکن یہ حرکت بے ضابطہ ہوتی ہے، بعض برقیے برابر ایک جوہر سے دوسرے جوہر تک حرکت کرتے رہتے ہین، اسکی مثال بہت کچھ ایسی ہے، کہ لوگ مربع کی شکل مین ناچ رہے ہون، اور چھوٹے چھوٹے بچے بیچ مین گھس کر دخل در معقولات دین، ایک برقیہ کسی جوہر کے گرد چکر لگاتا ہے، کہ دفعتہً کسی دوسرے جوہر سے متصادم ہوتا ہے، اس کے گرد گردش کرتا ہے، اور اسی طرح جوہر بہ جوہر دوڑتا پھرتا ہے، کوئی باقاعدہ دوری حرکت نہین ہوتی محض ایک ہیجان ہے، بایں ہمہ جب اثیری موجون کا ایک سلسلہ پہنچتا ہے، تو اس سے ایک معین تموج پیدا ہوجاتا ہے، اور ہم کو ان طویل اثیری موجون کی تمام توانائی بہت جلد ان بھگوڑے برقیون کی حرکتون کے روکنے اور ان کو جوہر بہ جوہر دھکا دینے مین صرف ہوتی نظر آنے لگتی ہے، اس عام ہیجان مین جوہر اور سالمے تیز تر ارتعاش کی حالت مین آجاتے ہین، اور ہم کہتے ہین کہ دھات کا ٹکڑا گرم ہوگیا ہے ہم دیکھتے ہین کہ سورج سے آئی ہوئی اشعاعی حرارت بحر اثیر مین لکھوکھا میل طے کرنے کے بعد اس سیارے پر سالمی حرارت مین متحیل ہوجاتی ہے،

اب جن اثیری موجون کو ہم مرئی روشنی کہتے ہین ان کا کیا حال ہے، سورج ان کو بھی پیدا کر رہا ہے، اور جب وہ اس سیارے پر پہنچتی ہین، تو مختلف قسم کے مادے اُن کو مختلف طریقون پر قبول کرتے ہین، ہر صورت مین شے کے اندر برقیون کی حرکت آنے والی موجون کی حرکت کے مخالف ہوتی ہے، برقیون کا اقتضا صدمہ موج کی مخالف سمت مین حرکت کرنے کا ہوتا ہے ہم کو اس اختلاف کے سبب کیلئے کسی زحمت کی ضرورت نہین، اگر کوئی قاری اس کی لم دریافت کرنا چاہے، تو مثلث کو دیکھے، جہان ہم دیکھ چکے ہین کہ ایک تار مین ادھر اودھر گھومنے والے برقیے کسی بعید تار کے برقیون کو کیونکر متاثر کرتے ہین،

اگرچہ ہم نے تمام برقیون کی طرف سے حملہ آور اثیری موجون کی ایک عام مخالفت کا نقشہ کھینچا ہے، تاہم اس کا لحاظ رکھنا چاہیئے کہ فی الحقیقت زبردست مخالف وہی برقیے ہوتے ہین، جو آنے والی موجون کی مادی رفتار

سے مرتعش ہونے کی قابلیت رکھتے ہین، آیندہ باب مین ہم اس امر کا سبب دریافت کرین گے۔ فی الحال ہم اس امر پر اکتفا کرتے ہین، کہ یہ برقیے آنے والی موجون کے روکنے مین کامیاب ہوجاتے ہین لیکن برقیون کا کیا حشر ہوتا ہے، ؟
اس کا انحصار اس امر پر ہے کہ برقیے مین اپنا مقام قائم رکھنے کی قابلیت کہان تک ہے، اگر برقیہ جوہر سے ڈھیلا بندھا ہوا ہے، تو وہ برقیہ نکال دیا جائے گا، اور جوہر بہ جوہر ٹھوکرین کھاتا پھریگا، یہانتک کہ تمام توانائی حرارت مین صرف ہوجائے، جب ایسا وقوع مین آتا ہے، تو ہم کہتے ہین کہ نور اُس شے مین جذب ہوگیا، جس پر وہ واقع ہوا، شے کو پھر ہم سیاہ کہتے ہین،

کسی پچھیتر کے باب مین ہم دیکھ چکے ہین، کہ اثیری موجون مین برقیون کو اپنے جوہرون سے جدا کر دینے کی طاقت موجود ہے، ہم نے دیکھا کہ جب ورا بنفشئی روشنی یا اش شدہ جست کی کسی ایسی چادر پر پڑی، جس مین برقیون کی زیادتی تھی، یا بالفاظ دیگر جو منفیانہ برقائی ہوئی تھی، تو بعض برقیے جست سے جُدا ہو کر ہوا مین نکل گئے،

ہم پھر اس صورت کی طرف رجوع کرتے ہین کہ معمولی روشنی مادے پر پڑ رہی ہے جسمین برقیے اثیری موجون کے روکنے کی صلاحیت رکھتے ہین، ہم نے وہ نتیجہ دیکھ لیا جب کہ یہ برقیے بآسانی جدا ہوجاتے ہین لیکن فرض کرو، کہ برقیے اپنے جوہرون سے بہت مضبوطی سے ملحق ہین، وہ اپنا مقام قائم رکھ سکتے ہین، وہ صرف باقاعدہ ارتعاش کی حالت مین آجاتے ہین، اُن کی شرح بالکل وہی ہوتی ہے، جو آنیوالی موجون کی لیکن اُن کے مخالف، بالفاظ دیگر برقیے آنے والی موجون سے بقدر نصف طول موج کے پیچھے ہون گے لیکن یہان زیادہ تفصیل مین جانے کی ضرورت نہین ہمارے لئے اتنا ہی کافی ہوگا کہ جب برقیے اپنے جوہرون سے ملحق ہی رہتے ہین، تو وہ اون کے گرد اسی رفتار سے گردش کرتے ہین، جو آنے والی موجون کی ہوتی ہے، جنکو روکنے مین وہ کامیاب ہوجاتے ہین لیکن ایسا کرنے مین برقیے خود اپنی طرف سے نئی اثیری موجین پیدا کردیتے ہین، یہ نئی اثیری موجین، لازماً اسی طول موج کی ہون گی جو آنیوالی موجون کا ہوگا، اس لئے ہم یون کہتے ہین کہ ایسی اشیا روشنی کو منعکس یا واپس کردیتی ہین، اور جب

وہ سُرخ سے لیکر بنفشی تک تمام طولون کی موجون کو منعکس کرتی ہین، توہم انکو سفید کہتے ہین،

ہم دیکھتے ہین کہ جو کچھ ہم پہلے سمجھتے تھے، انعکاس کے معنی اس سے بہت مختلف نکلے ہم اس خیال کے عادی رہے ہین کہ کسی سطح سے روشنی اسی طرح منعکس ہوتی ہی جس طرح ربڑ کا گیند کسی دیوار سے پلٹ کرآتا ہے، آج ہمارے خیالات بالکل مختلف ہین، ہم آنے والی موج کو رُکتا دیکھتے ہین، اور جو برقیے اُن کو روکنے مین کامیاب ہوے، اُن نئی موجین پیدا ہوتی دیکھتے ہین، جس لمحہ حملہ آور موجین رک جاتی ہین، اس لمحہ برقیے بھی انی مقررہ رفتار سے گردش کرنا چھوڑ دیتے ہین، جوان باقاعدہ ارتعاشون کے لئے ضروری ہے جن سے مرئی روشنی ظہور مین آتی ہے، اس کلیہ کے چند مستثنیات بھی ہین بعض صورتون مین برقیے کچھ مزید عرصہ تک گردش کرتے رہتے ہین، اوراس لئے حملہ آور موجون کے ختم ہوجانے کے بعد بھی روشنی دیتے رہتے ہین، ایسی صورت مین ہم کہتے ہین کہ شے منیر ہے، چمکدار ہینٹ کچھ دیر تک روشنی مین رکھے جانے کے بعد کسی بالکل تاریک کمرے مین رکھنے پر بھی معتدبہ مدت تک روشنی کو منعکس کرتے رہتے ہین،

ممکن ہے کہ بعض قاری یہ سمجھین کہ انعکاس کا یہ نیا مفہوم بالکل غیر ضروری ہے اُن کے نزدیک یہی خیال کفایت کریگا کہ روشنی کسی سطح سے محض پلٹ کر منعکس ہوتی ہے لیکن نزہری تواس بنیاد پر توجیہ ہوسکیگی اوراس سے بھی بڑھ کر یہ کہ وہ کسی معقول طریقہ سے مظہر رنگ کی توجیہ نہ کرسکین گے، جیساکہ ہم دیکھین گے جب اس دلچسپ موضوع کا بیان آئے گا،

ایسی کوئی شے نہین، جوان تمام نوری موجون کو جذب کرے، جواس پر واقع ہوتی ہین، ہمیشہ چند برقیے ایسے ضرور رہ جاتے ہین، جو حملہ آور موجون کے مقابلہ مین کم ازکم اپنا مورچہ قائم رکھتے ہین، اور ایسا کرنے مین کچھ روشنی واپس یا منعکس کردیتے ہین، بدین وجہ ایسی کوئی شے نہین، خواہ ہم اس پر کتنی ہی سیاہی کیون نہ پھیردین، جو روشنی پڑنے پر نظر نہ آئے، مجھے یاد ہے کہ مین نے ایک دل خوش کن، مگر مہمل قصہ پڑھا ہے، جس مین ایک سائنس دان نے ایسا لک ایجاد کیا ہے، جو ہر واقع ہونے والی نوری موج کو جذب کرسکے، اس موجد نے اپنے ہم پیشہ سائنس دان کے ساتھ ایک علمی مذاق کرکے اس کو پریشان کیا، موجد نے اپنے دوست کے کتے کو اس لک

سے رنگ دیا، جس کی وجہ سے کتا غیر مرئی ہو گیا، صرف اس کا پتلی کا ادھر ادھر حرکت کرتا نظر آتا تھا، قصہ مین آگے یون لکھا تھا کہ دوسرے سائنسدان نے جب اس کا راز معلوم کر لیا، تو اوس نے موجد کے مکان کو اس کی غیر حاضری مین اسی لک سے رنگ دیا، جب وہ اپنے گھر واپس آیا، تو اپنی غیبت مین مکان کے غائب ہو جانے سے وہ بہت پریشان ہوا، بلاشبہہ قصہ مہمل ہے، اور اگر وہ خیالی لک اس قابل بھی ہوتا کہ ہر واقع ہونیوالی اثیری موج کو جذب کر لیتا، تو بھی شے کی احاطہ کردہ جگہ تاریک داغ سا نظر آتی،

مذکورۂ بالا قصہ پر غور کرنے سے ممکن ہے، کہ بعض پہلوون کو واضح کرنے مین مدد ملے. فرض کرو کہ قصہ کا مصنف اس سے زیادہ سائنس دان ہوتا، جتنا کہ قصہ سے ظاہر ہوتا ہے. اس نے اس کے خلاف کی انتہا اختیار کی ہوتی، اُس نے یہ لکھا ہوتا کہ مذاق کرنے والے نے کتے کے جسم کو ایسا بنا دیا تھا، کہ وہ اثیری موجون کے لئے کوئی رکاوٹ نہ پیدا کرتا تھا اس طرح روشنی کتے کے جسم سے بآسانی گذر جاتی، بالفاظ دیگر اوس نے کتے کے جسم کو کامل طور سے شفاف بنانے مین کامیابی حاصل کی ہوتی، اور اس صورت مین وہ بالکل غیر مرئی ہو جاتا، اب مصنف کے لئے اشکال یہ ہوتا کہ مذاق کرنے والے کے لئے اس مقصد کی کون سی ترکیب نکالے، ظاہر ہے کہ مقصد کے لئے وہ لک نہین استعمال کر سکتا تھا، اس نے جو ترکیب بتائی وہ سادہ تھی، کیونکہ سیاہ لک سطح ہی پر اثیری موجون کو جذب یا مسدود کر سکتا ہے، کامل طور سے شفاف لک سے کچھ نہ حاصل ہو گا، روشنی اس مین سے گذر جائے گی، اور حسب سابق کتے کے جسم سے منعکس ہو جائے گی، اسکو کوئی ایسی تدبیر نکالنی پڑتی جس سے کتے کے جسم کے مادے پر اثر پڑتا،

اکثر اشیا مین نوری موجین سطح کی ایک بہت ہی پتلی تہ تک پہنچ پاتی ہین، اور وہان پہنچکر یا تو جذب ہو جاتی ہین، یا منعکس ہو جاتی ہین، جب ان دونون مین سے کوئی بات واقع نہین ہوتی، تو اثیری موجین شے مین سے گذر جاتی ہین، اور ہم کہتے ہین، کہ وہ روشنی کے لئے شفاف ہے، کوئی شے کامل طور سے شفاف نہین، ہمیشہ چند برقیے ایسے ضرور باقی رہتے ہین، جو کم از کم اثیری موجون کو واپس بھیجنے کے لئے مطلوبہ گردشی

حرکت اختیار کرنے کے قابل ہوتے ہین، ہم جانتے ہین کہ بعض اشیا تعجب انگیز طور پر شفاف ہوتی ہین شیشہ
کے استعمال کے اوائل ہین میرے دادا نے اپنے وطن مالوف سے کچھ فاصلہ پر ایک مکان بنایا، اس نواح مین
اُن ہی کا مکان پہلا مکان تھا جسکی کھڑکیون مین شیشے لگے ہوئے تھے، جب مکان تیار ہوگیا، تو اونھون نے ایک پیر
مرد کو دعوت دی، اُن کو ایک نشست خانے مین بٹھلایا گیا جب تھوڑی دیر بعد میرے دادا صاحب تشریف لائے، تو
دیکھا کہ اُن پیر مرد کا کالر چڑھا ہوا ہے، اور گلوبند گلے مین لپٹا ہے، اُن کو یہ خیال تھا، کہ کھڑکیون مین شیشے نہین، اور چونکہ
سردیون کا موسم تھا، اس لئے اُنھین سردی لگ جانے کا اندیشہ تھا، متعدد بار ایسا ہوا ہے کہ میرے اور کسی شے
کے درمیان کوئی شیشہ ہوا، تو مجھے پتہ نہ لگ سکا، لیکن ایسی صورتون مین روشنی مدھم رہی، ہوا تک بھی کامل طور
سے شفاف نہین،

اس باب کو ختم کرنے سے پہلے یہ مناسب ہوگا کہ کسی مادے کے ٹکڑے پر واقع ہونے پر اثیری موجون
کے متعلق خیالات یکجا کردئے جائین، اگرچہ ہم بالخصوص اُن ہی اثیری موجون کا ذکر کرتے رہے ہین، جو ہماری بصارت
کو متاثر کرتی ہین، تاہم جو کچھ کہا گیا، وہ اشعاعی حرارت اور برقی موجون کے لئے بھی صحیح ہے،

اکثر اشیاء مین اثیری موجین سطح پر کے برقیون سے رُک جاتی ہین، اگرچہ موجون کے رد کنے کے دوران مین
برقیے اپنے جوہرون سے جدا ہوجائین، تو موجین مجذب ہوجاتی ہین - اور اگر برقیے اپنے جوہرون سے ملحق رہین
تو موجین منعکس ہوجاتی ہین، ہر دو صورتون مین کامگار برقیے وہی ہوتے ہین، جو آنے والی اثیری موجون کی شرح
رفتار سے مرتعش ہوتے ہین اگر شے مین عملاً کوئی برقیہ ایسا نہین ہے، جو آنے والی اثیری موجون کو پورا پورا جواب
دے سکے تو موجین رکتی نہین، وہ سے شے مین گذر جاتی ہین، بایہمہ موجون کو کچھ رکاوٹ پیش آتی ہے، اور ہم جانتے
ہین کہ اُن مین ابطا پیدا ہوجاتا ہے، شیشے جیسے واسطے مین اصلی رفتار کی ایک تہائی کم ہوجاتی ہے،

مذکورۂ بالا تین قسمون کے علاوہ بلاشبہہ ایسی اشیا بھی ہون گی، جو کچھ تو ایک قسم کے مطابق عمل کرین گی،
اور کچھ دوسری قسم کے مطابق بعض اشیا نیم شفاف ہوتی ہین، ہم ان کو نیم کثیف بھی کہہ سکتے ہین، ہم لفظ کثیف کو اُن

تمام اشیاء کے لئے استعمال کرین گے جو اپنے مین سے موجون کو گذرنے نہین دیتین، خواہ وہ موجون کو جذب کرین، یا منعکس، ہر شخص جانتا ہے کہ بعض اشیاء اپنے پر واقع ہونے والی اثیری موجون کے ایک حصّہ کو جذب کرتی ہین بقیہ کو منعکس

تقطیب کا سبب بھی اب عیان ہوجائے گا، ٹورملین جیسی اشیاء مین ایسے ریشے ہوتے ہین، جو صرف ایک معین سمت مین مرتعش ہوتے ہین، پس جو موجین ایسی شے مین سے گذرتی ہین، وہ صرف ایک خاص سمت مین مرتعش ہوتی ہین جس طرح سطح سمندر پر کی زیر وزبر موجین،

ان تمام مظاہر سے بڑھ کر جو دلچسپی کی چیز ہے، وہ یہ امر ہے، کہ بعض اشیاء صرف معین موجی طولون ہی کو منعکس کرسکتی ہین، اس طرح مظہر رنگ نمودار ہوتا ہے، یہ موضوع اسقدر دلچسپ ہے، کہ اس کے لئے ایک علٰحدہ باب درکار ہے،

تیرہوان باب

رنگ کی توجیہہ

کس قدر تعجب کی بات ہے کہ بہت سے لوگ رنگ کے صحیح معنی سمجھنے سے قاصر رہتے ہین، ابتک ہمارے پاس صرف یک رُخی توجیہہ تھی، ہم جانتے تھے کہ بعض اشیا بعض اثیری موجون کو جذب کرتی ہین، اور بعض کو منعکس، اس طرح چیزین رنگین نظر آنے لگتی ہین لیکن اشیا کی اس انتخابی خاصیت کی کوئی توجیہہ نہ تھی، ایسا کیون ہے کہ ایک خاص شے ہمیشہ چند معین موجی طولون کو جذب کرتی ہے، اور دوسری کو نہین، برقیون کے ساتھ رنگ کی بھی ایک معقول توجیہہ ہوگئی،

معمولی شخص کے لئے رنگ کا موضوع ہمیشہ دقت طلب معلوم ہوتا ہے، واقعی اس مین تعجب کی بھی کوئی بات نہین، کیونکہ جو لوگ اس سے واقف ہین، وہ بھی نہایت مبہم طریقہ سے اس کا ذکر کرتے ہین، ہم رنگ اور نور مین مناسب تمیز کرنے مین کوتاہی کرتے ہین، ہم کہتے ہین کہ سترہوین صدی کے اختتام پر سر اسحاق نیوٹن نے یہ انکشاف کیا تھا کہ معمولی سفید روشنی قوس قزح کے تمام رنگون کا آمیزہ ہے، اس لئے ہم سفید روشنی کو رنگین شعاعون کا مجموعہ کہتے ہین، ہم یہ سمجھتے ہین، کہ ایک شے بعض رنگین شعاعون کو جذب کرتی ہے، اور دوسرون کو منعکس،

اس قسم کی تقریر بالکل مستند سمجھی جاتی ہے، لیکن مجھے یقین ہے، کہ رنگ کے موضوع کے ساتھ جو

دقتین پیدا ہوتی ہین، اُن مین سے بیشتر کا سبب یہی طرزِ بیان ہے، ہم کو فی التحقیق کوئی حق نہین کہ ہم سفید روشنی کو رنگین شعاعون کا آمیزہ یا مجموعہ کہین، وہ مختلف طولون کی اثیری موجون کا ایک دھارا ہے، اور بس، غالباً ایک تمثیل سے یہ نکتہ واضح ہو جائیگا، میدان جنگ مین ایک اڑتی گولی کسی سپاہی کے لگتی ہے، اور اس مین درد کا احساس پیدا کر دیتی ہے، اڑتی گولی اور درد دو بالکل مختلف چیزین ہین، کوئی اڑتی گولی کو درد کہنے کا خیال تک بھی نہ کریگا، باینہمہ نور کے سلسلے مین ہم بہت کچھ ایسا ہی کرتے ہین، معمولی سورج کی روشنی مین مختلف طولونکی اثیری موجون کے سوا کچھ نہین اور جب یہ ہماری آنکھون پر پڑتی ہین، تو رنگ کے چند احساسات پیدا کر دیتی ہین، اگر وہ سب کی سب آنکھ مین داخل ہون تو وہ ایک خاص احساس پیدا کرتی ہین، جس کو ہم "سفید" کہتے ہین، اگر ہم چند موجون کو پردے سے روک دین، اور صرف چند معین طول کی موجون کو آنکھون مین جانے دین، تو داخل شدہ موجون کے طولون کے لحاظ سے ہم کو ایک معین "لونی احساس" ہوگا، ہم کو درحقیقت کوئی حق نہین کہ ان اثیری موجون کو ہم رنگ یا رنگین شعاعین کہین، اثیری موجین اڑتی گولی کی طرح کسی چیز سے متصادم ہوتی ہین، اور ایک احساس پیدا کرتی ہین، ہم کو واضح طور سے احساس اور سببِ احساس مین تمیز کرنا چاہیے، ہمارا یہ کہنا کہ جسم منور رنگین شعاعین خارج کر رہا ہے، ایسا ہی ہے، جیسے کوئی شاعر کہے کہ دشمن کی توپین درد اور موت برسا رہی ہین، رنگ کے مسئلہ سے ہم کو اسی وقت بحث کرنا چاہیے، جبکہ ہم حواس کا مطالعہ کر رہے ہون، جو کچھ خارج مین ہوتا ہے، اس سے بحث کرتے وقت ہم کو صرف اثیری موجون سے سروکار ہوتا ہے،

نیوٹن کے زمانے سے پہلے لوگون کا یہ اعتقاد تھا کہ تمام روشنی طبعاً سفید ہے، جب وہ سرخ شیشے مین سے گذاری جاتی ہے تو اُن کا خیال تھا کہ شیشہ اُن کو سرخ رنگ دیتا ہے، جب سفید روشنی کسی سبز چیز پر پڑتی ہے، تو اُن کے خیال کے مطابق وہ چیز روشنی کو سبز کر دیتی تھی، اور اسی طرح اس مین شک نہین کہ خود نیوٹن روشنی کو مادی چیز سمجھتا تھا، جو نہایت چھوٹے چھوٹے ذرون یا جسیمون پر مشتمل تھی، نیوٹن کے نظریہ جسیمیہ اور اس خیال مین کہ نور اثیر مین محض موجی حرکت ہے، مدت تک جنگ برپا رہی،

لیکن نیوٹن نے اپنے زمانہ کے خیالات مین جو نور کو ایک سادہ سی چیز تبلاتے تھے، تلاطم پیدا کر دیا، معمولی روشنی کی ایک شعاع کو شیشے کے منشور مین سے گذارنے پر اُس نے قوس قزح کے تمام رنگ پیدا کر دکھائے، منشور کی دوسری طرف سے معمولی روشنی کی شعاع خارج ہونے کے بجائے فیتے کی شکل مین پھیلے ہوئے واضح رنگ نمودار ہوئے، یہ خیال نہ کیا جاتا تھا کہ شیشے نے روشنی کو رنگ دیا، کیونکہ شیشہ بے رنگ تھا، اس مین شک نہ رہا، کہ شیشے کے منشور نے روشنی کے مختلف اجزا علیحدہ علیحدہ کر دئے ہین، بلاشبہہ یہ ایک بہت بڑا انکشاف تھا، ہم اس کی اہمیت کو نظر انداز کر جاتے ہین، روشنی کو اس طرح تحلیل کرنے سے جو معلومات حاصل ہوتی ہین، اُن کا اندازہ اس وقت ہوگا، جب ہم یہ تبلائین گے، کہ طیف نما نے کہان تک ہمارے علمی خیالات کو ترقی دی ہے،

یہ واضح ہوگیا ہوگا کہ رنگ کی مکمل توجیہہ کے لئے ہم کو دو مختلف امور سے بحث کرنا ہے، ہم کو خود اثیری موجون سے بحث کرنا ہے، اور پھر ان احساسات سے جو ہماری آنکھ کے شبکیہ پر ان موجون کے تصادم سے پیدا ہوتے ہین،

سب سے پہلے ہم یہ دریافت کرنا چاہتے ہین، کہ کیونکر اشیا مین بعض موجی طولون کے جذب کرنے کی انتخابی خاصیت پیدا ہوجاتی ہے، گذشتہ باب مین ہم سرسری طور پر دیکھ چکے ہین کہ اثیری موجون سے تصادم پر برقیون کا برتاؤ کیا رہتا ہے، ایک عام ردعمل ہوتا ہے، شے کے اندر تمام گردش کرنے والے برقیائی توابع آنیوالی موجون کا مقابلہ کرتے ہین، لیکن فی الحقیقت زوردار مخالف وہی برقیے ہوتے ہین، جو آنیوالی موجون کی شرح رفتار سے ارتعاش کرنے کے قابل ہوتے ہین، لیکن اس کا سبب کیا ہے، کہ ایک برقیہ دوسرے کے مقابلہ مین کسی خاص رفتار سے زیادہ آسانی سے ارتعاش یا گردش کرے، چونکہ تمام برقیے بعینہ ایک ہین، خواہ ہم کسی ہی طریقے سے کیون نہ حاصل کرین، اس لئے یہ ظاہر ہے، کہ امر فیصلہ کن خود اس کے اندر موجود نہین ہے لیکن مختلف عناصر کے جوہر ایک دوسرے سے بہت مختلف ہوتے ہین، مثلاً ہم جانتے ہین کہ یورنیم[1]

---

[1] (Uranium) ایک دھات کا نام،

کا جوہر ہائڈروجن کے جوہر سے تقریباً دو سو چالیس گنا بھاری ہے اور گو پیچا ذب کو جوہر اور برقیے کے جذب سے کوئی تعلق نہین ہے

تاہم جو کچھ اس سے پیشتر کے بابون مین گذر چکا ہے، اس سے ہم اندازہ کر سکتے ہین، کہ جوہرون کی نوع نوع کی ساختین

جوہر اور اس کے تابع کے درمیانی فاصلے مین امر فیصل ہون گی، جوہر کے اندر جذبی اور دفاعی قوتون کے علاوہ برقیے

پر اور بھی قوتین عمل کرتی ہین، ماحول کے جوہرون کا بھی اثر ہوتا ہے، فی التحقیقت گردش کرنے والے برقیے کے

طبعی یا دوری مدار کی وضع معین کرنے مین جو قوتین دخل رکھتی ہین، وہ بہت پیچیدہ ہوتی ہین، ہمارے موجودہ اغراض

کے لئے اتنا ہی جاننا کافی ہے، کہ ہر قسم کے یا بالفاظ دیگر ہر عنصری جوہر مین ایک معین مدار ہوتا ہی جسکو اس کا برقیہ حرکت مین

آنے پر اگر آزاد ہو تو طے کرتا ہی،

ہم بعض برقیون کو اپنے جوہرون سے بہت قریب گردش کرتا تصور کرتے ہین، اور بعض اپنے جوہرون

سے نسبتہً دور گردش کرتے ہین، تمام صورتون مین صحیح فاصلہ کی پیمائش انچ کے لاکھوین حصون مین ہوتی ہی لیکن

ہم ان برقیائی توابع کو اپنے جوہرون کے گرد مختلف فاصلون پر گردش کرتا تصور کرتے ہین جس طرح کہ آسمان پر بڑے

پیمانے پر سیارے گردش کرتے ہین سیارہ عطارد سورج کے گرد تین کرور ساٹھ لاکھ میل کے فاصلہ سے گردش کرتا

ہے، اور نپچون اس سے بھی عظیم الشان مدار سورج سے کوئی تیس ارب سے کچھ ہی کم فاصلے پر طے کرتا ہی، بقیہ دیگر معلومہ سیارون

کے مدار ان ہی دونون حدود کے درمیان ہوتے ہین،

لیکن برقیے نے جوہر کے گرد چھوٹا مدار طے کیا تو کیا ہوا، اور اگر بڑا مدار طے کیا تو کیا نتیجہ، ؟ اس کا نتیجہ بہت بڑا

ہوگا، کیونکہ مدار کی جسامت یا بالفاظ دیگر اپنے جوہر سے اس کا فاصلہ اس رفتار کو معین کرتا ہی جس سے وہ حرکت کرتا ہے

اگر ہم سورج کے گرد سیارون کی گردش پر ایک نظر اور ڈالین، تو شاید اس کے سمجھنے مین سہولت ہو،

سیارون کی حرکت کے متعلق ایک امر ایسا ہے جس کو مین سمجھتا ہون کہ اکثر لوگ نظر انداز کر جاتے ہین، سورج

سے کوئی سیارہ جتنا دور تر ہوگا، سیارہ اتنا ہی سست تر حرکت کرے گا، بلاشبہہ سیارہ جتنا دور تر ہوگا، اس کو اتنا ہی

بڑا دائرہ طے کرنا پڑیگا، نپچون کو سورج کے گرد اپنے سفر مین ایک سو چونسٹھ برس درکار ہوتے ہین، اور ہماری

زمین ایک ہی برس مین یہ سفر طے کر لیتی ہے لیکن یہان میرا مدعا یہ نہین ہے، ہماری زمین فضا مین کچھ اوپر اٹھارہ میل فی ثانیہ کی شرح سے حرکت کرتی ہے، اور نیپچون کی رفتار صرف تین میل فی ثانیہ ہے، بالفاظ دیگر ہماری زمین سب سے بیرونی سیارہ نیپچون سے چھ گنا تیز جا رہی ہے، برخلاف اس کے سورج کا قریب ترین ہمسایہ عطارد ہمارے اٹھارہ کے مقابلہ مین کوئی انتیس میل فی ثانیہ کی رفتار سے جا رہا ہے، واضح رہے کہ مین محض تمثیلاً سیارون کی ان حرکات کا ذکر کر رہا ہون، جو تو تین سیارون کی رفتارون مین دخل رکھتی ہین، وہ اُن سے مختلف ہین، جو برقیون کی رفتارون پر عامل ہین،

تقریر بالا سے یہ واضح ہو گیا ہوگا کہ جو برقیے چھوٹے مدار مین تیز حرکت کرتے ہین، وہ اثیر مین بڑے تعدد کی قصیر موجین پیدا کرین گے، ایسی موجین جیسے کہ ورا نفنشئی روشنی دیگر برقیے جو بڑے مدارون مین سست تر گردش کرتے ہین، وہ کمتر تعداد کی طویل موجین پیدا کرین گے، ایسی جیسی کہ وہ جن کو ہم اشعاعی حرارت کہتے ہین، ان دونون حدود کے درمیان جو مدار ہون گے، اُن مین برقیے ایسی رفتارون سے گردش کرین گے، جن سے وہ تمام موجین حاصل ہو سکینگی، جو مرئی روشنی کو پیدا کرتی ہین، اس مین وہ طویل تر موجین بھی ہونگی، جو سرخ کا احساس پیدا کرتی ہین، اور وہ قصیر تر موجین بھی ہون گی، جو نفنشئی کا احساس پیدا کرتی ہین،

اب ہم اس قابل ہو گئے کہ بعض اشیاء کے بعض معین موجی طولون کو جذب کرنے کی کیفیت سمجھ سکین ہم نے دیکھا کہ برقیے جس قسم کے جوہرون کے تابع ہوتے ہین، اس کے لحاظ سے برقیون مین طبعی دوری حرکت ہوتی ہے ہم اس کو تسلیم کئے لیتے ہین، کہ برقیہ آنے والی اثیری موج کی طرف توجہ کرتا ہی نہین، جب تک موج خود اس شرح سے ادھر ادھر حرکت نہ کر رہی ہو، جس شرح سے کہ برقیہ طبعاً حرکت کرتا ہے تمثیل کے طور پر اگر ہم ایک مشہور و معروف تجربہ پر غور کرین، تو مناسب ہوگا،

اگر ہمارے پاس سُر پیدا کرنے کے دو شاخون[۱] کے دوسٹ مختلف امتداد کے لول کبسون پر چڑھے ہوئے ہون

---

[۱] دوشاخہ سے مراد ایک آلہ ہے، جس کو بجانے سے سُر پیدا ہوتا ہے، اس کی شکل (شاخ ——) ہوتی ہے، اس کی مزید کی

اور اگر دونون سٹون کو ہم کچھ فاصلے سے دیکھین، تو ذیل کے نتائج حاصل ہون گے جب پہلے سٹ کے کسی دوشاخے کو ہم مرتعش کرین (بالون کی ایک کمان سے رگڑ کے) اور اگر دوسرے سٹ مین بھی اس جیسا کوئی دوشاخہ ہو تو وہ دوشاخہ بھی ارتعاش کرنا شروع کر دیگا، دوسرے دوشاخے جو آنے والی ہوائی موجون کے ساتھ ہمدردانہ ارتعاش نہین کرتے، وہ عملاً خاموش رہین گے، اس تجربہ کے انجام دیتے وقت پہلے دوشاخے کے ارتعاش روک دینا مناسب ہوتا ہے، اس کے بعد دوسرا دوشاخہ اپنی طرف سے وہی سر پیدا کرتا رہتا ہے، ایک دوشاخہ جو ایک ثانیہ مین معین تعداد مین ارتعاش کر رہا ہو، وہ ہوا مین اسی تعدد کی موجین پیدا کر دیتا ہے، لیکن یہ دوسرے دوشاخے کو اسی وقت متاثر کرتی ہین جب کہ وہ بھی اسی شرح سے مرتعش ہو سکتا ہو، اسی طرح ہم دیکھتے ہین کہ ایک منور جسم مین گردش کرنے والا برقیہ بھی معین اثیری موجین پیدا کرتا ہے، اور یہ موجین دور کے برقیون کو اسی وقت متاثر کرتی ہین جب کہ وہ بھی اسی شرح سے مرتعش ہو سکین، برقیون کی صورت مین ہم پہلے ہی دیکھ چکے ہین کہ حرکتین ایک دوسرے کے خلاف ہوتی ہین، اور آنے والی موج کی توانائی صرف ہوجاتی ہے لیکن اگر مخالفت کرنے والا برقیہ اپنے جوہر سے ملحق رہ سکے، تو وہ برقیہ ہماری تمثیل کے دوشاخہ کی طرح عمل کریگا، اور اپنی طرف سے اثیری موجین پیدا کریگا اور اس طرح روشنی کا اشعاع کریگا، یہ ہے ہمارا موجودہ خیال انعکاسی نور کے متعلق،

برقیے کی اثیری موج کے روکنے اور اس جیسی دوسری موج پیدا کرنے کے مذکورۂ بالا خیال مین کوئی پر اسرار بات نہین ہے، دوشاخہ بالکل اسی طرح ہوائی موجون کے ساتھ پیش آتا ہے، جب کوئی ہوائی موج کسی خاموش دوشاخے سے ٹکراتی ہے، تو موج کی توانائی دوشاخے کو حرکت مین لانے مین صرف ہو جاتی ہے، آنے والی ہوائی موج رک جاتی ہے لیکن چونکہ دوشاخہ حرکت مین آچکا ہے، اس لئے اپنی طرف سے اسی طرح کی ہوائی موجین پیدا کرتا رہتا ہے، ہم کو یہ تمثیل بہت دور تک نہ لیجانی چاہیے، کیونکہ دوشاخہ کی صورت مین ہم کو ایسی موجون سے واسطہ پڑتا ہے، جو

بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۳۸ کو پکڑ کر کسی چیز پر اس کی شاخ مارین تو سُر پیدا ہوتا ہے، آواز کو زوردار بنانے کیلئے اسکو لکڑی کے ایک ڈبہ پر چڑھاتے ہین، یہ ڈبہ "بول بکس" کہلاتا ہے، آواز کے امتداد سے مراد وہ خاصیت ہے جس سے سر کے اونچے یا نیچے ہونے کا پتہ لگتا ہے، (مترجم)

ایسے اسطوامواءین ہوتی ہین جس کے خواص ایثر سے بالکل مختلف ہین،

رنگ کے موضوع سے بحث کرتے وقت ہم کو ایثری موجون کی صرف اس سعت سے بحث ہے، جو مرئی طیف پیدا کرتا ہے، اس اندازہ مین مدد دینے کے لئے کہ یہ سعت ایثری موجون کی پوری سعت کا کون سا حصہ ہے، ایک پیانو تصور کرو، جس کے پردون کا تختہ معمولی پیانو سے چارگنا زیادہ بڑا ہے، معمولی پردے کے تختہ مین سات سرگم ہوتے ہین لیکن ہمارے خیالی تختے مین ستائیس سرگم ہین، جو ایثری موجون کے معلومہ طیف کو ظاہر کرتے ہین، طیف کا مرئی حصہ سب کا سب ایک سرگم کے اندر آجاتا ہے، بقیہ چھبیس[۲۶] ہمارے حس بصارت پر کوئی اثر نہین رکھتے، مرئی طیف کو ظاہر کرنے والا یہ سرگم تختے کے ترگم (تیسرے سرگم) مین جا کر کہین واقع ہوا ہے، فی الحقیقت صرف دو سرگم اونچے ہین، اور ان کو ہم ورا بنفشئی موجین کہتے ہین، پیمانہ پر نیچے کی جانب مرئی طیف کے بعد ہی تاریک حرارت کی موجون کے کوئی سات سے کم سرگم نہین آتے، اس کے ایثری موجون کے پانچ سرگم ہین، جن کو ہم اب تک شناخت نہین کر سکے ہین، بالفاظ دیگر موجی طولون کے ان پانچ سرگمون سے ہم ناواقف ہین، اس کے بعد برقی موجون یا برقی اشعاعات کے بارہ سرگم ہین، ہمارے تختے کی عام کیفیت یہ ہے، کہ نیچے کے سر تمام کے تمام اثیر مین برقی موجون کو ظاہر کرتے ہین، اور یہ تختہ کا تقریباً نصف ہے، پھر مرکز پر چند مجہول سرگم ہین، اور بقیہ تختے کا بیشتر حصہ تاریک حرارت کی موجون سے گھرا ہوا ہے، ختم پر ایک سرگم رویت زا موجون کا ہے اور دو ورا بنفشئی روشنی کے جسمین عالمانہ کیمیاوی خواص ہوتے ہین،

عود الی المقصود ہم کو مرئی طیف کے ظاہر کرنے والے صرف ایک ہی سرگم سے سروکار ہے، اس سرگم کے سات سُر اُن سات موجی طولون کی تعبیر ہین، جو طیف کے رنگ پیدا کرتی ہین، سُرخ، آرنجی، زرد، سبز، کبودی، نیلا، بنفشئی، سہولت کے لئے ہم موجون کو اُن کے پیدا کردہ رنگون کے پہلے حرف سے تعبیر کرین گے، س، ا، ز، س، ک، ن، ب، (بن کس زاس)

ہم سورج جیسے منور جسم کو مختلف عناصر کے لاکھون جوہرون کا مجموعہ سمجھتے ہین، اور ہر جوہر کے گرد برقیے

گردش کرتے رہتے ہین، ان گردش کرنے والے برقیون مین وہ بھی ہین، جوان سات طولی موجون کو پیدا کرتے ہین جن سے ہمکو سروکار ہے یہ موجین اس سیارے کی کسی شے کے ٹکڑے پر پڑتی ہین اگر اس ٹکڑے مین اسی جیسا برقیون کا ایک سلسلہ ہے، تو وہ اپنی طرف سے اثیری موجین بھیجنا شروع کردین گے، اور ہم کہتے ہین، کہ شے سفید روشنی منعکس کرتی ہے لیکن اگر شے مین صرف وہ برقیے ہین، جو س موجون کو جواب دے سکتے ہین، تو اس سے صرف س موجین ہی نکلین گی" جواب دینے" سے میری مراد یہ ہے، کہ برقیے آنے والی موج کی شرح رفتار گردش کرسکتے ہین، اور اپنے جوہرون سے ملحق رہ سکتے ہین، اگر کسی شے پر س سے ب تک موجون کا پورا سلسلہ واقع ہو، اور اس مین سے وہ صرف س موجین خارج کرے تو ہمارے آلۂ بصارت کا وہ حصہ جو س موجون کے لئے حساس ہے، وہی متاثر ہوگا، اور ہم کو سرخ یا لال کا احساس ہوگا، سہولت کے لئے ہم یہ کہتے ہین کہ شے لال ہے لیکن یہ ہم اچھی طرح سے جانتے ہین کہ رنگ شے کے اندر نہین ہے، اسی طرح دیگر موجی طول یا تو منعکس ہوتے ہین یا جذب،

ہم یہ توقع نہین رکھ سکتے کہ کوئی شے ایسا موجی طول منعکس کرے، جو اس پر واقع نہ ہو، اس کتاب کی جلد کی سطح (جو مثلاً سرخ ہے) مین ایسے برقیے ہین، جو س موجون کو جواب دے سکتے ہین جب سفید روشنی اس پر پڑتی ہے، تو س موجین ہماری آنکھون تک منعکس ہوتی ہین، اور ہم کہتے ہین کہ جلد سرخ ہے، اگر ہم کتاب کو سیمابی بخار[1] کے لمپ مین دیکھین، تو ہم کو وہ سرخ نہین دکھائی دیتے، کیونکہ اس خاص روشنی مین ان برقیون کو متہیج کرنے کے لئے کوئی

---

[1] اس کی تشریح یہ ہے کہ یہ ایک خلائی نلی پر مشتمل ہوتا ہے جس کے دونون سرون پر پارہ تھوڑا تھوڑا بھرا ہوتا ہے، برقی رو لانے والے تار جو شیشے مین وصل ہوتے ہین، ہر دو سرون پر پارے مین ڈوبے رہتے ہین، برقی اخراج کو ایک سرے کے پارے سے دوسرے سرے کے پارے تک جانا پڑتا ہے، اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے، کہ تھوڑا سا پارا بخار بن جاتا ہے، اور جب برقی اخراج پارے کے اس بخار سے گذرتا ہے، تو زبردست روشنی کردیتا ہے، لیکن اس کا رنگ خوشگوار نہین ہوتا، اس مین سے سرخی پیدا کرنے والی شعاعین نہین ہوتین،

س موجین نہین ہین، ہم کو جلد عملاً سیاہ یا سیاہی مائل بھوری نظر آئے گی، کیونکہ اس کی سطح مین جو برقیے ہین، وہ اپنے پر واقع ہونے والی موجون کا جواب نہین دے سکتے، یہ ایک انتہائی صورت ہے، لیکن روزمرہ کی زندگی مین ہم ایسا ہی پاتے ہین،

ہم فرض کرین گے کہ شام کو ایک خاتون نے اپنی ٹوپی سے میل کھانے کے لئے ایک فیتہ خریدا، خریدتے وقت اوس کو رنگ کا یہ جوڑ بہت پسند آیا ہے، لیکن صبح ہوتے اوسکو اپنی غلطی کا احساس ہوتا ہے، اب اوسکو یاد آتا ہے کہ اوس نے مصنوعی روشنی مین فیتہ خریدا تھا، یہ دقت اس وجہ سے پیدا ہوئی، کہ مصنوعی روشنی مین موجی طولون کا وہ تنوع نہین ہے، جو سورج کی روشنی مین ہے، شام کو فیتہ اور ٹوپی دونون کی آزمایش مصنوعی روشنی مین ہوئی، اور ان دونون چیزون پر کچھ اور موجی طول بھی واقع ہوئے، جن کو ایک چیز کے برقیون سے جواب ملا اور دوسرے سے نہ ملا، بنا برین دونون چیزین ایک دوسرے سے مختلف رنگ کی نظر آنے لگین،

اپنی رویت رنگ کے متعلق چند امور بیان کرنا مفید اور کارآمد ہوگا، اب تک عام خیال یہی تھا کہ انسانی آنکھ مین تین عصبی سرے ہوتے ہین جن مین سے ایک اُن موجون کے لئے حساس ہے، جنکو ہم س موجین کہتے آئے ہین، اور جب وہ ہیجان مین آتے ہین، تو وہ احساس پیدا ہوتا ہے، جس کو ہم سُرخ کہتے ہین، دوسرا عصبی سرا س موجون کے لئے حساس مانا جاتا تھا، جس سے سبز کا احساس پیدا ہوتا ہے، اور تیسرا 'ب' موجون کے لئے حساس تھا، جس سے بنفشی رنگ کا احساس پیدا ہوتا ہے، یہ عجیب بات ہے، کہ اگرچہ شمسی طیف مین سات طول یا رنگ ہوتے ہین، تاہم جہان تک ہمارے حواس کا تعلق ہے ہم صرف تین انفرادی احساسات کے ماننے پر اکتفا کرتے ہین، بقیہ لونی احساسات ان ہی تین اصلی احساسات کے محض امتزاجات ہین، مثلاً س موجین اور س موجین خاص تناسب سے ملائی جائین، تو وہی لونی احساس پیدا ہوتا ہے، جو طیف کی زرد موجون سے ہوتا ہے، بالفاظ دیگر جب دونون سُرخ اور سبز احساسات بہ یک وقت ہیجان مین آتے ہین، تو وہ احساس پیدا ہوتا ہے، جس کو ہم زرد کہتے ہین، اگر مذکورہ بالا تناسب کے علاوہ ایک دوسرے تناسب سے یہی دو رنگ ملائے جائین تو نارنجی رنگ کا احساس

پیدا ہوتا ہے، اور اگر سبز اور بنفشی احساسات بیک وقت متہیج ہوں تو آسمانی کا احساس پیدا ہوتا ہے، بقیہ دیگر لونی احساسات محض ان ہی کے مختلف امتزاجات ہیں،

رویت رنگ کا یہ نظریہ جو ہم اوپر بیان کر آئے ہیں، ڈاکٹر طامس نیگ (لندن) اور پروفیسر ہلمہولٹس (برلن) کا تجویز کردہ تھا، اور ان ہی کے نام سے نظریہ ینگ وہلمہولٹس کہلاتا ہے، اگرچہ یہ نظریہ بہت کارآمد تھا، اور اب بھی ہے، تاہم یہ ظاہر ہے کہ عضویاتی امور کی توجیہ اس سے نہیں ہوتی، کوئی یہ کیونکر یقین کرے، کہ کسی سفید شے سے منعکس شدہ روشنی سے پیدا شدہ احساس ان علٰحدہ علٰحدہ احساسات کا مجموعی اثر ہے، جن کو ہم سرخ، سبز اور بنفشی کہتے ہیں، بالفاظ دیگر سفید روشنی ہم میں ایک خاص احساس پیدا کرتی ہے، اور اگرچہ ہم وہی احساس (س + س + ب) موجوں کے مجموعی تصادم باہم سے پیدا کر سکتے ہیں، لیکن اس کے تسلیم کرنے کی ضرورت نہیں، کہ حاصل احساس ان انفرادی احساسات کا مجموعی اثر ہے، لونی احساس کی معقول توجیہ کی تحقیق میں میں نے ذیل کی تجاویز ایک مضمون میں پیش کی تھیں، جو شاہی انجمن فلسفہ (۵ دسمبر ۱۹۱۷ء) میں پڑھا گیا تھا، اور جو گلاسگو کے طبی جرنل میں (جلد ۸۹ جنوری ۱۹۱۸ء) شائع کیا گیا تھا،

اکثر قارئین اس سے بخوبی واقف ہوں گے، کہ شبکیہ (یا آنکھ کے اندر بصری عصبہ کی توسیع) میں بعض اعصابی معلقات (Appendages) ایسی ہیں جنکو ہم عصا[1] اور مخروط کہتے ہیں، جو کسی نہ کسی طرح پر روشنی کے لئے حساس ہیں، اب یہ امر پایۂ ثبوت کو پہنچ گیا ہے، کہ رویت رنگ میں ان مخروطوں کا بڑا حصہ ہے، شبکیہ کے مرکز کے قریب ایک چھوٹا سا جوف ہوتا ہے، اس کو جوف مرکزی کہتے ہیں، اس حصے میں بہت سے مخروط یکجا ہوتے ہیں، لیکن عصا نہیں ہوتے، شبکیہ کے دیگر حصوں میں مخروط اور عصا دونوں ہوتے ہیں،

۱؎ (Hermann Ludwig von Helmholtz) (۱۸۲۱ء تا ۱۸۹۴ء) ابتدا میں فوج میں ڈاکٹر تھا، لیکن اپنے شوق اور قابلیت کی بدولت رفتہ رفتہ ۱۸۷۱ء میں برلن میں مسلم طبیعیات ہو گیا، اور آخر تک (مترجم) ۲؎ آنکھ کے پردۂ شبکیہ کے وہ حصے جو عصا یا مخروط کی شکل کے ہوتے ہیں، (مترجم)

لیکن حصۂ غالب عصاؤں کا ہوتا ہے، ان حصوں میں مخروطہ نہ تو اتنے بڑے ہوتے ہیں، اور نہ اتنے اہم جتنے کہ جوف مرکزی ہیں،

ہم یہاں ایک تجربہ بیان کرتے ہیں جس سے رویت رنگ میں جوف مرکز والے مخروطوں کا جو اہم حصہ ہوتا ہے، وہ واضح ہو جائے گا، ٹھیک اپنے محاذ میں کسی شے پر اپنی نگاہیں جما دو، اور کسی دوست سے کہو، کہ کوئی چھوٹی اور شوخ رنگ شے تمہارے سر سے ایک طرف کوئی ۱ فٹ کے اندر رکھے، اور اس طرح ترتیب دے، کہ جب تم ٹھیک اپنے محاذ میں دیکھو تو وہ تم کو نظر آتی رہے، جس شے کو تمہارا دوست لئے ہوئے ہے، اس پر براہ راست نگاہ ڈالے بغیر تم اس کی شکل تو بیان کر سکو گے لیکن اس کا رنگ نہ بتلا سکو گے، تم خود شے کو ہاتھ میں لے سکتے ہو، لیکن بہتر یہ ہے، کہ تم کو شے کے رنگ کا علم نہ ہو، اسی لئے میں نے ایک دوست کی خدمات تجویز کی ہیں، اگر وہ شے بتدریج آگے کی طرف بڑھائی جائے، تاکہ وہ اس چیز سے نزدیک تر ہو جائے، جس پر تم نظریں جمائے ہوئے ہو، تو تم کو معلوم ہوگا کہ چھوٹی شے کا رنگ تم پر واضح نہیں ہے جبتک کہ اس کا خیال براہ راست جوف مرکز کے مخروطوں پر واقع نہ ہو،

میری رائے میں مخروطوں کا یہ عمل تلغراف لاسلکی میں برقپاشیدگی[1] شناسندہ کے مثیل ہے، اس قسم کا شناسندہ ایک چھوٹے کیمیاوی خانے پر مشتمل ہوتا ہے، ترتیب آلات شکل ذیل میں دکھلائی گئی ہے

ہوائیہ ہوائیہ

فرسیندہ شناسندہ

بائیں جانب لاسلکی فرسیندہ ہے، جو شرارہ پیدا کرنے والے آلے پر مشتمل ہوتا ہے جب اس میں سے

[1] برقپاشیدہ سے مراد وہ مائع یا رقیق شے ہے جس میں سے برق گذرے، تو اس کی تحلیل ہو جائے، (مترجم)

اخراج ہوتا ہے تو ہوائی تار مین (ہوائی) برقیے ادھر اودھر جھومنے لگتے یا بالفاظ دیگرارتعاش کرنے لگتے ہین، یہ مرتعش برقیے جو
ایثری موجین پیدا کرتے ہین، وہ بالکل اُن ایثری موجون کے مشابہ ہوتی ہین جن کو ہم نور کہتے ہین لیکن اُن کا تعداد اُس سے
بہت کم ہوتا ہے، جس کی کہ ہماری آنکھین عادی ہوتی ہین، یہ لاسلکی ایثری موجین شناسندہ والے ہوائی سے متصادم
ہوتی ہین، اور اس ہوائی کے برقیون کو فرسیندہ والے ہوائی کے برقیون کے ساتھ ہمدروانہ ارتعاش مین لاتی ہین،

شناسندہ والا ہوائی (شکل مین داہنی جانب) ایک ایسے خانے سے ملحق ہے جسمین کوئی کیمیاوی محلول
ہے جسمین برقیے ہوائی کے برقیون کی حرکت کی وجہ سے ہیجان مین آجاتے ہین، کیمیاوی تغیر کے مقابلہ مین مین اوسکو
کیمیاوی ہیجان یا افتراق کہنا زیادہ پسند کرونگا، وہان پہنچکر آنے والی ایثری موجون کا کام ختم ہوجاتا ہے، اُن کی توانائی
خانے کے اندر برقیون کو متہیج کرنے مین ضائع ہوجاتی ہے لیکن ایک مقامی مورچہ سے برقپاشی[۵۱] خانے مین سے
رو گذرتی رہتی ہے، اس دورہ مین ٹیلیفون کا ایک شناسندہ رکھا جاتا ہے، جب تک کہ کوئی مستقل رو گذرتی
رہتی ہے ٹیلیفون کے شناسندہ مین کوئی ہیجان نہین ہوتا، کوئی آواز نہین سنائی دیتی، لیکن جب خانے مین برقیے
متہیج ہوتے ہین، (بذریعہ ہوائی کے) تو مقامی برقی رو منقطع ہوجاتی ہے، اور ٹیلیفون مین ایک کھٹکا سنائی دیتا ہے
اس طرح مارس[۵۲] کے اشارے بھیجنا ممکن ہے،

عود الی المقصود، میری راے مین نور کی موجین آنکھ کے عصاؤن اور مخروطون پر بالکل اسی انداز سے عمل کرتی
ہین جس طرح کہ لاسلکی موجین برقپاشیدی شناسندہ پر عمل کرتی ہین، آنے والی نور کی موجین اعصابی معلقات مین
مقید کیمیاوی محلول کے برقیون کو متہیج کردیتی ہین، اور ایک مقامی اعصابی رو کو منقطع کردیتی ہین جس سے ہمارے
دماغ کے اس حصہ مین جس کو حس نگاہ کہتے ہین، چند احساسات پیدا ہوجاتے ہین، میری راے مین عصا اُن لاسلکی

---

[۵۱] برقپاشی خانہ سے مراد وہ خانہ جس مین برقپاشیدہ ہو مثلاً توتیہ کے محلول مین اگر تانبے کے دو پتر ڈال دے جائین، تو وہ
برقپاشی خانہ بن جائے گا، (مترجم)

[۵۲] SAMUEL FINLAY. B MORSE (۱۷۹۱ء تا ۱۸۷۲ء) باشندۂ امریکہ
برقی تلغراف کے ابجد کا موجد جواب تک زیر استعمال ہے، (مترجم)

تشناسندون سے مشابہ ہوتے ہین جنکو ملایا نہ گیا ہو، اسی بنا پر وہ اثیری موجون کے ریلے کی ہر موج سے متاثر ہونگے اور مخروط اُن تشناسندون کے مشابہ ہین جنکو ملا دیا گیا ہو، اس لئے وہ صرف معین موجی طولون سے متاثر ہون گے،

میری راے یہ ہے کہ اگر صرف س موجین مخروط پر واقع ہون تو صرف ہمدرد برقیے ہیجان مین آتے ہین، اور مخروط کے اندر ایک معین انقطاع واقع ہوتا ہے جس سے مقامی اعصابی رو مین ایک معین تغیر واقع ہوتا ہے جو حس گاہ پر پہنچ کر وہ احساس پیدا کرتا ہے جس کو ہم سُرخ کہتے ہین، اسی نہج پر س موجین، اور ب موجین اپنے اپنے ہمدرد برقیون کو متہیج کرتی ہین جن سے سبز اور بنفشئی احساسات پیدا ہوتے ہین، اگر س اور س موجین بیک وقت مخروط پر واقع ہون، تو ایک دوسرا معین ہیجان ہوتا ہے، جو اعصابی رو مین انقطاع پیدا کر دیتا ہے، اس سے وہ احساس پیدا ہوتا ہے، جسکو ہم زرد کہتے ہین، اور اسی طرح س اور ب موجین ایک ساتھ مل کر ایک معین کیمیاوی ہیجان پیدا کرتی ہین، اور پھر اعصابی رو مین متناظر انقطاع واقع ہوتا ہے، جس سے وہ احساس پیدا ہوتا ہے جسکو ہم سفید کہتے ہین،

میرا مدعا یہ ہے کہ ہر لونی احساس دوسرے سے بالکل جداگانہ ہوتا ہے، بجائے اس کے کہ زرد کا احساس سُرخ اور سبز کے احساسات کے بہ یک وقت تہیج کا نتیجہ ہو، وہ بذاتہ ایک ممتاز احساس ہے، زرد کا احساس اِن اثیری موجون (پانچسو بلین فی ثانیہ) سے بھی پیدا ہو سکتا ہے، جو طیف کے سُرخ اور سبز کے درمیان واقع ہیں لیکن یہی زرد کا احساس س موجون (چار سو بلین فی ثانیہ) اور س موجین (پانچسو ستر بلین فی ثانیہ) کی متفقہ حملہ آوری سے بھی پیدا ہو سکتا ہے ینگ ہلمولٹس کے نظریہ کی تین اصلین اب بھی باقی رہتی ہین لیکن مین اُن کو نفسیاتی سے عضویاتی سیغہ مین منتقل کرنے کی تجویز کرتا ہون، اپنے مضمون مین مین نے متعدد لونی مظاہر پیش کئے ہین جن کی توجیہ میرے نظریہ کی مدد سے ہو جاتی ہے،

چودہوان باب

طیف سے حاصل شدہ خیالات

گذشتہ بابون مین بار بار شمسی طیف کا ذکر کیا گیا ہے اور ہر شخص کسی نہ کسی حد تک اُس سے واقف ہے جن لوگون کو کبھی طیف نما کے دیکھنے کا اتفاق نہین ہوا، اونھون نے بھی اپنے مکانون کے فرش اور دیوارون پر کبھی نہ کبھی طیف دیکھا ہوگا، ممکن ہے کہ یہ طیوف کسی شیشے کے فانوس کے مثلثی آویزے مین سے روشنی گذرنے پر بنے ہون، یا سورج کی روشنی کے کسی الماسی تراش کی بوتل سے گذرنے پر یا کسی آئینے کے کنارون پر روشنی پڑنے پر، اگر کسی نے ان اتفاقی طیوف کو نہ بھی دیکھا ہو تو شمسی طیف کو قوس قزح کے سے بڑے پیمانے پر ضرور دیکھا ہوگا جبکہ سورج کی کرنین برستے پانی کے قطرون پر پڑتی ہین، ہم مین سے اکثر نے کسی نہ کسی وقت شمسی طیف کا رنگین مرقع دیکھا ہوگا،

اب بازار مین تھوڑے سے دامون پر چھوٹے چھوٹے جیبی طیف نما ملتے ہین، اس لئے ارباب شوق مختلف عناصر کے طیفون کا بذاتِ خود معائنہ کر سکتے ہین، اگر کوئی اتنی زحمت گوارا کرے کہ کسی تاریک کردہ کمرے مین سورج کی شعاع داخل ہونے دے، اور پھر کمرے کے دروازے مین شگاف سے کچھ فاصلے پر شگاف کے علی القوائم معمولی شیشے کا منشور رکھدے (کسی فانوس کا آویزہ بخوبی کام دیگا،) تو سفید کاغذ کے ایک تختہ پر بہت خوبصورت طیف بن سکتا ہے، ڈھائی سو برس ہوئے سر اسحاق نیوٹن نے بھی یہی کیا تھا، اب ہم یہ دریافت کرنا چاہتے ہین، کہ منشور مختلف اثیری موجون کو کیونکر علیحدہ کرتا ہے،

سب سے پہلے ہم کو یہ دیکھنا چاہیے کہ جب اثیری موجین شیشے کے کسی ٹکڑے مثلاً کھڑکی کے شیشے پر پڑتی ہین تو کیا ظہور مین آتا ہے، ہم اُن اثیری موجون سے بحث کرین گے، جن سے سورج کی روشنی مرکب ہے، اگر یہ اثیری موجین شیشے کی تختی پر سیدھی واقع ہون یا بالفاظ دیگر شیشے کی سطح کے علی القوائم واقع ہون، تو موجین آر پار ہو جاتی ہین، اور خط مستقیم مین جاری رہتی ہین لیکن کسی پیشتر کے باب مین ہم بتا چکے ہین، کہ شیشے مین سے گذرتے وقت اثیری موجون مین ابطاء واقع ہوتا ہے، فی الحقیقت اُن کی رفتار مین کوئی ۶۰۰۰۰ میل فی ثانیہ کے حساب سے کمی واقع ہو جاتی ہے، جب کبھی اثیری موجین برقیون سے ملتی ہین، تو موجون کی حرکت مین بھی ابطاء پیدا ہو جاتا ہے، بین نجمی فضا مین اُن کو عملاً کسی برقیے سے دوچار ہونا نہین پڑتا، اس لئے جب وہ دور دراز ستارون سے ہم تک اربون میل کی مسافت طے کرتی آتی ہین، تو ۱۸۶۰۰۰ میل فی ثانیہ کی اپنی رفتار قائم رکھتی ہین،

شیشے مین سے گذرتے وقت اثیری موجون کا یہ ابطاء اس وقت کوئی مرئی مظہر نہین پیدا کرتا جب کہ موجین شیشے پر سیدھی پڑین، اور اس کی سطح کے علی القوائم داخل ہون لیکن اب یہ تصور کرو، کہ روشنی کی ایک شعاع شیشے پر ایک زاویہ بناتی پڑتی ہے، اور پھر دیکھو کہ کیا ظہور پذیر ہوتا ہے، ایک مشہور تمثیل یہ ہے، کہ ناصیۂ[1] موج کو سپاہیون کی ایک قطار مان جائے، فرض کرو کہ سپاہی باقاعدہ کوچ کر رہے ہین، اور اب ایک ناہموار قطعہ کی طرف جا رہے ہین، وہ اس تک سیدھے نہین جا رہے، بلکہ ایک ترچھی سمت سے اس تک پہنچ رہے ہین، اس طرح کہ اپنی طرف کا آخری سپاہی سب سے پہلے قطعہ پر قدم رکھتا ہے، اس کی رفتار مین رکاوٹ پیدا ہوگی چنانچہ اگر کھلے میدان مین اس کی رفتار تین میل فی ساعت تھی، اور اب دو میل فی ساعت رہ گئی ہے۔ جیسے جیسے ہر سپاہی قطعہ مین داخل ہوتا جاتا ہے، اس کی رفتار اسی طرح کم ہوتی جاتی ہے، اور بائین طرف سب سے آخر مین جو سپاہی رہتے ہین، ظاہر ہے کہ وہ دوسرون کے مقابلے مین زیادہ عرصہ تک کھلے میدان مین رہین گے، اس لئے وہ تین میل فی ساعت کی پوری رفتار کو، قطعہ مین پہلے داخل ہونے والون کے مقابلہ مین زیادہ عرصہ تک قائم رکھین گے جس وقت کہ انتہائی میسرہ کے سپاہی اس ناہموار

---

[1] موج کی سطح،

قطعہ مین داخل ہون گے، اس وقت تک قطار کی دوسری جانب کے سپاہی اصلی خط کوچ سے پیچھے رہ جائین گے،
بدین وجہ خط کوچ کی سمت اب بدل جائے گی، گویا کہ اب سپاہیون کو "رائٹ ٹرن" کا حکم مل گیا ہے،

جب ایک مرتبہ سب کے سب ناہموار حصے مین پہنچ جائین گے تو پھر ایک ہموار خط مین کوچ کرنے لگین گے
لیکن دیکھو کہ اب بھی وہ ایک مائل سمت مین ہے، گو میلان پہلے جیسا نہین (دیکھو شکل ب صفحہ ۱۵۱)

شکل دیکھنے سے یہ بآسانی واضح ہو جائے گا کہ میمنہ کے سپاہی ہی سب سے پہلے سرحد کو عبور کرین گے، وہی کھلے
میدان مین سب سے پہلے پہنچین گے، اس طرح دوسرون سے وہ پیش پیش ہون گے، کیونکہ ان کو ناہموار زمین طے کرنے
مین دیر لگے گی، اب جو کچھ واقع ہوا ہو وہ اس کا عکس ہو گا، جو ناہموار زمین مین داخل ہوتے وقت وقوع پذیر ہوا تھا،
اسلئے خط کوچ گھوم کر پھر اسی سمت مین آ گیا ہے جس مین وہ پہلے تھا، یہ شکل ب سے ظاہر ہے، مذکورۂ بالا تمثیل
کے موجب اثیری ناصیۂ موج شیشے پر ایک زاویۂ نباتی واقع ہوتی ہے، شیشے مین داخل ہوتے وقت اس مین خم
آجاتا ہے، اور شیشہ چھوڑتے وقت وہ پھر وہی سمت اختیار کر لیتی ہے،

ہم نے ناہموار زمین کا ایک مستقیم قطعہ لیا تھا جسمین تحدیدی خطوط ایک دوسرے کے متوازی تھے، جیسا کہ
پہلی شکل مین ہے، لیکن اب فرض کرو کہ ناہموار زمین کا قطعہ شکل مین بے قاعدہ ہے، مثلاً جیسے شکل ج مین دکھلایا
گیا ہے یعنی دوسرا حدود خط پہلے کے متوازی نہین ہے، اب کیا ہو گا؟ ظاہر ہے کہ جو شخص ناہموار زمین مین سب سے
پہلے داخل ہوا تھا، وہی سب سے آخر مین اُسے چھوڑے گا، اسی طرح خط کوچ اور بھی خمیدہ ہو جائے گا، یہ صورت
ایسی ہے، جیسے کہ "رائٹ ٹرن" کا دوسرا حکم مل گیا ہو، یہ شکل سے واضح ہے، جو نہ صرف سپاہیون کو ناہموار زمین
طے کرتا دکھاتی ہے، بلکہ شیشے کے منشور مین سے روشنی کی شعاع کا گذر بھی ٹھیک بتلاتی ہے، شیشے
مین داخل ہوتے اور اس سے نکلتے وقت اثیری موج گھوم جاتی ہے،

اگر منشور مین سے گذرنے والی روشنی کی شعاع صرف سرخ موجون پر مشتمل ہو، تو دیکھنے سے پتہ چلے گا، کہ
وہ اپنی اصلی سمت سے پہلے زیادہ نہ گھومیگی، فرض کرو کہ ہم پردہ کے اس مقام پر جہان سُرخ موجین واقع ہوتی

تمھین صرف س لکھدین اور پھر ان موجون کی ایک شعاع ڈالین، اور پردے اور منشور کو علی حالہ رہنے دین، تو دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ یہ موجین اور بھی خمیدہ ہوجاتی ہین، اس لئے "سبز روشنی" کا داغ پردے پر اور بھی دور جا کر پڑیگا، اسی طرح بنفشئی روشنی سے تجربہ کرین، تو یہ موجین اور بھی خمیدہ ہوجائین گی جس سے بنفشئی خیال سبز سے کچھ فاصلے پر پڑیگا، اگر نارنجی اور زردہ روشنی سے تجربہ کیا ہوتا تو وہ سُرخ اور سبز کے درمیان مین خیال بناتین، اور آسمانی اور نیلی سے تجربے کرنے پر اُن کی جگہ سبز اور بنفشئی کے درمیان ہوتی، طیف اسی طرح بنتا ہے،

سپاہیون کی تمثیل کو ہم ذرا اور وسعت دیتے ہین، اب ہم سات مختلف کمپنیان تصور کرتے ہین، جو ایک ہی خط مین ناہموار زمین کی طرف آرہی ہین، وہ سب کی سب کھلے میدان مین مساویانہ کوچ کرسکتی ہین کمپنی نمبر ا کے خط کوچ مین اتنا خم نہین آتا جتنا کمپنی نمبر ۲ کے خط مین جب یہ دونون کمپنیان دوبارہ کھلے میدان مین آئین گی، تو یہ دونون قدرے مختلف سمتون مین کوچ کرتی ہون گی، کمپنی نمبر ۲ کو اور بھی زیادہ گھومنا پڑتا ہے، اور یہی حال دوسرون کا بھی ہوتا ہے،

یہ شکل سپاہیون کی ایک قطار کی تعبیر ہے، جو ناہموار زمین کی طرف آرہی ہے، لفظون سے اُن کے کوچ کی مختلف منازل ظاہر ہوتی ہین، ناہموار زمین مین سے گذرتے وقت اُن کی رفتار مین معتدبہ کمی واقع ہوتی ہے، واضح رہے، کہ وہ ناہموار زمین کے خط حد پر زاویہ بناتے داخل ہوتے ہین،

شکل ب

شعاع نور کا خمیدہ ہونا۔

بنا برین صفحہ کے میسرہ کا اخیر سپاہی ہموار زمین مین سب سے پہلے داخل ہوتا ہے، اس کی رفتار دوسرون سے

اگر کھلے میدان مین کمپنیون کے کچھ فاصلہ طے کرنے کے بعد رُکنے کا حکم دیا جائے، تو کمپنیان ایک دوسرے سے جدا اور پھیلی ہون گی، اسی طرح شیشے کے منشور مین سے گذرتے وقت سفید روشنی کے سات موجی طول پھیل جاتے ہین، اور مشہور و معروف شمسی طیف بناتے ہین، پردے پر رنگ کے جو داغ نظر آتے ہین، وہ فی الحقیقت اس

(بقیہ مضمون نمبر ۱۵۰) قبل کم ہو جائیگی، اس سے خط کو چ مین تبدیلی پیدا ہو جائیگی، یہ گویا ایسا ہی ہے، جیسے کہ سپاہیون کو "رائٹ ٹرن" کا حکم مل گیا ہو، پھر جب وہ ناہموار زمین کو طے کر لیتے ہین، تو جو سپاہی سب سے پہلے داخل ہوا تھا، وہی سب سے پہلے نکلے گا بھی یعنی اوس کی رفتار دوسرون کے مقابلہ مین اب جلد تیز ہو جائیگی، یہ خط کو چ گھومکر پھر اپنی اصلی سمت مین آجاتا ہے، یہ گویا سپاہیون کو "لفٹ ٹرن" کا حکم مل گیا،

یہ ایک بہت کار آمد تمثیل ہے جس سے شیشے یا کسی دوسری شفاف واسطے کے ٹکڑے مین سے شعاع نور کی خمیدگی بآسانی سمجھ مین آجاتی ہے، جیسا کہ متن مین تشریح کی گئی ہے،

اس شکل مین بھی شکل ب والی سپاہیون کی قطار ہے لیکن یہان وہ ناہموار زمین کے ایک مثلثی قطعہ مین سے گذر رہے ہین صفحہ کے میسرہ کا اخیر سپاہی دوسرون کی نسبت زیادہ دیر تک مبتلا رہتا ہے، جس سے صفحہ کے انتہائی میسرہ کا سپاہی زیادہ ترقی کرتا ہے، خط کو چ بہت کچھ بدل جاتا ہے اس صورت مین تو اون کو گویا "رائٹ ٹرن" کا حکم ناہموار زمین مین داخل ہوتے اور اس کو چھوڑتے وقت دونون مرتبہ ملتا ہے،

شکل - ج

منشور کا شعاع نور کو خمیدہ کرنا

یہ تمثیل شیشے کے منشور مین سے شعاع نور کے خمیدہ ہونے کو واضح کرتی ہے، اس شکل مین ہم صرف اس روشنی کو لے رہے ہین جسمین صرف ایک ہی طول موج ہے مثلاً وہ موجین جو سُرخی کا احساس پیدا کرتی ہین، دیگر اثیری موجون مین انقلاب زیادہ ہوتا ہے، موج جتنی قصیر ہوگی اتنا ہی وہ اپنی سمت سے زیادہ منحرف ہو جائیگی، اس بنا پر سفید روشنی مین جو مختلف

شگاف کے لاتعداد خیال ہین جسمین سے روشنی گذر رہی ہے، اگر روشنی گول سوراخ مین سے گذاری جائے، تو خیالی رنگ کی گول گول ڈھیون مین بنے گا، جو ایک دوسرے پر منطبق ہون گی، اگر سوراخ تنگ اور سیدھا شگاف ہو تو خیالی مین مستقیم تنگ شگافون یا خطون کی ایک کثیر تعداد ہوگی، جو ایک دوسرے پر منطبق ہون گے،

یہ معلوم کرنا دلچسپ ہوگا کہ اثیری موجون کی خمیدگی یا انعطاف کا سبب کیا ہوگا، اور ایسا کیون ہوتا ہے، کہ بعض موجین دوسرون کے مقابل زیادہ منعطف ہوتی ہین، اب تک ہم نے صرف اسی امر پر اکتفا کیا ہے، کہ شیشے مین برقیون کی موجودگی کی وجہ سے اثیری موجون مین ابطا پیدا ہوجاتا ہے، اور تمثیلاً ہم نے ناہموار زمین سے سپاہیون کے گذرنے کو دکھلایا ہے،

ہم جانتے ہین کہ ایک قسم کی شے کے برقیون کی حالت دوسری شے کے برقیون کی حالت سے جداگانہ ہوتی ہے اس لئے ہم کو یہ معلوم کرکے تعجب نہین ہوتا کہ بعض شفاف چیزون مین انعطافی طاقت دوسرون کی نسبت زیادہ ہوتی ہے، پھر ہم یہ بھی دیکھ چکے ہین، کہ خمیدگی کی مقدار خود اثیری موج کے طول پر منحصر ہوتی ہے اس موجین سب سے کم منعطف ہوتی ہین، اور ب موجین سب سے زیادہ،

ہم اس خیال سے مانوس ہوچکے ہین کہ صرف وہی برقیے جو آنے والی موجون کی شرح ارتعاش کا جواب دیسکتے ہین، اثیری موجون کے مقابلہ کرنے مین زبردست حصہ لیتے ہین، ہم یہ بھی دیکھ چکے ہین کہ جہان یہ ہمدرد برقیے موجود ہوتے ہین، وہان اثیری موجین سطح کی ایک ہلکی سی سالمی تہ تک پہنچ پاتے ہین، اس کے بعد وہ رک جاتی ہین، وہان اثیری موجین ہونا اس امر پر منحصر ہے کہ برقیے اپنے جوہرون سے جدا ہوجاتے ہین یا وہ کامیاب مقابلہ کرکے اپنے جوہرون سے ملحق رہتے ہین، ظاہر ہے کہ شیشہ اور دیگر شفاف اشیا مین ان دونون مین سے کوئی بات نہین ہوتی، نہ تو اثیری موجین جذب ہوتی ہین، اور نہ برقیے اپنی طرف سے ایسی موجین بھیجتے ہین، یہ کھلی ہوئی

(بقیہ مضمون متعلق شکل مذکور صفحہ ۱۵۱) موجی طول ہوتے ہین، وہ شیشے کے منشور مین سے گذرتے وقت پھیل جائین گے، اس طرح رنگین طیف پیدا ہوتا ہے، جیسا کہ متن مین بالتفصیل بیان کیا گیا ہے،

طیف نما کا استعمال،

بات ہے کہ اثیری موجین شیشے مین سے پار ہوجاتی ہین موجون کو روکنے کے قابل کوئی سپر دیا جواب دینے والے برقیے موجود نہین ہوتے لیکن جو برقیے موجود ہوتے ہین، وہ اگرچہ مرتعش موجون کی شرح سے ارتعاش نہین کرسکتے تاہم کچھ نہ کچھ مزاحمت یا مقاومت ضرور کرتے ہین، اور اس طرح موجون کی ترقی مین ابطا، پیدا کردیتے ہین ہم دیکھ چکے ہین، کہ موجین جب زاویہ بناتی ہوئی شیشے پر واقع یا اس سے خارج ہوتی ہین، تو اُن پر اس کا کیا اثر پڑتا ہے،

گردش کرنے والے برقیون کی یہ تصویر نظر مین رکھکر ہم سمجھ سکتے ہین، کہ کیونکر بعض اشیا چند موجی طولون کے لئے شفاف ہوتی ہین، اور دوسرون کے لئے نہین، یاد ہوگا کہ "مرئی روشنی" کی طرح طویل حرارت والی موجون کے انعطاف کو ظاہر کرنے کے لئے ہم نے شیشہ کی بجاے نمک لاہوری کا منشور استعمال کیا تھا، شیشہ کا منشور ان طویل حرارتی موجون کیلئے عملاً غیر شفاف ہے، اور نمک انھین اسی طرح اپنے اندر سے گذرنے دیتا ہے جسطرح کہ شیشہ "مرئی روشنی" کو گذرنے دیتا ہے،

رنگین شیشے والی کھڑکی مین ہم کو شیشے کے ایسے ٹکڑے ملتے ہین، جو بعض موجی طولون کو تو جذب کرلیتے ہین، اور بعض کو گذرجانے دیتے ہین، اگر شیشے کا کوئی ٹکڑا صرف سرخ موجون کو گذرنے دے، تو ہم عرف عام مین یہی کہتے ہین کہ شیشہ سُرخ رنگ کا ہے، شے کے اندر کے برقیون کی قابلیتون کے لحاظ سے اس کا پتہ چلتا ہے، کہ کون سی اثیری موجین گذرجائین گی،

تعجب ہے کہ بعض لوگون کو انجذاب اور انعکاس کے سے سادہ امور کے اندازہ کرنے مین کسقدر دقت ہوتی ہے، مثلاً مین نے ایک اچھے تعلیم یافتہ شخص کو سفید کاغذ پر بنے ہوئے ایک شمسی طیف کو دکھلایا اور پوچھا کہ اگر یہ کاغذ سُرخ کردیا جائے، تو کیا نتیجہ ہوگا، اُن کا جواب یہ تھا کہ سُرخ رنگ دکھائی نہ دیگا، اور طیف کے دوسرے رنگون مین سُرخ کی آمیزش ہوگی، آسمانی حصہ جو سُرخ سے ملیگا تو ارغوانی پیدا ہوجائیگا وعلیٰ ہذا، ایک دوسرے صاحب نے یہ جواب دیا کہ سُرخ رنگ اچھی طرح نہ دکھائی دیگا، لیکن طیف کا بقیہ حصہ علیٰ حالہ ہوگا، اگر ایک شخص ان دونون

ین سے کوئی جواب دے تو ظاہر ہے، کہ انعکاس اور انجذاب کے معنی اس نے ٹھیک طور پر نہین سمجھے،
پردہ "سُرخ" ہے، اس لئے کہ اس کی سطح مین ایسے برقیے موجود ہین، جو تمام اثیری موجون کو جذب کر لیتے ہین
سوائے سُرخی پیدا کرنے والی موجون کے جن کو وہ منعکس کر دیتے ہین، اس لئے تمام کی تمام اثیری موجین
جو طیف مین پھیلی ہوتی ہین، وہ جذب ہو جائین گی سوائے سُرخی پیدا کرنے والی موجون کے سُرخ پردے پر
کوئی طیف نظر نہ آئیگا صرف سُرخ سُرخ ایک داغ نظر آئے گا،

تقریر مابعد سے واضح ہو جائے گا کہ ہم کو طیف سے بہت دلچسپ مفہومات حاصل ہوئے ہین، مشاہدات
کی آسانی کی غرض سے شیشے کا منشور دو نلیون کے درمیان چڑھا دیا جاتا ہے، جیسا کہ مرقع مقابل صفحہ ۱۵۳ مین دکھلایا
گیا ہے، ایک نلی مین ایک سرے پر ایک شگاف ہوتا ہے جسمین سے روشنی زیر امتحان گذاری جاتی ہے،
یہ شگاف عموماً ترتیب پذیر ہوتا ہے، اس سے اس کی چوڑائی گھٹائی بڑھائی جاتی ہے، اس نلی کے دوسرے سرے
پر ایک عدسہ ہوتا ہے جس سے شگاف سے آنے والی شعاع نور اس عدسہ مین سے متوازی پنسل بن کر نکلتی
ہے، شگاف اور عدسہ والی یہ نلی توازی گر کہلاتی ہے لیکن درحقیقت اس کو "سیدھ مین لانے والا" کہنا چاہیے،
لیکن غلطی سے اس کی نسبت لفظ توازی گر (انگریزی مین) استعمال ہو گیا، اور اب تک باقی ہے، اس نلی
کی ساخت بالکل سادہ ہے، ایک سرے پر شگاف اور ایک سرے پر عدسہ اور بس، جب روشنی کی پنسل اس
نلی مین سے نکلتی ہے، تو منشور سے زاویہ بناتی ہوئی اس پر واقع ہوتی ہے، منشور مین سے گذرتے وقت
روشنی اپنے طیف مین منتشر ہو جاتی ہے، اور گھوم جاتی ہے جس سے وہ ایک دوسری نلی مین داخل ہوتی ہے
جو طیف کے خیال سے مکبر کرنے کے لئے صرف ایک چھوٹی سی دوربین ہوتی ہے، پورے آلے کو طیف نما
کہتے ہین، اگر شعاعون کے انحراف کی پیمایش کا سامان بھی اضافہ کر دیا جائے، تو آلہ طیف پیما کہلانے
لگتا ہے،

برسبیل تذکرہ یہ بیان کر دینا یہان مناسب ہے، کہ بعض اوقات منشور کی جگہ جالی بھی لگاتے ہین

لغت میں تو جالی کے معنی یہ ہیں، کہ متوازی متقاطع خطوط کی قنات ہو، سڑکوں پر اور دیگر مقامات کی جالیوں سے ہم اچھی طرح واقف ہیں لیکن یہاں جالی سے ہماری مراد بہت باریک متوازی خطوط کا ایک سلسلہ ہے، جو شیشے کی کسی لوح پر کھینچ دیا گیا ہو، جب معمولی سفید روشنی ان جالیوں میں سے کسی ایک میں سے گذاری جاتی ہے، تو نہایت خوبصورت طیوف بن جاتے ہیں جالی اور منشور کے عمل میں ایک فرق ہے، منشور شعاع نور کو منعطف کر کے صرف ایک طیف پیدا کرتا ہے، اور جالی سے متعدد طیوف حاصل ہوتے ہیں، کچھ روشنی سیدھی خطوں کے درمیان میں سے ہو کر پردے پر جا کر مرکز میں ایک روشن خیال بناتی ہے، اس کے دونوں طرف گھٹتی ہوئی چمک کے متعدد طیوف ہوتے ہیں، اگر باریک خطوط مرأتی[1] دھات کے پالش شدہ ٹکڑے پر کھینچے جائیں تو روشنی طیف کی شکل میں منعکس ہوگی، اس قسم کی جالی منشور کے مقابلے میں زیادہ خوبیاں رکھتی ہے لیکن یہاں تفصیلات میں جانے کی ضرورت نہیں۔

اگر کوئی شخص مرأتی جالی کو دیکھے تو خطوط نظر نہ آئیں گے لیکن ساری سطح قوس وقزح جیسی نظر آئیگی، روشنی کے مختلف موجی طولوں کو علٰحدہ علٰحدہ کرنے کی یہ خاصیت کوئی شیشے کے منشور اور جالیوں ہی کی ملکیت نہیں ہے، آج کل کے پٹرولی موٹروں کے زمانے میں پیادہ چلنے والوں میں سے غائب سے غائب دماغ شخص نے بھی تیل گر جانے پر سڑک کی بھیگی سطح سے نہایت عمدہ رنگ منعکس ہوتے دیکھے ہوں گے، اس میں ہم کو رنگوں کا ایک مجموعہ نظر آتا ہے۔ ظاہر ہے کہ روغنی سطح پر پڑنے والی سفید روشنی اپنے مختلف موجی طولوں میں علٰحدہ ہو گئی ہے، اس صورت میں یہ انقسام منعکس اثیری موجوں کے تداخل کا نتیجہ ہوتا ہے، اور اس انقسام کی بے ضابطگی کا سبب یہ ہے کہ بھیگی سطح پر روغنی تہ کی دبازت مختلف ہوتی ہے، صابن کے بڑے بلبلوں میں بھی یہی منظر رونما ہوتا ہے، تداخل کے اس اصول کو پروفیسر لپ مان[2] نے اصلی رنگوں

---

[1] وہ دھات جس کا آئینہ بناتے ہیں (مترجم)

[2] (Gabriel Lippmann) فرانسیسی سائنس داں پیدائش ۱۸۴۵ء–۱۹۲۱ء رنگین عکاسی، برقی اکائیوں وغیرہ پر بہت کام کیا، اور کتابیں تصنیف کیں، مترجم

مین عکاسی کیلئے استعمال کیا ہے، لیکن انکا طریقہ عملاً تجربہ خانہ تک محدود ہے،

صدف کی سطح پر جو رنگ آمیزی نظر آتی ہے، وہ بھی اُن باریک خطوط کا نتیجہ ہے، جو مرُاتی جالی کی طرح اس کی سطح پر ہوتے ہین، یہ بھی عجیب بات ہے، کہ اگر صدف کی سطح کا چربہ لاکھ پر لیا جائے تو وہ باریک خطوط لاکھ پر اس انداز کے آجاتے ہین کہ اُن سے وہی رنگ پیدا ہو سکتے ہین،

تصور مین ایک تاریک کمرے مین جاؤ، اور دیکھو کہ طیف نما کی مدد سے کیا معلومات حاصل ہوتے ہین، لوہے کے ایک ٹکڑے کو گرم کرنے کے لئے ہم نے ایک سہل طریقہ نکالا ہے، مثلاً برقی رو سے گرم کرنے کا اور طیف نما کو ایسی جگہ رکھا ہے، جہان سے وہ گرم شدہ لوہے کی خارج کردہ اثیری موجون کو لے سکتا ہے، تھوڑی دیر تک تو ہم کو کچھ نظر نہین آتا، خواہ ہم آلے مین سے دیکھین یا براہ راست اوس مقام کو دیکھین جہان ہم جانتے ہین کہ لوہا موجود ہے،

لیکن جون ہی کہ لوہا دکنے لگتا ہے، ہم آلے مین سے اس کو دیکھتے ہین، تو ہم کو طیف کا وہ حصہ نظر آتا ہے، جو سُرخ کا احساس پیدا کرتا ہے، ہم کو صرف سُرخ داغ نظر آتا ہے، اور کچھ نہین، اس سے ہم کو معلوم ہوا کہ لوہے مین ایسے برقیے موجود ہین، جو چار سو بلین (چالیس میل) چکر فی ثانیہ کے حساب سے گردش کر رہے ہین جیسے جیسے تپش بڑھتی ہے، لوہے کا ٹکڑا زیادہ چمک کے ساتھ دکنے لگتا ہے، اب آلے مین سے دیکھنے پر ہم کو طیف کا نارنجی حصہ نمودار ہوتا معلوم ہوتا ہے، پھر زرد حصہ اور بتدریج سبز، آسمانی، نیلا، اور بنفشئی باری باری سے نمودار ہونے لگتے ہین، ہم نے برقیون کے مختلف گردشی رفتارون مین آنے سے کامل طیف کو بنتے دیکھ لیا، ہم کو یہ نہ خیال کرنا چاہیئے کہ لوہے کے اندر ایسے برقیے موجود ہین، جن کے جوہر ایک دوسرے سے متصادم نہ ہون، تو وہ طبعاً ان مختلف رفتارون سے گردش کرین گے، اس کا سبب کہ گرم شدہ لوہے سے اس قدر متنوع اثیری موجین کیون نکلتی ہین، یہ ہے کہ جوہرون مین تیز رفتاری سے جو ہیجان پیدا ہوتا ہے، وہ برقیون کو ان رفتارون کو قبول کرنے پر مجبور کرتا ہے، اور چونکہ جوہر ایک دوسرے کے قریب

قریب ہوتے ہین، اس لئے برقیون کو مرکات پیش آتی ہی یہی وجہ ہے کہ ہر قسم کی گردشی رفتار پاتے ہین، ہر ٹھوس جسم سفید گرم کئے جانے پر یہی کیفیت دکھلائیگا، وہ کامل طیف پیدا کر دیگا، اس قسم کے کامل طیف سے روشنی خارج کرنے والی شے کی نوعیت کے متعلق کوئی علم حاصل نہین ہوتا ہم کو جوہرون کو ایک دوسرے سے اتنا آزاد کر دینا چاہئے کہ اُن کے برقیے اپنی طبعی مدت دوران مین گردش کر سکین،

اگر ہم لوہے کو پگھلا دین تو اس کے جوہر اپنی جامدی گرفت سے آزاد ہو جاتے ہین لیکن اگر ہم پگھلے لوہے کی روشنی کا امتحان کرین تو پھر کامل طیف دکھائی دیتا ہے، اگر ہم کسی طریقے سے تپش بڑھا کر ۶۰۰۰ ہزار درجہ فارن ہیٹ (۳۳۰۰ درجہ مئی) کر دین تو پھر لوہے کے بعض جوہر گیسی حالت مین اس طرح ہوا مین مل سکین گے جسطرح اُبلتے پانی سے آبی بخار نکلتا رہتا ہے، اگر ہم طیف نما بخار کی طرف کر دین، اور پھر کسی گرم تر مبدء سے سفید روشنی آہنی بخار مین سے گذرنے دین، تو ہم کو ایک عجیب منظر نظر آئے گا، ہم کو سفید روشنی کا طیف نظر تو آتا ہے لیکن اب اس مین جگہ جگہ بہت باریک سیاہ خطوط پڑے دکھائی دیتے ہین، اس سے ظاہر ہے، کہ بعض وہ اثیری موجین ضائع ہو گئی ہین، جو سفید روشنی مین شامل تھین، اب وہ مسلسل طیف نہین ہے، جو سفید روشنی کو پیدا کرنا چاہتا تھا اب اس مین جگہ جگہ خلا ہے، ہم طیف کو یہ سمجھتے ہین، کہ وہ شگاف کے بے شمار خیالون کا مجموعہ ہے جو سب کے سب مل کر ایک چوڑا فیتہ بناتے ہین جس طرح کہ قوس قزح کے فیتے مین رنگین تار ہوتے ہین، صورت موجودہ مین متعدد تار جگہ جگہ سے غائب معلوم ہوتے ہین،

طیف نما سے اس روشنی کو دیکھکر جو آہنی بخار مین ہو کر آئی ہے ہم کو یہ باسانی معلوم ہو سکتا ہے، کہ غائب شدہ اثیری موجین کہان ہین، صرف ایک ہی استنتاج ممکن ہے یعنی یہ کہ آہنی بخار نے اُن کو جذب کر لیا ہے، یا بالفاظ دیگر اُن کو اُن برقیون نے جذب کر لیا ہے، جو آہنی جوہرون سے ملحق ہین، جو موجین نکل کر طیف نما تک جا پہنچتی ہین اُن کو بخار مین کوئی مجیب برقیے نہ ملے،

فرض کرو کہ ہم اس منقطع طیف کا ایک فوٹو لیتے ہین، بلاشبہہ یہ فوٹو ہم کو طیف نما کے ذریعہ سے لینا چاہئے

چونکہ فوٹو مین رنگ نہین آتے، اس لئے ہم نہایت احتیاط سے مختلف رنگین حصون کے حدود کی نشان اندازی کرتے ہین، ہم کو سُرخ حصے مین کچھ خطوط نظر آتے ہین، اور کچھ سبز مین وعلیٰ ہذا ہم کو سارے طیف بھر مین اُن خطون کی ایک بڑی تعداد ملتی ہے،

مختلف عنصری اشیا، کے بخارون مین سے روشنی گذار کر ہم اور فوٹو لیتے ہین، اور جب ان کا آپس مین مقابلہ کرتے ہین، تو ہم کو بہت بڑا فرق نظر آتا ہے، ایک ہی عنصری شئے سے ہمکو ہمیشہ وہی خطوط ملتے ہین، سوڈیم بخار مین آئی ہوئی روشنی کے فوٹو مین ہم کو صرف دو سیاہ خطوط نظر آتے ہین، اور یہ دونون طیف کے زرد حصے مین نظر آتے ہین. یہ خطوط ایک دوسرے سے اس قدر قریب ہین، کہ سادہ طیف نما مین وہ ایک ہی خط نظر آتے ہین، یہ خطوط کیون نمودار ہوتے ہین، ؟ یہ خطوط محض اُن شگاف کے خیالات ہین جس مین سے ہو کر روشنی طیف نما مین آرہی ہے،

تقریر بالا سے یہ واضح ہوگا کہ کسی عنصر کو کیسی حالت مین ہونا چاہئے، تاکہ ہم اس کا خطی طیف حاصل کرسکین ہم نے دیکھا کہ سوڈیم بخار دو معین موجی طولون کو جذب کرلیتا ہے، جو طیف کے زرد حصے مین واقع ہوتے ہین، ہم جانتے ہین کہ بخار مین ایسے برقیے ہونے چاہئین جو ان خاص موجون کے متناظر رفتارون سے گردش کرنے کی قابلیت رکھتے ہون، اب یہ قرین قیاس ہے کہ اگر یہ برقیے اپنی طبعی دوری گردشون مین لے آئے جائین، تو وہ ایسی موجین خارج کرین گے، جو ارتعاش کی ان شرحون کے متناظر ہون گے، اور یہی ہم بعینہ پاتے بھی ہین، اگر بنفشی شعلہ مین ہم سوڈیم کا ایک ٹکڑا جلائین، اور جلتے سوڈیم کے شعلہ کا امتحان کرین، تو ہم کو دو چمکدار زرد خطوط ٹھیک ان ہی مقامون پر نظر آتے ہین، جہان کہ دو تاریک خطوط دکھائی دئے تھے:

اگر ہم ہائڈروجن گیس کو جلائین، اور طیف نما کے ذریعہ سے شعلہ کا امتحان کرین تو ہم کو تین روشن خطوط نظر آئین گے ان مین سے ایک سُرخ حصہ مین بہت نمایان خط ہوتا ہے، دوسرا خط آسمانی حصہ مین ہوتا ہے، اور تیسرا خط کسی قدر مدھم ہوتا ہے، اور آسمانی حصہ مین طیف کے بنفشی سرے کی طرف واقع ہوتا ہے، اگر آلات زیادہ

نازک ہون تو ان سے بھی زیادہ مدھم خطوط شناخت کئے جا سکتے ہین چھوٹے جیبی طیف نما سے یہ تینون خطوط اچھی طرح دکھلائی دیتے ہین،

گیسون کے طیوف کے جانچنے کا ہمارے پاس ایک اور سہل طریقہ ہے، اگر ہم شیشے کی کسی نلی مین ہائڈروجن گیس بھر دین، اور پھر اسی کو ہوا پمپ کی نلی سے ملا دین، تو ہم گیس کا ایک بڑا حصہ اسمین سے نکال سکتے ہین، اور وہان نام نہاد خلا پیدا ہو جائے گا، اگرچہ ہم ایسی نلیون کو خلائی نلیان کہتے ہین، تاہم ہم جانتے ہین، کہ ان مین ہوا یا گیس کی ایک قلیل مقدار ضرور ہونی چاہئے، نلی کو ہم یہان تک خالی کر سکتے ہین، کہ معمولی جوی دباؤ پر جو مقدار نلی کو بھر سکے، اس کا دس لاکھوان حصہ باقی رہ جائے، موجودہ صورت مین تخلیہ اس اعلیٰ پیمانے پر نہین پہنچا، ہم صرف اتنا ہی چاہتے ہین کہ جوہر اس قدر علٰحدہ ہو جائین، کہ ان کے برقیے اپنے جوہرون کے گرد اپنی طبعی یا دوری شرح سے گردش کرنے کے لئے آزاد ہو جائین، ہماری دوسری ضرورت یہ ہے کہ آزاد جوہرون کے اس مجموعے کو منور بالذات کر دین، ہم جانتے ہین کہ کسی خلائی نلی مین سے برقی اخراج گذار کر ہم اس کے اندر کی چیزون کو متحد کر سکتے ہین، جب ہم نلی کے سرے کسی امالی پچھے یا برقی مشین سے ملا دیتے ہین، تو نلی کے اندر بالکل افق جنوبی کی سی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے، نلی کے اندر جس قسم کی گیس ہو گی، اسی کے لحاظ سے دمک کا رنگ مختلف ہو گا، بصورت موجودہ ہائڈروجن گیس سے بہت پیلی پیلی لال روشنی نکلیگی، ہم اس روشنی کو طیف نما سے جانچین، تو ہم کو ہائڈروجنی خطوط بخوبی نظر آئین گے، یہ خطوط حسب سابق روشن ہین، گویا گیس جل رہی ہے ہم کو تاریک خطوط صرف اسی وقت نظر آتے ہین، جب کہ ہم کسی بخارین سے آتی ہوئی روشنی کو جانچ کرین، جس سے ظاہر ہوتا ہے، کہ گیس نے ان موجی طولون کو جذب کر لیا ہے،

گیسی عناصر کے طیوف کے جانچنے کا مذکورۂ بالا طریقہ بہت کار آمد ہے، اس کے ذریعہ سے ہم ان نادر گیسون کے طیوف حاصل کر سکتے ہین جن کو بڑی مقدار مین حاصل نہین کر سکتے نیز اس کے ذریعہ سے آکسیجن اور ان گیسون کے طیوف بھی حاصل کر سکتے ہین، جو شعلہ پذیر نہین،

چونکہ عنصری شے کے طیف مین خطوط کا ایک معین سلسلہ ہوتا ہے، اس لئے طیف دیکھ کر ہم تبلا سکتے ہین عام اس سے کہ وہ کتنا ہی پیچیدہ کیون نہ ہو، کہ کون سی اشیا اس کو پیدا کر رہی ہین، مثلاً اگر ہم سورج کے طیف کا فوٹو لین، تو ہم کو اس کے طیف مین ہزارون خطوط بکھرے نظر آتے ہین، ہائڈروجن، لوہا، اور دیگر اشیا سے پیدا شدہ خطوط کی نہایت احتیاط سے نشان اندازی کر کے ہم صحیح صحیح تبلا سکتے ہین، کہ سورج مین کون کون سے عنصر شامل ہین اس طرح ہم کو کوئی چالیس سے کم عنصر نہین ملتے جن مین سے چند یہ ہین، ہائڈروجن، سوڈیم، لوہا، تانبا، نکل اور جست، یہ سب کے سب سورج کے بیرونی کرہ یا کرۂ ضیائی مین گیسی صورت مین موجود ہین، یہ بخارات دمکتے سورج سے پیدا شدہ مسلسل طیف کے بعض موجی طولون کو جذب کر لیتے ہین، اور اسی طرح طیف مین معین سیاہ خطوط پیدا کر دیتے ہین،

ہم اپنے ارد گرد کی اشیا کو ہاتھ مین لے کر اور اُن کو دیکھ بھال کر اُن کے متعلق بہت کچھ معلوم کر سکتے ہین، لیکن ہم ہمیشہ یہ نہین تبلا سکتے کہ وہ کس چیز سے بنی ہین، خیال کرو کہ سورج ہم سے کوئی نو کرور میل سے زیادہ فاصلہ پر ہے، اس پر بھی ہم تبلا سکتے ہین، کہ سورج کس چیز سے بنا ہے، ستارون کی کیمیا تمام تر طیف نما کی مرہون منت ہے،

یہ بڑے تعجب کی بات ہے کہ سر اسحاق نیوٹن نے شمسی طیف مین ان سیاہ خطوط کو نہ دیکھا، معمولی شیشے کے منشور یا کسی فانوس کے آویزے سے پیدا شدہ طیف مین بھی یہ خطوط موجود ہوتے ہین بعضون کا خیال ہے کہ نیوٹن نے طیف دیکھنے کے لئے ایک مددگار رکھ لیا تھا، اب پھر یہی سوال ہے کہ مددگار نے ان خطوط کو کیون نہ دیکھا، یہ ممکن ہے کہ اوس نے ان خطوط کو شیشے کی خرابی کا نتیجہ سمجھ کر نظر انداز کر دیا ہو، لیکن اسی کی جانچ نہایت آسانی سے یون ہو سکتی تھی، کہ منشور کو ایک پہلو پر گھما دیا جاتا، اور پھر دیکھا جاتا کہ یہ خطوط اپنی جگہ سے ہٹ گئے، یا طیف مین ان کی جگہ مقرر رہی، لیکن ہم کو یاد رکھنا چاہیئے کہ ڈھائی سو برس ادھر لوگ استخراجی طریقہ کار مین اس قدر منجھے ہوے نہ تھے، جتنا کہ ہم اس زمانہ مین مانوس ہو گئے ہین،

طیف نما کے سلسلے مین ایک بہت دلچسپ امر یہ ہے کہ یہ نہایت ہی قلیل مقدار شئے کی شناخت کر سکتا ہے، اگر بنسنی شعلہ مین ہم نمک کی چند رتیان جلائین، اور حاصل شدہ روشنی کی جانچ کرین، تو سوڈیم خطوط جیبی طیف نما استعمال کرنے پر بھی نہایت واضح طور سے دکھائی دیتے ہین،

یہ ایک معروف بات ہے، کہ خون کا ایک قطرہ ایک پیالی پانی مین ڈالا جائے، اور اس مین سے گذری ہوئی روشنی کا امتحان کیا جائے تو وہ اپنا امتیازی طیف دکھلائے گا۔ اس طرح یہ ممکن ہے کہ شریان اور ورید مین سے حاصل کردہ خون مین تمیز کی جا سکے، اگرچہ مقدار قلیل ہی کیون نہ ہو، اس مین شک نہین کہ شریانی خون قلب سے نکلتے وقت آکسا جاتا[1] ہے، کیونکہ خون مین پیشتر سے پھیپھڑون کے ذریعہ سے آکسیجن پہنچ جاتی ہے، وریدون کے ذریعہ جو خون واپس جاتا ہے، اس کی تکسیر[2] ہوجاتی ہے کیونکہ اپنی آکسیجن وہ جسم کو دے چکتا ہے، طیف نما مین آکسیجن کو ظاہر کرنے والے تاریک جذبی خطوط نظر آئین گے، اگر خون شریانی ہو، اور اگر وریدی ہو، تو یہ خطوط نہ ہون گے، اس ایک واقعہ پر ہم شیرلاک[3] ہومز کا ایک پورا افسانہ تیار کر سکتے ہین، ایک حسینہ پراسرار حالات مین مردہ پائی جاتی ہے، ڈاکٹر اور پولیس دونون توجیہ سے قاصر ہین، شیرلاک ہومز صاحب آتے ہین، اور شریانون مین سے ایک شریان سے صرف ایک قطرہ خون کا نکال لیتے ہین، طیف پیمائی امتحان سے اُن کو

---

[1] کسی شئے مین آکسیجن کا جزو داخل ہوجانا، اُس شئے کا آکسا جانا کہلاتا ہے، (مترجم) [2] کسی شئے سے آکسیجن کے جزو کا نکل جانا، (مترجم) [3] مشہور انگریزی فسانہ نگار اور عامل روحانیات سر آرتھر کانن ڈائل نے سراغ رسانی کے بہت سے قصے لکھے ہین، جن کا ہیرو شیرلاک ہومز ہے، اور اس کو اس قدر شہرت حاصل ہوئی، کہ شیرلاک ہومز کا نام ادب مین سراغرسان کے معنی مین استعمال کیا جانے لگا ہے، اردو مین بھی اس کے افسانون کے ترجمہ ہوئے ہین،

(مترجم)

پتہ چلتا ہے، کہ وہ خاتون بلاشبہ جلتے دھوین سے گھٹ کر مری ہین، کیونکہ ایسی صورتون مین جسم کے تمام خون کی تکسیر ہو جاتی ہو،

تقریر بالا سے یہ معلوم ہوا کہ مادہ کی بہت قلیل مقدار کو طیف پیما شناخت کر سکتا ہے، لیکن یہ کوئی انتہائی صورت نہین ہے، یہ کہنا کہ ایک عمدہ طیف نما ایک ملی[1] گرام کے دس لاکھوین حصہ کی شناخت کر سکتا ہے، اُن لوگون کے لئے بے معنی ہے، جن کو کبھی ملی گرام سے سابقہ نہین پڑا، صـ کے مقابل جو مرقع دیا گیا ہے، اس سے ہم کچھ اندازہ طیف نما کی حساسیت کا کر سکتے ہین، مرقع مین ہم کو ایک بہت حساس کیمیاوی ترازو نظر آتی ہے، جو نہایت آسانی سے پنسل کے لکھے لفظ کا وزن دریافت کر سکتی ہے، پہلے مرقع مین ہم کو کاغذ کے دو ٹکڑے نظر آتے ہین، جو وزن مین بالکل ایک دوسرے کے مساوی ہین، پھر ہم ایک کاغذ لیتے ہین، اور اس پر پنسل سے صرف ایک لفظ لکھ دیتے ہین، اس لکھنے مین پنسل کی نوک کا ایک بہت قلیل حصہ گھس کر کاغذ کی سطح پر آگیا ہے، پنسل کی نوک مین ہم کو کوئی فرق نظر نہین آتا، اس سے اب بھی سینکڑون لفظ لکھ سکتے ہین، لیکن ہماری ترازو اس زیادتی کو بھی بتلا سکتی ہے، جیسا کہ دوسری تصویر سے ظاہر ہے، اس صورت مین ہم نے کوئی ۴ ملی گرام مادہ کا وزن کیا ہے، اور یہ بغایت حساس کیمیاوی ترازو اس سے بھی کم وزن تبلا سکتی ہے، ہم نے دیکھا کہ ترازو نے مادے کے ایک بہت قلیل جزء کو تبلا دیا، بایں ہمہ طیف نما مادے کی اس مقدار کا چالیس لاکھوان حصہ بھی معلوم ہو سکتا ہے، ذرا سوچو کہ پنسل کی نوک سے سرمہ کی کتنی قلیل مقدار گھسی ہے، اور پھر

---

[1] فرانسیسی یا عشری نظام پیمایش کی ایک پیمانۂ وزن، ۱ ملی گرام = ۰۱۵۴۳ء گرین (= انگریزی پیمانہ) یعنی ۰۰۰۰۸۴۴۷ء تولہ، یعنی ایک ملی گرام تولہ کے دس ہزاروین حصہ سے بھی کم ہے،

(مترجم)

تصور کرو، کہ اس کے چالیس لاکھ حصّے کئے گئے ہین، اور پھر دیکھو، کہ طیف نما ان نہایت قلیل حصون کی خبر دیتا ہے،

طیف نما مین ہماری دلچسپی یہین نہین ختم ہوجاتی، آیندہ باب مین ہم دیکھین گے، کہ اس سادہ سے آلہ نے دور دراز ستارون کے متعلق ہمارے علم مین کیا اضافہ کیا ہے،

پندرہواں باب

ستارے کی پیدایش

جو ستارہ کہ ہم سے کروڑوں میل دور ہے، اس کی تپش کا ناپنا ہمارے لئے کیونکر ممکن ہو؟ خواہ ہم نے پہلے یہ کبھی نہ سنا ہو، کہ ایسا ممکن ہے، تاہم ہم قیاس کر سکتے ہیں، کہ اس کے امکان کی کیا صورت ہے، کم از کم ہم اتنا تو کر سکتے ہیں، کہ ایک ستارہ کی تپش کو دوسرے ستارے کی تپش سے مقابلہ کرنے کی کوئی سبیل نکالیں، بشرطیکہ ہم یہ اندازہ کر چکے ہوں، کہ جب لوہے کا ایک ٹکڑا بتدریج گرم کیا جاتا ہے، اور اس کی روشنی کا امتحان کیا جاتا ہے، تو کیا وقوع میں آتا ہے، طیف نما میں سے دیکھنے پر ہم کو معلوم ہوا کہ سب سے پہلے طیف کا صرف سُرخ حصہ نمودار ہوا، پھر جیسے جیسے لوہے کی تپش بڑھتی گئی، ایک ایک کر کے نارنجی، زرد، سبز کبودی نیلگون اور بنفشئی حصے نمودار ہوتے گئے، پس اس سے ہم یہ معلوم کر سکیں گے، کہ جو ستارہ طیف کا صرف سُرخ حصہ دکھاتا ہے، اس کی تپش اُس ستارے کی تپش سے کم ہے، جو سُرخ اور نارنجی دکھاتا ہے، جتنا زیادہ حصہ طیف کا دکھائی دے گا، اتنی ہی زیادہ اس ستارے کی تپش ہوگی، جو اسے پیدا کر رہا ہے، یہ بے عذر تپش پیما طیف کے بنفشئی حصے ہی پر نہیں ختم ہو جاتا، اعلیٰ تعدد کی دیگر اثیری موجیں بھی پیدا ہوتی ہیں، بالا بنفشئی روشنی کی یہ اثیری موجیں لوحِ عکاسی کو متاثر کر دیں گی، پس عکاسی کے ذریعہ سے ہم اپنے تپش پیما کے پیمانے کو مرئی طیف کی حد سے باہر بھی لے جا سکتے ہیں جب دو ستارے طیف کا ایک ہی طول پیدا کریں،

مادے کے ایک قلیل حصّہ کی دریافت ،

تو ہم کو معلوم ہو جاتا ہے، کہ دونون کی ایک ہی تپش ہے،

ہر عنصر کا اپنا امتیازی خطی طیف ہوتا ہے لیکن ہم کو یہ فرض کرنے کی ضرورت نہین کہ کسی معین طیف مین تغیر ناممکن ہے، عرصہ تک یہی خیال کیا جاتا رہا، کہ کسی عنصر کے خطی طیف مین کسی قسم کا تغیر ممکن نہین لیکن کوئی نصف صدی کا عرصہ گذرا کہ دو مشہور آسٹروی سائنس دانون نے ایک مقالہ شائع کیا جس مین یہ تبلایا کہ عناصر سے بالکل مختلف طیف حاصل ہو سکتے ہین، سر نارمن لاک یر[1] جنھون نے سائنس کی اُس شاخ کے لئے بہت کچھ کام انجام دیا ہے، نہایت واضح طور پر یہ ثابت کر دکھایا کہ بعض عناصر کے طیوف مین جب کہ وہ مختلف تپشون پر ہون، غیر معمولی تغیرات پائے جاتے ہین،

بنسنی شعلہ مین جلتے وقت سوڈیم جو طیف پیدا کرتا ہے وہ اس سے بہت سادہ ہے، جو وہی عنصر برقی قوس مین رکھے جانے پر پیدا کرتا ہے، اور اگر مبدء تنویر برقی شرارہ ہو تو اور بھی تغیر واقع ہوتا ہے، ان تین حالات مین سوڈیم اثیر محیط مین مختلف موجی طول پیدا کرتا ہے، لوہے کے شعلہ دار طیف مین صرف چند خط نظر آتے ہین لیکن اس کے قوسی طیف مین کوئی دو ہزار خط ہوتے ہین، یہ اچھی طرح سے سمجھ لینا چاہیے، کہ کسی عنصر کا طیف ایک ہی حالات مین ہمیشہ مستقل ہوتا ہے، ہم جانتے ہین کہ شعلہ کی تپش پر سوڈیم خطوط کی ایک خاص ترتیب پیدا کرتا ہے، حالانکہ برقی قوس کی اعلی ترتپش یہی عنصر ایک دوسری ترتیب پیدا کرتا ہے، ہم کو معلوم ہے، کہ نجمی طیوف کی تعبیر کسی طرح بھی سادہ امر نہین ہے، خطوط کی ایک معین ترتیب سے نہ صرف عنصر کا پتہ لگتا ہے، بلکہ یہ بھی معلوم ہوتا ہے، کہ وہ عنصر کس تپش پر ہے، اس لئے ہمارے نجمی تپش پیمائی کی یہ مزید خواندگی ہوئی، تپش کے دوسرے اشارات بھی ہوتے ہین، لیکن جو کچھ کہا گیا، وہ یہ تبلانے کے لئے

---

[1] Sir Norman Lockyer (۱۸۳۶ء ـ ۱۹۲۰ء) مشہور انگریزی سائنس دان، رایل کالج آف سائنس لندن مین فلکی طبعیات کے پروفیسر، برٹش ایسوسی ایشن کے صدر ۱۹۰۳ء ـ ۱۹۰۴ء مین (مترجم)

کافی ہے، کہ دور دراز ستارون کی تپش کے متعلق ہمارے خیالات کیونکر قائم ہوے،

سورج اور ستارون کے طیفی خطوط سے سائنس دانون نے معلومات کا ایک بڑا ذخیرہ جمع کیا ہے یہ گویا ایسا ہی ہے، جیسے دور دراز ستارون کے گردش کرنے والے برقیے اثیری موجون کی صورت مین لاسلکی پیامات بھیج رہے ہون، ہمارے طیف نما ان پیامات کو تبلانے والے آلات ہین عکاسی کی مدد سے ان بجی تلغرافی پیامات کو ہم ان ہی سے لکھوا دیتے ہین، طیفی خطوط کی مختلف ترتیبین گویا تلغرافی ابجد ہین، اس تمثیل کو مدنظر رکھکر ہم سر نارمن لاک یر، سر ولیم[۱] اور بیگم ہگنس کو ماہر تلغراف سمجھ سکتے ہین،

لاک یر نے ثابت کیا ہے، کہ سورج کے منور لفافے یا کرۂ ضیائی مین لوہے کے طیفی خطوط وہی ہین جو برقی قوس کی تپش پر لوہا پیدا کرتا ہے، یہ تلغرافی پیام ہم کو تبلاتا ہے، کہ سورج کے کرۂ ضیائی کی تپش ہمٔی پیمانے پر کوئی چھ ہزار درجہ ہے، اس تلغرافی پیام نے ایک غلط خیال کی تصحیح کر دی، جو انسان نے پیشتر قائم کر رکھا تھا، پچاس برس ہوے ہم اس تپش کو کوئی لاکھ درجہ سمجھتے تھے،

طیوف کی تفصیلات مین گئے بغیر، یہ معلوم کرنا دلچسپ ہوگا، کہ اجرام فلکی سے اس سیارے پر اور کیا کیا پیامات وصول ہوے ہین، ہم ابجدی اشارون مین پڑنا نہین چاہتے، لیکن ہم معلوم کرنا چاہتے ہین کہ تلغرافیون نے ان پیامات کی کیا تعبیر کی ہے،

ہم کو تبایا جاتا ہے، کہ خورشید اعظم بہت آہستہ آہستہ سرد ہو رہا ہے، اور بہت سے دوسرے ستارون مین بھی یہی عمل جاری ہے، لیکن ساتھ ہی اس کے ہم کو یہ بھی تبایا جاتا ہے، کہ بعض ستارے فی الواقع گرم تر ہو رہے ہین، اور گرم ترین ستارے کو ہم کوئی تیس ہزار درجہ مئی کی تپش پر سمجھتے ہین،

---

[۱] سر ولیم ہگنز Sir William Huggins (۱۸۲۴ء تا ۱۹۱۰ء) مشہور انگریزی ماہر فلکیات رائل ایسٹرونومیکل سوسائٹی کے صدر (۱۸۷۶ - ۱۸۷۸ء) رائل سوسائٹی کے صدر ۱۹۰۰ء مین،

ہمارے ایک خاص تلغرافی نے ہمارے لئے ذیل کی تعبیر کی ہے، اور اگرچہ ہو سکتا ہے، کہ وہ اس تعبیر مین بالکل صواب پر نہ ہون، تاہم جس پیام کی تعبیر ہے، وہ بہت دلچسپ ہے، کیونکہ اس سے ستارے کی پیدایش کا ایک بہت معقول نظریہ ہاتھ آتا ہے؛

سب پہلے ایک بڑا سحابیہ[۱] ہے، جو کرورون میل کی فضا گھیرے ہوئے ہے، یہ سحابیہ شہابون کے ایک جھنڈ پر مشتمل ہے، یہ شہاب خود ٹھوس مادے کے حصے ہین جن مین وہ عناصر پائے جاتے ہین، جو اس سیارے پر ہمین ملتے ہین، یہ شہاب سرد اجسام ہین، اور سوئی کی نوک اور غبار ریزے کے برابر چھوٹے بھی ہو سکتے ہین؛ لیکن ہم یہ تصور کر سکتے ہین کہ یہ شہاب جس وقت کیت کے مرکز کی طرف متجاوب ہوتے ہین، تو یہ متصادم بھی ہوتے ہین، ان تصادمون سے حرارت پیدا ہو گی، پس جیسے جیسے اس کی تکثیف ہو گی، کیت کی تپش بڑھتی جائیگی؛ ایک مدت مین جا کر تپش اتنی بڑھ جائے گی، کہ کیت جو حجامت مین بہت گھٹ گئی ہے، گیسی ہو جائے گی، گرم ترین ستارون کی یہی حالت ہے؛ جب یہ حالت پہنچ جاتی ہے، تو مزید تصادم اور تصادم قائم رکھنے کیلئے ٹھوس ذرے باقی نہین رہتے، اسلئے ستارہ سرد ہونے لگتا ہے،

جب ستارہ گرم ترین حالت مین ہوتا ہے، تو ہم کو طیف نما مین لاسلکی پیامات وصول ہوتے ہین، جن کی تعبیر ہم یہ کرتے ہین، کہ بعض عناصر عظیم الشان حرارت یعنی کوئی بیس تا تیس ہزار درجہ مئی کی تپش کی وجہ سے افتراق پا کر سادہ تر صورتون مین آجاتے ہین، ان مفترقہ عناصر کی تمیز کے لئے ہم اُن کے نامون مین سابقہ نخستین اضافہ کر دیتے ہین، چنانچہ ہم کہتے ہین، کہ نہایت گرم ستارون مین نخستین ہائڈروجن، نخستین میگنیشیم، اور دیگر نخستین عناصر پائے جاتے ہین، اور دوسرون مین جو اتنے گرم نہین ہین ہم نخستین لوہا، نخستین تانبا وغیرہ پاتے ہین، جیسے جیسے تپش گھٹتی ہے، یہ نخستین عناصر غائب ہوتے جاتے ہین، اور پھر عناصر

---

[۱] انگریزی مین اس کو (Nebula) کہتے ہین، جو مثل ایک گرتا بان کے دکھائی دیتا ہے، یہی گرد ستارون کی اصل بتائی جاتی ہے؛ (مترجم)

کے منتظم طیفی خطوط اسی طرح نمودار ہوتے ہین جس طرح اس سیارے پر ہم کو ملتے ہین، ستارہ جتنا زیادہ سرد ہوتا ہے، اتنے ہی زیادہ عناصر اس مین پائے جاتے ہین، اس مین شک نہین کہ دوران عمل تبرید مین یہ بتدریج بنے یا منکشف ہوئے ہین، لاریب یہ ارتقا کی ایک صورت ہے، مختلف تپشون سے ستارون سے بیانات کا مقابلہ کرنے سے ہم کو معلوم ہوتا ہے، کہ گرم تر ستارون مین لطیف ترین عناصر ہوتے ہین، اور کثیف تر عناصر عملاً ترتیب وار ستارون کی تبرید کے ساتھ پیدا ہوتے ہین،

ہمین شک نہین کہ ہم تمام عناصر کے جواہر کے برقیون سے مرکب ہونے کے مفہوم سے مانوس ہوگئے ہین، پارۂ بالا سے ہم کو معلوم ہوا کہ بہت اعلیٰ تپشون پر جو بعض ستارون مین پائی جاتی ہین، صرف چند برقیے مل کر ایک جوہر بنا سکتے ہین، حالانکہ پست تر تپشون پر برقیون کی زائد تعداد مجتمع ہو جاتی ہے، اور کثیف تر عنصر بناتی ہے،

یہان قدرۃً یہ سوال پیدا ہوتا ہے، کہ جب ستارہ اتنا سرد ہو جائے کہ دمکنا بند کر دے، تو اس کا کیا حشر ہوتا ہے، ؟ یعنی بالفرض وہ اس سیارے کی حالت مین آجائے، جس پر ہم خوش قسمتی سے سکونت پذیر ہین، یہان کوئی اسّی مختلف عناصر ہین سب سے بھاری یورنیم ہے، اس کے بعد کیا ہوگا ؟ کیا یہ سیارہ اور بالآخر تمام کائنات اپنی تمام حرارت کا اشعاع کرے گی، اور پھر ایک سرد مردہ کمیت بن جائیگی ؟ کچھ عرصہ پیشتر تک اس کے سوا کوئی دوسرا معقول نتیجہ معلوم نہ ہوتا تھا، لیکن یہ ملحوظ خاطر رہے کہ کسی پیشتر کے باب مین ہم فقرہ کیل کیطرح مردہ استعمال کر چکے ہین، اب ہم جانتے ہین، کہ نام نہاد مردہ مادے کے ہر ذرہ مین زبردست اندرونی فعالیت موجود ہے پس کیا یہ ممکن نہین ہے، کہ مادہ کے جواہر ٹوٹ کر دوسری شکلین اختیار کرلین، اور بالآخر اُن تیز تیز گردش کرنے والے برقیون کو آزاد کر دین، جن سے وہ مرکب ہین، ؟ اس امکان پر قیاس آرائی کی کوئی ضرورت نہین، ہم کو واقعی ثبوت مل گیا ہے، کہ یورے نیم اور دیگر ثقیل عناصر مین یہی ہو رہا ہے، یہ موضوع اس قدر دلچسپ ہے، کہ جوہر کے انشقاق پر ہم پورا ایک باب وقف کرین گے،

بیرونی دنیا سے اس سیارے تک آنے والے لاسلکی پیامات کے بین السطور سے ہم کائنات کا جو نقشہ کھینچتے ہین، وہ یہ نہین کہ خالق نے ایک مشین کو کوک دی ہے، اور اس کو حالت سکون مین آنے کے لئے چھوڑ دیا ہے، بلکہ یہ سمجھتے ہین کہ برقیون سے تخمین عناصر مین، پھر عناصر مین اور دوبارہ برقیون مین ایک ابدی تغیر واقع ہوتا رہتا ہے،

اگرچہ تقریر بالا کائنات کے متعلق افکار حاضرہ کا خاکہ ہے، تاہم یہ ملحوظ خاطر رہے، کہ بین السطور مین قیاس آرائی کو دخل ضرور ہے، جب ہم کسی دوستانہ مکتوب کے بین السطور پر غور کرتے ہین، تو بعض اوقات ہم صحیح نتیجہ پر پہنچتے ہین، اور بدقسمتی سے بعض اوقات ہم بالکل غلط نتیجہ پر پہنچتے ہین، اب یہ ان انسانون کی آیندہ نسلون کا کام ہے، کہ وہ دیکھین کہ ہمارے بین السطور مین حق کس قدر ہے،

اس مین ذرا بھی شبہ نہین کہ بہت سے نظریے جو آج ہم نے قائم کر رکھے ہین، اُن کے بجاے ہمین نئے نئے خیالات رکھنا پڑین گے، وقتاً فوقتاً جدید سے جدید تر نظریے اضافہ ہوتے رہین گے، ہم کو اس امر کا اعتراف کرنا چاہیئے، کہ ہمارے موجودہ خیالات محض آزمایشی ہین، گو جہان تک ہم فطرت کے رازون کو سمجھ سکے ہین یہی بہترین معلوم ہوتے ہین،

طیف نما کے موضوع کو چھوڑنے سے قبل ایک اور لاسلکی پیام کی طرف توجہ کرنا دلچسپ ہوگا، جو بعید ستارون سے ہم تک پہنچتا ہے، بعض اوقات جب ستارون کے طیوف کا امتحان کیا جاتا ہے، تو خطوط مین ایک خفیف سی تبدیلی معلوم ہوتی ہے، تبدیلی کی نوعیت یہ ہے، کہ طیفی خطوط طیف مین اپنی طبعی وضع مین نہین ہوتے[1] بعض صورتون مین خطوط ورا بنفشی سرے کی طرف تھوڑا سا سرک جاتے ہین، اور دوسری صورتون مین خطوط اس مقام سے

[1] طیفی خطوط کے اندراس (مٹ جانے) کے متعلق سر آرتھر کانن ڈائل مشہور انگریزی فسانہ نگار نے ایک افسانہ "پائزن بلٹ" شائع کیا تھا، جس کا اردو ترجمہ "حلقہ مسموم" کے عنوان سے راقم الحروف نے شائع کر دیا ہے،

(مترجم)

نیچے کی جانب سرک جاتے ہین، جہان کہ اسی عنصر کے خطوط بالعموم پائے جاتے ہین، اس سے ظاہر ہے کہ پہلی صورت مین ارتعاش کی شرحون مین اضافہ ہوا ہے، اور دوسری صورت مین کمی، ان بیانات کی معقول تعبیر صرف یہی ہے، کہ پہلی صورت مین زیر امتحان ستارہ مشاہدہ کی طرف آرہا ہے، اور دوسری صورت مین اس سے دور ہو رہا ہے، روزمرہ کی زندگی مین اس کی ایک بہت موزون تمثیل ملتی ہے، یہ تمثیل طبیعیات مین بہت مشہور ہے، وہو ہذا :-

کسی نہ کسی وقت ہم مین سے ہر ایک نے یہ مشاہدہ کیا ہوگا، کہ جب کوئی اکسپرس گاڑی ہم سے قریب ہوتی ہے، یا دور ہوتی ہے، تو انجن کی سیٹی کا امتداد متغیر ہوجاتا ہے، فی الحقیقت ہم کو بھی خیال ہوگا کہ انجن دو سیٹیان بجا رہا ہے، اگر ہم کو یہ نہ معلوم ہو کہ اس کی سیٹی سے ایک ہی معین سُر نکل رہا ہے، سیٹی کے امتداد مین اس بیشی و کمی کا سبب دریافت کرنا مشکل نہین، سیٹی ہوا مین از اول تا آخر ایک ہی معین شرح سے ارتعاش پیدا کر رہی ہے لیکن چونکہ گاڑی ہم تک بڑھی چلی آرہی ہے، اس لئے یکے بعد دیگرے یہ ارتعاشات جلد تر پہنچتے ہین، بہ نسبت اس صورت کے کہ انجن ساکن کھڑا ہوتا، اس وجہ سے ہم کو کسی قدر اونچا سُر سنائی دیتا ہے، یہ تصور کرو کہ سیٹی ہر ثانیہ مین ہوا کو ایک معین تعداد مین ضربین لگاتی ہے، اب ہم سیٹی سے پیدا شدہ پہلی صوتی موج کو اپنی طرف آتا تصور کرتے ہین، لیکن دوسری ضرب لگاتے وقت انجن خود آگے جھپٹ آتا ہے، یہ گویا ایسا ہی ہے، کہ انجن دوسری ضرب لگانے سے پہلے خود پہلی صوتی موج کے پیچھے چلا آئے، اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہوائی موجین ایک دوسرے کے پیچھے جلد جلد آتی ہین، وہ اس حالت کے مقابلے مین زود تر تواتر مین پہنچتی ہین، جب کہ ضربین لگاتے وقت انجن ساکن کھڑا ہوتا، فی ثانیہ زیادہ ارتعاشات کا پہنچنا اونچے امتداد کے مترادف ہے، برخلاف اس کے جب انجن ہم سے دور بھاگتا ہے، تو ارتعاشات یا صوتی موجین کسی قدر ایک دوسرے سے دور تر ہو جائین گی، کیونکہ ہر ضرب پر انجن دور ہوتا جاتا ہے، فی ثانیہ کمتر ارتعاشات کے پہنچنے کے معنی نیچے امتداد کے ہین،

اس تمثیل کی مدد سے ہم کسی قدر ترمیم شدہ طیف کے معنی سمجھ سکتے ہین، اگر ہم یہ دیکھین کہ طیفی خطوط پیمانہ پر
طیف کے بنفشئی کنارے کی طرف بڑھ آئے ہین، تو ہم بلا تامل یہ کہہ سکتے ہین، کہ امتداد مین بیشی اسی وجہ سے ہے
کہ ستارہ جو اثیری موجین پیدا کر رہا ہے، ہماری طرف آرہا ہے، برخلاف اس کے اگر خطوط طیف کے سرخ کنارے
کی طرف اس وضع سے ہٹے ہوئے پائے جائین، جو اُن کے لئے طبعی ہین، تو ہم کو معلوم ہوجاتا ہے، کہ ستارہ ہم سے
دور ہورہا ہے، طیفی خطوط کی نقل و حرکت کی صحیح صحیح پیمائش سے حرکت کی شرح کا حساب لگایا جاسکتا ہے،

اس طرح ہم کو معلوم ہوا کہ کلب الجبار (Sirius) ہم سے کچھ اوپر نوے میل
فی ثانیہ کے حساب سے نزدیک ہورہا ہے، خوش قسمتی سے اسے ایک بڑی طویل مسافت طے کرنا ہے، اس
کا اختتام دیکھنے کے لئے ہمارا سیارہ یہان نہ ہوگا، بعض دیگر ستارون کی رفتار خط نظر مین اس سے بھی
زیادہ ہے، اسی طرح طیف نما ہم کو تبلاتا ہے، کہ عیوق ہم سے پندرہ میل فی ثانیہ کے حساب سے دور
ہورہا ہے، دوسرے ستارے ہین جو اس سے دگنی شرح سے دور ہورہے ہین، رفتارون کے متعلق یہ
کوئی سرسری اندازہ یا قیاس آرائی نہین، جدید آلات اور طریقون کی بدولت یہ ممکن ہوگیا ہے، کہ بعید سے بعید
ستارون کی حقیقی رفتار اتنی صحت کے ساتھ دریافت کرلی جائے، کہ فی ثانیہ آدھ میل سے زیادہ کا
فرق نہ رہے،

ہم کو اس مین ذرا بھی شبہہ نہین کہ یہ لاسلکی پیامات جو طیف نما کے ذریعہ وصول ہوئے، خواہ اُن
کا مبدء کچھ ہی کیون نہ ہو، اُن کے بھیجنے والے گردش کار برقیے ہی ہین، فی الحقیقت اس امر کو ہم تجربہ خانہ
مین آسانی سے دکھا سکتے ہین، جب تک اثیری موجون کے سبب کا تصور محض ایک نظریہ تھا، جس کی
بنیاد ریاضی کے حسابات پر تھی، اس وقت تک جمہور نے اس کی طرف بہت کم توجہ کی، ایمسٹرڈم کے
پروفیسر ایچ، اے، لورنز[1] نے قریب ۱۸۸۰ء کے یہ نظریہ پیش کیا، کہ نور کی اثیری موجین، اُن ننھے ننھے

[1] (H. A. Lorentz)

بار دار جسموں سے پیدا ہوتی ہین، جو جوہرون کے گرد گردش کرتے ہین، یہ ایک معقول نظریہ تھا، لیکن اس وقت اوس کی تائید مین کوئی تجرباتی ثبوت نہ پیش کیا جا سکتا تھا، لیکن ۱۸۹۶ء مین لیڈن کے پروفیسر زی مین نے تجربہ خانے مین تجربہ کرکے دکھادیا، کہ ان گردش کرنے والے ذرات کا وجود ہے، اور اس مین شک نہین کہ وہی نور کی اثیری موجین پیدا کرتے ہین، زی مین کا تجرباتی ثبوت جو بہت اہمیت رکھتا ہے، حسب ذیل ہے، :-

ہم اس خیال سے اب مانوس ہوگئے ہین، کہ گردش کرنے والے برقیون کی رفتارون مین اگر کوئی تغیر ہو، تو اُن سے پیدا شدہ اثیری موجون کے موجی طولون مین تغیر واقع ہو جائے گا، لیکن رفتار مین تغیر پیدا کرنے کے لئے ان برقیون تک براہ راست پہنچنے کی توقع ہم کیونکر رکھین، ؟ ہم جانتے ہین، کہ برقیے اگر مستقلاً اور بالتسلسل حرکت مین ہون، تو وہ برقی رو بن جاتے ہین، اور ہم یہ بھی جانتے ہین کہ برقی رَوین مقناطیسی میدان کے اثر کو بھی قبول کرتی ہین، اس قسم کے استدلال سے طبیعین نے یہ خیال کیا کہ نور کی اثیری موجین پیدا کرنے والے کسی جسم پر زبردست مقناطیسی میدان کا اثر دیکھنا چاہیئے، پہلے تو خیال یہی ہوا، کہ یہ اثر اتنا قلیل ہوگا کہ ہم اُسے محسوس ہی نہ کرین گے، لیکن پھر طیف نما نے ہماری دستگیری کی، ہم دیکھ چکے ہین کہ کس طرح طیف نما اثیر مین موجی طولون کے خفیف سے خفیف تغیر کو بتلا سکتا ہی،

پروفیسر زی مین نے ایک سوڈیمی شعلہ ایک بہت زبردست مقناطیس کے قطبون کے درمیان رکھدیا اور اپنے طیف نما کو اس طرح رکھا کہ شعلہ کی روشنی کا امتحان کیا جا سکے، جب آلات ترتیب مین آگئے، تو اس نے مشہور و معروف سوڈیمی خطوط دیکھے، پھر برقی مقناطیس مین جو رو دوڑا دی، تو کیا دیکھتا ہے کہ ہر خط شق ہوکر دو متوازی خطوط بن گیا ہے (دیکھو مرقع صہ ۱۷۳) جب شعلہ پر سے مقناطیسی میدان ہٹالیا گیا، تو طیفی خطوط پھر ویسے ہی منفرد نظر آنے لگے، اس عجیب و غریب منظر کا سبب کیا ہی، ؟

اتنا ظاہر ہے کہ بعض اثیری موجون کی رفتار کم ہوگئی، اس لئے اونھون نے طیف مین قدرے

فرد تر وضع اختیار کی، اور دوسری موجون کی رفتار مین اضافہ ہو گیا، اس لئے انھون نے جو طیفی خط پیدا کیا، وہ پیمانہ مین کسی قدر بلند تر نظر آیا، اس طرح بجائے ایک خط منفرد کے دو واضح خطوط نظر آئے، اس کے یہ معنی ہوئے، کہ بعض برقیون کی رفتار کم ہو گئی تھی، اور بعض کی زیادہ، ہم کو توقع بھی اسی کی رکھنی چاہیئے، سوڈیم شعلہ مین جو ہرون کے اجتماع عظیم مین ایسے برقیے بھی ہون گے، جن کے مدار تمام مستویون مین ہون گے، چنانچہ اگر ادنھین کوئی دیکھ سکے، تو وہ برقیون کو تمام سمتون مین گردش کرتا پائے گا، ایک خاص سمت مین گردش کرنے والے برقیے متفاطیسی میدان کی وجہ سے سریع تر ہو جائین گے، اور اس کے خلاف جو گردش کرین گے، وہ بطی تر ہو جائین گے، اسی وجہ سے طیفی خطوط مین تغیر واقع ہوتا ہے،

اس زی مینی مظہر کے سلسلہ مین دیگر امور بھی دلچسپ ہین، لیکن ہمارے موجودہ اغراض کے لئے جتنا کہا گیا، اُتنا ہی کافی ہے، جن تجربون کے دیکھنے کا خوش قسمتی سے مجھے موقع ملا ہے، اون مین سب سے زیادہ دلچسپ تجربون مین سے ایک یہ بھی ہے، یہ کوئی پیچیدہ تجربہ نہین ہے، لیکن اس کے لئے جدید آلات کی ضرورت ہی،

ایک سے زیادہ تجربہ کرنے والون نے اس کے دیکھنے کی ناکام کوشش کی تھی، اور خود زی مین نے ایک ناکام کوشش کی تھی، لیکن ۱۸۹۶ء مین جب آلات زیادہ عمدہ تیار ہو گئے، تو زی مین کامیاب ہو گیا، اگر تمھارا کوئی دوست برقی متفاطیس مین رو دوڑا دے اور تم سوڈیم شعلہ کے طیفی خطوط دیکھو، تو وہ خطوط بہت دلچسپ معلوم ہوتے ہین، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خطوط آناً فاناً دوہرے ہو گئے، اُن کا منفرد ہو جانا اس بات کی دلیل ہے، کہ متفاطیسی میدان ہٹا لیا گیا،

(۱) شمسی طیف میں تاریک خطوط، (۲) زی مین اثر،

یہ ایک حیرت انگیز تجربہ ہے، یہان ہم براہ راست اُون لاانتہا چھوٹے برقیون کو تصرف
مین لارہے ہین، جو غیر مرئی سوڈیم جوہرون کے گرد چکر کاٹ رہے ہین، ہم اُن چیزون پر عمل کر رہے
ہین جو طاقتور سے طاقتور خردبین کی زد سے بھی باہر ہین، اس پر بھی ہم پیدا شدہ موجون کو نقش کر کے اور
طیف نما سے تحلیل کر کے تبلا سکتے ہین، کہ کیا واقع ہو رہا ہے،

سولھوان باب

زمین کی عمر

باب گذشتہ مین جن لاسلکی پیامات کا ہم نے ذکر کیا ہے اور جو بیرونی کائنات سے ہم تک طیف کے ذریعہ پہنچتے ہین، اس سے ہم کو کائنات کی عمر کے متعلق کوئی شہادت براہ راست نہین ملتی، فی الحقیقت ستارون کی تپش سے اون کی عمرون کا اندازہ لگانا درست نہین، یہ بالکل ایسا ہی ہے کہ انسانون کی عمرین اُن کے قامت سے معلوم کی جائین، جیسے جیسے انسان شیرخوارگی سے شباب تک آتا جاتا ہے، اس کا قدوقامت بڑھتا جاتا ہے، لیکن اگر جوان شخص پانچ فٹ بلند ہے، تو اوس کے یہ معنی نہین، کہ وہ اس سے عمر مین بڑا ہے، جس کا قد صرف پانچ فٹ ہے، باایںہمہ جب کسی سے کسی بچے کی عمر پوچھی جاتی ہے، یا یون کہو کہ دو لڑکون مین یہ دریافت کیا جائے کہ بڑا کونسا ہے، تو بالعموم قامت ہی کے اوپر فیصلہ کا انحصار ہوتا ہے، اور اگرچہ ہم یکسانیت کا کوئی کلیہ تسلیم نہین کرتے، تاہم تپشون کے لحاظ سے ستارونکا مقابلہ ہم کو مطمئن کر دیتا ہے۔

لیکن جب سے انسان نے ستارون کا مشاہدہ شروع کیا، اس وقت سے اب تک ستارے ویسے ہی ہین، کسی نے ستارے کو ایک حالت سے دوسری حالت مین بدلتے نہین دیکھا، فرض کرو کہ ایک کیڑا ہے جسکی تمامی عمر صرف ایک دن کی ہے، وہ اس مین قوت استدلال ودیعت کر دی جاتی ہے، اب وہ انسان کو دیکھتا ہے تو مختلف قدوقامت کے زندہ مخلوق نظر آتے ہین، اور وہ یہ استدلال کر سکتا ہے کہ چھوٹی مخلوق

رفتہ رفتہ بڑی مخلوق ہوگئی ہے، اس کو سب سے چھوٹے اور سب سے بڑے انسان نظر آئین گے لیکن ایک دن کی اپنی قلیل مدت مین اوسکو تغیر واقع ہوتا نظر نہ آئے گا، پس انسانون کے بڑھنے کی شرح کے متعلق وہ کوئی رائے نہین قائم کرسکتا، یہ ایک بدیہی امر ہے، کہ کائنات کی عمر کا اندازہ براہ راست مشاہدہ سے ہم نہین کرسکتے،

باینہمہ انسان ایک ایسے سیارہ کا باشندہ ہے، جسکو وہ سمجھتا ہے کہ اون تمام حالتون سے گذر چکا ہے جن کو وہ ستارون مین دیکھتا ہے، اس لئے اوس کے نزدیک یہی تدبیر موزون معلوم ہوئی، کہ اپنے سیارے کی اندرونی کیفیت کا ملاحظہ کرے اور ارضیات کی رو سے اس کی تاریخ مرتب کرے،

غالباً ہم مین سے بعض کو یاد ہوگا کہ زمین کی عمر کے متعلق ہمارے ابتدائی خیالات عجیب تھے، بچپنے مین ہم سنا کرتے تھے کہ زمین کی عمر کوئی چھ ہزار برس کی ہے، اس مین شک نہین کہ ہم بھی سمجھتے تھے، کہ تخلیق عالم مین فی یوم چوبیس ۲۴ گھنٹے کے حساب سے سات دن لگے جس مین آرام کا دن بھی شامل ہے، مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ مین چھ ہزار برس کے معنی سمجھنے کی کوشش کرتا تھا، میرے تصور مین یہ آتا تھا، کہ بیس بڑھیان ایک قطار مین بیٹھی ہین، ہر بڑھیا کی عمر سو برس کی ہے، ظاہر ہے کہ اگر یہ بیس خیالی بڑھیان یکے بعد دیگرے نمودار ہوتین یعنی ایک کے مرجانے پر دوسری پیدا ہوتی، تو حضرت مسیح علیہ السلام کے زمانہ سے زمانۂ موجودہ تک پورا تسلسل قائم ہوجاتا، بالفاظ دیگر پہلی بڑھیا اب سے دو ہزار برس پہلے زندہ ہوتی، اور ایسی بڑھیون کی تین قطارین درکار ہوتین، کہ تصور بدو کائنات تک پہنچ جائے، یہ خیال اسوقت بالکل صحیح اور معقول نظر آتا تھا، اور زمین کی عمر اس وجہ سے بالکل سمجھ کے موافق نظر آتی تھی،

آج کا لڑکا صرف اپنے ایام طفولیت ہی مین ایسے خیال رکھتا ہے، اس پر حال کا ایک لطیفہ یاد آگیا، سات برس کے ایک بچے کے ساتھ مین قبرستان مین جارہا تھا، کہ اوس نے ایک پرانی قبر کے پاس جس پر خاندانی نام آدم کندہ تھا، میرا ہاتھ پکڑ کے مجھ سے یہ سوال کیا کہ "کیا یہ انجیل والے حضرت آدم کی ہے،؟"

باینہمہ آج کا طفلی دماغ یہ سوال جلد کرنے لگتا ہے، کہ دنیا کی عمر کیا ہے،

انسان کو یہ توقع نہین کہ وہ زمین کے اندر بہت گہرائی تک کھود سکے لیکن دنیا کے مختلف حصون مین بڑے بڑے پہاڑی غار ہین اور ان مین جمع شدہ مادے کی تہون کی تہین دیکھی جاسکتی ہین، اسی طریقہ پر زمین کی قدیم تاریخ کی ورق گردانی انسان کے لئے ممکن ہوگئی ہے،

مصر مین جو تنقیبات ہوئی ہین، ان سے معلوم ہوتا ہے کہ چار ہزار برس پہلے ہمارے ہی جیسے مرد اور عورتین رہتی تھین، حال ہی کی ایک تنقیب مین ایک لطیفہ کا انکشاف ہوا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہزارون برس پہلے بچون کی وہی کیفیت تھی، جو آج ہے، جماعت منقبین مین سے ایک شخص نے مجھ سے بیان کیا کہ ایک دیوار پر چند حروف کندہ نظر آئے، جن کا ترجمہ یہ ہے "جولیا، میری جولیا چھوٹی سی بندریا ہے" یہ ماننا پڑے گا کہ بندریا کا لفظ پیار سے کہا گیا، اوسی شخص نے ایک اور چھوٹا سا واقعہ مجھ سے بیان کیا، ایک قبر پر ایک کتبہ تھا، جس کو کسی شوہر نے اپنی متوفی بیوی کی یادگار مین نصب کیا تھا، اس کتبہ پر یہ عبارت درج تھی "اسمین کوئی نقص سوا اس کے نہ تھا کہ مجھے چھوڑ کے چلی گئی"

پس ہم دیکھتے ہین کہ چار ہزار برس کے عرصہ مین انسان مین بہت ہی تھوڑی تبدیلی ہوئی ہے، فی الحقیقت سادہ ترین زندہ عضویون سے انسان کے ارتقاء کی مدت کا حساب ہزارون مین بھی آسانی سے نہین کیا جاسکتا بدین وجہ ہم کو یہ سنکر تعجب نہ ہوا، کہ لارڈ کلون نے زمین کو ۲ کرور برس سے قابل سکونت بتایا ہے، اُن کے حسابات کی بنیاد زمین کی طبیعی حالت پر ہے یعنی اس کی اندرونی تپش پر اس سے انھون نے اندازہ لگایا کہ ایک دہکتے ہوئے کرے سے موجودہ تپش تک سرد ہونے کے لئے زمین کو دو کرور برس لگے ہین،

جب سے ریڈیم کا انکشاف ہوا ہے، جو مسلسل حرارت خارج کرتا رہتا ہے، اس وقت سے اس قسم کے خیالات پیش کئے گئے ہین، کہ ممکن ہے کہ ایسی تابکار اشیاء نے زمین کی حرارت کو زیادہ عرصہ تک قائم رہنے مین مدد دی ہو، سورج کی زندگی کے متعلق بھی ایساہی خیال ظاہر کیا گیا ہے، ظاہر ہے کہ لارڈ کلون

کے نزدیک ان خیالات مین کوئی وزن نہ تھا۔ سنہ ۱۹۰۶ء مین انھون نے ایک خط لکھا تھا جس کو بعد مین برٹش ویکلی نے چھاپا، اس مین لارڈ کلون نے اس مبحث پر اپنا آخری بیان دیا تھا، سورج اور زمین کا ذکر کرتے ہوئے ہوئے، اونھون نے کہا تھا، کہ اس امر کا نہایت ہی بعید الامکان معلوم ہوتا ہے، کہ حرارت اور نور کے اخراج کیلئے ریڈیم اُن کی توانائی مین اضافہ کردیتا ہے۔ بایں ہمہ اس کا ذکر کردینا بھی مناسب ہو کہ موجودہ زمانے کے بعض استادان فن اس خیال کو بالکل معقول قرار دیتے ہین؛

کوئی عامی کسی پورے قد کے گھوڑے کی عمر کا جب اندازہ کریگا، تو اوس کی شکل وصورت اور چستی پر نظر کریگا، لیکن ایک ماہر ایک معین عمر تک اس کے دانت دیکھکر عمر بتادیگا، ہم درختون کی عمرین اُون کی گرہون سے معلوم کرسکتے ہین، اور بعض مچھلیون کی عمرین اون کے فلوس کے بعض نشانون سے بتلائی جاسکتی ہین، زمین کی عمر کا حساب لگانے کے متعدد طریقے ہین، لیکن بیشتر اس کے کہ ہم ان طریقون سے بحث کرین، یہ مناسب ہوگا، کہ پگھلے ہوئے کرے سے موجودہ حالت مین آنے تک اس سیارہ کے ارتقا کے متعلق ایک عام بیان پیش کردیا جائے، جس مین جملہ افکار حاضرہ آجائین، قدیم الایام مین جب یہ سیارہ پگھلا ہوا مادہ تھا، تو وہ اپنے محور پر نہایت تیز رفتار کے ساتھ حرکت کرتا تھا، اور اوس کو چارون طرف سے بخارات آبی کی ایک غلیظ فضا گھیرے ہوے تھی، ہم یہ تصور کرتے ہین، کہ سورج کے عمل مدوجزر نے پگھلے ہوے کرے کے بیرونی لفافے مین زبردست مدوجزر پیدا کردیا، ایسا ہی ایک زبردست مد اتنی بلندی تک پہنچ گیا، کہ اصل جسم سے علحدہ ہوگیا، یہ گویا ہمارے چاند کی پیدائش ہے، بقول سر جارج ڈارون[1] کے یہ واقعہ عظیمہ کوئی چھپن ملین (۵ کرور ساٹھ لاکھ) برس ہوئے، رونما ہوا تھا،

---

[1] Sir George Darwin (سنہ ۱۸۴۵ء ـ سنہ ۱۹۱۳ء) مسئلۂ ارتقا والے مشہور چارلس ڈارون کے فرزند کیمبرج واقع انگلستان مین فلکیات اور فلسفۂ تجرباتی کے معلم، برٹش ایسوسی ایشن کے صدر سنہ ۱۹۰۵ء (مترجم)

جیسے جیسے سیارہ سرد ہوتا گیا، آبی بخار پانی بنتا گیا، اور زمین کی سطح مین جو قعر بن گئے تھے، وہ سمندر ہو گئے زمین کی یہ سطح آبی فضا کے زبردست دباؤ کی وجہ سے بے قاعدہ سی ہو گئی تھی، یہ دباؤ کوئی پانچ ہزار پونڈ فی مربع انچ تھا، سمندر کا کھولتا پانی ٹھنڈا ہوتا گیا، اور رسوبی طبقے جمتے گئے، قشر زمین مین ان طبقات کی موجودگی ارضین کے نزدیک قدیم تاریخ کا سرمایہ ہی،

ان جمع شدہ طبقون کی تکوین مین جو مدت مدید صرف ہوئی ہوگی، اوس نے اول اول ارضین پر اتنا اثر ڈالا، کہ اُن کے نزدیک زمین کی عمر صرف "آباد" (جمع ابد کی) مین شمار کیجاتی تھی، بعض ارضیون کو زمین کے منجمد ہونے اور موجودہ صورت مین آنے کے لئے کروڑہا برس سے کم کی مدت مطمئن ہی نہین کرتی،

زمین پر جب سے سمندر بنے ہین، اس وقت سے اب تک کی مدت دریافت کرنے کا ایک طریقہ دلچسپی سے خالی نہین، سمندرون کی تکوین چونکہ کیسی آبی فضا سے ہوئی تھی، اس لئے ابتداءً اُن مین میٹھا پانی تھا، اور شور اس وقت ہوا، جبکہ دریاؤن نے اُن مین سوڈیم پہنچایا ہے، اور نیز اس مقدار کو حساباً دریافت کیا ہے، جو دریا سال بھر مین پہنچاتے ہین، یہ مقدار کوئی چھ کرور ٹن سالانہ ہوتی ہے، اور تمام سمندرون مین جو سوڈیم ہے اس کی مقدار اس کی کم از کم ۹ کرور گنا ہے، پس پروفیسر جالی نے اس سے یہ نتیجہ نکالا، کہ سمندرون کو موجودہ حالت مین آنے کیلئے کوئی نو کرور برس لگے،

واضح رہے کہ پروفیسر جالی نے جو مدت قرار دی ہے، وہ لارڈ کلون کی دو کرور برس کی مدت سے زیادہ ہے، مگر لارڈ کلون نے ایک مرتبہ چالیس کرور برس کی مدت قرار دی تھی، گو بالآخر اونھون نے کمتر مدت کو ترجیح دی، سر جارج ڈارون نے چاند کی عمر کا جو حساب لگایا تھا، وہ لارڈ کلون اور پروفیسر جالی کے اندازون کے درمیان ہے، پس اس سے ظاہر ہو گیا کہ موجودہ علمای سائنس کے نزدیک ہمارے اس سیارے کے منجمد ہونے مین جو مدت لگی ہو وہ متفق علیہ نہین، لیکن اس پر سب کا اتفاق ہے، کہ یہ مدت لاکھون اور کرورون برس ہی مین بآسانی بیان کیجا سکتی ہے، اگر ہم یہ تسلیم کر لین کہ ہمارے اس سیارے کو پانچ ہزار درجے

کی تپش سے سرد ہونے کے لئے لاکھوں برس کی مدت صرف ہوئی ہے، تو پھر تیس ہزار درجے سے جبکہ وہ گرم ترین سیاروں میں شامل تھی، سرد ہونے کے لئے کتنی اور مدت درکار ہوئی ہوگی ؟

ایک امر واضح ہے کہ اس سیارے کی ایک ابتدا تھی، اور اسلئے اس کی انتہا بھی ہونا چاہیئے، ہم زمین کی زندگی اس وقت سے قرار دیتے ہیں، جب سے کہ وہ اور نظام شمسی کے دوسرے ارکین اس بڑے سحابیہ سے جدا ہوگئے، جو ابتداءً نظام شمسی کی تمام فضا کو گھیرے ہوئے تھا، ہم اس کا اندازہ کرسکتے ہیں، کہ تمام اجرام فلکی کی ایک ابتدا تھی، اور اون کی انتہا بھی ہوگی، یہان تک کہ مادہ کے جوہرون کی بھی ایک ابتدا تھی اور ایک انتہا ہوگی، لیکن جن برقیون سے خود جوہر مرکب ہین، اُن کی نسبت کیا خیال ہونا چاہیئے، کیا وہ ابدی اور غیر متغیر ہین، ؟ کیا خود برقیون کی ساخت ایسی پیچیدہ نہین ہوسکتی جیسی کہ جواہر کی ہے ؟ یہان منڈلی جف کا نظریہ ذرات اثیری پیدا ہوتا ہے، اس کی روسے برقیے گردش کرنے والے اثیری ذرات کے نظام ہین، پس تعجب کا مقام نہین، اگر دماغ انسانی ایک طرف کائنات معلومہ کی نہایت عظیم چیزون اور دوسری طرف فطرت کی نہایت قلیل چیزون کو دیکھکر حیرت مین ڈوب جائے،

ہم کو ارتقاء انسانی مین شک نہین گو ہم ڈارون کے نظریہ مین ترمیم کے خواہان ہون، پھر یقیناً ہم کو ارتقاء مادہ کے نظریہ کو بھی قبول کرنا چاہیئے، ؟ اجسام حیہ اور غیر ذی روح مادہ مین قدیم مین جو خلیج حائل تھی، وہ اب اتنی وسیع نہین رہی جتنی کہ پہلے تھی، ممکن ہے کہ فرق صرف اتنا ہی ہو، جتنا کہ کسی برقائے اور غیر برقائے جسم مین، لیکن ہم کو اس کا یقین ہے، کہ حیات کوئی ایسی چیز ہے، جو مادہ اور توانائی سے ممیز ہے، جسم زندہ مین کوئی ایسی چیز ہے جو مردہ جسم مین موجود نہین،

ارتقاء کے تسلیم کرلینے کے یہ معنی نہین کہ چیزون کا وجود کسی نابینا غیر ذی روح قوت کا مرہون منت ہے چند سال کا عرصہ ہوا کہ لارڈ کلون نے اس سلسلہ مین ایک خطبہ دیا تھا، جس مین بعض بہت دلچسپ باتین بیان کی تھین، اونھون نے کہا تھا کہ بغیر کسی حاکم کل خلاق طاقت کے حیات کی ابتدا یا اس کی بقاء کا تصور کرنا ناممکن ہے

سب مجھے پورا پورا یقین ہے کہ حال کی حیواناتی قیاس آرائیوں میں دلیلِ نظم و ترتیب کو بہت کچھ نظرانداز کر دیا گیا ہے، ہمارے چاروں طرف زبردست اور ناقابلِ انکار ثبوت اس امر کے موجود ہیں، کہ نظم و ترتیب کسی عاقل اور فیاض ہستی کا کام ہے،... اس سے فطرت کی معرفت مختار ارادے کے اثر کا پتہ چلتا ہے، اور ہم کو یہ سبق ملتا ہے کہ جملہ جاندار اشیاء کا مرجع ایک ازلی ابدی خالق اور حاکم ہے،

سترھوان باب

مبدءِ حیات

جو عنوان اس کتاب کا رکھا گیا ہے، اس کے تحت کوئی کتاب مکمل نہین ہو سکتی، جب تک کہ ابتدائے حیات کے متعلق (موجودہ افکارِ حاضرہ) کا ذکر نہ کیا جائے،

مین اس امر کا تصور کر سکتا ہون کہ قدیم خیالات کے پابند اس پر اک بھون چڑھائین، کہ "مبدءِ حیات" کا سوال ہی کیون اٹھایا گیا، اُن کے نزدیک بس اتنا کافی ہے، کہ خالق ازل نے انسان کو اور دیگر جاندار مخلوق کو پیدا کردیا، باینہمہ جیسا کہ ہم سابق فصل مین بیان کر چکے ہین ہم یقین کرتے ہین کہ ارتقاء کے ذریعہ پر تیے جوہرن گئے، پھر جوہر ایک قسم سے دوسری قسم مین تبدیل ہو گئے، پھر سادہ جوہرون سے مرکب سالمے نمودار ہوئے، اور بالآخر کسی پُر اسرار طریقہ پر زندہ مادہ وجود مین آگیا، اس لئے بدوحیات کا مسئلہ یہان پر بالکل قدرتی ہے، سچا عالم سائنس خالق کو اس کی کائنات سے نکالنا نہین چاہتا، وہ صرف اُن طریقون کو دیکھنا چاہتا ہے، جن سے خالق نے فطرت مین گلکاریان کی ہین۔

اگر کوئی عالم سائنس آج یہ کہے کہ سورج مبدءِ حیات ہے، تو لوگ اس کو جاہل کہین گے، اور حق بجانب ہون گے، یہ اظہر من الشمس ہے، کہ اس سیارہ پر حیات کی بقار کے لئے سورج ازبس ضروری اور لازمی ہے، لیکن یہ ایک بالکل جداگانہ امر ہے،

ہم مین سے سبسے کمزور مشاہدے والون پر بھی کسی نہ کسی وقت اسکا اثر ہوا ہوگا جسکو ہم دورۂ حیات کہتے
ہین، غور کرو کہ زمین پر ایک خشک تخم گرتا ہے، اس سے ایک درخت پیدا ہوجاتا ہے، وہ درخت پھر دانے پیدا
کرتا ہے جن مین سے چند خشک کرکے دوسری فصل مین بونے کے لئے رکھ لئے جاتے ہین، وعلیٰ ہذا۔ یہان ہم
کہہ سکتے ہین، کہ ایک حیاتِ فاعلہ ہے، اور ایک غیر فاعلہ اول الذکر حالت مین درخت کو سانس لینے اور نمی
جذب کرنے کی ضرورت ہے، ورنہ وہ مرجائے گا لیکن حیاتِ غیر فاعلہ مین خشک شدہ تخم کو ہم برسون رکھ سکتے
ہین، اور جب زمین مین ڈالین وہ ایک زندہ درخت بن سکتا ہے،

کئی برس ہوئے ایک افواہ اڑی تھی کہ کسی مصری ممی کی سلوٹون مین ایک تخم ملا ہے، یہ تخم ہزارون برس
تک حالتِ غیر فاعلہ مین پڑا رہا۔ لیکن راوی کا بیان ہے کہ جب اس قدیم تخم کو بویا گیا تو اس سے حیات اور بالیدگی
کی علامتین ظاہر ہوئین، لیکن اس چیز کی بعد مین تردید کی گئی، اور اب یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اس تخم کو بار آور کہنے
مین غلطی تھی، ہر کسان تم کو یہ تبلائے گا، کہ تخم خراب ہوجایا کرتا ہے، اور صرف سال گذشتہ ہی کا تخم استعمال کیا
جاتا ہے، اور فی الواقع اس مین شک نہین کہ کچھ عرصہ بعد تخم مین وہ زندگی نہین رہتی، جو اس کے اندر موجود تھی،

تخمکون یعنی تخم جراثیم کے سلسلے مین یہ عجیب بات ہے، اور یہ کافی طور پر مستند ہے، کہ یہ تخمک بالکل
غلہ کے خشک شدہ تخم کی طرح ہوتے ہین وہ اس وقت تک حالتِ غیر فاعلہ مین رہتے ہین، جب تک کہ نمو کے
لئے کسی موزون واسطے مین نہ رکھے جائین پسٹیور[1] نے کچھ تخمک علیحدہ رکھ دئے تھے، تیس برس تک حالت
غیر فاعلہ مین رہنے کے بعد جب اون کو ایک مناسب واسطے مین رکھا گیا، تو وہ نشو و نما پاکر جراثیم بن گئے، یہ
ایک مشہور بات ہے کہ چھوٹے چھوٹے کیڑون کی بعض نوعین خشک کرکے عرصہ تک اس غیر فاعلی یعنی

---

[1] Louis Pasteur (۱۸۲۲ء سے ۱۸۹۵ء) مشہور فرانسیسی کیمیا دان جراثیم ہیضہ و دیگر امراض پر قابل قدر تحقیقات کین، دیوانہ کتے کے کاٹے کا علاج ایسا دریافت کیا کہ آج تک اس امر کے شفاخانے بالعموم اُسی کے نام سے موسوم ہین، (مترجم)

بظاہر مردہ حالت مین رکھی جاسکتی ہین، اس پر بھی جب پانی مین ڈالی جاتی ہین، تو پھر زندگی حاصل کرلیتی ہین،
ایک سال گذشتہ کا تخم بھی اتنا ہی مردہ نظر آتا ہے، جتنا کہ ایک تنکا، پس فرق کیا ہوا؟ ہم
غلہ کے تخم کو اس کی مفرد اشیا ترکیبی مین تحلیل کرسکتے ہین، اور ان عناصر کی ترتیب مین ہم کو نہایت
عجیب نظم نظر آتا ہے، جب زمین کی حرارت اور رطوبت کو تخم کی تکوین کی ضرورت ہوتی ہے، تو یہی
عناصر دست بستہ حاضر ہوجاتے ہین، ہم کو معلوم ہے، کہ جب تخم ایک مرتبہ بو دیا جاتا ہے تو غذا حاصل کرنے کیلئے زمین
کے اندر وہ اپنے ریشے پھیلا دیتا ہے، اور اوپر کی طرف اس کے کلے پھوٹنے لگتے ہین تا کہ روشنی اور اشعاعی حرارت
کی اثیری موجون کے تموج سے متمتع ہوسکے، باینہمہ ہم اپنے جدید ترین طریقون ہی سے کیون نہ غلہ کے خشک
دانہ کی تحلیل کرڈالین، تاہم ہم اس سوال کا جواب نہین پاسکتے، کہ اسکی حیات کا مبدء کیا ہے، ؟

اگر ہم یہ تسلیم کرلین کہ ہمارے اس سیارے پر حیات کسی نہ کسی صورت مین آگئی، تو پھر یہ راز راز نہین رہتا، کیونکہ
یہ بدیہی ہے کہ زندگی سے زندگی پیدا ہوتی ہے، لیکن اگر یہ صحیح ہے کہ زندگی بغیر سابقہ زندگی کے وجود مین نہین آسکتی
تو اس سیارہ پر زندگی کی ابتدا کیونکر ہوئی، لارڈ کلون آنجہانی کا عقیدہ تھا، کہ سائر مکان وزمان مین زندگی زندگی
ہی سے پیدا ہوتی ہے، کسی اور شے سے نہین، کوئی پچاس برس ہوئے کہ برطانوی انجمن کے سامنے اس بڑے
مفکر نے جو خطبہ دیا تھا، اس مین کہا تھا کہ "یہ دعویٰ کہ اس کرۂ ارضی پر حیات کی ابتدا کسی دوسرے عالم کے
کھنڈرون کے کائی جمے ہوئے ذرات سے ہوئی، بادی النظر مین بعید از قیاس اور موہوم معلوم ہوتا ہے، اس کے متعلق
میری جو رائے ہے، وہ یہ ہے، کہ اس کو ہم غیر علمی نہین کہ سکتے"

عرصہ ہوا کہ جب لوگون نے دیکھا کہ سڑتے ہوئے گوشت مین زندہ کیڑے پیدا ہوجاتے ہین، تو انھون نے
فوراً یہ نتیجہ نکال لیا کہ گوشت کی تحلیل سے کیڑے کی زندگی کی ابتدا ہوئی، لیکن سادہ تجربون نے جلد ثابت کردیا
کہ یہ کیڑے اُن انڈون سے پیدا ہوتے ہین، جو مکھیان گوشت مین دیتی ہین، مشہور عالم پیسٹیور نے ایک طاقتور خوردبین
کی مدد سے یہ ثابت کردیا، کہ خود تعفن اُن زندہ عضویون کا نتیجہ ہے، جن کو مائکروب یا جراثیم کہتے ہین، حالات موافق

ہون، تو یہ جراثیم نہایت تیزی کے ساتھ افزایش پاتے ہین، لیکن یہ بھی اسی اصول کے ماتحت ہین، کہ زندگی ہی سے زندگی پیدا ہوتی ہے،

جب کسی چھوت وار بیماری کا اندیشہ پیدا ہوتا ہے، تو ہم اپنے دودھ کو عقیم (یعنی جراثیم سے پاک) کر دیتے ہین، تاکہ اوس کے اندر کوئی جراثیم ہون، تو ہلاک ہوجائین، دور دراز مقامون سے جب ہم گوشت لاتے ہین، تو اس کو منجمد کر کے ہم تعفنی جراثیم کی راہ مسدود کر دیتے ہین، جب انجماد خانے سے ہم گوشت باہر لاتے ہین، تو اوس کے اندر جراثیم پیدا نہین ہوسکتے، کہ وہ پھر اس پر حملہ کرین، لیکن جو جراثیم منجمد ہو گئے، وہ مر نہین گئے،

شوربا یا یخنی جراثیم کے لئے بہت عمدہ پیدایش گاہ ہین، لیکن اگر ان اشیا، کو اچھی طرح عقیم کر لیا جائے اور گل حکمت کر دیا جائے، تو پھر اُون مین جراثیم کا نمودار ہونا ممکن نہین، چند برس ہوئے کہ ہم نے یہ افواہ سُنی تھی، کہ عقیم شدہ شوربے مین ریڈیم کے عمل سے جراثیمی زندگی پیدا ہو گئی، لیکن اتنا بڑا دعویٰ خود صاحب تجربہ کا بھی نہ تھا، میرا اشارہ ٹبلر برک کی تحقیق کی طرف ہے، اُن کا دعویٰ اپنے تجربون کی بنا پر صرف اتنا ہی تھا، کہ ان سے ذی حیات اور غیر ذی حیات مادہ کے درمیان ایک ربط پیدا ہوجاتا ہی،

یہ ایک قطعی خیال ہے کہ زندگی کی ابتدا سمندر مین ہوئی، اتنا یقینی ہے، کہ سمندر کے پانی اور ہوا کے مفرد اجزائے ترکیبی وہی ہین۔ جو ہمارے جسمون کے اندر موجود ہین، جن مین سے مشہور یہ ہین، آکسیجن، نائٹروجن، کاربن، ہائڈروجن، اور سوڈیم اگرچہ اس سے یہ تو پتہ چلتا ہے، کہ زندگی کی ابتدا کہان ہوئی لیکن اس کا پھر بھی پتہ نہ چلا، کہ یہ ابتدا کیونکر ہوئی، انجیل کی کتاب پیدایش کے پہلے باب مین ذیل کی عبارت ملتی ہے، جو دلچسپی سے خالی نہین، "سمندرون کو بکثرت وہ متحرک مخلوق پیدا کرنے دو جنہین زندگی ہی، اور اُن پرندون کو جو زمین کے اوپر آسمان کی کھلی فضا مین اُڑین"!!

انسان نے زندگی کی نوعیت کے متعلق بہت کچھ معلوم کیا ہے، خوردبین نے ہم کو یہ بتایا ہے، کہ جملہ

ذی حیات اشیا، بہت چھوٹے چھوٹے خلیون سے مرکب ہین، انسان کی ترکیب ایسے کرورون اربون خلیون سے ہوئی ہے، لیکن برخلاف اس کے ایسی جاندار اشیا، بھی ہین جن مین صرف ایک خلیہ ہے، لیکن یہ زندہ خلیے کس چیز کے بنے ہین، ؟ ان کی ترکیب اس شئے سے ہے، جس کو ہم تخم مایہ (پروٹوپلازم) کہتے ہین، یہ شئے بغیر کسی قسم کی ساخت کے ہے، اور اس مین زیادہ تر حصہ کاربن آکسیجن، ہائڈروجن، اور نائٹروجن کا ہے، ہم کو معلوم ہے کہ یہی ہمارے بدنون کے بھی خاص اجزا، ہین، تخم مایہ سے خلیون کا بننا ہمارے تصور مین ایسا ہی ہے، جیسا کہ جوہرون سے سالمون کا بننا، سالمون مین بھی تنوع ہوتا ہے، اور خلیون مین بھی یہی ہے، اب گویا ذی حیات مادہ کا مطالعہ، جہان تک ہماری دوڑ ہے، درحقیقت کیمیاوی طبیعیات کا مطالعہ ہے،

سادہ ترین زندہ عضویون کے مطالعہ سے ایک امر واضح ہوگیا، اون کی حرکت اور اون کا عمل محض خارجی اثرات کا تقاضا ہے، وہ صرف ردعمل کرتے ہین، وہ اپنے ماحول مین کیمیاویات سے متاثر ہوتے ہین، ہوا کے ارتعاشات یعنی اثیر محیط کی موجون کا بھی اُن پر اثر ہے،

بہرحال جو امر ہمارے لئے باعث دلچسپی ہے، وہ یہ ہے، کہ حیات کی ابتدا کی تلاش مین ہم کو اپنی توجہ صرف تخم مایہ تک محدود رکھنی چاہئے، کیونکہ کوئی سنجیدہ متفکر ارتقا، کی واضح صداقتون سے انکار نہ کرے گا،

موجودہ زمانے کے بعض پرجوش متفکر یہ سمجھتے ہین، کہ اس قدر پابند عقائد ہوجانا قرین عقل نہین ہے، کہ آیندہ کے لئے تجربہ خانے مین زندگی پیدا کرنے کو ناممکن قرار دے دیا جائے، اچھا تھوڑی دیر کے لئے یہ فرض کرلو، کہ ہم اس بظاہر محال کو ممکن کر دکھائین، تو اس سے انسان خالق نہ ہوجائے گا، بلکہ صرف خلاق عالم کے طریقون سے واقف ہوجائے گا، فی الوقت انسان مختلف عنصری جوہرون کی معینہ مقدارین یکجا کرتا ہے، اُن کو گرم کرتا ہے، اور پیچیدہ سالمے تیار کرتا ہے،

لیکن ان مین سے کسی کو انسان نے پیدا نہین کیا، تخلیق یا پیدا کرنے کے یہ معنی ہین، کہ عدم سے وجود مین لایا جائے، اگر کیمیا دان یا حیاتیات کا ماہر مصنوعی طور پر نخزمایہ کے تیار کرنے مین کامیاب ہو جائے، تو اوس سے ہمارے مذہبی اعتقادات مین رخنہ پڑنے کی کوئی وجہ نہین،

اٹھارہوان باب

برقیون کے متعلق مزید افکار

یہ ایک عجیب بات ہی، کہ اگرچہ سورج کے داغ سورج کے کرۂ نور مین تاریک سوراخ نظر آتے ہین، تاہم وہ فی الحقیقت اتنے روشن ہین، جیسے کہ کسی چونے والی لالٹین کی روشنی، چونے والی روشنی جب لالٹین سے نکلتی ہے، تو اتنی تیز ہوتی ہے، کہ ہم اس کی طرف آنکھ اوٹھا کر نہین دیکھ سکتے، اور نہ ہم سورج کو براہِ راست دیکھ سکتے ہین، جب تک کہ سیاہ شیشہ درمیان مین نہ ہو، اگر چونے والی روشنی سُورج کے سامنے رکھی جائے، اور دونون کو سیاہ شیشے سے دیکھا جائے، تو چونے والی روشنی سیاہ داغ سا معلوم ہوگی،

سُورج مین داغون کی تعداد وقتاً فوقتاً بدلتی رہتی ہے ہفتون ایک بھی دکھائی نہین دیتا، نیز دوسرے اوقات مین انتہائی تعداد دکھلائی دیتی ہے، انتہائی تعداد کے دکھائی دینے کے درمیان گیارہ برس کا عرصہ ہوتا ہے، مدت سے ہمارے کانون مین یہ بات ڈالی جا رہی ہے، کہ شمسی داغون کے تغیرات ہماری زمین کی مقناطیسی حالت کو متاثر کر دیتے ہین، نیز یہ کہ اُفق پر شفق شمالی و شفق جنوبی کے نام سے جو مظاہر دکھائی دیتے ہین اوہ سُورج کے داغون کے ساتھ ساتھ بدلتے رہتے ہین، بعض تو یہان تک بڑھ گئے ہین، کہ ادھون نے شمسی داغون کے گیارہ برس والے عرصہ اور غلہ کی قیمتون مین علاقہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے، لیکن ہم صرف پہلے دو بیانات

لہ اس سے مراد وہ لالٹین یا لمپ ہی، جسمین چونے کو بہت ہی اعلیٰ تپش تک پہنچا کر روشنی حاصل کی جاتی ہی،

کی بحث پر اکتفا کرین گے،

مشاہدون سے یہ امر پایۂ ثبوت کو پہنچ گیا ہے، کہ جب شمسی داغ بہت زیادہ ہوتے ہین شفقہائے قطبین اور مقناطیسی ہیجانات بھی بہت زیادہ ہوجاتے ہین، اور جب کبھی کوئی غیر معمولی ہیجان یا تغیر سورج پر رونما ہوتا ہے، تو اس سیارہ پر بھی اس کے جواب مین نہایت روشن شفق شمالی ظہور پذیر ہوتی ہو، اور زبردست مقناطیسی طوفان اٹھتے ہین، تلغراف کے کام مین یہ طوفان بہت تکلیف کا باعث ہوتے ہین،

ہمارے لئے فی الحال جو امر جالب توجہ ہے، وہ یہ ہے کہ سورج کے داغون اور زمین کے ان مظاہر کے درمیان کیا علاقہ ہے، جو کچھ غیر مرئی ہے، اوس کو تمثیلاً بیان کرنے کی اجازت دی جائے تو ہم کو ایک مرتبہ پھر مسکین برقیہ احسانمند کرنے کے لئے آگے بڑھتا ہے، سُورج بھی دیگر تابناک اجسام کی طرح اپنے برقیے نکلنے دیتا ہے، سورج کی یہ تحلیل اس قدر عظیم الشان ہے کہ یون سمجھو، کہ برقیون کے دھارے ہین، جو مسلسل خلائے محیط مین خارج ہورہے ہین، اور یہ اس وقت سب سے بڑے ہون گے، جبکہ سورج کے بڑے بڑے داغون کی وجہ سے زبردست تموج پیدا ہون گے، پس یون سمجھو کہ سورج سے برقیون کا ایک زبردست کیتھوڈی دھارا نکل رہا ہے، یاد ہوگا کہ کیتھوڈی شعاعین غیر مرئی ہوتی ہین، لیکن ہم یہ بھی جانتے ہین، کہ جب وہ نام نہاد خلائی نلیون مین بند ملطف ہوا مین سے گذرتی ہین، تو نلی کے اندر نہایت خوشنما تابش پیدا ہوجاتی ہے،

پس ہم کو یہ توقع رکھنا چاہئے کہ سُورج کا زبردست کیتھوڈی دھارا بھی ہمارے کرۂ ہوا کے بالائی طبقون کی ملطف ہوا مین اسی طرح کی تابش پیدا کردیگا، لیکن ہم کو یاد ہے کہ تجربہ خانے مین مقناطیس اس کیتھوڈی دھارے کو منصرف کردیتا ہے، اور چونکہ زمین ایک زبردست مقناطیس ہے، اسلئے ہم کو تعجب نہ ہونا چاہئے، اگر سُورج کی کیتھوڈی شعاعین اس طرح منصرف ہوجائین کہ وہ خط استوا پر کرۂ ہوا مین نہ داخل ہون بلکہ بتدریج قطبین تک چلی جائین، یہی وجہ ہے، کہ قطبین پر اس قدر کثرت سے شفق

کے مظاہر رونما ہوتے ہین، جو مظاہر قطب شمالی پر نمودار ہوتے ہین، اُن کو شفق شمالی سے موسوم کرتے ہین، اور جو قطب جنوبی پر دکھائی دیتے ہین، اُن کو شفق جنوبی کہتے ہین،

ہم دیکھتے ہین کہ ہماری زمین ایک بڑا کرہ ہے، جس پر مسلسل برقیون کی یورش ہوتی رہتی ہے، اور ہم جانتے ہین کہ جس جسم مین برقیے زیادہ جمع ہون، یا بہت زائد ہوجائین، تو اس جسم مین منفی بار ہوتا ہے، بس ہم کو اس معمے کا حل مل گیا جس نے عجب نہین کہ اوائل عمر مین ہم سب کو پریشان کیا ہو، ہم کو اس پر تعجب ہوتا ہے کہ زمین مین منفی برق کیون ہے،

ہمارا کرۂ عظیم یعنی زمین منفی بار سے بھرا ہوا ہے، اس سے ہم کو برقی دباؤ کا بہت عمدہ معیار ہاتھ آتا ہے، جس طرح کہ بلندی اور گہرائی کی پیمایش کیلئے سطح سمندر بہت عمدہ معیار ہے، اسی سبب سے ہم زمین کو برقی دباؤ کا نقطۂ آغاز یعنی صفر مانتے ہین،

اب زمین کو یون سمجھو، کہ وہ برقیون کا ایک عظیم الشان خزانہ ہے، اگر ایک جسم مین برقیون کی کمی ہو (یعنی اس مین مثبت بار ہو،) زمین سے ملایا جائے تو خزانہ سے جسم مذکور تک برقیون کا ایک سلسلہ قائم ہوجائیگا، تا آنکہ اس کے جوہرون کے اندر برقیون اور اون کے مثبت برق والے محیط کردن مین کامل توازن قائم ہوجائے، برخلاف اسکے اگر کسی جسم مین برقیون کی زیادتی ہو (یعنی اس مین منفی بار ہو) اور وہ زمین سے ملایا جائے، تو جسم مذکور اپنے زائد برقیے خزانۂ اعظم مین داخل کردیگا، یہان تک کہ اس کے جوہرون کے اندر توازن قائم ہوجائے، پانی کی تمثیل لو، تو اگر سطح سمندر سے کوئی ظرف بلند ہوگا، تو پانی ظرف سے سمندر مین چلا جائیگا، اور اگر ظرف نیچے ہوگا، تو پانی سمندر سے ظرف مین جائے گا،

لیکن تم یہ کہہ سکتے ہو، کہ جب سورج سے زمین تک برقیون کی یورش ہوگی، تو ہمارا کرۂ ہوا برقیون کو اچک لیگا، یہ صحیح ہے، اور اسی سبب سے ہوا، روان دار ہوجائے گی، یا بالفاظ دیگر فضا کی گیسون کے بعض سالمون مین جو برقاً مثبت اور برقاً منفی جوہر ہون گے، اُن مین تفریق ہوجائے گی، ہم اب یہ تصور کرنا چاہتے ہین کہ

رواں والے[١] ہوا کی کیا کیفیت ہوگی، آبی بخار بہت آسانی سے برقا منفی جوہرون پر مکثف ہوجاتا ہے، اس سے بادل بن جائین گے، اور جب یہ بالآخر بارش کی شکل مین برسین گے، تو اپنے ساتھ منفی برقیون کو لیتے آئین گے، اس سے اوپر کی ہوا مین مثبت برق رہ جائیگی، اس طرح کرۂ ہوا کی برقی کیفیتون کی ایک معقول توجیہ ہوجاتی ہے،

ان ہی واقعات کی بنا پر ہم یہ بھی سمجھ سکتے ہین، کہ بعض وقت بادلون مین کس طرح برقیون کی بہت زیادتی ہوجاتی ہے، جس سے ایک بادل سے دوسرے بادل مین یا ایک بادل سے خزانۂ اعظم یعنی زمین مین برق بشکل صاعقہ گذر جاتی ہے،

اکثر غور کرنے والے قارئین کے دماغون مین یہ سوال پیدا ہوا ہوگا کہ زمین مقناطیس کیونکر بن گئی، کسی کو اس مین شبہہ نہین، کہ زمین ایک مقناطیس ہے، مقناطیسی سوئیون پر اس کا اثر بہت نمایان ہے، چونکہ قدرتی مقناطیس یا چنبک پتھر زمین مین پایا جاتا ہے، اس لئے ممکن ہے کہ کوئی شخص اس سے اس نتیجہ پر پہنچے، کہ ان کی موجودگی زمین کو مقناطیس بنا دیتی ہے لیکن ذرا غور کرنے سے معلوم ہوجائے گا کہ یہ انتاج معقول نہین، چنبک پتھر جہان جہان پایا جاتا ہے، ان مقامون کی تعداد محدود ہے، اور پھر کسی بڑی مقدار مین نہین پایا جاتا، جب طالب کو یہ معلوم ہو کہ ریل کی پٹریان اور لوہے کے کٹھرے خاص وضعون مین رکھے جانے پر اکثر زمین کے اثر سے مقناجاتے ہین، تو اوسکو اس امر کے مان لینے مین تامل نہ ہوگا، کہ چنبک پتھر سوائے اسکے نہین کہ لوہے کی بعض کچ دھاتین اسی طرح مقناگئی ہین، پھر بھی سوال باقی رہا کہ زمین مقناطیس کیونکر بنی؟

یہ صحیح ہے، کہ زمین ایک زبردست کرہ ہے جسمین برق بھری ہوئی ہے، اور یہ بھی درست ہے کہ زمین اپنے محور پر تیزی کے ساتھ گردش کر رہی ہے، ہمارے پاس اس امر کی تجرباتی شہادت موجود ہے کہ ایسی حالتون مین کرہ کی سطح پر ایک کمزور مقناطیسی میدان پیدا ہوجائے گا، باینہمہ حساب وشمار سے پتہ چلتا ہے کہ زمین کے مقناطیسی

---

[١] رواں، انگریزی مین اسکو (TON) کہتے ہین، جسکے معنی پھرنے والے کے ہین، جب نوتیہ کے سے محلول مین برق گذاری جاتی ہے تو برقی تحلیل عمل مین آتی ہے جسکی رو سے محلول کے اجزاء ترکیبی ایسے ذرات مین تحلیل ہوجاتے ہین جنہین برقی بار ہوتا ہے، ایسے ذرات کو رواں کہتے ہین

میدان کا سب کچھ ہو یہ نہین ہے، اس سے تو صرف زمین کے مقناطیسی میدان کے عشر عشیر کا پتہ چلتا ہے، اس کا خاص سبب زمین کے قشر کے اندر برقیادی رو ین معلوم ہوتی ہین، اگر ہم سے یہ پوچھا جائے کہ کون سی طبعی حالت زمین کے اندر برقیون مین حرکت پیدا کر دیگی، تو ہمکو فوراً حر برقیات کے سلسلے مین اختلاف تپش کا خیال آتا ہے، اس کے لئے یہ ضروری نہین کہ دو مختلف دھاتون کے جوڑ کو گرم کرین تاکہ برقیون کی رو حاصل ہو، ہمکو معلوم ہے کہ دھات کے ایک ہی ٹکڑے مین اگر اختلاف تپش ہوگا تو اس سے بھی برقیے حرکت مین آسکتے ہین، تفصیلات مین گئے بغیر یہان یہ بیان کیا جا سکتا ہے، کہ ایسے حالات پائے گئے ہین، جن سے زمین کی سطح مین ایک حقیقی حر برقی رو کا پتہ چلتا ہے، ساتھ ہی اس امر کا اقرار واجب ہے کہ اگرچہ زمین کی مقناطیسیت کی توجیہ برقیادی رو سے معقول ترین طریقہ پر ہو جاتی ہے تاہم ہمارے پاس براہ راست اس نظریہ کا کوئی ثبوت نہین،

تقریر بالا کے سلسلے مین ایک امر کی طرف توجہ دلانا ضروری ہے، اگر زمین کی مقناطیسیت سطح زمین کے تپشی تغیرات کی وجہ سے ہے، تو مقناطیسی میدان کو دن بھر مین بدلتا رہنا چاہیئے، یہ امر واقعہ ہے کہ اس قسم کے تغیرات ظہور پذیر ہوتے ہین، چنانچہ صبح کے وقت یہ میدان اقل ہوتا ہے، دوپہر تک اعظم ہو جاتا ہے، شام تک پھر گھٹ جاتا ہے، اور رات بھر مستقل رہتا ہے،

اسمین شک نہین کہ زمین کی سطح مین برقیون کی یہ رو، سورج سے زمین تک آنے والے برقیون کے کسی غیر معمولی دھارے سے بڑی حد تک متاثر ہوگی، یہی سبب ہے، کہ مقناطیسی طوفان اور آفتابی داغون کے تہیج مین یہ علاقہ ہے،

عظیم الشان سحابیون[ا] سے جو بعض لاسلکی پیامات طیف نما کے ذریعہ سے وصول ہوئی ہین، اُن کی تعبیر بعض اہل فن نے یہ کی ہے کہ یہ سحابیون کے سرد اجسام ہونکی دلیل ہے، یہ پیام کچھ سمجھ مین نہین آیا، ایک سرد جسم کیونکر نور کا مبدا، ہو سکتا ہے، ؟ ہم دیکھ چکے ہین کہ جب مشہور و معروف خلائی نلیون سے برقیون کے دھارے

[ا] یہ سحابیے اُن سحابیون سے مختلف ہین جن کا ذکر ہم پیشتر کے کسی باب مین کر چکے ہین، انکی ترکیب شہاب ثاقب سے تھی،

گذرتے ہین، تو سرد ملطف ہوا مین تابش پیدا ہو جاتی ہے، چونکہ سورج اور دوسرے تارے خلا محیط مین چارون طرف برقیون کے دھارون کے دھارے خارج کر رہے ہین، توان مین سے بعض گیسی سحابیون پر جا پڑین گے، یہان پر ہمہ گیر برقیے نے ہمین ایک مشکل سے نجات دلائی،

اس باب کو ختم کرنے سے پہلے مجھے یہ خیال ہوتا ہے کہ شاید بعض قارئین کے ذہن مین زمین پر برقیون کی مسلسل یورش کے سلسلے مین کوئی اشکال پیدا ہو یعنی زمین کا منفی برقاؤ برابر بڑھتا رہے گا، یہ دیکھنا کہ ایسا نہین ہوتا باعث دلچسپی ہوگا،

ہم جانتے ہین کہ برقیے زمین کی طرح کے کسی منفی برق والے جسم سے خارج ہو کر سورج کی طرح کے مثبت برق والے جسم مین چلے جاتے ہین، اب تک جو کچھ ہم کہتے آئے ہین، یہ اسکے برخلاف ہے لیکن پھر برقیے دونون طرف سے کیونکر خارج ہو سکتے ہین، صرف دو مختلف قوتون کی وجہ سے زمین سے سورج تک برقیے بسبب برقی دباؤ کے جاتے ہین، ان دونون جسمون کے درمیان برقی دباؤ کا اختلاف کوئی دس کھرب (= ابیّن) وولٹ[1] ہے لیکن جو برقیے سورج سے زمین تک آتے ہین، وہ برقی دباؤ کی وجہ سے حرکت نہین کرتے، ان کی روانگی، جیسا کہ ہم کسی پیشتر کے باب مین بیان کر چکے ہین، نور کے میکانکی دباؤ کے تحت عمل مین آتی ہی، اس طریقہ پر توازن قائم رہتا ہی، اور برقیون کا ایک تسلسل جاری رہتا ہی، یہ گویا تمام شمسی نظام مین برقیون کا مد و رقص ہوا،

---

[1] یہ برقی دباؤ کی اکائی جس کا نام برقی خانہ کے موجد اول (Volta) نامی ایک اطالوی سائنس دان کے نام پر رکھا گیا ہے، (مترجم)

انیسوان باب

شعاعین کیا ہین

ہم اثیری موجون کے مفہوم سے واقف ہو چکے ہین، ان مین سے بعض ہماری بصارت کو متاثر کرتی ہین بعض ہمارے جسمون کو گرم کرتی ہین بعض لاسلکی کی تنا سنہ کو متاثر کرتی ہین اور بعض وہ جو ہماری بصارت پر اثر نہین کرتین، معمولی عکاسی کی تختی پر کیمیا دی ادویہ کو متاثر کرتی ہین، یہ سب کی سب اثیر مین برقاطیسی موجین ہین، کیا لاشعاعین بھی اس قبیل سے سمجھی جائین، ؟ اگر ایسا ہی ہے، تو ان شعاعون کا انعکاس، انعطاف اور ان کی تقطیب ممکن ہونی چاہئے، جیسا کہ اس سے پیشتر جتنی اثیری موجون کا ذکر گذرا سب مین یہ عمل جاری ہو سکتا ہے، کچھ عرصہ تک تو یہی خیال کیا جاتا رہا، کہ لاشعاعین منعکس تک نہین ہو سکتین، لیکن اصلی مشکل یہ ہے کہ کوئی ماہر مناظریات کسی سطح کو پالش کر کے اتنا ملیس نہین کر سکتا کہ ایسے قصیر طول کی موجون کو منعکس کر سکے، باینہمہ بعض ایسی سطحین قدرتی ہوتی ہین، جیسے کہ قلمون کے اندر پائی جاتی ہین، یہ سطحین اتنی ملیس ہوتی ہین، کہ لاشعاعون کو منعکس کر دیتی ہین، اب ثابت ہو گیا ہی کہ یہ شعاعین ذری ہین،

سہولت اس مین ہوگی، کہ ہم لاشعاعون کے پیدا کرنے کے طریقے پر غور کرین، اور یہ امر بھی کہ ان کا انکشاف کیونکر ہوا، دلچسپی کا باعث ہوگا، اس کہنے کی ضرورت نہین کہ اُن کی ایجاد کے معنی اس سے زیادہ نہین،

جتنا کہ برق کی ایجاد کے ہین، خلائی نلیون سے لاشعاعین برابر نکلتی رہتی تھین اور بیس برس تک نکلتی رہین، اسکے بعد انسان کو اون کے وجود کا علم ہوا،

۱۸۹۵ء مین پروفیسر رُنت گن[1]" دیگر بڑے طبیعیات دانون کی طرح خلائی نلیون سے تجربہ مین مصروف تھے، اُن کا منشا لے نارڈ کے تجربون کی تکمیل تھی، لے نارڈ خلائی نلیون سے باہر کیتھوڈی شعاعون کی شناخت مین کامیاب ہوچکا تھا، جامعہ ورزبرگ (بے ویریا واقع جرمنی) کے طبیعی تجربہ خانہ مین پروفیسر رُنت گن" کو جدید سامان کی کمی نہ تھی، اور اون کے پاس نلیون مین اعلیٰ درجہ کا خلا پیدا کرنے کے بھی ذرائع تھے، ایسی نلیان اکثر کروکس کی نلیان کہلاتی ہین،

پروفیسر رُنت گن" نے ایک خلائی نلی کو سیاہ مقوی کی ایک ڈھال مین بند کر دیا تھا، اس کی وجہ سے نلی کے متنزہر شیشے سے کوئی روشنی بچ کر نہ نکل سکتی تھی، لینارڈ نے عارضی طور پر متزہر پردہ استعمال کیا تھا جس سے نکلنے والی کھتیوڈی شعاعون کا پتہ لگایا تھا، رُنت گن" کے پاس بھی اس موقع پر ایسا ہی پردہ تھا، یہ پردے[2]

---

[1] (Prof Conrad William Rontgen) مشہور جرمن پروفیسر لاشعاعون کے علاوہ دیگر تحقیقات بھی کین، جس سے مشکل کیمیاوی مسائل کے حل مین بہت مدد ملی (مترجم)

[2] بعض اشیا مین ایسی خاصیت ہوتی ہے، کہ اون کو منور کرنے والی قوت جب ہٹائی جاتی ہے، تو وہ بھی روشنی خارج کرتی رہتی ہین، ایسی اشیا متزہر اشیا کہلاتی ہین، سلفائیڈ آف زنک (جست کا سلفائیڈ) جو نورانی رنگون مین استعمال کیا جاتا ہے، ایک متزہر شے ہے، اور بعض اشیا ایسی ہوتی ہین، کہ جب تک نورانیت پیدا کرنے والی قوت رہتی ہے، یہ بھی روشنی دیتی ہے، ایسی اشیا، عارضی متزہر کہلاتی ہین۔ بیریم پلاٹینوسائنائیڈ عارضی متزہر شے ہے، اس کے بر قیے غیر مرئی، قصیر بالا بنفشئی شعاعون سے متاثر ہوتے ہین، اور نیز لاشعاعون سے، باریک کیمیاوی قلمون مین تزہر اس وقت تک ہوتا رہتا ہے، جب تک کہ غیر مرئی شعا عین اُن پر پڑتی رہتی ہین،

(مترجم)

بالاانفشئ روشنی کے سلسلے مین مدت سے زیر استعمال تھے،

جب پروفیسر رُنٹ گن نے پوشیدہ نلی مین برقی اخراج گذارا تو اونھون نے دیکھا کہ اونکا عارضی متز ہر پردہ جو میز پر پڑا تھا، نورانی ہوگیا، یہ ظاہر تھا کہ یہ نورانیت بالاانفشئ موجون کی پیدا کردہ نہ تھی، کیونکہ جو سیاہ ڈھال نلی کو گھیرے ہوئے تھے، وہ بالاانفشئ روشنی کیلئے بالکل ناقابل گذر تھی، قوسی لمپ مین اگرچہ درا انفشئ شعاعین بہت ہوتی ہین، تاہم ایسی ڈھال اس کی شعاعون کو بھی روک دیتی ہے، جب رُنٹ گن سے یہ پوچھا گیا کہ اس مشاہدہ کی بابت اونکا کیا خیال ہے، تو جواب یہ تھا "مین نے خیال نہین کیا، مین نے تحقیق کی"

رُنٹ گن نے دریافت کیا تو ان نئی شعاعون مین نفوذ کی عجیب طاقت پائی بہت سی چیزین مثل لکڑی اور چمڑے کے جو معمولی روشنی کے لئے غیر شفاف ہین، ان نئی شعاعون کے لئے معقول حد تک شفاف نکلین کسی جسم کی کثافت جتنی زیادہ ہوتی ہے، اُتنا ہی وہ جسم شعاعون کے گذرنے مین مزاحمت پیدا کرتا ہے، عوام الناس کی توجہ کو جس چیز نے اپنی طرف مبذول کرلیا، وہ یہ امر تھا کہ عارضی متز ہر پردے پر زندہ کالبد دیکھا جا سکتا ہے، جب پروفیسر رنٹ گن کو یہ معلوم ہوا کہ لکڑی کے ڈبہ مین رکھے ہوئے دھاتی باٹ دکھائی دینے لگے، تو اُن کے لئے یہ سوال بالکل قدرتی تھا، کہ خود مشاہد کا ہاتھ کیونکر نظر آتا ہے، بشرطیکہ اونھون نے پردے کے پیچھے چیزین رکھتے وقت اپنی انگلیون کی ہڈیان نہ دیکھی ہون،

اس مقام پر مناسب ہوگا کہ لاشعاعون کے پیدا کرنے اور عارضی متز ہر پردے کے استعمال کا طریقہ بیان کیا جائے، اگرچہ ممکن ہے کہ ہم مین سے اکثر کے لئے اب یہ معمولی بات ہوگئی ہو، کسی اکومولیٹر[1] یعنی ذخیرہ خانے سے برقی رو ایک امالی لچھے مین گذاری جاتی ہے، ممکن ہے کہ بعض اس امالی لچھے کو شرارہ انگیز لچھے کے نام سے بآسانی سمجھ سکین، ایک خاص خلائی نلی لچھے کے سرون سے ملا دی جاتی ہے تاکہ نلی

[1] اکومولیٹر یا ذخیرہ خانے سے مراد وہ برقی خانے ہین، جو بالعموم موٹرون مین روشنی وغیرہ کیلئے استعمال کرتے ہین اور جو عرف عام مین بیٹریان کہلاتی ہین، (مترجم)

کے اندر دو برقیون کے درمیان اخراج واقع ہو۔ شکل متعلقہ مین کیتھوڈ کٹوری نما ہے تاکہ کیتھوڈی شعاعین ایک دھاتی ہدف پر جو نلی کے وسط مین ہے، مرکوز کی جا سکین، یہ کوئی ضرور نہین، کہ یہ ہدف نلی کا دوسرا برقیرہ ہو، لیکن یہان ہم کو اس سے بحث نہین، ہم یہ دیکھنا چاہتے ہین، کہ وہ کیا چیز ہے، جو لا شعاعون کو پیدا کرتی ہے،

جب برقی رو نلی مین سے گذاری جاتی ہے، تو برقیون کا دھارا دھاتی ہدف پر جا کر پڑتا ہے، یہ گویا ایکدم ایثر مین چھینٹین پیدا کرتا ہے، ان کو اول اول ایثری موج سمجھا گیا بعض لوگون نے خیال کیا کہ وہ زیر سُرخ موجون سے طویل تر ہین، اور بعض یہ سمجھے کہ وہ بالا نفنشی موجون سے قصیر ہین، اس کے بعد کچھ عرصے تک موجون کے ایک باقاعدہ سلسلہ کا خیال ترک کر دیا گیا، لیکن اب ہمارے پاس اس امر کا قطعی ثبوت موجود ہے کہ لا شعاعین فی الواقع نہایت قصیر طول کی ایثری موجین ہین،

نلی کے اندر چھوٹا سا ہدف زاویہ بناتا ہوا رکھا جاتا ہے، تاکہ جب برقیون کی یورش ہو تو ایثری نبضات یا لا شعاعین نلی کے پہلو مین منصرف ہو جائین، جیسا کہ شکل مین دکھلایا گیا ہے،

(اس شکل مین لا شعاعین پیدا کرنیکی ایک سادہ سی نلی دکھلائی گئی ہے، برقیون کا دھارا یا منفی رو کیتھوڈ (-) سے اینوڈ (+) تک جاتی ہے، ہم یہ تصوّر کرتے ہین کہ برقیے کیتھوڈ سے نہایت زور سے خارج ہوتے ہین، اور چونکہ کیتھوڈ کی شکل مقعر ہے، اس لئے دھارا ہدف پر مجتمع ہو جائے گا، ہدف کو مائل دکھلایا گیا ہے، جب

بدف دھارے کو دفعتہً روک دیتا ہے، تو اثیر مین نبضات پیدا ہو جاتے ہین، جیسا کہ شکستہ خطوط سے دکھلایا گیا ہی
اسی اثیری تموج کو ہم لاشعاعین کہتے ہین، جن کے خواص کا متن مین ذکر گیا ہے)

عارضی متزہر پردہ مین ایک جانب باریک بیریم پلیٹینو سائنائڈ کی قلمین ہوتی ہین، اور اوسکی پشت پر سیاہ کپڑے کا استر ہوتا ہے، پردہ کی پشت نلی کی طرف رکھی جاتی ہے تاکہ لاشعاعین استر پر پڑین، یہ استر ان شعاعون کے راستہ مین عملاً کوئی رکاوٹ نہین پیدا کرتا، شعاعین پردہ مین نفوذ کرتی کیمیادی سطح تک پہنچتی ہین، اور اس کو متزہر کر دیتی ہین، اگر پردہ کی پشت پر ہاتھ چپٹا رکھ دیا جائے، تو شعاعین ہڈی کے مقابلے مین گوشت مین سے بآسانی گذر جاتی ہین، اس لئے پردہ پر ہڈیان اچھی طرح سے نظر آتی ہین، اپنے مقصد زیر نظر کے لئے اس کی ضرورت نہین کہ ہم لاشعاعون کی طبی خدمت کا ذکر کرین،

بہتر کن کو زیادہ عرصہ نہین لگا کہ انھون نے عکاسی کی تختی پر ان شعاعون کا اثر آزمایا، اور پھر دنیا بھر مین اسی نئی عکاسی کا چرچا ہونے لگا۔ زندہ کالبد کی تصویر معمولی عکاسی کی تختی پر لینا، اور وہ بھی تاریکی مین بغیر تختی کا غلاف کھولے ایک ایسا واقعہ تھا، جس کا جتنا چرچا ہوتا کم تھا، صفحہ نمبر کے مقابل جو مرقع دیا گیا ہے، اس مین ہم دیکھتے ہین کہ ایک معمولی مینا کار تصویر ہے، اور ساتھ ہی اوس کے لاشعاعون کے ذریعہ سے حاصل کردہ تصویر ہے، اس سے ظاہر ہوتا ہے، کہ لاشعاعین مینا کار کے بعض حصون سے دوسرون کے مقابلے مین زیادہ آسانی سے نفوذ کر گئی ہین،

فی الحال ہم کو جس چیز سے بحث ہے، وہ لاشعاعون کے متعلق علمی افکار ہین، علمائے سائنس کیتھوڈی شعاعون یا برقیون کے دھارون سے، اور لینارڈی شعاعون سے واقف ہو چکے تھے، جو درحقیقت ایسی کیتھوڈی شعاعین ہین جو کہ المونیم کی کھڑکی مین سے نکل رہی ہون کسی پیشتر کے باب مین ہم دیکھ چکے ہین، کہ عالم سائنس کیلئے لینارڈ کا تجربہ کسقدر اہمیت رکھتا ہے لیکن کسی عامی کے لئے اسمین کوئی اہمیت نہین، اس کے نزدیک تو لاشعاعون کا انکشاف بھی ایک لایعنی سی بات ہوتی، اگر ان مین زندہ کالبد کو دکھانے اور اوسکی تصویر کھینچ دینے کی حیرت انگیزی اور دلآویزی نہ ہوتی

ہم مین سے اکثرون کو یاد ہوگا کہ جب رنت گنی انکشاف کا اعلان ہوا تھا، تو کس قدر اس کا چرچا ہوا تھا، اور کس قدر مبالغہ آمیز خیالات بعض لوگون نے قائم کئے تھے، بعض لوگ اس سے نا واقف تھے، کہ لاشعاعون سے کیونکر تصویر لیجاتی ہے، اسلئے اونکا تصور لاشعاعون سے تصویر لینے کے متعلق یہ تھا کہ وہ اپنا کیمرا لیکر کسی کمرے کے باہر کھڑا ہوگیا، اور وہین سے دیوار پار اندر بیٹھے ہوئے لوگون کے زندہ کالبدون کی تصویر اوتارلی جامعۂ گلاسگو (اسکاٹستان کا بڑا شہر) کے ایک طالبعلم نے ایک مرتبہ ایک دلچسپ مرقع کھینچا تھا، جسمین دکھلایا تھا کہ لاشعاعون سے ایک کمرہ کے اندر کی تصویر آگئی، جسمین چار متعلمونکے کالبد دکھائی دیے جو میز کے گرد بیٹھے تاش کھیل رہے ہین، اور بہت سے جام اور صراحیان اُن کے پاس رکھی ہین،

بیسوان باب

ریڈیم کا انکشاف کیونکر ہوا،

ریڈیم کا انکشاف کل کی بات معلوم ہوتی ہے، کیونکہ ہم کو اچھی طرح یاد ہے کہ میڈم کیوری زوجہ پروفیسر کیوری[1] آنجہانی ساکن پیرس نے اس عنصر کو روشناس کرایا، جو لاکھون برس سے دنیا مین کنز مخفی تھا، اگرچہ یہ زبردست انکشاف ۱۸۹۸ء مین ہوا تاہم عوام الناس کی دلچسپی اس سے کچھ برس بعد شروع ہوئی، یہ افواہین گشت لگانے لگین، کہ یہ عنصر اس کارآباد دنیا مین انقلاب عظیم برپا کردیگا، توانائی حاصل کرنے کے جتنے طریقے تھے، سب اوس کے سامنے ہیچ ہو جائین گے، لاعلاج امراض مین شفا حاصل ہو جائے گی، اور طبعیات کی بنیادین ہی ڈھ جائین گی، عام دلچسپی پیدا کرنے کے لئے اس سے بڑھ کر اور کیا چاہئے تھا، لیکن یہ اچھی طرح سے سمجھ لینا چاہئے کہ دنیاے سائنس ان پیشنگوئیون مین شریک نہ تھی، فی الحقیقت علماے سائنس ریڈیم کے انکشاف کے قبل ہی سے تابکار اشیاء سے واقف تھے، اگرچہ اس کے بیشتر اس قدر فعال نہ تھے، اُس وقت اس مسئلہ کو سر اولیور لاج نے نہایت عمدہ پیرایہ مین یون بیان کیا تھا۔ "محض کوئی واقعہ کوئی حقیقت نہین رکھتا، یا کم حقیقت ہوتا ہے جب تک کہ وہ نظریہ مین ملبوس نہ نظر آئے بعض اوقات ایک واقعہ موجود ہوجاتا ہے اسلئے کہ اس کا

---

[1] (Prof: Pierre Curie) (۱۸۵۹ء-۱۹۰۶ء) مشہور فرانسیسی کتشف، ان کی بیگم صاحبہ پولینڈ کی رہنے والی ہین، ریڈیم کے انکشاف مین دونون شریک تھے (مترجم)

لاشعاعوں سے ایک فوٹو،

لباس موجود ہوتا ہے، بعض اوقات واقعہ کے پیدا ہونے سے پہلے اس کا علم موجود رہتا ہے، ریڈیم کی یہی دوسری صورت ہے، ریڈیم کے متعلق کسی واقعہ کو ضرورت نہین کہ نظری ملبوس کے فقدان کے خوف سے سردمہری کا شکار ہے؛ علماے سائنس کو محض اتفاق ہی سے انکشاف نہین ہو جاتے، بلکہ ہر انکشاف تک پہنچنے والا ایک سلسلۂ خیالات ہوتا ہے، اب دیکھنا یہ ہے کہ ریڈیم کے کھود نکالنے مین کن واقعات نے مدد دی، کسی کو یہ خیال بھی نہ ہوگا کہ خلائی نلیون مین سر ولیم کروکس نے جن کنیھوڈی شعاعون کا انکشاف کیا تھا، اُن مین اور ریڈیم مین کوئی تعلق بھی ہوگا، لیکن واقعہ یہ ہے کہ تعلق براہ راست ہی، پھر یون ہی سلسلہ چلے تو ہم کروکس کے انکشاف کا شجرہ قدیم زمانے مین کہربا تک لیجا سکتے ہین،

ہم دیکھ چکے ہین کہ کروکس کے تجربات نے رنت گن کی لاشعاعون کے انکشاف مین رہبری کی، اس امر نے کہ یہ غیر مرئی شعاعین، عکاسی کی تختی کو متأثر کر دیتی ہین، دوسرون کو اس پر آمادہ کیا کہ یہ دیکھین کہ متزہر اشیا اسی قسم کے غیر مرئی اشعاعات تو نہین خارج کرتین، لیکن متزہر اشیا، اور اشعاعون مین کیا تعلق ہے؟ اشعاعین جس نلی مین پیدا ہوتی ہین، ان کے شیشے کو متزہر کر دیتی ہین، اور اکثر جواہرات اور کیمیاوی قلمون مین بھی تزہر پیدا کر دیتی ہین،

ہم سب کو متزہر اشیا کا کچھ نہ کچھ علم ہے، ہم جانتے ہین کہ روشن پینٹ جسمین کیلشیم سلفائڈ یا زنک سلفائڈ ہوتا ہے، اگر پہلے سے سورج کی روشنی مین رکھے جائین، تو اندھیرے مین چمکنے لگتے ہین، ان روشن پینٹون کا عملی استعمال یہ ہے، کہ دیا سلائی کی ڈبیون مین لگا دئے جاتے ہین تاکہ اندھیرے مین چمک کر اپنا مقام بتلا دین، ہم مین سے بعض کو یاد ہوگا کہ بچپنے مین اونھون نے روغن فاسفورس کے چند قطرے اپنے ہاتھ پر ملے ہون گے، تاکہ حقیقی زندہ بھوت کی نقل اُتار سکین،

ایک روسی سائنس دان کے دماغ مین یہ خیال آیا، کہ جس طرح رنت گنی لاشعاعین ایلومنیم کی پتلی تختی مین سے عکاسی کی لوح کو متاثر کر دیتی ہین، آیا اسی طرح متزہر کیلشیم سلفائڈ بھی عمل کر سکتا ہے یا

نہین، اگرچہ دھاتین بالعموم لاشعاعون کے لئے غیر شفاف ہین تاہم ایلومینیم کی ایک پتلی تختی اس کے لئے عملاً شفاف ہے، اس تجربہ کرنے والے نے جس کا نام نائی دن گلادسکی ہے ہم کو تعجب سا معلوم ہوتا ہے، ذیل کا سادہ سا تجربہ انجام دیا، اوس نے عکاسی کی ایک تختی ایلومینیم کی ایک تختی سے ڈھک دی، اور اس پر اوس نے تھوڑی سی متزہر شے شیشے کے ایک مربع مین رکھدی، اوس نے ایک دن اس سامان کو تاریکی مین چھوڑ دیا، اور ایک رات جب اوس نے تختی کو آشکارا[۱] کیا تو اوسے معلوم ہوا، کہ شیشے سے جس چھوٹے سے مربع پر متزہر شے رکھی تھی، اس پر تصویر بن گئی ہے، بس اس سے ناقابل انکار ثبوت اس امر کا حاصل ہوا کہ غیر مرئی شعاعین ایلومینیم کی پتلی تختی مین سے نفوذ کر گئی ہین، زیادہ باریک بینی سے کام لیا گیا تو معلوم ہوا کہ یہ شعاعین لاشعاعین نہین ہین، کیونکہ شیشہ کی تختی نے اُنھین منعطف کر دیا تھا جیسا کہ کنارون پر واضح تھا، یہ شعاعین روشنی کی بہت نفوذ کرنے والی شعاعون پر مشتمل ہین، عام قاری کے لئے ان کی دلچسپی اسی قدر ہے، کہ یہ رنت گن کے انکشاف اور بیگم کیوری کے انکشاف ریڈیم کے درمیان ایک زینہ ہین،

پیرس کے پروفیسر بکرل (ولادت ۱۸۵۲ء) کو بھی لاشعاعون اور تزہر کے درمیان علاقہ کے امکان کا خیال پیدا ہوا تھا، اسکو جو متزہر شے مل سکی، اوس کا اثر عکاسی کی تختی پر اوس نے دیکھا، ان تجربون کے دوران مین اوسکو معلوم ہوا کہ یورینیم کے بعض نمک لوح عکاسی کو متاثر کرنے والے اشعاعات کے خارج کرنے مین بہت فعال ہین، عجیب بات یہ تھی، کہ خود یورینیم کے نمک مشکل سے متزہر کیے جا سکتے تھے جبکہ چمکدار ہینیٹ روشنی مین رہنے کے بعد گھنٹون تک چمکتے ہین، یورینیم کے یہ نمک روشنی ہٹا لینے کے بعد ایک ثانیہ بھی مشکل سے متزہر رہتے ہین، عامی شخص ہوتا، تو ان نمکون کو بغیر موقع دیے نظر انداز کر دیتا، لیکن بکرل

[۱] فوٹوگرافی مین تختی پر عکس آجانے کے بعد اسکو مختلف محلولون سے دھوکر تیار کرنے کے عمل کو آشکارا کرنا (DEVELOP) کرنا کہتے ہین، (مترجم)

نے چاہا کہ اُن کو بھی موقع ملے، اس لئے اوس نے یہ ترکیب کی کہ جب تک تک سُورج کی روشنی کے زیر اثر رہے، اُن کو لوح عکاسی پر عمل کرنے کا موقع دیا جائے، اوس نے روشنی بند ڈبے مین لوحِ عکاسی کو اوس نے آشکارا کیا تو اوسے معلوم ہوا کہ غیر مرئی شعاعین لوح تک پہنچ گئی ہین، اور یورینیم کے قلمون کی تصویر بن گئی ہو،

بکرل نے ایک دوسرا تجربہ بھی ترتیب دیا، اور اس مرتبہ اوس نے دھات کی ایک صلیب یورنیم کے نمک اور تاریک ڈبے کے درمیان رکھدی، اوس نے یہ قصد کیا کہ حسب سابق اس کو بھی کئی گھنٹے روشنی مین رکھے لیکن بدقسمتی سے دھوپ اسی وقت جاتی رہی جس وقت کہ اوس کی ضرورت سب سے زیادہ تھی، مگر بدقسمتی کے لباس مین یہ خوش قسمتی ہی ثابت ہوئی، کیونکہ بکرل نے اس تجربے کو یونہین چھوڑ دیا اور ارادہ یہ کیا کہ جب دھوپ خوب نکلی ہو، تو پورے طور پر متاثر ہونے دے لیکن بغیر اس طرح دھوپ مین رکھے، اس نے کسی نہ کسی سبب سے لوح کو آشکارا کیا، اور جب اوسکو یہ معلوم ہوا کہ لوح پر صلیب کی تصویر بن گئی ہے، تو ہم اندازہ کر سکتے ہین کہ اس کو کس قدر تعجب ہوا ہوگا جتنی قلیل مدت کے لئے یورنیم کو دھوپ کے زیر اثر رکھا، اس مدت مین ایسا ہونا ممکن نہ تھا، تو کیا یورنیم کے نمکون پر سُورج کے اثر کئے بغیر کوئی عمل جاری رہا؟ اس کا ثبوت تجربہ کو بغیر دھوپ کی مدد کے دہرانے سے آسانی مل سکتا تھا، پس اوس نے ایسا ہی کیا، لیکن تاریکی مین بھی وہی نتیجہ برآمد ہوا لہذا معلوم ہوا کہ یہ غیر مرئی شعاعین شے کے عمل تزہر کی وجہ سے نہ تھین، فی الحقیقت اس مین شک نہ رہا کہ یہ غیر مرئی یورنیمی شعاعین بالکل نئی شعاعین ہین،

میرے خیال مین نامناسب نہ ہوگا اگر بالکل اسی طرح کا ایک دوسرا واقعہ بیان کرون، یعنی ڈے گورٹے[1] کے عملی عکاسی کا انکشاف، پالش شدہ چاندی کی ایک تختی کی سطح کو ایوڈین کے

---

[1] LOUIS J. M. DAGUERRE (۱۷۸۹ء ۔ ۱۸۵۱ء) فرانسیسی آرٹسٹ،

بخار کی زد مین رکھ کر ڈگورے نے تختی تیار کی، اور پھر اوسے کیمرا مین رکھدیا اور ارادہ یہ کیا، کہ دھوپ مین کئی گھنٹہ رکھے گا، تاکہ ایک تصویر بن جائے، جب ہر چیز تیار ہوگئی، تو سورج نے منہ چھپا لیا، چارناچار ڈگورے نے اپنی پالش شدہ چاندی کی تختی اپنی کیمیاوی الماری مین رکھدی تاکہ جب سورج جلوہ افروز ہو، تو تجربہ انجام دے، جب دوسرے روز صبح کے وقت الماری سے ڈگورے تختی نکالنے گیا، تو اس کے تعجب کی انتہا نہ رہی، جب اوس نے دیکھا کہ اوس پر ایک کامل تصویر کھینچ گئی ہے، صاف ظاہر تھا، کہ تھوڑی سی دیر زد مین رکھنے سے تختی پر ایک خفیہ تصویر اُترآئی، اور الماری مین رکھی ہوئی دواؤن مین سے کسی ایک دوا کے بخار نے اوسے مرئی کردیا، تجربہ سے ڈگورے کو معلوم ہوا، کہ پارے کے بخار نے یہ عمل کیا، اسطرح عمل عکاسی کا انکشاف ہوا، ڈگورے اور بکرل دونون کے انکشاف پیرس مین ہوئے میرے نزدیک نام نہاد اتفاقیہ انکشاف کی یہ دونون ایک ہی جیسی مثالین ہین،

یہ ظاہر تھا کہ یورینیم کے نمکون سے جو بکرلی شعاعین نکلین، وہ خارجی اثرات کے تابع نہ تھین، اس یقین کو حق الیقین کرنے کے لئے بکرل نے ایک محلول سے تاریکی مین یورینیم کے نمک تیار کئے، اور آزمانے پر معلوم ہوا کہ عکاسی کی تختی پر یہ نمک بغیر سورج کی روشنی کے پہنچے عمل کرتے ہین امتداد زمانہ سے معلوم ہوا کہ یورینیم کے نمکون کی یہ فعالیت مسلسل تھی، بکرلی شعاعون کے خارج کرنے سے ان مین کوئی کمی محسوس نہ ہوئی، لیکن کیا یہ اشعاعات اور لاشعاعین ایک ہی ہین،؟

شروع شروع مین تو یہی معلوم ہوتا تھا، کہ بکرلی شعاعین محض لاشعاعین ہین، لیکن بعد مین اگر یہی ثابت بھی ہوجاتا، تو بھی یہ انکشاف عظیم الشان تھا، رنٹ گن نے لاشعاعین مصنوعی طریقہ پر تجربہ خانہ مین پیدا کی تھین۔ یہ شعاعین ایک معلوم مبدء سے نکلی ہوئی برقی توانائی کا نتیجہ تھین، علمی نقطۂ نظر سے کسی ایسی فطری شئے کا معلوم کرلینا جو خارج سے توانائی پہنچائے بغیر مسلسل لاشعاعین خارج کرتی رہے زیادہ دلچسپ تھا،

بکرل نے دریافت کیا کہ یورینیم کی یہ شعاعین جو اوسی کے نام سے موسوم ہین، لا شعاعون کی طرح برقائے ہوئے جسم کے برقی بار کو خالی کر دیتی ہین، یورینیم کی شعاعین بھی ان ہی اشیاء مین سے نفوذ کر جاتی ہین، جنمین سے لاشعاعین گذر جاتی ہین اور دیگر تجربات سے بھی اول اول یہی معلوم ہوتا تھا کہ یورینیم کے نمکون کے یہ اشعاعات محض لاشعاعین ہین، لیکن ہم کو آگے چل کر معلوم ہوگا کہ لاشعاعون کے علاوہ بھی ان نمکون سے کچھ خارج ہوجاتا ہے، باین ہمہ بکرل کے انکشاف کی اہمیت کو نظرانداز نہین کرنا چاہیے یعنی ایک شئے اپنی فطری حالت مین مسلسل غیر مرئی اشعاعات خارج کرتی رہتی ہے،

یہ بالکل ایک قدرتی امر تھا کہ دیگر تجربہ کرنے والے بھی یہ دریافت کرنے کی کوشش کرتے کہ یورینیم کی طرح دیگر اشیاء بھی یہی عمل کرتی ہین یا نہین، واضح رہے کہ یورینیم تمام عناصر مین ثقیل ترین ہے، پروفیسر اور بیگم کیوری نے تحقیق کا ایک اہم راستہ اختیار کیا تاکہ معلوم ہوجائے، کہ یہ تابکاری خود یورینیم کی بدولت ہے، نہ کہ اس مین ملی ہوئی کسی خارجی شئے کی وجہ سے نمک پچ بلنڈ جس سے کہ یورینیم حاصل کیا جاتا ہے، جب اس کے نمونون پر تجربہ کیا، تو میان بیوی دونون کو معلوم ہوا کہ بعض نمونے خود یورینیم کے مقابلہ مین زیادہ تابکار نکلے، اس سے ثابت ہوا کہ پچ بلنڈ کی تابکاری خاصتین فی الحقیقت یورینیم کی مرہون منت نہین، واضح رہے کہ بعد مین یہ ثابت ہوگیا کہ یورینیم کے خالص نمک جب تازہ تیار ہون، تو وہ تابکار نہین ہوتے، اس کے بعد یہ دریافت ہوا کہ یہ نمک امتداد زمانہ سے تابکار ہوجاتے ہین، لیکن ہم کو درجہ بدرجہ منزل طے کرنا چاہیے،

پروفیسر و بیگم کیوری نے ارادہ کرلیا، کہ اس شئے کو نکال کے چھوڑین، جو تابکاری کے مظہر کا باعث ہے، مشہور و معروف کیمیاوی عملون کے ذریعہ انھون نے پچ بلنڈ کے مختلف اجزا تحلیل کر ڈالے، یہان یہ بتلا دینا مناسب ہے کہ دونون تجربہ کرنیوالے اس پر یقین رکھتے تھے، کہ جس شئے کی انھین تلاش ہے، وہ خود یورینیم مین نہین، کیونکہ انھون نے بڑے پیمانے پر پچ بلنڈ کے اس ارادہ پر عمل کرنا شروع کیا،

جس سے یورنیم تجارتی اغراض کے لئے نکالا جاچکا تھا، مثلاً یوہمی شیشہ کا زنگدار مادہ،
آسٹروی حکومت نے اس برادہ کے ٹن کے ٹن ان دونون کے سپرد کر دئے، اور اونھون نے
مضافات پیرس مین اون کے تنقیہ کا کارخانہ قائم کر دیا، ان کا خیال یہ نہ تھا کہ تجارتی پیمانہ پر تابکار عناصر حاصل کرین،
اتنا انھین معلوم ہوگیا تھا، کہ جو کوئی شے بھی اس تابکاری کا باعث ہے، اس کو بہت قلیل مقدار مین ہونا چاہئے،
نہایت عرق ریز کیمیاوی تحلیل کے بعد دونون نے تین مختلف تابکار اشیار حاصل کین، لیکن ان مین سے
ایک عنصر دوسرے کے مقابلے مین زیادہ مقدار مین نکلا، اگر تابکار اشیار کے سلسلہ مین لفظ مقدار کا اطلاق
صحیح گردانا جائے تو پچ بلنڈ کے آٹھ ٹن سے تابکاری ماحصل کی کل کائنات چوٹی کے برابر نکلی، بیگم کیوری نے اس
تابکار ماحصل کا نام ریڈیم تجویز کیا،
یورنیم اور ریڈیم کی تابکاری مین کوئی تناسب ہی نہین، ریڈیم کی نسبت اندازہ ہے، کہ یورنیم سے دس
تا بیس لاکھ گنا زیادہ تابکار ہے، اس بیش از بیش تابکاری کی وجہ سے علمائے سائنس کو موقع مل گیا کہ وہ ان
اشعاعات کی حقیقت دریافت کرین،
ایک امر جس نے پبلک کو اپنی طرف متوجہ کیا یہ تھا کہ ریڈیم کے نمونون کیلئے نہایت زبردست
قیمت طلب کی جاتی ہے لیکن اگر ریڈیم کی تخرج مین جو محنت صرف ہوتی ہے، اس کا اندازہ کرین، تو
یہ کچھ بھی نہین، جب سرکس و ناکس کو یہ معلوم ہوا کہ ریڈیم کی قیمت سونے سے تین ہزار گنا زیادہ ہے، تو اون
کو اس مین دلچسپی پیدا ہوئی، لیکن یہ معلوم کر کے غالباً مایوسی ہوئی ہوگی، کہ ریڈیم کی مقدار پچ بلنڈ مین اتنی بھی
بھی نہین جتنی کہ سمندر کے پانی مین حل شدہ سونے کی مقدار،
ایک دوسرا امر جس نے پبلک مین دلچسپی پیدا کی وہ یہ حقیقت تھی کہ جسم انسانی پر ریڈیم کا زبردست
اثر پڑتا ہے، پروفیسر بکرل کو تکلیف دہ طریقہ پر اس کا انکشاف ہوا جب وہ لندن لکچر دینے آئے، تو اپنی
واسکٹ کی جیب مین تھوڑا سا ریڈیم ایک ڈبیہ مین رکھتے لائے، ہفتہ عشرہ کے بعد انھین معلوم ہوا کہ

اس جیب کے نیچے کا گوشت سُرخی پر آیا ہے، اس کے بعد ایک دردناک زخم ہو گیا جس کو مندمل ہونے مین ہفتون لگے، پروفیسر کیوری نے جب لندن کی انجمن شاہی مین لکچر دیا، تو انہین ریڈیم کو ہاتھ سے رکھنا اٹھانا پڑا، اس کے تھوڑے ہی عرصہ بعد ان کے ہاتھ مجروح ہو گئے، اگر ہم لاشعاعون کے مشہور و معروف عضویاتی اثرات کو مدنظر رکھین، تو یہ کچھ تعجب انگیز نہین باینہمہ ہرکس وناکس پر اس خیال نے قبضہ جما لیا کہ بالآخر تمام بیماریون کے لئے ایک اکسیر حاصل ہو گئی،

موجودہ صدی کے اوائل مین ہر شخص کو ریڈیم سے دلچسپی تھی جب ہم ریڈیم کا ذکر کرتے ہین، تو ہماری مراد ریڈیم کے نمکون سے ہوتی ہے، اگرچہ بیگم کیوری خود دھات کی ایک قلیل مقدار حاصل کرنے مین کامیاب ہو گئی ہین، اس کے جوہر کلورین کے جوہرون سے ملائے جا سکتے ہین، جس سے ریڈیم کلورائڈ بن جاتا ہے، یا برومین کے جوہرون سے ملکر ریڈیم برومائڈ بن جاتا ہے، ریڈیم کے یہ نمک دیکھنے مین بالکل نمک طعام معلوم ہوتے ہین لیکن تاریکی مین وہ ایک ہلکی روشنی دیتے ہین، چھوٹے چھوٹے شرارہ نما جو عینک فروش فروخت کیا کرتے ہین،

ان مین جو نورانی اثرات مترتب ہوتے ہین، ان کا سبب یہ ہے کہ ریڈیم سے اشعاعات نکل کر ایک متزہر پردے پر یورش کرتے ہین، لیکن عینک فروشون کیلئے یہ کیونکر ممکن ہوا کہ ریڈیم ایسی قیمتی چیز کے آلات بنا کر چند روپیون مین فروخت کرین، اجب ہم آلات کی ساخت سمجھ لین گے، تو یہ مشکل بھی حل ہو جائے گی، اس علمی کھلونے کو سر ولیم کروکس نے ایجاد کیا تھا، اس مین چھوٹی سی پیتل کی ایک نلی ہوتی ہے، جس کے ایک سرے پر مکبر عدسہ ہوتا ہے، اور دوسرے سرے پر ایک چھوٹا سا متزہر پردہ، اس پردے کے سامنے اور اسکے قریب ہی تار کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا ہوتا ہے جسکو ریڈیم کے نمکون کے محلول مین ڈبو دیتے ہین، تار مین نمکون کی جو قلیل مقدار لگ جاتی ہے وہی اتنی کافی ہوتی ہو کہ پردے پر زبردست یورش کرو دیں یہ اثر ممکن ہے کہ بعض قارئین نے ادسے دیکھا بھی ہو، ایک منور متلاطم سمندر کی طرح ہوتا ہے، بعض لوگون نے اس کو جگنوون سے بھری ایک دلدل سے تشبیہہ دی ہے، اور بعض نے صاف مطلع پر ستارون کے ٹمٹمانے سے بعض لوگون نے جنھون نے

اس شرارہ نما کو دیکھا ہے، یہ بتلایا ہے کہ انھین پردے کے مرکز پر نور کے چھینٹے اور کنارے پر شرارے نظر آئے ہین،

جب جی چاہے شرارہ نما اوٹھا کر اس مین دیکھو، تم کو یہی مسلسل یورشس نظر آئیگی یہ شرارے گویا زبان حال سے یہ کہتے ہین کہ آدمی آتے ہین، اور آدمی چلے جاتے ہین، لیکن ہم ہمیشہ چلتے ہی رہتے ہین لیکن جیسا کہ آگے چلکر معلوم ہوگا، ان کا یہ "ہمیشہ" کسی قدر شاعرانہ ہی ہے،

پیشتر اس کے کہ ہم ریڈیم کے ان اشعاعات کی تحقیق کرین، اس نو انکشاف عنصر کی ایک خاصیت اور ہے، جو دلچسپی سے خالی نہین،

اگر کمرے مین کوئی چیز ہوائے محیط سے زیادہ تپش رکھتی ہو، تو ہم جانتے ہین کہ جسم کو مصنوعی طریقے پر گرمی پہنچی ہے، اگر ہم اسکو بتدریج سرد ہوتا پائین، تو اس کے یہ معنی ہین، کہ مبدء حرارت دور ہو گیا ہے، لیکن اگر ہم دیکھین کہ وہ اپنے ماحول سے اپنی تپش مستقل طور پر بڑہائے ہوئے ہے، تو اس کے یہ معنی ہین، کہ کسی مبدء حرارت سے اوس کا تعلق ہے، بالفاظ دیگر اس کو توانائی پہنچائی جا رہی ہے۔ ہو سکتا ہے، کہ مبدء حرارت خود شے کے اندر ہو، اور کیمیاوی تغیر کا نتیجہ ہو، خود ہمارے جسم اپنے اندر کے کیمیاوی تغیرات کی وجہ سے گرم رہتے ہین، اور ہم مین سے ہر ایک کو اس کا تجربہ ہوگا، کہ طبعی کیمیاوی سرگرمی کے گھٹنے یا بڑھنے سے تپش مین کیسے تغیرات پیدا ہو جاتے ہین، غیر ذی روح مادے مین یہ تغیرات تپش کسی عارضی کیمیاوی تغیر کا نتیجہ ہوتے ہین، ریڈیم اس کلیہ سے مستثنیٰ معلوم ہوا، وہ اپنے ماحول سے دو درجہ گرم تر ہی رہتا ہو بایتہمہ یہ حرارت اندرونی توانائی کے صرف کا نتیجہ ہے، جیسا کہ مابعد مین اسکی تشریح ہے،

ہم یورنیم کے نمکون کا اثر عکاسی کی تختی پر دیکھ چکے جیسا کہ ہم کو توقع بھی ہونی چاہئے، ریڈیم کے نمک اس معاملہ مین زیادہ تیز ہین، ریڈیم کے اشعاعات کے ذریعہ سے بعض بہت صاف اشعاعی تصویرین لی گئی ہین، جس کا جی چاہے جیبی طیف نما لیکر سوڈیم کے طیف کو دیکھ سکتا ہے، کیونکہ اس کے لئے صرف تھوڑا سا نمک

طعام جلا کر شعلہ کو دیکھنا ہے، ہم سے بہت کم ایسے ہین، جو ریڈیم کے طیف کے دیکھنے کی امید کر سکتے ہین، کیونکہ وہ اس قدر قیمتی ہے، کہ اس طرح بار بار کام مین لانیکی گنجایش نہین، بانیہمہ ریڈیم کا طیف حاصل کیا جا چکا ہی، اور وہ ہر معلوم عنصر کے طیف سے علٰحدہ ہے،

مین نے اس باب کا عنوان "ریڈیم کی پیدایش" تجویز کیا تھا، لیکن اس سے یہ اندیشہ پیدا ہوا کہ سرسری نظر مین کوئی یہ نہ سمجھے، کہ ریڈیم ۱۹۰۲ء مین پیدا ہوا، ابواب مابعد مین ہم کو ریڈیم کی پیدایش کے متعلق مزید معلومات حاصل ہون گے،

اکیسوان باب

ریڈیمی شعاعین کیا ہین

گذشتہ باب مین ہم ریڈیم کے خواص سے واقف ہو چکے ہین لیکن یہ معلوم کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ ریڈیم کی شعاعین فی الحقیقت کیا ہین، ہم دیکھ چکے ہین، کہ ریڈیمی شعاعین بہت کچھ لاشعاعون کے مشابہ ہین لیکن خود ریڈیم کے تیز تر اشعاعات کی وجہ سے ان شعاعون کی نوعیت معلوم کرنا آسان ہوگیا،

اب تک ہم صرف فرانسیسی سائنس دانون کے کارنامے بیان کرتے رہے، اور اس مین شک نہین کہ تابکاری کے اس انکشاف عظیم کا سہرا اُن ہی کے سر ہے لیکن اب ہم اس راز سے پردہ اوٹھاتے ہین، اور ہم کو فخر ہے کہ ہمارے ہم وطنون[1] نے اسمین بہت بڑا حصہ لیا، پروفیسر رُدھر فورڈ[2] اور مانٹریل[3] کے مسٹر ساڈی، اور سر ولیم ریمزی اور پھر لندن کے مسٹر ساڈی تابکاری کی نوعیت کی تحقیق مین پیش از پیش ہین،

شروع ہی مین ردتھرڈ فورڈ نے ایک بہت ہی اہم انکشاف کیا تھا، اونھون نے دریافت کیا تھا کہ بیک وقت تین مختلف قسم کے اشعاعات خارج ہوتے ہین، چنانچہ اونھون نے ان کے نام یونانی حروفِ تہجی کے پہلے تین حرف کے نامون پر رکھ دئے، یعنی، الفا، بٹیا اور گاما، اونھون نے یہ بھی معلوم کیا، کہ

---

[1] مصنف کا وطن انگلستان ہے، [2] Sir Ernest Rutherford ۱۸۷۱ء مین پیدا ہوئے، برٹش ایسوسی ایشن کے صدر ہے ۱۹۲۳ء-۱۹۱۴ء، ۱۹۰۸ء مین کیمیا کیلئے نوبل پرائز حاصل کیا، [3] کینیڈا واقع شمالی امریکہ کا سب سے بڑا شہر ہے

الفا شعاعون مین نفوذ کی طاقت بہت ہی کم ہے اور کاغذ کا ایک ورق بھی انھین روک سکتا ہے، اور بیٹا شعاعین ایلومینیم کی ایک پتلی تختی مین سے گذر سکتی ہین لیکن گاما شعاعون کو روکنے کے لئے فولاد یا سیسے کی ایک معقول حد تک دبیز تختی کی ضرورت ہے، اگر صرف نفوذ ہی کی خاصیت پر نظر رکھین تو ان مین مختلف قسم کی شعاعون کی نوعیت کے متعلق ہم بہت کچھ معلوم کر سکتے ہین،

گاما شعاعون کو پہلے لین تو ہم قیاس کر سکتے ہین کہ اپنی شدید نفوذی طاقت کی وجہ سے یہ لاشعاعین ہون گی، اور پھر اگر ہم یہ یاد رکھین، کہ پروفیسر لینارڈ کے تجربہ مین ایلومینیم کی کھڑکی سے کیتھوڈی یا منفی ذرے نکلتے تھے، تو ہم کہہ سکتے ہین کہ بیٹا شعاعین وہی مشہور معروف برقیے ہین، کیونکہ ایلومینیم کی پتلی تختی مین سے وہ گذر جاتے تھے، اور پھر ایسی دھات کی تختی سے رک جاتے ہین جسمین سے رنت گنی شعاعین نفوذ کر سکتی ہین، اب صرف الفا شعاعین باقی رہ گئین اور ہم قیاس کر سکتے ہین کہ یہ غیر مرئی جواہر مادہ ہون گے، کیونکہ وہ کاغذ کے ورق مین سے بھی نہین گذر پاتین،

اگر ہم اس استاج کو صحیح مان لین تو ہمین اپنے خیالات مین تبدیلی کی کوئی وجہ نظر نہین آتی، دیگر محققین نے اُن کی تصدیق کی ہے، اور اب ان تینون اشعاعات کی نوعیت مین کوئی شبہہ نہین رہا،

اگر گاما شعاعین فی الواقع لاشعاعین ہین، تو جو چیزین لاشعاعون کے لئے شفاف ہین، ان مین سے گذرنے کے بعد اُن کو لوح عکاسی کو متاثر کرنا چاہئے، تجربہ اس کی تصدیق کرتا ہے نیز انکو لاشعاعون کی طرح برقائے ہوئے جسم کو خالی کر دینا چاہئے، اس شرط کو بھی وہ پورا کرتی ہین، اگر گاما شعاعین لاشعاعین ہین، تو اُن کو مقناطیسی میدان کی وجہ سے منصرف نہ ہونا چاہئے، اس جانچ مین بھی وہ پوری اُترتی ہین، پس ہم کو اس امر کا یقین ہو گیا کہ ریڈیم جو گاما شعاعین خارج کرتا ہے، وہ مشہور و معروف رنتگنی شعاعین ہی ہین لیکن لاشعاعون کے متعلق ہمین یہ معلوم ہے کہ وہ برّان برقیون کے دفعتہً رک جانے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہین، نظریہ سے ہم کو یہ معلوم ہوا ہے کہ لاشعاعون کو برقیون کے دفعتہً حرکت مین آنے سے بھی پیدا

ہونا چاہیئے، عملاً ہم کو یہ دشواری پیش آتی ہے، کہ ہم اون کو کافی طور سے اتنی ناگہانی سے نہین پیدا کر سکتے کہ وہ اثیر مین جھینٹین مارے، لیکن اگر بیٹیا شعاعین فی الحقیقت برقیے ہین، اور اگر وہ کافی طور سے ناگہانہ پیدا ہوتے ہین، تو ہم لا شعاعون کی موجودگی کی توجیہ کر سکتے ہین، بیٹیا شعاعون کے متعلق ذیل کے پارے مین ہم دیکھین گے کہ یہ دونون اگر باقی نہین رہے،

ہم دیکھ چکے ہین کہ ایلومنیم کی پتلی تختی مین سے گذرنے مین بیٹیا شعاعین مثل پران برقیون کے عمل کرتی ہین، برقیے منفی برق کے بار ہین، اور کسی پیشتر کے باب مین دیکھ چکے ہین، کہ وہ مقناطیسی میدان سے آسانی منصرف ہو جاتے ہین، (بیٹیا) شعاعین اس آزمایش پر پوری اُترتی ہین، اور نیز وہ منفی بار والے ذرات ثابت ہوئی ہین، اُن کے مقناطیسی انصراف سے اُن کی رفتار کا حساب لگایا گیا ہے، اور معلوم ہوا ہے، کہ اُن مین سے بعض عظیم الشان رفتارون سے روان ہوتی ہین، یعنی کوئی ایک لاکھ میل فی ثانیہ کے حساب سے پس ہم اس کہنے مین حق بجانب ہین، کہ یہ برقیے اس طرح ناگہانی طور پر خارج ہوتے ہین، کہ گاما یا رنتگنی شعاعین پیدا ہو جاتی ہین۔ چونکہ بیٹیا شعاعون کی رفتار خلائی نلی کے اندر برقیون کی رفتار سے بہت زیادہ ہوتی ہے، اس لیئے ہم کو تعجب نہ ہونا چاہیئے، اگر لینارڈی شعاعون کے مقابلے مین بیٹیا شعاعین ایلومینیم کی زیادہ دبازت سے گذر جائین، بی ٹا شعاعون پر دیگر آزمایشین بھی کی گئی ہین، اور اب اس مین کوئی شبہہ نہین رہا کہ یہ وہی برقیے ہین، جن کا ذکر ہم اس سے پیشتر کے بابون مین پڑھ چکے ہین،

اب الفا شعاعون کی نوعیت کے پتہ لگانے کا کیا امکان ہے، ؟ ہم نے یہ قیاس پیش کیا کہ وہ مادے کے جوہر ہین، کیونکہ کاغذ کے ورق سے رُک جاتے ہین، اور خوش قسمتی سے مقناطیسی میدان سے وہ منصرف بھی ہو جاتے ہین، وہ برقیون سے مخالف سمت مین منصرف ہوتے ہین، اور اسی واقعہ سے ہم کو معلوم ہوا کہ اُن مین مخالف برقاؤ ہونا چاہیئے، یعنی بالفاظ دیگر اُن مین مثبت

برق ہونا چاہیئے، اگر ریڈیم کو ہم ایک دھاتی بکس مین بند کر دین جس سے الفا ذرے نکل نہ سکین، تو ہم اون کے مثبت بار کو ثابت کر سکتے ہین، بکس کی اندرونی سطح مثبت برق سے باردار ہو جاتی ہے اور منفی برقیے بکس مین سے نکل جاتے ہین، اور باہر اُن کی شناخت ہو سکتی ہے، جیسا کہ پیشتر تشریح ہو چکی ہے، ان برقیون مین خلائی نلی والے برقیون سے زیادہ نفوذی طاقت ہوتی ہے، آیندہ چلکر جب الفا ذرون کا ہم پھر ذکر کرین گے، تو معلوم ہوگا، کہ فی الحقیقت "ہیلیم" نامی ایک بہت ہلکی گیس کے جوہر ہین،

یہ الفا ذرے بیس ہزار میل فی ثانیہ کی رفتار سے نکلتے ہین، اور مادی ذرون کے لئے اس سے بڑھ کر کوئی رفتار نہین، فی الواقع اس مین اور تیز ترین متحرک جسم مین جسکو ہم تصور کر سکین، کوئی نسبت نہین، لیکن یہ دوڑ بہت ہی قصیر ہوتی ہے، کیونکہ جسکو کرۂ ہوا کہتے ہین، اس کے گیسی آمیزے کے سالمے بہت جلد اونھین اُچک لیتے ہین،

ان ہیلیمی جوہرون کی یہ عظیم الشان رفتار سابق کے باب مین تشریح کردہ شرارہ نما کے اندر کی زبردست یورش کی توجیہ کے لئے بہت کافی ہے، واضح رہے کہ یہ جوہر بدرجۂ غایت قصیر ہوتے ہین، نون کے نقطے کو دیکھو، اور یہ تصور کرو۔ کہ اوس کے قطرے پر جوہرون کی ایک پلٹن کی پلٹن کندھے سے کندھا ملائے کھڑی ہے، اس نقطے کو بھرنے کے لئے کچھ نہین تو پچاس لاکھ ہیلیمی جواہر درکار ہونگے، اس کا تصور بھی ہمارے حیطۂ تخیل سے باہر ہے،

ریڈیم مین جو عجیب وغریب خاصیت اپنے ماحول سے تپش مین مستقل طور سے زیادہ رہنے کی ہے، اس کی توجیہ الفا ذرات عرف ہیلیمی جوہرون سے ہو جاتی ہے، فرض کرو، کہ ریڈیم کے نمکون کا ایک گرام لیا، جو سمجھو کہ ایک چونی پر آ سکتا ہے، اس مقدار سے ایک ثانیہ مین کوئی ایک کھرب سے کم ہیلیمی جوہر نہین نکلتے، اس کا اندازہ لگانا بہت مشکل ہے، لیکن

اس کو یون سمجھو کہ ایک ثانیہ مین جتنے ہیلیمی جوہر نکلتے ہین، اُن کو دنیا کی ساری آبادی پر تقسیم کرین تو ہم مین سے ہر ایک کے حصے مین کوئی پچاس ہزار آئین گے، پہلا منٹ ختم ہوگا، تو دنیا مین ہر شخص کے پاس تیس لاکھ ہیلیمی جوہر پہنچ جائین گے، اور اگر پہلا دن تمام ہوا تو ہر شخص کا سرمایہ جواہر کرور دن تک پہنچے گا، ان ہیلیمی جوہرون کی اس عظیم الشان تعداد کو دیکھو، اور پھر دیکھو، کہ یہ سب کے سب ایک دن کے عرصے مین چار کے ایک چپچہ بھر ریڈیمی نمکون سے نکلتے ہین، اس پر بھی ان مادی جوہرون کا یہ اخراج سال بہ سال صدیون تک برابر جاری رہتا ہے، ان پران جوہرون مین جو توانائی ہوتی ہے، وہ ریڈیم سے خارج شدہ مجموعی توانائی کا تقریباً ننانوے فی صدی ہوتی ہے، ریڈیم کی تپش اُن جوہرون کی مرہون ہے، جو ریڈیم سے ہوا مین نکل جانے کیلئے بیتاب رہتے، اور ریڈیم پر برابر یورش کرتے رہتے ہین،

بیان بالا سے یہ واضح ہوگیا ہوگا، کہ پران برقیے (بٹیا شعاعین) اور رنگنی شعاعین (گاما شعاعین) ریڈیم سے خارج شدہ توانائی کے صرف ایک فی صدی ہی کی تعبیر ہین لیکن یہ دونون اشعاعات ہیلیمی جوہرون (الفا شعاعون) کے مقابلے مین لوح عکاسی کو بہت زیادہ متاثر کرتی ہین، بی ٹا اور گاما شعاعین دونون برقائے ہوئے جسم کو خالی کردین گی، اور متنزہر پردے کو منور کردین گی، لیکن شرارہ نما مین روشنی کے جو شرارے دکھائی دیتے ہین، وہ الفا شعاعون یا ہیلیمی جوہرون کا نتیجہ ہوتے ہین،

شروع شروع مین ممکن ہے کہ اشعاع کی ہر سہ قسم کے متعلق ابہام سا پیدا ہو، اس لئے میرے نزدیک توان کی نوعیت اچھی طرح ذہن نشین کرنے کے لئے ان کو ترتیب ابجد لینا چاہئے یعنی الفا، بی ٹا اور گاما، اور پھر یہ سمجھنا چاہئے کہ ان مین مادیت کم ہوتی جارہی ہے، ہم اس طرح جواہر مادہ سے شروع کرتے ہین، پھر برقیون سے دوچار ہوتے ہین، اور سب سے آخر مین اثیری ہیجانات ملتے ہین

جن کو لاشعاعین کہتے ہین، اس ترکیب سے ریڈیم کے تینون اشعاعات کے مختلف خواص کے یاد رکھنے مین سہولت ہوتی ہے،

مسٹر اور بیگم کیوری کو جلد ہی معلوم ہو گیا کہ تابکاری متعدی چیز ہے، ہر وہ چیز جو ریڈیم کے آس پاس رہے تابکار ہو جاتی ہے اگرچہ مستقلاً نہین، یہ اکتسابی تابکاری اثرات گھنٹون تک رہتے ہین اور بعض صورتون مین دنون تک یہ کیفیت رہتی ہے، یہ بھی مشاہدے مین آیا، کہ جون ہی کہ ریڈیم ہٹا دیا جائے، متاثرہ شے مین اکتسابی خواص کم ہونا شروع ہو جاتے ہین، یہ امر بھی دلچسپی سے خالی نہین کہ خود مشاہد تابکار ہو جاتا ہے، اور اس کا وجود برقائے ہوئے جسمون کو خالی کرنے کے لئے کافی ہوتا ہے، اور اس کے برقی پیمایشی آلات بھی متاثر ہو جاتے ہین، وہ کتنا ہی اس اکتسابی خاصہ سے ہاتھ دھونا چاہے لیکن اس کو کامیابی نہ ہوگی، پروفیسر کیوری کو شکر گذار ہونا پڑا کہ یہ خاصہ مستقل نہین، ورنہ اونھون نے بعد مین نازک برقی پیمایشی آلات سے جو تجربے کئے وہ ناممکن ہو جاتے،

ابتدا مین یہ اکتسابی تابکاری سمجھ مین نہ آسکی، لیکن بعد مین جو تجربے کئے گئے، اُن سے اِس مظہر پر کافی روشنی پڑی، مشاہدے سے معلوم ہوا کہ ریڈیم کے نمک حل کر دئے جائین، یا گرم کئے جائین تو ان کی تابکاری بہت متعدی ہو جاتی ہے، قرب وجوار مین رکھا ہوا ایک جسم تابکار ہو جاتا ہے، خواہ وہ مذکورۂ بالا تینون قسم کی اشعاعات سے بچا کر ہی کیون نہ رکھا گیا ہو،

ایک سادہ سے تجربے نے ثابت کر دیا کہ اکتسابی تابکاری ریڈیم کے اشعاعات کے سبب سے نہین ہے، ریڈیم کے نمکون کا ایک محلول شیشے کے ایک جوفہ مین رکھا گیا، اور تھوڑی سی متزہر شے ایک دوسرے جوفے مین رکھی گئی، شیشے کے دونون جوفے شیشے کی خمیدہ نلی سے ملا دئے گئے تا کہ ریڈیم کے جوفے سے متزہر جوفے مین کوئی شعاع نہ جاسکے، کیونکہ اشعاعات کونون پر خم نہین کھاتے، ملانے والی نلی مین ایک ڈاٹ لگا دی گئی، تا کہ جب تک وہ کھولی نہ جائے، ایک جوفہ سے دوسرے

جوفے مین کوئی چیز گذر ہی نہ سکے، جب یہ سامان تاریکی مین لیجایا گیا، تو کچھ نظر نہ آیا، لیکن جب ڈاٹ کھول دی گئی، تو متزہر شے منور ہو گئی، اس سے ظاہر ہوا، کہ تھوڑی سی تابکار گیس ریڈیم کے نمکون سے دوسرے جوفے مین چلی گئی، رودھرفورڈ نے بیشتر ہی معلوم کر لیا تھا، کہ تھوریم نامی ایک دوسرے تابکار عنصر سے ایک تابکار گیس نکلتی ہے، لیکن وہ گیس یا مستخرج بہت ہی کم عمر ہوتی ہے یعنی چند ہی منٹ مین غائب ہو جاتی ہے، ریڈیم کی صورت مین یہ مستخرج گیس ہفتون تابکار رہتی ہے،

تاریکی مین اسی مستخرج گیس کو متزہر شے کی بہت لمبی نلی مین سے گذرتے دیکھنا بہت دلچسپ ہوتا ہے جب گیس نلی مین سے گذرتی ہے، تو شیشہ منور ہو جاتا ہے، اس طرح ریڈیم کے محلول سے دور کے گیرندہ تک مستخرج کا حقیقی راستہ مشاہدے مین آجاتا ہے، اگر گیرندہ جوفہ جو خود متزہر ہوتا ہے، مائع ہوا[۱] مین رکھ دیا جائے، تو مزید دلچسپی کا باعث ہوتا ہے، یہ بالکل ظاہر ہے، کہ مستخرج گیس جب اس نہایت ہی پست تپش تک پہنچتی ہے، تو مائع بن جاتی ہے، لیکن جس طرح مائع ہوا کو ہم انڈیل لیتے ہین، اس طرح مائع مستخرج کو ہم انڈیل نہین سکتے، فی الحقیقت کوئی مائع نظر ہی نہین آتا، کیونکہ مقدار بہت ہی قلیل ہوتی ہے، باینہمہ ہم جانتے ہین، کہ مستخرج مائع بن جاتا ہے کیونکہ بجائے اس کے کہ جوفے مین گیس بھری ہو ہم دیکھتے ہین کہ گیرندہ جوفے کی بیندی مین تزہر مجتمع ہو جاتا ہے،

وہ یہی مستخرج ہے جو ریڈیم کے قرب وجوار مین رکھے ہوئے جسمون تک اپنا راستہ پیدا کر لیتا ہے اور اون پر طیران پذیر ٹھوس جما دیتا ہے جس سے وہ عارضی طور پر تابکار ہو جاتے ہین، اگر مستخرج گل حکمت شدہ

---

[۱] اس سے مراد وہ ہوا ہے جو تبرید کے عمل سے مائع یا رقیق بنائی گئی ہو اسکی تپش برف کی تپش سے کچھ اوپر ۔ ادرجہ نیچے ہوتی ہے، (مترجم)

نلی مین رکھا جائے، تو چند ہفتون مین اسکی تابکاری زائل ہو جاتی ہے،

ریڈیم کے مستخرج اور اشعاعات کے متعلق ابھی بہت سی دلچسپ باتین باقی ہین، لیکن تفصیل مین طوالت کا اندیشہ ہے، تاہم چند امور ایسے ہین، جو ہم کو اس سوال کے جواب مین مدد دین گے، جو کہ ذیل کے باب کا عنوان ہے، یعنی "کیا دنیا کا شیرازہ بکھر رہا ہے"؛

بائیسوان باب

"کیا دنیا کا شیرازہ بکھر رہا ہے"

جب کوئی بازیگر کسی خالی ٹوپی سے سینکڑون قسم کی چیزین نکالتا چلا جاتا ہے، تو ہم اپنی جگہ پر اچھی طرح سمجھتے ہین کہ یہ سب چیزین عدم سے وجود مین نہین آجاتین، اور ہم یہ پیشینگوئی کرسکتے ہین، کہ خواہ کتنی ہی ہوشیاری سے وہ اپنا کرتب کیون نہ دکھائے، ایک وقت ضرور آئے گا، کہ اس کا گلاسون، ڈبون، پنجرون اور خرگوشون کا خزانہ ختم ہو کے رہے گا، اور یہی حال اس عجوبہ کار ریڈیم کا بھی ہونا چاہیے، جو شخص اس امر پر غور کرے گا، وہ اس نتیجہ پر پہنچتا ہے کہ ایسا نہین ہوسکتا، کہ کوئی شے برابر مادے کے ذرات خارج کرتی رہے، اور اس مین کوئی کمی نہ واقع ہو ایک وقت آئے گا، کہ آج جو ریڈیم ہمارے پاس ہے وہ نہ رہے گا،

ریڈیم کی قیمت کو نگاہ مین رکھو، اور پھر اسکو دیکھو کہ جس کے پاس یہ خزانہ ہو وہ نہایت اطمینان سے اس کو تلف ہونے دے، اور اس کی فعالیت کی تین چوتھائی کو ایک گیس کی شکل مین حاصل کرے، جو صرف چند ہفتہ رہ سکتی ہے، یہ صحیح ہے کہ وہ محلول کی تبخیر کر کے ریڈیم کے نمک پھر حاصل کرسکتا ہے لیکن ان نمکون مین صرف چوتھائی تابکاری باقی رہ گئی ہے، یہ ظاہر ہے، کہ ریڈیم کا مالک اس وقت تک ایسا نہ کریگا، جب تک اسے یہ یقین نہ ہو کہ ریڈیم اتنی ہی جلدی اپنے کھوئے ہوئے خواص حاصل کرسکتا ہے۔

جتنی جلدی کہ اس سے مستخرجہ گیس اپنی فعالیت کھودیتی ہے ،

جب ہمین اس کا یقین ہے کہ جو ریڈیم آج ہمارے پاس ہے، وہ چند ہزار برس کے بعد ریڈیم کی شکل مین نہین رہے گا، تو اس کا بھی یقین ہونا چاہئے، کہ جو ریڈیم آج موجود ہے، وہ ہزارون برس پیشتر نہ ہوگا، سرسری طور پر ہم کہہ سکتے ہین، کہ ریڈیم کی عمر دو اور تین ہزار برس کے درمیان ہوتی ہے اب سوال یہ ہے کہ ریڈیم کہان سے آتا ہے، ؟

اگر "خیدا ماموں" اس سیارہ پر آنکلین، اور ہم اون کو ایک سُرخ سُرخ سیب دین، تو وہی سمجھین گے، کہ وہ سیب ہمیشہ سے اس حالت مین ہے لیکن جب وہ دیکھین گے کہ یہ تو گل سٹر کر فنا ہوجاتا ہے، تو اونھین خیال ہوگا، کہ یہ شکل مادّے نے محض عارضی طور سے اختیار کرلی ہے، اگر وہ کسی بڑے شہر مین اُتر پڑین، جہان انھین سیبون کے ڈھیر کے ڈھیر نظر آئین، تو اُن کی اصل ان کیلئے رازِ سربستہ رہے گی، لیکن اگر گل گشت مین وہ ان سیبون کو درختون کے سوا اور کہین لٹکتا نہ دیکھین، تو وہ یہی سمجھین گے، کہ ان سیبون کی بس یہی اصل ہے پس فطرت مین ریڈیم کا منشا راور مولد کہان ہے ؟

نہ صرف یہ کہ ہم ریڈیم کو اُن معدنیات مین پاتے ہین جن مین یورینیم سب سے زیادہ ہوتا ہے، بلکہ پچ بلنڈ کی ہر قسم مین ریڈیم کی مقدار اور یورینیم کی مقدار مین ایک معین تناسب ہوتا ہے پس اس مین شک نہین کہ یورینیم ہی ریڈیم کی اصل ٹھہرا،

پس اگر ہم یورینیم کو مورثِ اعلیٰ قرار دین، جو ثقیل ترین عنصر ہے، تو اس کی نسل مین ہم کو چند دلچسپ امور معلوم ہوتے ہین، ہم پہلے ہی کہہ چکے ہین، کہ ہیلیم ریڈیم ہی سے پیدا ہوتا ہے، لیکن یہان یہ تمثیل پوری نہین اترتی، کیونکہ خود یورینیم سے بھی یہی ہیلیمی جواہر نکلتے ہین، اور جب ریڈیم سے مستخرجہ گیس پیدا ہولیتی ہے، تو پھر اوسی گیس سے وہی ہیلیمی جواہر نکلنے لگتے ہین، فی الحقیقت اس شجرۂ نسب مین ہم کو یہ ذرات الفا یا ہیلیمی جواہر کوئی سات پیڑھیون مین ملتے ہین ،

اگر ہم ذرا تفصیل سے کام لین تو ہم کو معلوم ہوگا کہ یورینیم بلا واسطہ ریڈیم کا مورث نہین، بلکہ بیچ مین دو پیڑھیان اور ہین، اس طرح یورینیم ریڈیم کا پر دادا ہوا، ریڈیم کے بعد مستخرجہ گیس ہے، اور اس کے بعد کوئی آٹھ پیڑھیان اور ہین، استادان فن اس خیال کی طرف مائل ہین کہ آخری اولاد مشہور و معروف عنصر سیسہ ثابت ہوگی،

اگر یورینیم کے جواہر ٹوٹ کر ریڈیم اور ہیلیم دونون کے جواہر پیدا کرتے ہین، تو یہ قرین قیاس ہے کہ ان جوہرون مین سے ہر ایک یورینیم کے جوہر سے ہلکا ہوگا، یورینیم کا جوہری وزن ۲۳۸ ہے، ریڈیم کا ۲۲۵ اور ہیلیم کا صرف ۴- اس بنا پر ہم کو ریڈیم کے حاصلون کو ریڈیم سے کم جوہری وزن کا سمجھنا چاہیئے، اسلئے اگر سیسہ اس کا حاصل ہو سکتا ہے، تو اس کو ریڈیم سے ہلکا ہونا چاہیئے، اور واقعہ بھی یہی ہے، کیونکہ ریڈیم کا جوہری وزن ۲۲۵ ہے، اور سیسہ کا ۲۰۷،

مزید تفصیل مین گئے ہوے بغیر یہ بات ظاہر ہے کہ بعض عناصر مین شکست و ریخت ہو رہی ہے، اور ہر حاصل اپنے ماسبق سے کم ہوتا ہے،

اب دیکھو کہ ریڈیم کی تمام توانائی آتی کہان سے ہے، توانائی عدم سے تو آتی نہین، اگرچہ دوامی حرکت ماننے والون کو اسی مین کلام ہوگا، مین نے لوگون کو کہتے سُنا ہے، کہ فطرت جتنا لیتی ہے، اس سے زیادہ دیتی ہے، چنانچہ معمولی بیرم اس پر شاہد ہے، لیکن ذرا سے تامل سے یہ امر واضح ہو جائے گا کہ بیرم کے ذریعہ توانائی کا سرقہ ممکن نہین، یہ صحیح ہے، کہ آدمی بہت ہی بھاری پتھر کو بیرم کے ذریعہ اٹھا سکتا ہے، حالانکہ براہِ راست پتھر پر اپنی تمام توانائی صرف کر دینے سے بھی وہ نہ ہلتا،

لیکن یہ بھی تو ہوتا ہے کہ ایک آدمی گاڑی بھر کوئلہ کو مکان کی اونچی سے اونچی منزل پر من من بھر کرکے لے جا سکتا ہے، حالانکہ پوری کھیپ وہ ایک مرتبہ مین نہین اٹھا سکتا، پھر یہ بھی دیکھو کہ آدمی جب بیرم استعمال کرتا ہے تو اس کو بیرم کا ایک بازو لمبا کرنا پڑتا ہے، تب جا کر کہین پتھر مین تھوڑی سی حرکت

پیدا ہوتی ہے، اصول استمرار توانائی سے ہم کو معلوم ہوتا ہے، کہ فطرت کا لین دین بالکلیہ کاروباری اصول پر ہوتا ہے، جتنا ہم اس سے لیتے ہیں، اس کا معادل ہی ہم کو دینا پڑتا ہے،

ہم دیکھتے ہیں کہ ریڈیم سے برابر ایک غیر معمولی مقدار توانائی کی نکلتی ہے، تو اوس کو بہ ظاہر نہ ختم ہونے والا توانائی کا یہ خزانہ کہان سے ملا؟ اس مین شک نہین کہ یہ خزانہ خود اسی کے اندر ہے، اور ساخت جوہر کے متعلق افکار حاضرہ ہم کو تبلاتے ہین، کہ یہ سب کچھ جوہر کی اندرونی توانائی کا کرشمہ ہے، گویا جن تیز گردش کرنے والے برقیون سے جوہر کی ترکیب ہے، وہ اپنی قدیم بود و باش چھوڑ رہے ہین، اُن مین کچھ تو نکل جاتے ہین، اور کچھ پھر مجتمع ہو کر ملکے جوہری وزن کے جوہر بن جاتے ہین،

یہ خیال کہ سیسہ ریڈیم کا آخری حاصل ہے، ابھی تک قیاس کی منزل مین ہے، لیکن یہ خیال کہ ہیلیم ریڈیم کا حاصل ہے، تجرباتی ثبوت حاصل کر چکا ہے، یہ دیکھنا خالی از دلچسپی نہ ہوگا کہ یہ ثبوت کیونکر حاصل ہوا،

ہیلیم کا ذکر سوائے سائنس کے کسی دوسرے سلسلے مین سننے مین نہین آتا فی الحقیقت تھوڑا ہی عرصہ ہوا کہ ہم کو اس سیارے پر اس کے وجود کا پتہ لگا، کوئی تیس برس اُدھر سر نارمن لاکیر طیف نما مین سورج سے آئے ہوئے لاسلکی پیام کی تعبیر مین مشغول تھے، کہ اون کو ایک ایسا طیفی خط ملا جس کی اب تک کوئی تعبیر نہ کی گئی تھی، یہ طیفی خط جس کی طرف ان کی توجہ مبذول ہوئی، زرد حصے مین سوڈیم کے خطوط کے نزدیک تھا، سر نارمن نے دیکھا کہ یہ خط کسی معلوم طیف سے تعلق نہین رکھتا یہ ایسا عنصر تھا، جو سورج مین موجود تھا اور زمین پر مفقود تھا، اس لئے نارمن نے اس کا نام ہیلیم رکھدیا، جو یونانی لفظ ہیلیوس سے ماخوذ ہے، جس کے معنی سورج کے ہین، یہ نیا عنصر دوسرے ثوابت مین بھی پایا گیا، اور عجیب بات ہے، کہ یہ صرف گرم ترین ثوابت ہی مین پایا جاتا ہے، اس لئے ہم کو توقع رکھنا چاہئے کہ ہیلیم نہایت ہی سبک عنصر ہوگا، کیونکہ ہمارا یقین ہے، کہ ثوابت کے سرد ہونے پر ارتقائی سلسلہ مین پہلے سبک ترین عناصر آتے ہین، ظاہر ہے، کہ جب تک یہ عنصر سورج پر تھا، لاکیر کو اس کا جوہری

وزن معلوم کرنا دشوار تھا لیکن جب اس کا وجود اس سیارے پر بھی پایا گیا، تو اس کا جوہری وزن بھی دریافت ہوا، اور حقیقت بھی یہی نکلی، کہ یہ دوسرا سبک ترین عنصر ہے، اولیت کا سہرا ہانڈروجن کے سر ہے،

ریڈیم کے ایام سے پہلے لندن کے سر ولیم ریمزی کلے وائٹ نامی پچ بلنڈ کی ایک نوع سے حاصل شدہ گیسون کے طیفون کا معائنہ کر رہے تھے، کہ اون کو بھی وہی خط نظر آیا، جو سر نارمن لاکیر کو پچیس برس پیشتر سورج اور ستارون مین معلوم ہوا تھا، اس سیارے پر ہیلیم کی رونمائی ۱۸۹۵ء مین عمل مین آئی، یہ انکشاف بہت عجیب تھا، کیونکہ پچ بلنڈ مین ہیلیم گیس کی مقدار بہت ہی قلیل ہوتی ہے، کسی پیشتر کے باب مین ذکر کر چکا ہون کہ برقی اخراج کے ذریعہ سے طیف پیدا کرنے مین ایک نفع ہے، کہ ہم گیس کی نہایت ہی قلیل مقدارون کے طیفی خطوط دیکھ سکتے ہین، یہی طریقہ تھا جس نے سر ولیم ریمزی کو ہیلیم کی شناخت مین مدد دی،

اس انکشاف کے بعد طبیعین ہیلیم کے طیف سے شناسا ہوگئے، اس مین پانچ واضح خط ہوتے ہین، جو تمام مرئی طیف مین پھیلے ہوئے ہوتے ہین، واضح رہے، کہ ہیلیم بہت ہی مغرور عنصر ہے، کیونکہ وہ کسی دوسرے عنصر سے امتزاج کو پسند ہی نہین کرتا، فی الحقیقت یہ ان چند گیسون مین سے ہے جن پر کیمیاوی ترکیب کی تمام کوششین ابتک ناکام رہی ہین،

علاوہ ازین خود اپنی ذات کے لئے وہ کچھ کم مغرور نہین، کچھ عرصے پہلے تک اوسکو مائع بنانے مین کوئی کوشش بار آور نہ ہوتی تھی، پست ترین تپش جو پیدا کی جاسکتی تھی، اس پر تمام دیگر گیسین جواب دیدیتی ہین لیکن یہ ویسی کی ویسی ہی رہتی تھی،

اس متمرد گیس مین ہماری موجودہ دلچسپی پروفیسر رد تھرفورڈ اور مسٹر ساڈی کے اس خیال کی وجہ سے ہے، کہ ہیلیم تابکاری کا ایک حاصل ہے، پچ بلنڈ مین اس کی موجودگی اس کی شاہد ہے، لیکن اس موضوع مین قیاس آرائی کی گنجائش نہین، سر ولیم ریمزی اور مسٹر ساڈی ریڈیم کے عارضی متخرج کا طیف دیکھ رہے تھے، چند دنون کے بعد اون کو کچھ روشن خطوط نظر آئے، اور جیسے جیسے یہ نمایان ہوتے گئے، یہ معلوم ہوتا گیا

کہ یہ ہیلیم جواہر کا کوئی نہ کوئی پیام ہے، یہ جواہر نلی مین اس وقت نہ تھے، جب کہ وہ گل حکمت کی گئی، اور وہ شیشہ مین سے گذر بھی نہین سکتے تھے، اس لئے وہ نلی کے اندر ہی پیدا ہوے، پس اب شبہہ نہ رہا کہ ہیلیم ریڈیم کے متخرج کا حاصل ہے، ان محققین نے اپنے تجربخانے مین ہیلیم کو پیدا ہوتے دیکھ لیا،

مذکورۂ بالا انکشاف کی روسے اب ہم سمجھ سکتے ہین، کہ ہیلیم کیون ہمیشہ تابکار اشیاء مین پایا جاتا ہی اس مین کوئی شک وشبہ نہین، کہ تپ بلنڈ کے اندر حقیقی قلب ماہیت واقع ہوگئی، یورنیم کے جواہر ٹوٹ کر ریڈیم کے جوہر بن گئے، اور ریڈیم کے جواہر جب اپنا توازن قائم نہ رکھ سکے، تو چند ہیلیم کے جوہر نمودار ہوگئے، مین نے متخرجی جواہر کو قصداً چھوڑ دیا، کیونکہ اُن کی زندگی بہت قلیل ہوتی ہے،

اگر ازمنۂ وسطیٰ کے کیمیا دان آج زندہ ہوجائین، اور اون کو یہ معلوم ہوجائے کہ فطرت مین فی تحقیقت قلب ماہیت ہوتی ہے، تو اُن کی نہ جانے کیا حالت ہو، امریکہ کے فریبیے جنھون نے حال مین دعوی کیا تھا، کہ اونھون نے چاندی کو سونے مین قلب کر دیا ہے، ظاہر ہے کہ سائنس دان نہ تھے، جب فطرت قلب ماہیت کے سلسلہ مین قدم اوٹھاتی ہے، تو وہ ہمیشہ بھاری سے ہلکے جوہر کی طرف ہوتا ہے، چنانچہ یورنیم، ریڈیم، اور سیسے کے جوہری وزن علی الترتیب ۲۳۸، ۲۲۵، ۲۰۷ ہین، یہ مہوس اس امر کے دعویدار تھے، کہ اونھون نے چاندی (۱۰۷) کو سونے (۱۹۷) مین قلب کر دیا ہے،

کسی ملک کی آبادی کا جب ہم حساب کرتے ہین، تو ہم کو شرح پیدائش، شرح اموات اور اوسط عمر کا لحاظ کرنا پڑتا ہے، اگر ہم تابکار عناصر کی عنصر شماری کرین، تو اس مین بھی ہم کو یہی اصول برتنا پڑے گا، شرح اموات یعنی یورینیم کی شرح تکسر سے ہم کو معلوم ہوتا ہے، کہ اسکی زندگی ریڈیم سے بہت زیادہ ہوتی ہے، کچھ عجب نہین جو اکرور ساڑھ لاکھ برس کے لگ بھگ ہو، اسی وجہ سے یورینیم ریڈیم کے مقابلہ مین کثیر الوقوع ہے، لیکن ریڈیم مین جو عمر کی کمی ہے، وہ اسکی

فعالیت پورا کر دیتی ہے، مانا کہ ریڈیم کی عمر کم سہی، لیکن خوش درخشید، کے تحت مین ہے یہی حال ریڈیم اور اوس کے مستخرج کا ہے، ریڈیم کے مقابلے مین اس کی عمر اور بھی کم ہے، اور وہ ریڈیم کے مقابلے مین جس سے اوس کو حاصل کرتے ہین، بہت زیادہ تابکار ہے،

اس سے یہ ظاہر ہوا کہ اعلیٰ درجے کی تابکار اشیا، کمیاب ہونا چاہئین مستقبل کے ناول نگار کے لئے ضروری نہین، کہ وہ اپنے ہیرو کو ریڈیم کی کان دلا کر کروڑپتی بنا دے، کہ اس کے قبضے مین توانائی کا خزانہ بیکران آجائے۔ واضح رہے کہ بفرض محال ایسا ہو بھی گیا، تو میان ہیرو کے چند ذرے ہی باقی رہ جائین گے، کیونکہ ریڈیم کی قلیل سے قلیل مقدار بھی بدن انسانی پر مضر عضویاتی اثرات پیدا کر دیتی ہے، پروفیسر کیوری آنجہانی کہا کرتے تھے، کہ وہ کسی کمرے مین ایک کلوگرام (کوئی سوا دو پونڈ) خالص ریڈیم لیکر کبھی نہ جائین گے، کیونکہ یہ مقدار بصارت کو زائل کر دے گی، اور بدن کی تمام کھال کو جلا ڈالے گی، اور کیا تعجب جو مار بھی ڈالے،

ہم نے اس باب کے شروع مین یہ تمثیل پیش کی تھی، کہ ایک بازیگر کسی چھپے ہوئے خزانہ سے چیزین نکالتا چلا جاتا ہے، اور ہم نے یہ بھی تسلیم کر لیا تھا، کہ بجلد یا بدیر اس کا خزانہ ختم ہو جائے گا، ہم دیکھتے ہین کہ یہی کیفیت ریڈیم اور دیگر تابکار اشیا، کی ہے، لیکن اس سے یہ نتیجہ نکالنا درست نہین، کہ دنیا کا شیرازہ بکھر رہا ہے، اگر ہم تمام یورنیم، ریڈیم اور دیگر تابکار اشیا، کھو بیٹھین، تو ہمارے سیارے کا کسی قسم کا کوئی نقصان نہ ہوگا، بایںہمہ دنیائے سائنس مین معمولی مادے مین تابکار خواص کی تلاش شروع ہو گئی، کیونکہ اس کا امکان ہے، کہ بعض تابکار عناصر تمام کائنات مین پھیلے ہوئے ہون، یا معمولی مادہ بذات خود تابکار ہو،

مقام باتھ کے معدنی چشمون کا پانی تابکار پایا گیا، غارون اور سردابون کی ہوا مین مادے کی یہ نئی خاصیت غیر معمولی طور پر پائی گئی ہے، اور یہ بھی معلوم ہوا ہے، کہ معمولی فضا ر بھی

قدرے تابکار ہوتی ہے،

کیمبرج کے ایک سائنس دان کو معلوم ہوا، کہ تازہ بارش کا پانی بھی تابکار ہوتا ہے، اس کو دکھلانے کا جو طریقہ اونھون نے اختیار کیا، وہ بہت سادہ ہے، تازہ بارش کے پانی کو اونھون نے چھوٹے سے پلاٹینم کے برتن مین لے لیا، اور گرم کرکے بہت جلد پانی کو اوڑا دیا، جب اونھون نے اس برتن کو آزمایا، تو انھین معلوم ہوا کہ اس مین ایک غیر مرئی تنفول ہے، جس مین برق نما کو خالی کردینے کی خاصیت ہے، ظاہر ہے، کہ یہ خاصیت کسی تابکار خاصہ ہی کا نتیجہ ہے، جو چند گھنٹون بعد فنا ہوجاتا ہے،

معمولی نل کے پانی پر یا رکھے ہوئے بارش کے پانی پر جب یہی عمل کیا گیا، تو تابکاری کی کوئی علامت نہین پائی گئی، اگرچہ ہوا جو بعض نلون کے پانی سے گذاری جائے، وہ تابکار پائی گئی ہے، اکثر معمولی دھاتین اور نیز شیشہ تابکاری کے خواص سے متصف پائے گئے ہین، ان امور سے پتہ چلتا ہے، کہ تابکاری مادے کی ہمہ گیر خاصیت ہے لیکن فی الحال اس مسئلہ پر کوئی قول فیصل نہین،

جو شخص بڑی بڑی رقمین غبن کرتا ہے، وہ بہت آسانی سے گرفتار ہوجاتا ہے لیکن جو شخص تھوڑا تھوڑا باوقات مختلف غبن کرتا ہے، اس کا گرفتار کرنا بدقسمتی سے بہت مشکل ہوتا ہے،

ہم دیکھ چکے ہین، کہ سرخ گرم تارون، بتیون کے شعلون اور جلتی ہوئی تمام چیزون سے برقیے برابر نکلتے رہتے ہین، یہ برقیے بازیگر کے تماشون کی طرح، کہین نہ کہین سے آتے ہی ہون گے لیکن اس مین شک نہین، کہ یہ برقیے اُن برقیون مین سے ہین، جو اپنے جوہرون سے چھوٹ جاتے ہین،

معلوم ہوتا ہے کہ کیمیاوی تعامل بھی ایک چھوٹے سے پیمانے پر مادے مین حقیقی افتراق پیدا کرتے ہین بلجیم کے ڈاکٹر گستادلی بان کا دعویٰ ہے، کہ اونھون نے اس کو ثابت کردیا ہے،

بہت ممکن ہے کہ کل مادہ نابکار ہو، اگرچہ ہم اسے شناخت نہ کر سکیں، فی الحقیقت یہ بہت اغلب ہے کہ دنیا کا شیرازہ بہت ہی آہستہ آہستہ بکھر رہا ہے،

برخلاف اس کے ہم کو ستارون سے یہ شہادت ملتی ہے، کہ گرم ترین ستارے سبک ترین جوہرون ہی پر مشتمل ہوتے ہین، اور ثقیل تر جوہر اس وقت نمودار ہوتے ہین، جب کہ ستارے سرد ہو جاتے ہین، یہ تعمیر معلوم ہوتی ہے، اور ممکن ہے کہ جس تخریب کا ہم نے اوپر ذکر کیا، اس کا یہ جواب بھی ہو، جس سے دور کا پتہ چلتا ہے،

تیسوان باب

تابکاری کا سبب

جب ہم جوہر کی ساخت کا ذکر کر رہے تھے، تو ہم نے دیکھا تھا، کہ جوہر کے اندر برقیون کی جو تعداد ہوتی ہے، اُس کے بموجب برقیے معین تشکلات اختیار کر لیتے ہین، شروع مین جو مرقع دیئے گئے ہین، اُن سے جوہر کی ذہنی تصویر کھینچنے مین مدد ملتی ہے،

پروفیسر جے جے ٹامسن نے ثابت کیا ہے، کہ بعض تشکلات غیر قائم ہون گے، اور ان کے ٹوٹ جانے کا امکان رہے گا تابکار عناصر کے جواہر اسی صنف مین آتے ہین، اگر ریڈیم کے ایک ذرے کے وہ تمام جواہر جن پر اُن کی ساخت ہے، بیک وقت ٹوٹ جائین تو ریڈیم بھی دفعۃً غائب ہو جائیگا لیکن اگر ایک ثانیہ مین دس ارب جوہرون مین سے صرف ایک جوہر ٹوٹ جائے، تو اس مجموعی تکسر مین کچھ مدت صرف ہو گی، اور چونکہ ریڈیم کے ہر گرام (یعنی ۱۵½ گرین) مین ایک ہزار ملین ملین ملین، (= سوہا سنکھ) جوہر ہوتے ہین، اس لئے ظاہر ہے، کہ عرصہ تک تماشہ دکھلانے کیلئے ذخیرہ بہت کافی ہے، اگر ہم مجموعی جوہرون کو اُن جوہرون سے تقسیم کر دین، جو ایک ثانیہ مین منکسر ہوتے رہتے ہین، تو اس حساب سے ریڈیم کے ایک گرام کو کوئی تین ہزار برس تک چلنا چاہئے، واقعات کو ظاہر کرنے کا یہ ایک سرسری طریقہ ہے، چونکہ جیسے جیسے ریڈیم کا حجم کم ہوتا جائے گا، ہر سال تلف شدہ مقدار بدلتی جائیگی،

جتنا اس مین تکسر ہوگا، اُتنا ہی آہستہ آہستہ باقیماندہ حصہ متکسر ہوگا، اسی کلیہ کے سبب سے اس کہنے مین زیادہ سہولت ہے کہ ریڈیم کے نصف جوہر کوئی تیرہ ہزار برس مین متکسر ہوجائین گے،

اور اُسی کلیہ کے بموجب یہ ہوتا ہے کہ اگرچہ مستخرج ریڈیم کو بالکلیہ ٹوٹنے مین چند ہفتے لگتے ہین، تاہم اُس کا نصف حصۂ اول چار یوم ہی مین غائب ہوجاتا ہے، اسی طرح یورینیم کو دیکھو تو اسکی بھی نصف مقدار کوئی ساٹھ کرور برس کے بعد غائب ہوجائیگی،

پھر یہ کس قدر دلچسپ ہے کہ تکسر یا اتلاف کی یہ مختلف شرحین مستقل ہین، اور انسان نہ اون کو سریع کرسکتا ہے، اور نہ بطی، یہ کہنا کہ تابکار اجسام کی طبعی شرح تغیر مین انسان کبھی بھی سُرعت نہ پیدا کرسکے گا قرین عقلمندی نہین، سو برس اُدھر کسے یقین آسکتا تھا، کہ ایک مقام سے دوسرے مقام تک توانائی کی عظیم الشان مقدارین منتقل کرنے کے لئے جو سرون سے بھی چھوٹے ذرات سے ہم دوچار ہون گے، اور واقعہ یہ ہے کہ برقی طاقت کو جب ہم ساکن تار پر بھیجتے ہین، تو یہی ہوتا ہے، کس کو یقین آسکتا تھا، کہ یہی غیر مرئی ذرے ہماری تقریر کو دور دراز مقامات تک پہنچائین گے، اور متمدن دنیا کے تمام حصون مین جو کچھ ہو رہا ہے، اسکی خبرین آناً فاناً ہم تک پہنچ جائین گی،

جہانتک تابکار اشیا کا تعلق ہے، ہم اتنا ضرور کہتے ہین، کہ آج فطرت مین جو تابکاری تبدیلیان ہو رہی ہین، اُن پر ہم کو کوئی قابو نہین، ہم چاہے اس شئے کو گرم کرتے کرتے اپنے امکان بھر انتہائی تپش تک پہنچا دین، یا سرد کرتے کرتے اوسے پست ترین تپش تک لیجائین، لیکن تغیر کی وہی مستقل شرح قائم رہتی ہے،

صفحہ ۲۴۴ کے بالمقابل جو مرقع دیا گیا ہے، اس سے کیمیاوی ترازو اور طیف نما کی باہمی نزاکت کا مقابلہ کرنے مین مدد ملتی ہی ہم کو تعجب ہوتا ہی جب ہم سنتے ہین کہ طیف نما سے مادہ کے ملی گرام کے دس لاکھوین حصے کا پتہ چل سکتا ہے، لیکن اگر ہم کو یہ بتایا جائے کہ برق نما طیف نما سے دس لاکھ گنا زیادہ حساس ہی، تو پھر تعجب

کا کیا حال ہوگا؟ (دیکھو مرقع مقابل صفحہ)

کسی پیشتر کے باب مین ہم نے سیسہ کے اس چالیس لاکھوین حصے کی تصویر کھینچنا چاہی تھی، جو مرقع مین ظاہر کردہ صرف ایک لفظ کے لکھنے مین پنسل کی نوک سے گھس جاتا ہے۔ اور ہم کو معلوم ہوا کہ طیف نما اس اقل قلیل مادی ذرہ کی شناخت کر سکتا ہے، اور اب ہم کو معلوم ہوتا ہے کہ اس قلیل سے قلیل مقدار کے دس لاکھوین حصہ کو برق نما شناخت کر سکتا ہے، اگر مادہ ایسا ہی تابکار ہو، جیسا کہ ریڈیم۔ مادے کے ایک غیر مرئی ذرّے کی اس طرح کی تقسیم ہمارے تخیل کے بس کی نہین، تو پھر اس غیر مرئی ذرّے مین جو سالمے جواہر اور برقیے ہون گے، اُن کا حال خدا ہی جانے ؛؟

کیمیاوی ترازو سے ہم مادہ کو اس کشش سے شناخت کرتے ہین جس سے زمین اس کو کھینچتی ہے، برق نما سے ہم مادہ کو ان اثیری موجون کی بدولت شناخت کرتے ہین، جو اسکے گرد گردش کرنے والے برقیے بھیجتے ہین، برق نما سے ہم تابکار مادے کو اس کی اس طاقت سے شناخت کرتے ہین، جو وہ ہوا کو روان دار کرنے کی اور پھر برق نما مین پہلے سے موجود برقی بار کو لے جانے کی رکھتا ہے، اگر یہ نہایت ہی نازک برقی شناسندہ نہ ہوتا، تو ہم کو بعض اُن تابکار اشیاء کا ہرگز علم نہ ہوتا جن سے آج ہم واقف ہین،

بلاشبہہ تابکاری کا سبب جوہر کا کسر ہے۔ جواہر مین شکست و ریخت ہونا، اور اُن سے ہلکے جواہر کا بننا اور اس طرح برقیون کو بے بار کر دینا ہی دراصل تابکاری کے مشہور و معروف مظہر کا سبب ہے،

ہم کو معلوم ہو گیا کہ خارج مین توانائی کا اظہار جوہر کی اندرونی توانائی کی وجہ سے ہے، لیکن سوال یہ ہے کہ یہ اندرونی توانائی کہان سے آئی ؟؛ لارڈ کلون آنجہانی نے ایک خط مین جس کا حوالہ دیا جا چکا ہے، یون لکھا تھا کہ ریڈیم کی توانائی "بلاشبہہ ابتداءً اون عظیم الشان تپشون کی مرہون منت ہے، جو کائنات مین پیدا ہوتی رہی اور پیدا ہو رہی ہین" لیکن اس کے لئے محض ریڈیم کو مختص کر دینا کیا غیر ضروری نہین معلوم ہوتا ؟؛ اسمین مشکل سے شبہہ ہو سکتا ہے، کہ تمام جوہرون کی اندرونی توانائی ابتداءً اُن ہی تپشون سے حاصل ہوئی، جو برقیون

کے جوہرون کی صورت مین متشکل ہوتے وقت موجود تھین، فی الحقیقت نجمی کیمیا سے صاف پتہ چلتا ہی، کہ گرم ترین ستارون مین سبک ترین عناصر سب سے پہلے بنے اور ثقیل ترین جواہر صرف بعد مین بہت کم تپشون پر نمودار ہوتے ہم جانتے ہین، کہ تمام تابکار عناصر مین ثقیل ترین جواہر ہوتے ہین، ممکن ہے کہ اس پر کوئی یہ کہے کہ سبک ترین جواہر مین سب سے زیادہ اندرونی توانائی ہوگی، لیکن واضح رہے کہ سبک ترین جوہرون مین برقیے کم ترین ہوتے ہین،

یہ درست ہی کہ مثلاً لوہے کے جوہر مین اندرونی توانائی کی ہمارے پاس کوئی شہادت نہین لیکن اسکا سبب یہ ہے کہ توانائی جوہر کے اندر مقفل ہے، اور اس مین ایسی کوئی مرئی تبدیلی نہین ہو رہی، جیسی کہ ہم تابکار جواہر مین پاتے ہین، جب کبھی کوئی تغیر یا استحالہ ہوتا ہے، اس وقت ہی ہم توانائی کا اندازہ لگا سکتے ہین،

برق نما کا استعمال

ایک مجوزہ دھاتی سلاخ کے سرے پر دو طلائی ورق لگے ہیں، سلاخ مع ورق شیشے کے ایک مرتبان کے اندر ہے، سلاخ کے بالائی حصے پر ایک دھاتی قرص ہے، جب کسی باردار جسم کو قرص کے قریب لایا جاتا ہے تو اوراق پھیل جاتے ہیں، جیسا کہ نیچے کی تصویر میں ہے،

چوبیسوان باب

تجاذب کیا ہے؟

اگرچہ یہ ممکن نہین کہ ہر علمی مبحث اس قسم کی کتاب کے حیطۂ بیان مین آجائے، تاہم اگر تجاذب جیسے مذہب پر کچھ قلمبند نہ کیا جائے، تو ممکن ہے کہ بعض قارئین کو مایوسی ہو،

سر اسحاق نیوٹن کا نام تجاذب کے موضوع سے اتنا گہرا تعلق رکھتا ہے، کہ بہت کم ایسے لوگ ہون گے، جن کے ذہن مین یہ غلط خیال جاگزین نہ ہو، کہ نیوٹن ہی نے سب سے پہلے قوتِ تجاذب کا مشاہدہ کیا، بلکہ بعض یہان تک کہتے ہین کہ اوس نے قوتِ تجاذب کا انکشاف کیا، اس کہنے کی ضرورت نہین، کہ یہ سب بے بنیاد ہے، ہماری روزمرہ کی زندگی مین جو قوت سب سے زیادہ نمایان ہے، اس سے انسان کیونکر آنکھ بند کرسکتا تھا، اور نیوٹن کے وقت مین بھی اس قوت کو اسی نام سے پکارتے تھے، نیوٹن کے زمانے سے قبل دیگر فلاسفہ نے بھی تجاذب کا گہرا مطالعہ کیا تھا، لیکن یہ سہرا نیوٹن ہی کے سر رہا، کہ اوس نے کلیات تجاذب دریافت کئے اور اون کا اطلاق کل کائنات پر کیا،

نیوٹن سے قبل دوسرے لوگون نے اس طرف اشارہ کیا تھا کہ سورج زمین اور دیگر سیارون کو کشش کرتا ہے، لیکن اس کا ثبوت نیوٹن ہی نے دیا کہ یہ جذبی طاقت وہی تجاذبی قوت ہے، جسکو ہم اس سیارے پر اپنے چارون طرف عمل پیرا دیکھتے ہین،

مجھے یاد ہے کہ لڑکپن مین ایک انجمن مباحثہ کا رکن تھا، جو سب کی سب لڑکون پر ہی مشتمل تھی،
ایک جلسہ مین ایک رکن نے "نیوٹن کے انکشاف تجاذب" پر مضمون پڑھا جسمین درخت سے گرتے سیب کا قصہ
بہت نمایان تھا، جب مجھے بعد مین معلوم ہوا کہ نیوٹن نے تجاذب کا انکشاف نہین کیا، تو مین نے سیب کے
قصے کو بھی بھلا دیا، فی الحقیقت حال ہی مین اکثر ارباب فن نے یہ رائے قائم کی ہے، کہ یہ قصہ محض افسانہ ہے،
لیکن اس مین دلچسپ بات یہ ہے، کہ اس قصہ کی صداقت پر والٹیر جیسے مستند اشخاص نے شہادت
دی ہے جس نے اس کو نیوٹن کی بھتیجی سے روایت کیا، جو نیوٹن کے ساتھ رہا کرتی تھی، دراصل وہ درخت
کوئی ڈیڑھ صدی تک قائم رہا، اور گذشتہ صدی کے اوائل تک بھی موجود تھا، ۱۸۲۰ء مین وہ برباد ہو گیا،
گرتے سیب کے قصہ کا صحیح اندازہ کرنے کیلئے ہمین یاد رکھنا چاہئے، کہ اس وقت (۱۶۶۵ء) تک
کسی نے اس قوت کو جو سیارون کی سورج کی طرف کھینچتی ہے، اس قوت سے نہین ملایا تھا، جو تجاذب کہلاتی ہے،
تجاذب کو لوگ سمجھتے تھے، کہ مقامی قوت ہے، جو صرف سطح زمین پر عمل کرتی ہے، اس زمانے مین یہ خیال کہ یہ قوت
فضا مین کروڑون میل تک پھیلی ہوئی ہے، محال اور بے بنیاد سمجھا جاتا تھا، فلاسفہ نے تمام سیارون کے لئے ایتھر
فرض کر رکھے تھے، جن مین رہ کر وہ سورج کے گرد گویا تیرا کرتے تھے،
بلاشبہہ نیوٹن نے بارہا اس قوت کی نوعیت کے متعلق غور و فکر کیا تھا، جو اس نے سورج اور سیارون
کے درمیان موجود پائی تھی، بہت ممکن ہے، کہ جب تیس برس کی عمر مین وہ باغ مین بیٹھا ہو، تو اس مسئلہ پر غور
کر رہا ہو، ایک سیب درخت سے گرا، لیکن نیوٹن نے بہت سے سیب درخت سے گرتے دیکھے تھے، باینہمہ
اس کے ذہن مین معاً یہ خیال آیا کہ ہو نہ ہو، یہ وہی قوت ہے، جو ہمارے چاند کو روکے ہوئے ہے، اور جس
کی بدولت وہ زمین کے چارون طرف گردش کرتا ہے، اوس نے فوراً ہی حساب لگایا کہ قوت تجاذب چاند
پر زمین کی کشش کیلئے کفایت کر سکتی ہے، یا نہین؟ اس کو صد درجہ مایوسی ہوئی، جب نتیجہ مین اوس کے اعداد نے
یہ ثابت کیا، کہ یہ قوت چاند کی فی ثانیہ گردش کے لئے کفایت نہین کرتی، بجائے سولہ فٹ فی ثانیہ کے نتیجہ

چودہ[14] منٹ فی ثانیہ نکلا، نیوٹن ریاضی کا ماہر تھا، اس کا حساب صحیح تھا، اس لیے بہ حیثیت قوت عاملہ کے تجاذب[1] خیال کو ترک کرنا پڑا، فی الحقیقت اس زمانے مین اوس نے کسی سے بھی اس خیال کا اظہار نہ کیا، بلکہ حسابات کو بھی یون ہی الگ رکھدیا،

سولہ[16] برس کے بعد نیوٹن نے پھر اس موضوع کی طرف رجوع کیا، اب یہ یقین تھا کہ پہلا خیال صحیح ہے، اوس نے یہ بھی سُنا کہ پیرس کے پکرڈ نامی ایک عالم نے زمین کی نئی اور بہت صحیح پیمایش کی ہے جس سے ثابت ہوا، کہ زمین اس سے کہین زیادہ بڑی ہے، جتنا کہ اب تک کی پیمایشات سے پتہ چلا تھا، ظاہر ہے، کہ اوس سے نیوٹن کے سابقہ حسابات سب بدل گئے، اگر زمین بڑی ہے، تو ضرور ہے، کہ جذبی قوت بھی زیادہ ہو، اس لیے چاند مین فی ثانیہ سقوط بھی زیادہ ہوگا، نیوٹن نے فوراً اپنے سابقہ حسابات پر نظر ثانی کی، اور اب اس نئے مواد کی بنا پر اوسے فوراً معلوم ہوگیا کہ اس مرتبہ اعداد صحیح نکلے، اب انکشاف کا صحیح مطلب اس پر روشن ہو گیا، اس کو اتنی خوشی ہوئی، کہ اس وقت حسابات کی تکمیل خود نہ کرسکا، بہر حال اس کا اصلی نظریہ صحیح نکلا، اس ایک شخص نے کائنات مین خلاق ازل کے "اندازہ" کو معلوم کرلیا، اب تمام اجرام فلکی پر عام تجاذب کی حکومت ہوگئی، نیوٹن کے اس انکشاف کی جتنی بھی اہمیت سمجھی جاے کم ہے،

نیوٹن نے اس موضوع کے حسابات کو اس قدر مکمل کردیا کہ آیندہ نسلون کے لیے سواے قوت کی نوعیت دریافت کرنیکے کوئی چیز باقی نہ چھوڑی، دو صدیون سے کچھ اوپر کا زمانہ گذر چکا ہے، اور مسئلہ ہنوز لاینحل ہے،

نیوٹن کے دوستون نے بہت سے دلچسپ قصے بیان کیے ہین، کہ نیوٹن کو تجاذب کے موضوع کے سلسلے مین کس قدر انہماک تھا، کہتے ہین، کہ وہ صبح اٹھتا تھا، لیکن پیشتر اس کے کہ وہ آدھا لباس پہنے وہ حسابات شروع کردیتا تھا، اور اس مین اس قدر منہمک رہتا تھا، کہ بہت کچھ دن چڑھ جاتا تھا، وہ یہ بھی بھول جاتا تھا کہ اوسے کھانا بھی کھانا ہے، اس کے ایک دوست نے یہ واقعہ بیان کیا ہے کہ جب وہ ایک دن

نیوٹن سے ملنے گیا، تو وہ اپنے حسابات مین مصروف تھا، کھانے کا وقت آگیا، لیکن وہ اسی طرح مصروف رہا، بالآخر اُس کے دوست نے وہ کھانا کھالیا، جو نیوٹن کے لئے تیار کیا گیا تھا، اور جب وہ فلسفی کچھ دیر بعد آیا، تو اپنے دوست سے اس تاخیر کی معافی چاہی، وہ دسترخوان پر بیٹھ گیا، اور جب پلیٹون سے سرپوش اوٹھائے تو کہنے لگا کہ ارے مین بھول گیا مین تو کھانا کھاچکا ہون،

تجاذب کی نوعیت کے پُرپیچ مسئلہ کے حل مین ہماری مشکل تجربہ کی کمی کی وجہ سے نہین ہے، روزمرہ کی زندگی مین کوئی قوت اس سے زیادہ ہمارے مشاہدہ مین نہین آئی، اس مضمون پر حسابات بالکل مکمل ہین، اتنے مکمل ہین کہ لوگ کسی واسطے کی ضرورت کو بالکل نظرانداز کر گئے، اگرچہ نیوٹن کے حسابات کے مکمل ہونے سے لوگ "عمل بالفعل" کے خیال پر قانع ہوگئے، لیکن یہ ہمیشہ ملحوظ خاطر رہے کہ خود نیوٹن اس خیال کو ایک حماقت سمجھتا تھا، چنانچہ وہ کہتا ہے "مجھے یقین ہے، کہ ہر وہ شخص جو مسائل فلسفیہ مین غور و فکر کی اہلیت رکھتا ہے، اس حماقت مین مبتلا نہین ہوسکتا"

نیوٹن نے تجاذب کے عمل سے متعلق ایک طبیعی نظریہ قائم کرنے کی کوشش کی، اس مین ایک ایسا واسطہ تصور کیا، جس مین اجسام پر مختلف دباؤ پڑین، بعد مین بہت سے اور نظریے بھی پیش کیے گئے، بعض نے یہ خیال کیا کہ تمام فضا، مین نہایت باریک ذرّے بھرے ہوئے ہین، جو تمام سمتون مین نہایت تیزی سے حرکت کرتے ہین، اور مسلسل یورش کی وجہ سے تمام جسمون پر دباؤ ڈالتے ہین، دو جسم ایک دوسرے کو اس دباؤ سے اُن رُخون پر محفوظ کر دیتے ہین، جو ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہوتے ہین، جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے، کہ بیرونی رُخون پر جو دباؤ ہوتا ہے، وہ دونون جسمون کو ایک دوسرے کی طرف ڈھکیلتا ہے، یہ خیال اطمینان بخش تسلیم نہین کیا گیا، ایسے جسیمون پر مبنی دیگر نظریے بھی پیش کئے گئے ہین، بعض نے یہ کوشش کی کہ تجاذبی قوت کو اثیر کے ارتعاشات کا نتیجہ ثابت کرین، لیکن اس پر بہت قوی اعتراضات وارد ہوتے ہین، باین ہمہ اتنا تو ہم سب مانتے ہین کہ دائرو سائر اثیر ہی واسطہ ہے، اگرچہ ہم یہ نہین بتلا سکتے کہ اسکے اندر جو فساد پیدا ہوتا ہے، اسکی

نوعیت کیا ہے، ہم اتنا جانتے ہین کہ جب ہم زمین سے پتھر اوٹھاتے ہین، تو پتھر اور زمین دونون ایک دوسرے پر عمل کرتے ہین،

مادے کے برقیوی نظریہ سے پہلے یہ خیال پیش کیا گیا تھا، کہ اگر مادۂ اثیر کی تلطیف ہو، تو ایسے جزئی خلا کی طرف اثیر مین ایک زور[1] پیدا ہوگا، ایسے دو جزئی جوفون کے درمیان زور اُن کی درمیانی جگہ مین سب سے کم ہوگا، اس لئے وہ ایک دوسرے کی طرف کھنچ جائین گے، اگر برقیے اثیر کی لطیف صورت ثابت ہو جائین، تو یہ خیال معقول نظریہ بن سکتا ہی،

تھوڑی دیر کے لئے فرض کر لو کہ گردش کرنے والے برقیے جوہر کے اندر ایک قسم کا اثیری خلا پیدا کر دیتے ہین جتنے زیادہ برقیے ہون گے، خلا اتنا ہی بڑا ہوگا، اور پھر زور بھی اتنا ہی زیادہ ہوگا جو مادے کی کمیتون کو حرکت کرنے پر مجبور کرے گا، مادے کے دو ٹکڑون کے درمیان جذب کی شناخت کیلئے ہم کو نہایت ہی حساس آلے کی ضرورت ہے، کیونکہ اُن ہر دو پر زمین کی کشش زیادہ ہے، فی الحقیقت تمام تجاذبی قوت بہت قلیل ہوتی ہے، ہم کو اس کا مشاہدہ اس وجہ سے ہوتا ہے، کہ زمین کی کمیت بہت زبردست ہے، برقی جذب تجاذب کے مقابلے مین کروڑہا گنا زیادہ زوردار ہے، صفحہ ۸ھ کے مقابلے مین جو مرقع دیا گیا ہے، اسمین دیکھو، کہ برقی جذب تجاذب کے مقابلے مین کس قدر زبردست ہی،

تجاذب کی نوعیت خواہ کچھ ہی کیون نہ نکلے، اس امر کے کثیر شواہد موجود ہین، کہ وہ مستقل ہے، اس پر اُن تمام تغیرات کا کوئی اثر نہین پڑ سکتا، جو ہم جوہرون یا اُن کے برقیون مین پیدا بھی کر سکین، لیکن پھر بھی ہم گردش کرنے والے برقیون کی اُس تعداد کو نہین بدل سکتے، جن پر جوہر مشتمل ہوتا ہے، وہ مستقل ہے، پس ہم ایسے نظریے کی توقع کر سکتے ہین، جن مین گردش کرنے والے برقیون اور اثیر مین علاقہ دکھلایا جائے، جس سے جہان کہین بھی

---

[1] زور سے مراد وہ قوت ہی، جو کوئی تبدیلی پیدا کرے، اس تبدیلی کو فساد کہتے ہین،،

(مترجم)

مادہ موجود ہو، ایک مستقل زور پیدا ہوجائے اور اگرچہ نیوٹن کے کارنامے سے دنیا کو روشناس ہوئے دو صدیوں سے زیادہ گذر چکا ہے، تاہم ہم کو امید ہے کہ ایک نہ ایک دن تجاذب کی نوعیت منکشف ہی ہو جائے گی،

اس مرحلہ میں تجاذب ہی تنہا نہیں ہے لارڈ کلون آنجہانی جن کی زندگی ہی سائنس میں گذری، کہتے ہیں "اگر مجھکو اس کی ذراسی بھی جھلک ملجائے کہ کاغذ کا ایک پرزہ کیونکر کو دکر برقائی ہوئی لاکھ تک پہنچ جاتا ہے یا لوہے کا ایک ٹکڑا کیونکر مقناطیس سے چمٹ جاتا ہے، تو میری خوشی کی انتہا نہ ہو گی، اور پھر میں عارضی طور پر اسی پر قناعت کرلونگا، اور پھر نہ ایتھر کے متعلق کچھ دریافت کرونگا، اور نہ جاذبہ کے متعلق"

پچیسواں باب

مثبت برق کیا ہے؟

گذشتہ بابوں میں جو کچھ کہا جا چکا ہے، اس کی بنیاد پر یہ واضح ہو گیا ہو گا، کہ اس باب کے لئے جو سوال بطور عنوان رکھا گیا ہے، اس کا کوئی جواب براہ راست نہیں دیا جا سکتا، لیکن سوال بہت اہم ہے، اور ہم سمجھتے ہیں کہ حال میں کیمبرج کے سرجے جے ٹامسن نے جو تحقیقات کی ہیں، وہ اس سوال کے جواب کا آغاز ہیں،

منفی ذروں سے جو تجربے کئے گئے، ان میں ایک وہ تجربہ بھی تھا جسمیں اخراجی نلی کے اندر برّان برقیے دھات کی ایک صلیب پر یورش کرتے ہیں جس کی وجہ سے صلیب کا سایہ نلی کے اوس حصے پر پڑتا ہے، جو یورش سے محفوظ رہا، ظاہر ہے کہ یہ سایہ نلی کی اوسی دیوار پر پڑے گا جس کی طرف برقیے چھوٹتے ہیں:

تجربے سے معلوم ہوا کہ اسی قسم کا ایک سایہ نلی کے مخالف سرے پر پڑیگا، جب کہ دھات کی ایک صلیب اُس مقام میں رکھی جائے، جس کو کر دکس کی فضا تاریک کہتے ہیں، اس منظر سے یہ ظاہر ہے کہ مثبت شعاعیں زیریہ برقیرہ (مثبت برقیرہ) سے چلتی ہیں جس طرح کہ منفی شعاعیں زیریہ برقیرہ (منفی برقیرہ) سے چلتی ہیں،

ہم دیکھ چکے ہیں کہ منفی برق بے انتہا چھوٹے چھوٹے ذرات پر مشتمل ہے، اور اب ہم ان برقیوں کی حرکات وسکنات سے بہت کچھ واقف ہو چکے ہیں، ممکن ہے کہ کوئی یہ خیال کرے کہ مثبت میں کچھ علٰحدہ

ہی ذرات ہون گے، لیکن ابھی تک مثبت برق بہ حیثیت ایک علحدہ وجود کے موجود نہین پائی گئی، ہم منفی برق کا
ایک ایسا دھارا پیدا کر سکتے ہین، جو بالکل مجرد عن المادہ ہو، لیکن مثبت برق کے ساتھ ایسا نہین کر سکتے، یہ ظاہرًا
مادہ کے جوہرون مین الجھی معلوم ہوتی ہے،

مثبت ذرّات درحقیقت جواہر مادہ ہین جنہین سے وہ منفی برقیے نکل چکے ہین جو نکل سکتے تھے، یہ حالت
اس یورش کا نتیجہ ہے، جو برقیے منفی برقیرہ سے مثبت برقیرہ تک بجلی کی طرح جاتے ہوئے جوہرون پر کرتے ہین،
ہم اس کو یون کہتے ہین کہ گیس روان دار ہوگئی ہے، مادے کے یہ جوہر جنہین اب مثبت برق ہے، مخالف برق
والے برقیرہ کی طرف جھپٹتے ہین اس طرح مثبت ذرون کا ایک دھارا بن جاتا ہے، اور ان ہی پر مثبت شعاعین
مشتمل ہوتی ہین، بلاشبہہ یہ مثبت ذرات منفی برقیون سے مخالف سمت مین چلتے ہین، یہ سب کچھ اس نلی مین واقع
ہوتا ہے جسکو خلائی نلی کہتے ہین، اور اگرچہ غالبًا کوئی قاری یہ تصور تو نہ کریگا کہ نلی مین سے تمام ہوا یا گیس نکال لیگئی
ہے، تاہم بعضون کو یہ سنکر تعجب ہوگا، کہ اعلیٰ سے اعلیٰ خلا، جو پیدا کیا جا سکتا ہے، اس مین کسقدر ذرات مادہ ہوتے ہین،
شیشے کی نلی مین سے ہوا نکالنے کی ہر ممکن تدبیر کر لینے کے بعد بھی سالمون کی ایک کثیر تعداد اس مین بچ رہتی ہے،
چنانچہ اندازہ لگایا گیا ہے، کہ فی مکعب ملی میٹر جگہ مین کوئی ودارب سالمے ہوتے ہین، سالمون کی یہ تعداد بہت
بڑی معلوم ہوتی ہے لیکن ہمکو اسکا مقابلہ اس تعداد سے کرنا چاہیئے، جو ہوا پمپ لگانے سے پیشتر نلی مین موجود تھی، اس وقت
فی مکعب ملی میٹر سالمون کی جو تعداد موجود ہوتی ہے، اس کا حساب کھربون پدمون مین ہوگا، سرجے جے ٹامسن نے جو
جو تجربات کئے تھے ان پر ایک نظر دلچسپی کا باعث ہوگی، اُن کے آلے کی سادہ شکل تجربات کو زیادہ واضح کر دیگی،

شکل نمبر مثبت ذرون کی شناخت
کے لئے نلی،

ن

آلہ کا مقصد یہ ہے کہ بڑھی ہوئی نکاس نلی مین مثبت شعاعین ڈالے، وہان ان شعاعون کی موجودگی کسی متزہر پردے یا لوح عکاسی پر یورش کرنے سے ہوجاتی ہے، اس عکاسی ترتیب کی وجہ سے نکاس نلی کے اس زائد حصے کو کیمرا کہتے ہین،

نکاس نلی "ن" سے کیمرا "ک" تک مثبت شعاعین اس گردن مین سے گذرتی ہین، جو ان دونون کو ملائے ہوئے ہے، المونیم کی ایک سُلاخ جو منفی برقیرہ کا کام دیتی ہے، کارک کی طرح اس گردن مین لگادی جاتی ہے، اس کی وجہ سے مثبت شعاعین بالکل رُک جائین گی، لیکن ایک بہت باریک تانبے کی نلی منفی برقیرہ مین لگی ہوتی ہے، اور یہی مثبت شعاعون کا راستہ بن جاتی ہے تانبے کی نلی کا سُوراخ ملی میٹر کے دسوین حصے سے بھی کم ہے، (یعنی انچ کا کوئی دو ڈھائی سوان حصہ) اس طریقہ سے ایک بہت باریک پنسل مثبت شعاعون کے کیمرا تک پہنچتی ہے، اس خیال سے کہ مثبت شعاعون کو راستے مین کسی مقناطیسی اثر سے کسی دقت کا سامنا کرنا پڑے، نلی کو ایک موٹی آہنی نلی مین ڈال دیتے ہین، جوڑون کے ضرورت سے زائد گرم ہوجانیکے متعلق بھی احتیاطین برتی جاتی ہین، لیکن اس کی اور اسی جیسے دیگر امور کی ہم اس وقت تفصیل نہین کرسکتے،

اگر مثبت شعاعون کی پنسل بغیر کسی خلل کے چلی جائے، تو وہ کیمرا مین مقام ح پر پہنچیگی، اور اگر اسی مقام پر کوئی متزہر پردہ رکھدیا گیا ہے، تو روشنی کا ایک لمعہ پیدا ہوجائے گا، اگر اس پردے کی بجائے عکاسی کی تختی استعمال کی جائے تو لمعۂ نور لوحِ عکاسی کے وسط مین اپنا نشان ڈال دے گا، لیکن مثبت شعاعون پر، کیمرا تک جاتے ہوئے ممکن ہے کہ کسی مقناطیسی میدان یا برقی میدان کی وجہ سے خلل واقع ہو،

ق ق ایک برقی مقناطیس کے قطبون کی تعبیر ہے، اور تدبیر یہ کی جاتی ہے، کہ یہ قطب برقی طور پر بار دار ہون، اس غرض کے لئے کنارے مقناطیس کے جسم سے بذریعہ ابرک کے پترون کے مجوز کردیئے جاتے ہین، اب ان مجوز قطبون کو اگر ذخیرہ خانون کے موریے سے ملادیا جائے تو ایک مین مثبت برق آجائے گی، اور دوسرے

یعنی منفی، ان قطبون سے اس طرح دہرا کام لینے مین بڑی سہولت ہوتی ہے، کیونکہ اس کے ذریعہ سے بیک وقت مثبت شعاعون پر مقناطیسی اور برقی سکونی اثر ڈالا جا سکتا ہے، اور اس تدبیر سے جو انصراف پیدا ہون گے، وہ ایک دوسرے کے علی القوائم ہون گے، بالفاظ دیگر مثبت شعاعون کی نیسل پر جب برقی سکونی میدان عمل کرے گا، تو ان مین انصراف اوپر یا نیچے کی جانب پیدا ہوگا، اور اس پر منحصر ہوگا کہ کون سا قطب مثبت ہے اور کون سا منفی،

مقناطیسی میدان کا یہ اثر ہوگا، کہ شعاعون کی نیسل راست یا چپ منصرف ہوگی، اور اس کا انحصار اس پر ہوگا، کہ کون سا قطب شمالی ہے، اور کون سا جنوبی،

یہ ظاہر ہو گیا ہوگا کہ برقی میدان کو اس طرح ترتیب دے سکتے ہین، کہ لمعۂ نور پردے یا لوح عکاسی کے وسط سے اوپر کی جانب لیکن ہمیشہ مرکزی انتصابی خط پر منصرف ہو، برخلاف اس کے مقناطیسی میدان کے ذریعے سے لمعۂ نور بہ جانب چپ ایک مرکزی افقی خط پر منصرف ہوگا، اور یہ بھی واضح ہو جائے گا، کہ اگر دونون میدان بیک وقت استعمال کئے جائین، تو لمعۂ نور اوپر کی طرف اور بائین جانب ان دونون خطون کے درمیان کوئی وضع اختیار کر لے گا، اور لوح کے وسط سے جو اس کا راستہ ہوگا، اس کی شکل قطع مکافی (شلجمی) ہوگی،

مقناطیسی اور برقی میدانون کی طاقت بدلنے سے انصراف کی مقدار بڑھائی یا گھٹائی جا سکتی ہے، لیکن دوران تجربہ مین ان کو مستقل رکھا جاتا ہے، ان حالات مین انصراف کی مقدار مثبت ذرون کی کمیت پر منحصر ہوگی، جو نکاس نلی مین استعمال شدہ گیس کے لحاظ سے بدلتی رہتی ہے، اگر کوئی کثیف گیس استعمال کیجائے تو لطیف گیس کے مقابلے مین انصراف کم ہوگا؛ (انصراف کی مقدار ذرات کی رفتار پر بھی منحصر ہے، لیکن موجودہ اغراض کے لحاظ سے ہم اُسے نظر انداز کر سکتے ہین) اس کے ساتھ جو شکل دی جاتی ہے، (   ) اس سے مختلف ذرات سے پیدا شدہ شلجمیون کا پتہ چلے گا،

یہ مثبت ذرّے مادہ کے جواہر یا سالمے ہین، اور ان کی نوعیت کا انحصار کسی طرح بھی مثبت برقیرہ کی ترکیب پر نہین ہے، بلکہ اس کا انحصار تمام تر اُن گیسون پر ہے، جو نکاس نلی مین استعمال کی جائین، منفی ذرّات کا دھارا گیس کو روان وار کر دیتا ہے، اُسی سے مثبت ذرّات کا یہ دھارا پیدا ہوتا ہے، اس طریقہ سے گیس مین جو مختلف عناصر ہوتے ہین، اُن کے جوہری وزن کے لحاظ سے اُن کی شناخت ہو جاتی ہے، لطیف تر جوہرون مین کثیف تر جوہرون کے مقابلے مین انصراف زیادہ ہوتا ہے اور مقدار انصراف سے جوہری وزن کا پتہ چلتا ہے؛

ہم دیکھ چکے ہین کہ منفی برق کے ذرات (برقیون) کا ایک دھارا منفی برقیرہ سے مثبت برقیرہ کی طرف جاتا ہے، منفی برقیرہ کا یہ دھارا منفی برق کے علٰحدہ شدہ ذرّات پر مشتمل ہوتا ہے، لیکن مثبت برقیرے سے منفی برقیرے تک جو دھارا چلتا ہے، وہ جواہر مادہ پر مشتمل ہوتا ہے جن مین سے ہر ایک نہین مثبت بار ہوتا ہے اور ہم جواہر مادے سے مثبت برق کو علٰحدہ نہین کر سکتے،

واضح رہے کہ جو کچھ اوپر کہا گیا، اس سے ان عجیب و غریب تجربون کی پوری تفصیل نہین حاصل ہوتی

مثبت ذرات سے پیدا شدہ شبیہ،

اس سے محض تجربون کی غرض سمجھانا ہے، جو ظاہر ہے کہ بہت پیچیدہ ہے؛

عکاسی کی لوحون پر جو خطوط بنتے ہین، اون کی توجیہ ان معلومہ عناصر کے جوہری وزنون سے ہو جاتی ہے، جو نکاس نلی مین استعمال کردہ گیسون مین موجود ہوتے ہین،

یہ نیا طریقہ شناخت عنصر کی بہت ہی قلیل مقدارون کو بتلا سکتا ہے چودھوین باب کے آخری پارون مین ہمنے طیف نما کی عجیب و غریب قوت شناخت کا ذکر کیا تھا لیکن

مثبت شعاعوں کے اس طریقے نے سب کو مات کر دیا ہم جانتے ہیں کہ سمندر کے پانی میں سونے کی بہت ہی قلیل مقدار ہوتی ہے، اور اگر ہم اس سے سونا حاصل کرنا چاہیں، تو سمندر کے پانی کی ایک زبردست مقدار درکار ہو گی، اسی طرح ہم کو معلوم ہے کہ فضا، ہوا میں ہیلیم گیس کی بہت ہی قلیل مقدار ہے لیکن ہیلیم کی قابل لحاظ مقدار حاصل کرنے کیلئے ہم کو ہوا کے زبردست حجم کی ضرورت ہو گی، با ایں ہمہ یہ مثبت شعاعی طریقہ ہوا کے صرف ایک مکعب سنٹی میٹر میں ہیلیم شناخت کر سکتا ہے،

عناصر کی شناخت کا یہ نیا طریقہ طیف نما سے کہیں آگے ہے کیونکہ اس سے اشیا زیر امتحان کا جوہری وزن براہ راست معلوم ہو جاتا ہے، اس میں شک نہیں کہ سر جے جے ٹامسن کے اس انکشاف سے مثبت برق کی نوعیت پہ آگے چل کر زیادہ روشنی پڑ سکے گی،

چھبیسوان باب

خاتمہ

آج جو علمی خیالات ہم مین رائج ہین یقیناً ہمارے اجداد ان سے مختلف خیالات رکھتے تھے، گذشتہ بابون مین سے دیکھا کہ پچھلے قرن مین کس قدر گریز پا ترقی ہوئی ہے،

یہ کتنی عجیب بات ہی، کہ ہمارے اسلاف چیزون کو جو کچھ سمجھتے تھے، اُن سے ہم اُن کو کتنا مختلف پاتے ہین، وہ نور اور حرارت کو مادی اشیا، تصور کرتے تھے ہم قطعی طور سے جانتے ہین کہ وہ دائرہ وسائر اثیر مین حرکت کے محض مختلف طریقے ہین، وہ جواہر مادہ کو غیر فانی اور ابدی سمجھتے تھے لیکن ہم کو براہ راست تابکاری کے انکشاف سے یہ شہادت مل چکی ہے، کہ ایسا نہین ہے، کچھ زیادہ عرصہ نہین گذرا کہ برق کو حرکت کا ایک طریقہ توانائی کی ایک قسم سمجھتے تھے، اب ہم کو معلوم ہوا کہ وہ ایک حقیقی وجود ہے، اور گذشتہ چند سالون ہی مین اُس کے ذرون کے متعلق ہم کو بہت کچھ معلومات حاصل ہوئی ہین، جس طرح ہم اپنے اجداد کے علمی خیالات کو ابتدائی اور مبہم سمجھتے ہین، اس طرح ممکن ہی کہ کوئی آیندہ نسل ہمارے خیالات کی نسبت بھی یہی رائے قائم کرے،

ہم کو اس کا اچھی طرح سے احساس ہے کہ ابھی بہت کچھ باقی ہے، جس کی نسبت ہم کچھ نہین جانتے، یا بہت کم جانتے ہین، مثلاً ہم کو اثیر حیات مثبت برق کی صحیح نوعیت کا کوئی صحیح اندازہ نہین، اور گذشتہ باب مین ہم دیکھ چکے، کہ تجاذب کی نوعیت کا قدیم مسئلہ اب بھی لاینحل ہے، یہ ہماری جہالت کی چند مثالین ہین، خوش قسمتی سے

ہم کو احساس ہے کہ ہمیں بہت کچھ سیکھنا ہے،

علم کا پہلا قدم یہ ہے کہ ہم کو معلوم ہو کہ ہم جاہل ہیں پسبیل جب فرانس کے ایک مشہور فاضل آراگو سے ایک معزز خاتون نے پے در پے متعدد و پیچیدہ سوالات کئے، تو اوس نے عرب کے ایک مشہور عالم کی طرح انکسارانہ جواب دیا، "لا ادری" اس خاتون کو بڑا تعجب ہوا کہ ایسا عالم و فاضل آدمی اس قدر ناواقف ہو، اور جب اوس نے سوال کیا کہ کیا وجہ ہے کہ آپ میدان سائنس میں اس قدر شہرت رکھتے ہیں، اور پھر بھی ان چیزوں کو نہیں جانتے، تو اوس نے پھر نہایت سادگی سے جواب دیا، "لا ادری"

کبھی کبھی ہم کو ایسے شخص سے سابقہ پڑتا ہے، جو سب کچھ جانتا ہے، اپنے بے تکلف احباب سے وہ کہتا ہے کہ ہمیشہ ہر سوال کا جواب دے سکتا ہے، ظاہر ہے، کہ ایسے شخص کی افتاد قطعاً علمی نہیں تاہم ایسا شخص بالعموم یہ ماننے کے لئے تیار ہو جاتا ہے، کہ وہ نہیں جانتا کہ برق کیا ہے، چند برس کا عرصہ ہوا کہ میں ریل کے سفر میں جارہا تھا، کہ دو مسافروں کی گفتگو میرے کان میں پڑی، وہ دونوں دیہات کے پروردہ تھے لیکن ان میں سے ایک غالباً شہر میں بجلی کے کام سے تعلق رکھتا معلوم ہوتا تھا، اوس کے دوست نے کہا "ارے میاں کیا تم نہیں جانتے کہ بجلی کیا ہے"؟ اور مجھے یہ سنکر تعجب ہوا کہ جواب میں اوس نے کہا کہ میں جانتا ہوں، "اس کا جواب یہ تھا، کہ بجلی گندھک کے تیزاب اور سیسے سے بنتی ہے، اس بیان سے ظاہر ہوا کہ وہ ذخیرہ خافون سے کسی قدر واقف تھا،

آج ہماری صحیح حالت یہ ہے:- ہم کو اپنے چاروں طرف غیر مرئی برقیے کام کرتے معلوم ہوتے ہیں منفی برق کے یہ ننھے ذرات مختلف تشکلات اختیار کرتے ہیں، یہی جواہر مادہ ہیں[۱]، جو ہر گردش کرنے والے برقیوں کا گویا ایک چھوٹا سا شمسی نظام ہے، اس گردش کار نظام کی سرحد پر کچھ تابع برقیے ہوتے ہیں، جو فضا کے اثیر محیط میں تموج پیدا کرتے ہیں، ان ہی تموجات کو ہم نور اور حرارت سے موسوم کرتے ہیں،

---

[۱] یہ واضح رہے کہ مثبت برق کی ایک معادل مقدار کا ہونا ضروری ہے، خواہ ہم اُسے بطور کرہ تصور کریں یا کسی اور طریقے پر،

ان کے علاوہ کچھ مفارقت پذیر برقیے بھی ہوتے ہین، جو ایک جوہر سے دوسرے جوہر مین چلے جاتے ہین

ایک تار پر ایسے برقیون کی مستقل حرکت کا نام برقی رو ہے، اور ان ہی برقیون کا ادھر ادھر تھپیڑے کھانا مبادل

برقی رو کہلاتا ہے، اگر یہ پس و پیش حرکت کافی تیز ہو، تو یہی برقیے اثیر مین "لاسلکی" موجین پیدا کر دیتے ہین جن کے

ذریعہ سے ہم سمندر مین دور دراز جہازون تک پیامات بھیج سکتے ہین،

ایک جسم سے دوسرے جسم مین ان مفارقت پذیر برقیون کا دفعتہً چلا جانا برقی اخراج کہلاتا ہے، ایک شئے

سے دوسری شئے تک یہ برقیے مثل گولیون کے جاتے ہین،

سورج سے زمین تک ان برقیون کا اخراج شفق جنوبی و شمالی پیدا کرتا ہے، کرۂ ہوا کے بالائی طبقون

مین بادلون کی تکوین کے لئے مرکزے مہیا کرتا ہے، اور آسمانی برق کی توجیہ کرتا ہے، جو بجلی کی کوند مین نمودار ہوا کرتی ہے،

ان ہی برقیون کے اجتماع سے زمین ایک منفی بار والی جسم ہو گئی ہے،

ان ہی برقیون کی مستقل حرکت (برقی رو) اثیر محیط مین ایک ہیجان پیدا کر دیتی ہی، اسی کو ہم مقناطیسی

میدان کہتے ہین، زمین کی مقناطیسیت کی توجیہ ہم یون کرتے ہین، کہ قشر زمین کے اندر برقیون کا سیلان ہوتا ہی اون

مین یہ حرکت تپش کے فرق سے پیدا ہوتی ہی،

بعض جواہر اپنے مفارقت پذیر برقیون کو چھوڑ دیتے ہین جن کو دوسرے جواہر لے لیتے ہین، اُسی

سے اُن کے برقی توازن مین خلل واقع ہوتا ہی، جن سے جواہر ایک دوسرے کو جذب کرتے ہین، اور کیمیاوی طور پر

متحد ہو جاتے ہین، اس طرح پر ہم جملہ مرکب اشیا کی پیدائش کی توجیہ کرتے ہین،

برقیے خواہ کسی ذریعے سے حاصل کئے جائین، ہر صورت مین بعینہٖ ایک ہوتے ہین،

برقیون کے اس نظریہ کے سلسلے مین رائٹ آنریبل اے، جے بالفور نے بحیثیت برٹش ایسوسی ایشن کے صدر کے یہ کہا تھا کہ

"میرے خیال مین ہر شخص اس کو تسلیم کریگا کہ فطرت طبعی کو متحد کرنے کی یہ جسارت بہ غایت امتنان وابتہاج ذہنی

کا احساس پیدا کرتی ہے، اس سے جو تسلی حاصل ہوتی ہی، وہ اپنی شدت وصفت مین بالکل جمالی ہی، اس سے ہم کو اسی قسم

کا خوشگوار صدمہ ہوتا ہی جیسا کہ کسی مہیب درّے کی چوٹی سے ہم دفعتہً نیچے میدان، دریا اور پہاڑ کا پورا منظر دیکھین"

ہم دیکھتے ہین، کہ برقیون سے جوہرون اور سالمون تک اور پھر تابکاری کے ذریعہ سے برقیون تک ایک کامل ارتقا رہے، اس عالمگیر ارتقا مین ارتقائے انسانی کے لئے اس مدّتِ مدید کے بہت ہی تھوڑے حصّے کی ضرورت ہوئی ہے، جو غیر ذی حیات سے ذی حیات مادّہ بننے مین صرف ہوئی، ہمارے جسمون کی ساخت جن جواہر پر ہے اُن کا وجود اوسی وقت سے ہے، جب سے کہ دنیا کی بنیاد رکھی گئی، اور جب ہم اس سیارے کو چھوڑ چلین گے، تب بھی وُہ دوسری شکلون مین باقی رہین گے،

"صاحب جلال قیصر فنا کے گھاٹ اوتر گیا، اس کا جسم خاک ہوگیا، اور اب صرف اس قابل رہ گیا ہی، کہ کسی سُوراخ کو بند کرسکے"

سائنس کو صرف طبیعی اور مادّی سے بحث ہے شیکسپیر کے ڈراما ہیملٹ (خونِ ناحق) سے جو اقتباس اوپر دیا گیا ہے، اس کا تعلق انسان کے صرف مادّی رُخ سے ہے علم صحیح انسان کو اوس کی رُوح سے محروم نہین کرنا چاہتا، اور نہ وہ خالق کو اس کی کائنات سے نکالنا چاہتا ہے، بلکہ اوس کا مطمحِ نظر تو یہ ہے کہ اوس خلاقِ عالم کے عجیب و غریب کارنامون کا دیانت کے ساتھ مطالعہ کرے، اور بس،

ضمیمۂ اول

اجزائے عالم

ذیل کی جدولون کا مواد ۱۹۰۶ء کی بین قومی مجلس کی روداد سے لیا گیا ہے، پہلی جدول حسب معمول (انگریزی) حروف تہجی کی ترتیب سے ہی، دوسری جدول مین مین نے عناصر کو ان کے جوہری وزنون کے لحاظ سے ترتیب دیا ہی، اور تیسری جدول مین اجزای عالم بہ لحاظ تاریخ انکشاف درج کیا گیا ہی،

اسمائے عناصر (بہ ترتیب حروف تہجی)

ایلومنیم،	کیڈمیم،	کولمبیم، (عرف نیوبیم)	گولڈ، (سونا)
اینٹی منی (سرمہ)	سی سی ام،	کاپر، (تانبا)	ہیلیم،
آرگن،	کیلشیم،	آربیم،	ہیڈروجن،
آرسینک، (سنکھیا)	کاربن (کوئلہ کی اصل)	فلورین،	انڈیم
بیریم،	سی ریم،	گیڈولنیم،	آیوڈین،
بیریلیم، (عرف گلوسی نم)	کلوریم،	گیلیم،	اری ڈیم،
بسمتھ،	کرومیم،	جرمینیم،	آئرن (لوہا)
بورون،	کوبالٹ،	گلوسی نم (عرف بیریلیم)	کرپٹن،

لینتھینم	آسیمیم،	اسکینڈیم،	تھولی آم،
لیڈ، (سیسہ)	آکسیجن،	سی لینیم،	ٹن، (رانگ)
لیتھیم	پلیڈیم،	سلی کن،	ٹی ٹینیم،
میگنیشیم	فاسفورس،	سلور، (چاندی،)	ٹنگس ٹن،
مینگنیز	پلاٹینم،	سوڈیم،	یورینیم،
مرکری، (پارہ)	پوٹاشیم،	اسٹرانشم،	ونیڈیم،
مالبڈنیم،	پرے سیوڈیمیم،	سلفر، (گندھک)	زی نان،
نیوڈیمیم،	ریڈیم،	ٹینٹلم،	اٹربیم،
نیوان،	رہوڈیم،	ٹیلوریم،	اٹریم،
نکل،	روبیڈیم،	ٹربیم،	زنک، (جست)
نیوبیم (عرف کولمبیم)	روتھینیم،	تھیلیم،	زرکونیم،
نائٹروجن،	سے ریم،	تھوریم،	

واضح رہے کہ جو عناصر تابکاری تبدلات مین حاصل ہوتے ہین، مثلاً متسخرج گیس، ان کو اس فہرست مین شامل نہین کیا گیا، کیونکہ ہم کو اون کے صرف تابکاری خواص ہی معلوم ہین،

عناصر بہ ترتیب جوہری وزن

ہائڈروجن	۱٫۰۰۸	گلوسی نم	۹٫۱
ہیلیم	۴٫۰۰	بورون،	۱۱٫۰
لیتھیم	۷٫۰۳	کاربن،	۱۲٫۰

نائٹروجن،	= ۱۴٫۰۴	آئرن، (لوہا)	= ۵۵٫۹
آکسیجن،	= ۱۶٫۰	نکل،	= ۵۸٫۷
فلورین،	= ۱۹٫۰	کوبالٹ،	= ۵۹٫۰
نی آن،	= ۲۰٫۰	کاپر (تانبا)	= ۶۳٫۶
سوڈیم،	= ۲۳٫۰۵	زنک (جست)	= ۶۵٫۴
میگنیشیم،	= ۲۴٫۳۶	گیلیم،	= ۷۰٫۰
ایلومینیم،	= ۲۷٫۱	جرمینیم،	= ۷۲٫۵
سلی کان،	= ۲۸٫۴	آرسنیک (سنکھیا)	= ۷۵٫۰
فاسفورس،	= ۳۱٫۰	سلی نیم،	= ۷۹٫۲
سلفر، (گندھک)	= ۳۲٫۰۶	برومین،	= ۷۹٫۹۶
کلورین،	= ۳۵٫۴۵	کرپٹن،	= ۸۱٫۸
پوٹاشیم،	= ۳۹٫۱۵	روبیڈیم،	= ۸۵٫۴
آرگن،	= ۳۹٫۲	اسٹرانشیم،	= ۸۷٫۶
کیلشیم،	= ۴۰٫۱	اٹریم،	= ۸۹٫۰
اسکینڈیم،	= ۴۴٫۱	زرکونیم،	= ۹۰٫۶
ٹی ٹینیم،	= ۴۸٫۱	کولمبیم،	= ۹۴٫۰
وینیڈیم،	= ۵۱٫۲	مالبڈینم،	= ۹۶٫۰
کرومیم،	= ۵۲٫۱	روتھینیم،	= ۱۰۱٫۷
مینگنیز،	= ۵۵٫۰	رھوڈیم،	= ۱۰۳٫۰

نام		وزن	نام		وزن
پیلیڈیم،	=	۱۰۶/۵	ٹربیم،	=	۱۶۰/۰
سلور، (چاندی)	=	۱۰۷/۹۳	اربیم،	=	۱۶۶/۰
کیڈمیم،	=	۱۱۲/۴	تھولیم،	=	۱۷۱/۰
انڈیم،	=	۱۱۴/۰	اٹربیم،	=	۱۷۳/۰
ٹن، (رانگ)	=	۱۱۹/۰	ٹین ٹے لم،	=	۱۸۳/۰
انٹی منی (سرمہ)	=	۱۲۰/۰	ٹنگسٹن،	=	۱۸۴/۰
ایوڈین،	=	۱۲۶/۸۵	آسیمم،	=	۱۹۱/۰
ٹیلوریم،	=	۱۲۷/۶	اری ڈیم،	=	۱۹۳/۰
زینان،	=	۱۲۸/۲	پلاٹینم،	=	۱۹۴/۰
سی سی اَم،	=	۱۳۲/۹	گولڈ، (سونا)	=	۱۹۷/۲
بریم	=	۱۳۷/۴	مرکری (پارہ)	=	۲۰۰/۰
لینتھینم	=	۱۳۸/۹	تھے لیم،	=	۲۰۴/۱
پریسیوڈیمیم،	=	۱۴۰/۵	لیڈ، (سیسہ)	=	۲۰۶/۰
سی ریم،	=	۱۴۰/۲۵	بسمتھ،	=	۲۰۸/۵
نیوڈیمیم،	=	۱۴۳/۶	ریڈیم،	=	۲۲۵/۰
سمے ریم،	=	۱۵۰/۲	تھوریم،	=	۲۳۵/۵
گیڈولینیم،	=	۱۵۶/۰	یورینیم	=	۲۳۸/۰

ا

ابتدائی دعوی	Preliminary Hypothesis
ابدی	Eternal
ابطاء	Retardation
اتصال	Cohesion
اثیر	Aether
احتراق	Combustion
اخراج	Discharge
اداکار	Actor
ارتعاش	Vibration
،، کنندہ	Vibrator
اساسی	Fundamental
استحالہ	Transformation
استخراجات	Deductions
اسطوانہ	Cylinder
اشعاع	Radiation
اشعاعی حرارت	Radiant Heat
آشکارا کرنا	Develop (photo)
اعصاب	Nerves
اکائی	Unit
اکسانا، اکساجانا	Oxidise
الفت	Affinity
آلہ عکاسی	Photographic Camera
امتزاج	Combination
(کیمیاوی)	(Chemical)
امتداد (آواز)	Pitch (Sound)
امالہ	Induction
امالی لچھا	Induction Coil
،، ذاتی	Self Induction
،، باہمی	Mutual ,,
آمیزہ	Mixture
انتاج	Inference
انتشار	Diffusion
انتصابی	Vertical
انشقاق	Breaking up
انصراف	Deflection
انعطاف	Refraction
انعکاس	Reflection
آنی	Instantaneous
اوج	Crest
اہتزاز	Oscillation

ب

بار [برقی]	Charge (Electric)
بازگشت	Rebound
برتاؤ	Behaviour
برق	Electricity
برقی	Electrical

Electrify	برقانا
Electrified	برقایا ہوا
Electromagnet	برقاطیس
Electro Positive	برقاً مثبت
Electro-negative	برقاً منفی
Electrode	برقیرہ
Electron	برقیہ
Electronic	برقیائی
Resinous	بروزئی
Electrolysis	برقپاشیدگی
Electrolyte	برقپاشیدہ
Sound-box	بول بکس
Bohemian glass	بوہیمی شیشہ
Lever	بیرم
Roller or Cylinder	بیلن
Inter Stellar	بین نجمی

پ

Saucer	پرچ
Key (Harmorium)	پردہ [ہارمونیم]

ت

Radioactive	تابکار
Radioactivity	تابکاری
Temperature	تپش
Gravitation	تجاذب
Realisation	تحقق
Analysis	تحلیل
Spores	تخمک
Section	تراش
Ripple	ترنگ
Phosphorescence	تزہر
Flourescence	* عارضی
Configurations	تشکلات
Frequency	تعدد
Dissection	تعضیہ
Neutralisation	تعدیل
Neutral	تعدیلی
Polari sation	تقطیب
Disintegration	تکسر
Formation	تکوین
Reduction	تکسیر
Selegraphic	تلغرافی
Rarefacton	تلطیف
Contact	تماس
Excavations	تنقیبات
Equilibrium	توازن
Energy	توانائی
,, Potential	,, بالقوہ
,, Kinetic	,, بالفعل
Blue Vitriol	توتیہ
Satellites	توابع

Collimator — توازی گر

Explanation — توجیہ

ٹ

Solid — ٹھوس

ث

Second — ثانیہ

Residue — ثفول

Pinhole, Aperture — ثقبہ

Heavy — ثقیل

ج

Gravity — جاذبہ

Gratings — جالی

Size — جثہ

Attract — جذب

Corpuscle — جسیمہ

„ Blood — „ خونی

Inertia — جمود

Bath — جنذر

Fovea centralis — جوف مرکزی

Atom (atoms) — جوہر [جواہر]

Atomic Weight — جوہری وزن

چ

Eyepiece — چشمہ

Flint — چقماق

ح

Insulator — حاجز

Supporter (of Combustion) — حامی [احتراق]

Diaphragm — حجاب

Intensity — حدت

Heat — حرارت

„ latent — „ مخفی

„ dark — „ تاریک

Thermopile — حرانبار

Thermoelectric Couple — حرارقی جفت

Trough — حضیض

Vortex-ring — حاقیزہ

Mechanics — حیل

Mechanical — حیل

Zoology — حیوانیات

خ

Cell (Electric) — خانہ (برقی)

Lines of force — خطوط قوت

Vacuum (High) — خلا [اعلی]

„ tube — خلائی نلی

Cell (Biology) — خلیہ [حیوانیات]

خواص	Properties
خواندگی	Reading
خوردبین	Microscope
خیال	Image

د

دریچہ	Window
دفع	Repel
دفاع	Defence
دمک	Glow
دمدار ستارے	Comets
دور	Circuit
دورہ	Cycle
دوشاخہ	Tuning Fork

ذ

ذرہ	Particle
ذخیرہ خانہ	Accumulator

ر

رسوبی طبقے	Sedimentary Rocks
رصدگاہ	Observatory
رفتار	Velocity
رقاص	Pendulum
رقیق	Liquid
رو (برقی)	Current

رواں	Ion
رواں دار	Ionised
ریاضی	Mathematics
" داں	Mathematician

ز

زاج	Alum
زائر	Visitor
زبریں برقیرہ	Positive Electrode
زجاجی	Vitreous
زحل	Saturn
زرنیخ	Arsenic
زور	Stress
زیریں برقیرہ	Kathode
" شعاعیں	" rays

س

ساخت	Structure
سالمہ	Molecule
سار کل	All-pervading
سحابیہ	Nebula
سر	Note
سرگم	Octave
سعت	Range
سیارہ	Planet
سیال	Fluid

Saturated	سیر
Saturation	سیری

ش

Retina	شبکیہ
Spark	شرارہ
Artery	شریان
Aurora Borealis	شفق شمالی
,, Australis	,, جنوبی
Parabolic	شلجمی
Sunpower Plant	شمسی شجرۃ
Detector, Receiver	شناسندہ
Meteor	شہاب
Substance	شے

ص

Thunder	صاعقہ
Ascending	صعودی

ض

Controlling charge	ضابط بار

ط

Normal, Natural	طبعی
Abnormal	غیر ,,
Physics	طبیعیات
Physicist	طبیعی
Cable	طناب [تلغرافی]
Spectrum	طیف
Spectrometer	,, پیما
Spectrometry	,, پیمائی
Spectroscope	,, نما
Spectroscopy	,, نمائی

ع

Layman	عامی
Court of Inquisition	عدالت تعذیب
Lens	عدسہ
Transverse	عرضی
Rod	عصا
Nerve	عصبہ
,, Optic	,, بصری
Muscle	عضلہ
Muscular Energy	عضلاتی توانائی
Contractive Muscle	عضلہ منقبضہ
Organism	عضویہ
Physiological	عضویات

[نوٹ۔ عضویات کی بجائے اب فعلیات استعمال ہوتا ہے]

Mercury	عطارد
Node	عقدہ
Nodal Points	عقدی نقطے

Sterilised	عقیم
Photography	عکاسی
Element	عنصر
Spider Web line	عنکبوتی خط
Chemical Reagents	عوامل کیمیاوی

غ

Invisible	غیر مرئی
Inactive	غیر فاعلہ

ف

Active	فاعلہ
Crest	فراز
Transmitter	فرستندہ
Strain	فساد
Natural	فطرت
Activity	فعالیت

ق

Statioinary	قائم
Disc	قرص
Trumpet	قرنا
Crust	قشر
Short cut	قصر راہ
Pole	قطب
Section	قطع
Parabola	قطع مکافی
Arc	قوس
Phonograph	قول نگار
Speculation	قیاس آرائی
Stable	قیام پذیر
Stability	,, پذیری
Unstable	,, ناپذیر

ک

Dense, opaque	کثیف
Sphere	کرہ
Pull	کشش
Law	کلیہ
,, Periodic	,, ادوار
Wrought Iron	کمایا لوہا
Mass	کمیت
Amber	کہربا
Chemicals	کیمیاویات

گ

Rotating	گردش کار
Hermetically Sealed	گل مہمت
Gas	گیس

ل

Wireless	لاسلکی

Con مخروط
Pentagon مخمس
Orbit مدار
Speculum metal مراتی دھات
Square مربع
Spiral مرغولہ دار
Projectile مرمی
Visible مرئی
Resistance مزاحمت
Transformed مستحیل
Emanation مستخرج
Plane مستوی
Hexagon مسدس
Path مسیر
Like مشابہ
Observation مشاہدہ
Analyser مشرح
Phenomenon(-na) مظہر (مظاہر)
Equivalent معادل
Detachable مفارقت پذیر
Polarised مقطب
Polariser ,,
Commutator مقلب
Magnetism مقناطیسیت
Magnetise مقنانا
Magnetisation مقناؤ

Xrays لاشعاعین
Rarer, Rarified لطیف
Pigment لگ

م

Matter مادہ
Material مادی
Focus ماسکہ
Focussing Screen
ماسکہ گیر (پردہ)
Ultramicroscopic ماوراخورد بینی
Ultraviolet(بالابنفشی) ماورابنفشی
Liquid مائع
Source مبدء
Porous متخلخل [مسامدار]
Refractory متمرد
Complementary (colour)
متمم [رنگ]
Positive مثبت
Triangle مثلث
Insulation محجوزیت
Solution محلول
Solvent محلل
Communication مخابرت
Opposite, Unlike(Pole)
مخالف [قطب]

Magnified	مکبر
Condensed	مکاثف
Microbe	مکروب
Excited	مکیف
Actor	ممثل
Diffused, Scattered	منتشر
Prism	منشور
Deflected	منصرف
Negative	منفی
Wave	موج
,, Motion	موجی حرکت
,, length	,, طول
Battery (Electric)	مورچه
Conductor	موصل
,, good	,, جید
,, bad	,, ردی

ن

Wave front	ناصیه موج
Armature (Keeper)	ناظر
Pulsations	نبضات
Neptune	نپچون
Proto	نخستین
Proto plasm	نخز مایه
Trough	نشیب
System (Solar)	نظام [شمسی]
Theory	نظریه
,, Electron ,,	,, برقیاتی
Psychological,	نفسیاتی
Psychologist	,,
Penetrating Power	نفوذی طاقت
Boiling Point	نقطہ جوش
Saturation Point	,, سیری
Light	نور
Luminosity	نورانیت

و

Meduim	واسطه
Vein	ورید
Chronograph	وقت نگار
Interval	وقفه

ه

Target	هدف
Entity	هستی
Univresal	همه گیر
Air-pump (Mercury vapour)	هوائی پمپ (سیمابی)

مطبع کوہ نور برقی پریس روبرو تار آفس رزیڈنسی

سلطان بازار — حیدرآباد دکن

کے فلسفیانہ علل و اسباب اُنکے مؤثرات و محرکات اور عواقب و نتائج سے بحث کیگئی ہی اور جذبات کی حیثیت بتائی گئی ہے، از مولنا عبد الماجد بی اے ضخامت مع فرہنگ اصطلاحات ۴۸۴ صفحے قیمت مجلد عہ غیر مجلد عا

فلسفۂ اجتماع،

اس کتاب مین جماعتون کے دماغی و نفسیاتی حالات سے بحث کیگئی ہی اور قائدین جماعت یعنی لیڈرون کے خصائص و اوصاف بیان کئے گئے ہین، اور اس لحاظ سے یہ کتاب اخلاقی حیثیت بھی رکھتی ہی، از مولنا عبد الماجد بی اے، ضخامت ۲۰۰ صفحے، قیمت:- عا

نٹشے

مشہور جرمن فلاسفر فریڈرک نٹشے کی سوانحعمری اور اُسکے افکار و خیالات، اور تصانیف پر بحث و تبصرہ ہی مصنفہ پروفیسر مظفر الدین ندوی، ام اے، حجم ۱۰۲ صفحے، قیمت:- عہ

مقالۂ روسو

جسین فرانس کے مشہور قلمی انقلابی ہیرو روسو نے علوم و فنون کے افادی اثرات و نتائج کی تنقید کی ہی یہ کتاب ان کتابون مین سے ہی جنھون نے انقلاب فرانس کا مواد بہم پہنچایا ہی، ضخامت ۵۱ صفحے قیمت:- عہ

نفسیات ترغیب،

کسی انسان کو کسی کام یا چیز یا تحریک کیلئے ہم کیونکر آمادہ کرسکتے ہین، اور اسکو ترغیب اور شوق دلاسکتے ہین اسکے نفسیاتی اصول کیا ہین، اس کتاب مین انہی اصول کی تشریح ہی، تجارت، اشتہارات اور تقریر و وعظ مین ہر جگہ ان اصول کی رعایت کی ضرورت ہی اسلئے تجارت کے مشتہرین، واعظین، مدرسین، و رو کلا سبکو اس کتاب کی ضرورت ہی، ضخامت ۱۱۲ صفحے، قیمت:- عا

ابن رشد،

ابن رشد کے سوانح اور اس کے فلسفہ پر تبصرہ اور اسی ضمن مین مسلمانون کے علم کلام و فلسفہ پر بھی ریویو، اور یورپ مین اسلامی علوم کی اشاعت کی تاریخ اور فلسفۂ جدیدہ و قدیمہ کا موازنہ بھی کیا گیا ہی، ابن رشد کے متعلق اتنا بڑا ذخیرۂ معلومات کسی مشرقی زبان مین کیا کسی مغربی زبان مین بھی نہین ملسکتا ضخامت ۳۰۹ صفحے قیمت:- للعہ

روح الاجتماع

موسیو لیبان کی کتاب جماعتہائے انسانی کے اصول نفسیہ کا اردو ترجمہ جسین انسانی جماعت کے اخلاق و ہر ایک ہنگامون کے خصوصیات بیان کئے گئے ہین، ضخامت ۲۴۲ صفحے، قیمت عا